میر کی آپ بیتی

(ذکرِ میر کا اردو ترجمہ)

مع فارسی متن

نثار احمد فاروقی

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

میر کی آپ بیتی

(ذکرِ میر کا اُردو ترجمہ)

نثار احمد فاروقی

انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دلّی

Marfat.com

سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اُردو (ہند) ۱۴۶۷

130057

© نثار احمد فاروقی

سنہ اشاعت: ________ ۱۹۹۶ء

قیمت : ________ ۱۲۵؍ روپے

بہ اہتمام : ________ اختر زماں

طباعت: ________ ثمر آفسیٹ پرنٹرز، نئی دہلی

MEER KI AAP BITI
EDITED BY . NISAR AHMED FARUQI
PRICE RS. 125/-
1996

ISBN-81-7160-088-3

ANJUMAN TARAQQI URDU (HIND)
URDU GHAR : 212 ROUSE AVENUE
NEW DELHI-110002

Marfat.com

اِنتساب

لائق نبود قطرہ بہ عمّان بُردن　　　　خاروخس صحرا بہ گلستاں بُردن
لیکن چہ کنم کہ رسمِ مورے باشد　　　　پائے ملخے پیشِ سُلیماں بُردن

میں اپنی یہ حقیر کوشش، احترام و عقیدت کے سدا بہار پھولوں کی خوشبو میں بسا کر اپنے شفیق اُستاد اور پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ سلیمان احمد چشتی قدس اللہ سرّہ العزیز (سجادہ نشینِ پنجم حضرت خواجہ شاہ عبدالہادی و خواجہ شاہ عبدالباری چشتی رضوانُ اللہِ علیہما) کی خدمت میں شرفِ قبول کی تمنّا کے ساتھ پیش کرتا ہوں، جن کے فیضِ تربیت سے خزف ریزوں کو ایسا آب و رنگ مل گیا کہ وہ لعل و گوہر سے آنکھ ملا سکیں۔

اوقات ہمان بود کہ با یار بسر رفت
باقی ہمہ بے حاصلی و بے خبری بود

Marfat.com

Marfat.com

فہرست

مضمون		صفحہ
حرفِ آغاز	خلیق انجم	۱۳
مقدمہ	مالک رام	۱۹
ابتدائیہ (طبعِ اول)		۲۳
ابتدائیہ (طبعِ ثانی)		۳۱
عرضِ حال		۵۳
دیباچہ (مصنف)		۵۵
نعت		۵۶
عرضِ مصنف		〃
میرے بزرگ		۵۷
میرے دادا		〃
والد کا عقیدہ		۵۸
تعلیم عشق		۵۹
لاہور کا سفر		۶۲
لاہور سے واپسی		۶۴
ایک سیدزادے سے ملاقات		۶۶
شادی کی مذمت		۶۷
نوجوان کی سرگردانی		۶۸
سیدزادے کو تلقین		۷۰
امان اللہ کی بی بی کا انتقال		۷۲

مضمون	صفحہ
عشق	۷۳
احسان اللہ	۷۶
درویش کے ارشادات	۷۷
احسان اللہ کی وفات	۸۴
بایزید	۸۵
دوسری ملاقات	۸۸
بایزید کی وفات	۹۲
بایزید بسطامی کا قصہ	۹۵
والد کے کلمات معرفت	۹۶
اسد اللہ کی آمد	۹۸
چچا کی وفات	۱۰۰
احمد بیگ	۱۰۴
والد کی وفات	۱۰۶
محمد حسن	۱۰۸
بھائی کی توتا چشمی	۱۰۹
میری سرگذشت	
دہلی میں	۱۱۱

Marfat.com

پھر دہلی میں ۱۱۳
جنون ۱۱۴
میر جعفر ۱۱۶
سید سعادت ۱۱۷
رعایت خاں ملازمت 〃
درّانی کا حملہ ۱۱۸
محمد شاہ کا انتقال ۱۱۹
صفدر جنگ کی وزارت ۱۲۰
میری بے دماغی ۱۲۱
نواب بہادر ۱۲۲
فرخ آباد کا سفر 〃
غازی الدین خاں فیروز جنگ ۱۲۴
مہانراین دیوان وزیر کی ملازمت 〃
امیر خاں انجام کی حویلی میں ۱۲۵
عالمگیر ثانی ۱۲۶
ماموں کا سفر لکھنؤ ۱۲۷
راجا جگل کشور 〃
راجا ناگر مل ۱۲۸
ابدالی کے حملے 〃
نجیب الدولہ سے جھڑپ ۱۳۱
راجا جگل کشور ۱۳۲
چند اور سانحے ۱۳۴
مرہٹوں کا فتنہ ۱۳۵
عالمگیر ثانی اور انتظام الدولہ کا قتل ۱۳۵
دلّی میں لوٹ ۱۳۸
مرہٹے پھر آ پہنچے ۱۴۱
دلّی سے میرا کوچ ۱۴۴
برسانہ ۱۴۵
کمھیر 〃
جنگ پانی پت ۱۴۷
ناگر مل کی نیابت وزارت ۱۵۱
شجاع الدولہ سے صفائی اور میرا سفر ۱۵۲
دلّی پھر لُٹی 〃
ابدالی کی واپسی ۱۵۴
سورج مل کی بغاوت ۱۵۶
میرا آگرے جانا 〃
صاحب سنّی نکلے ۱۵۷
آہ اے وطن 〃
میر قاسم کی معزولی ۱۵۸
سورج مل کی جھڑپ ۱۶۰
لشکر بادشاہ و وزیر کی حقیقت ۱۶۴
کیا خوب سودا نقد ہے ۱۶۵
شاہ عالم کا وظیفہ 〃
عماد الملک ۱۶۶
شجاع الدولہ کی انگریزوں سے طلب امداد 〃
جواہر سنگھ اور مرہٹوں کی جنگ ۱۶۷

Marfat.com

مرہٹوں نے صلح کر لی	۱۶۸
میرا دوسرا سفر آگرہ	؍؍
ابدالی کا حملہ	؍؍
جواہر سنگھ اور مادھو سنگھ کی جھڑپ	۱۶۹
سکھ فوج کی بدعہدی	۱۷۰
جواہر سنگھ کا قتل	۱۷۰
کاماں میں	۱۷۳
میرا دلی میں ورود	۱۷۴
ضابطہ خاں پر چڑھائی	۱۷۵
میرا سفر سکرتال	۱۷۵
وجیہ الدولہ سے وظیفہ	۱۷۷
شاہ عالم اور مرہٹوں کی جنگ	؍؍
مرہٹوں کا منصوبہ	؍؍
نجف خاں کا اخراج	۱۸۰
حسام الدین خاں کا حشر	۱۸۱
جاٹوں سے جنگ	۱۸۳
نجف خاں جیت گیا	۱۸۶
عبدالاحد خاں اور سکھ	۱۸۸
حافظ رحمت خاں کی شہادت	۱۸۹
میری خانہ نشینی	۱۹۱
شجاع الدولہ کی وفات	؍؍
مختار الدولہ کی وفات	۱۹۲
نجف خاں کا زمانہ	؍؍

میری دلی سے ہجرت

نواب آصف الدولہ سے ملاقات	۱۹۶
نجف خاں کی وفات	۱۹۷
نجف خاں کے جانشینوں میں رسا کشی	؍؍
وارن ہیسٹنگز کا لکھنؤ میں استقبال	۲۰۰
یہ مہمان اور وہ میزبان!	۲۰۲
فرنگی سے گٹھ جوڑ	؍؍
شہزادہ جواں بخت	۲۰۳
افراسیاب خاں کا قتل	؍؍
شکار نامے	۲۰۴
مرہٹوں کا تسلط	۲۰۵
راجپوتوں پر چڑھائی	۲۰۶
غلام قادر خاں روہیلہ	۲۰۷
غلام قادر خاں کے مظالم	۲۰۸
عبرت و خاتمہ	۲۱۰

Marfat.com

ذکرِ میر[1] (متن فارسی)

حمد	۲۱۵	مسئلہ رؤیت	۲۵۵
فی النعت	۲۱۶	حکایت جانسوز	۲۵۶
بزرگان من	۲۱۷	حکایت جانکاہ	۲۶۰
نقل است	۲۱۸	بے مُروتیِ برادر	۲۶۲
حکایت	۲۲۴	حقیقت من دلریش بعد واقعہ درویش	۲۶۳
فائدہ	۲۲۵	نقل تحفہ	۲۶۶
حکایت شوق	//	میر جعفر عظیم آبادی	۲۶۷
حکایت	۱۳۳	سعادت امروہوی	//
سخنانِ غریب	۲۴۳	نقل	۲۷۰
سخنان درویش	۲۴۵	سانحہ	۲۷۶
حکایت تمثیلی	//	سانحہ	۲۸۴
نقل	۲۵۰	حکایت	۲۸۵
حکایت تمثیلی	۲۵۱	سانحہ	۲۸۷
سخنانِ نغز	۲۵۲	سانحہ	۲۸۹
نکتہ	//	حکایت	۲۹۱
نصیحت درویشانہ	۲۵۳	سانحہ	۲۹۲
نقل عجیب	۲۵۴	سانحہ	۲۹۴

---

[1] ذکرِ میر کا فارسی متن جو ۱۹۲۸ء میں بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق مرحوم نے انجمن ترقی اردو اورنگ آباد سے شائع کیا تھا، اس میں عنوانات خود مولوی عبدالحق نے قائم کیے تھے۔ ہم نے یہاں فارسی متن میں وہی عنوانات باقی رکھے ہیں جو میرؔ نے لکھے تھے۔ فارسی متن میں کسی خاص موضوع کی تلاش کے لیے اشاریے سے مدد لی جائے۔

[نثار احمد فاروقی]

Marfat.com

حکایت	۲۹۵
حکایت	″
سانحہ	۲۹۶
سانحہ	۲۹۷
نقل	۲۹۸
حقیقت حال لشکر بادشاہ و وزیر	۳۰۰
سانحہ	″
سانحہ	۳۰۲
سانحہ	۳۰۲
سانحہ	۳۰۳
سانحہ	۳۰۴
سانحۂ عظیمے	۳۰۶
سانحہ	۳۰۸
سانحہ	۳۱۲
سانحہ	۳۱۳
سانحہ	۳۱۵
سانحہ	۳۱۸
سانحہ	۳۲۵
سانحہ	۳۲۷
سانحہ	۳۲۸
القصہ	۳۳۱
فرہنگِ ذکرِ میر	۳۳۳

Marfat.com

Marfat.com

حرفِ آغاز

اُردو شاعروں کی محفل میں میر محمد تقی میرِ مجلس ہیں اس کا اعتراف تو ہر زمانے میں کیا گیا ہے مگر اس انوکھے، البیلے، عظیم شاعر کی زندگی اور فن پر جتنا اور جیسا کام ہونا چاہیے تھا وہ نہیں ہوا۔ یہ بات مرزا غالب اور شاعرِ مشرق اقبال سے متعلق کتابیات کو سامنے رکھ کر پرکھی جائے تو اس کی صداقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

میر پر تحقیق و تنقید کا اچھا اور وسیع کام نہ ہونے کے اسباب میں سے ایک بڑا سبب تو یہ ہے کہ ان کے بارے میں اتنی تفصیلات نہیں ملتیں جتنی غالب و اقبال تو کیا، درد، یا مصحفی اور انشا کے بارے میں بھی مل جاتی ہیں۔ دوسرا سبب یہ کہ میر کا حلقۂ تلامذہ اور حلقۂ احباب اتنا وسیع نہ تھا جتنا غالب، یا داغ و اقبال کا تھا۔ اس لیے مراسلت بھی اتنی نہ تھی۔ ڈاک کا نظام بھی غالب کے زمانے میں بہت وسیع ہو چکا تھا۔ تیسرا سبب یہ کہ میر کی زندگی کا وہ حصہ جو ۱۱۹۶ھ/ ۸۲-۱۷۸۱ء تک دلی میں بسر ہوا سخت سیاسی ہیجان اور ہل چل کا، طوائف الملوکی کا دور تھا۔ ان سیاسی آندھیوں سے گزر کر میر کا کلام ہی محفوظ رہ گیا تو اسے غنیمت سمجھنا چاہیے۔

لیکن میر کو ایک امتیاز اور حاصل ہے جو ان کے معاصرین میں کسی کے حصے میں نہیں آیا اور ان کے بعد بھی برسوں تک کسی کو نصیب نہیں ہوا، وہ یہ کہ انھوں نے اپنے ذاتی حالات اور اپنے عہد کی سیاسی شورش اور خلفشار کی داستان ذکرِ میر کے نام سے قلم بند کی تھی۔ بابائے اردو، ڈاکٹر مولوی عبدالحق مرحوم کے احسانات سے اردو زبان ہمیشہ زیر بار رہے گی کہ انھوں نے کتنے ہی نہایت اہم اور نہایت

Marfat.com

بیش بہا متون تلاش کر کے شائع کر دیے تھے، اُن کی بدولت ہی میر کی فارسی سوانح عمری "ذکرِ میر" کا متن ہمارے ہاتھوں میں پہنچا۔ آج سے ۶۸ سال قبل ۱۹۲۸ء میں یہ کتاب انجمن ترقی اُردو (ہند) اورنگ آباد سے ٹائپ میں چھپی تھی۔ بابائے اُردو نے اس کے متن کا مقابلہ مولوی محمد شفیع لاہوری کے نسخے سے بھی کیا، اور متن کو پیش کرنے میں اپنی والی کوشش بھی کی، اِس کی اشاعت کے بعد نصف صدی تک ہمارے اہلِ علم اُس سے استفادہ کرتے رہے۔ مگر تحقیق میں حرفِ آخر کچھ نہیں ہوتا، جب کوئی تلاش کے لیے نکلتا ہے نو حجابات بھی ایک ایک کر کے اُٹھتے جاتے ہیں اور علم کے خزانوں میں اسی طرح اضافہ بھی ہوتا ہے۔ بابائے اُردو مرحوم کے اُس زمانے میں جب وہ ذکرِ میر کا فارسی متن شائع کر رہے تھے، اُردو میں متن کی تحقیق و تدوین کا شعور بھی اِتنا رچا ہوا نہیں تھا، وسائل بھی محدود تھے اور اُس کے پڑھنے والوں کا علم بھی اتنا راسخ تھا کہ متن خواہ غلط ہی لکھا ہو، وہ اُس سے صحیح مفہوم برآمد کر لینے کی صلاحیت رکھتے تھے۔

ذکرِ میر (فارسی) کی اشاعت سے ۲۵ سال بعد ۱۹۵۳ء میں ہمارے دوست نثار احمد فاروقی کو اسے اُردو میں ترجمہ کرنے کا خیال آیا۔ اس کا محرک یہ ہوا کہ اُس زمانے میں مشہور افسانہ نگار سہیل عظیم آبادی پٹنہ سے رسالہ "تہذیب" شائع کرتے تھے اُنھوں نے اُس کی اشاعتِ خصوصی کو میر تقی میر سے مختص کرنے کا ارادہ کیا تھا اور فاروقی صاحب نے یہ ترجمہ "تہذیب" کو بھیجا تھا، مگر وہ "میر نمبر" شائع نہ ہو سکا اور رسالہ بھی بند ہو گیا تو اُس کا مسودہ اُس وقت انجمن ترقی اُردو (ہند) کے جنرل سکریٹری قاضی عبد الغفار مرحوم کو بھیجا گیا۔ انجمن کے مالی وسائل کی کمی اور قاضی صاحب مرحوم کی گرتی ہوئی صحت نے اسے وہاں سے بھی شائع نہ ہونے دیا تو فاروقی صاحب نے ۱۹۵۶ء میں حالی پبلشنگ ہاؤس دہلی سے اس کی اشاعت کا معاملہ طے کرنا چاہا، اُسی زمانے میں جناب مالک رام نے بھی اُردو ترجمے کا ابتدائی حصہ بہ نظرِ اصلاح دیکھ لیا تھا۔ "میر کی آپ بیتی" کے نام سے اُس کی کتابت بھی ہو گئی مگر کچھ ایسے حالات پیدا ہوئے کہ حالی پبلشنگ ہاؤس سے بھی یہ بیل منڈھے نہ چڑھ سکی۔ آخر اسے پہلی بار ۱۹۵۷ء میں مکتبہ برہان دہلی نے شائع کیا۔ چونکہ اس کتاب کے ترجمے کی ضرورت تو ایک عرصے سے محسوس کی جا رہی تھی، کتاب کو قدردانی کے ہاتھوں نے لیا اور ایک ڈیڑھ سال میں ہی اِس کا پہلا ایڈیشن تمام ہو گیا۔ اُس وقت تک اُردو اکادمیاں تو وجود میں نہیں آئی تھیں اتر پردیش سرکار نے اپنے اعلامیہ X/05114/XV-602/1958 مورخہ ۲ نومبر ۱۹۵۹ء کی رو سے اس کتاب کو انعام سے بھی نوازا

Marfat.com

تھا۔ یہ غالباً اُردو کی پہلی مطبوعہ کتاب تھی جو ۲۵ اگست ۱۹۶۱ء کو پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہند کی خدمت میں پیش کی گئی اور اخباروں نے بھی اِس خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا۔ اخبار "جنگ" کراچی میں یہ خبر اس طرح چھپی:

اُردو کی کتاب میر کی آپ بیتی

نئی دہلی ۴ ستمبر۔ ۱۸ویں صدی کے اُردو شاعر میر تقی میر کی سوانح حیات "میر کی آپ بیتی"، جو فارسی سے ترجمہ کی گئی ہے اور جس کو دہلی یونیورسٹی کے جناب نثار احمد فاروقی نے مرتّب کیا ہے وہ وزیر اعظم پنڈت نہرو کو پیش کی گئی۔ یہ کتاب اسی سال حکومت یو۔پی سے انعام حاصل کر چکی ہے"۔

میر کی آپ بیتی اُسی زمانے میں بعض جامعات کے ایم اے کے نصاب میں بھی شامل کی گئی۔

اِس کتاب کا اُردو کی علمی دنیا میں جس گرم جوشی سے استقبال ہوا اُس سے مترجم کی بھی حوصلہ افزائی ہوئی۔ انھوں نے اِس کے دوسرے ایڈیشن کی تیاری ۱۹۶۲ء سے ہی شروع کردی تھی۔ اب یہ خیال ہوا اس کا فارسی متن بھی شائع ہونا چاہیئے۔ اس مقصد سے ذکرِ میر کے متن کا مطالعہ کیا گیا تو اندازہ ہوا کہ فارسی متن کی تصحیح کا حق ادا کرنا ابھی باقی ہے انھوں نے اس کا مقابلہ نسخہ رامپور سے کیا اور ممکن حدتک مطبوعہ متن کی غلطیوں کو دور کردیا۔ اس کے نتیجے میں یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ ترجمے پر بھی نظر ثانی کی جائے یہ کام نثار صاحب نے اِتنی دقیقہ رسی اور ایسی محنت سے کیا کہ اب اس ترجمے کا پہلی اشاعت سے کوئی واسطہ نہ رہا، اِسے بالکل نیا ترجمہ ہی سمجھنا چاہیے۔ جو سلیس، با محاورہ اور شگفتہ بھی ہے، وفادار بھی، کہیں تو فارسی اور اُردو کی عبارتیں لفظ و معنی اور اسلوب و آہنگ کے اعتبار سے بالکل یک جان و دو قالب، نظر آتی ہیں۔ مثال کے طور پر چند فقرے کسی انتخاب کے بغیر لکھتا ہوں جس سے متن کے ساتھ ترجمے کی چسپیدگی کا اندازہ کرنا دشوار نہ ہوگا۔

فارسی متن	اُردو ترجمہ
اے عزیز اگر آن محبوب سراپا ناز پیش چشم است بہشت جاوید۔ واگر از نظر رفت، جہاں دوزخ عاشق	اے عزیز اگر وہ بانکا چھبیلا آنکھوں کے سامنے ہے تو یہی بہشتِ جاوید کا عالم ہے۔ اگر وہ نظروں سے

Marfat.com

نااُمید۔ بدان کہ سرِ کُلافہ پیدا نمی شود یعنی بر ما ہیچ ہویدا نیست ۔ نمی دانم کہ زاہدانِ ریاضت پیشہ چہ در سر دارند و بیخودانِ شوقِ آن مستِ سرانداز کہ خبر؟ جمعے را خلشِ خواہشے جماعتے را کاوشِ کاہشے ۔ کساینکہ حق شناس اند مُبرّا از اُمید و یاس اند عزیزاینکہ با خدایند، دلدادگانِ رضایند۔ جانِ عاشقان را کہ بہ تلخی کار است، خونِ ایشان شیرین بسیار است ۔ رنج را بر خود گوارا کن کہ تا شایانِ راحت شوی۔ کار را بسیار با خود تنگ بگیر تا بہ فراغت روی ۔

اوجھل ہوا تو یہی عاشق نااُمید کا جہنم ہے ۔ جان رکھو حقیقت کا اُور چھور نہیں ملتا یعنی ہیں کچھ پتا نہیں ۔ کیا جانے زاہدانِ پیشہ کیا ٹھانے ہوئے ہیں اور اُس مستِ سرانداز کے متولے کیا جانے ہوئے ہیں ۔ ایک جماعت کو خواہش کی خلش ہے تو دوسری کو کاہش کی کاوش مگر جو حق شناس ہیں، وارستۂ اُمید و یاس ہیں ۔ وہ عزیز جو خدا کے ہوگئے اس کی رضا میں کھو گئے۔ عاشقوں کی جان کو تلخیوں سے ضرور پالا پڑا ہے مگر اُن کا خون میٹھا بڑا ہے ۔ رنج گوارا کرو کہ اپنے تیئں شایانِ راحت بنا سکو، کڑیاں جھیلو کہ بہ فراغت یہاں سے جا سکو ۔

دوسرے ایڈیشن کے لیے متن کی تصحیح اور ترجمے پر مکمل نظرِ ثانی کے ساتھ ہی نثار صاحب نے جا بجا نہایت ضروری اور مفید حواشی بھی لکھے ہیں۔ لیکن اس میں ایک کمی بھی رہ گئی۔ اس دوسرے ایڈیشن کے لیے مترجم نے ایک مفصّل مقدمہ لکھا تھا جو اُن کے ۳۰۔۲۵ سال کے مطالعے کا حاصل تھا اور فارسی متن کی نہایت مفصّل فرہنگ تیار کی گئی تھی جس سے ایک ایک لفظ کی تشریح اور وضاحت ہو جاتی تھی۔ ابتدا میں اس اشاعتِ ثانی کا کام بھی مکتبہ برہان دہلی ہی نے کرایا تھا لیکن اس عرصے میں مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی صاحب کا انتقال ہو گیا اور اب یہ ادارہ زبوں حالی کا شکار ہونے لگا۔ جو اہلِ قلم مکتبہ برہان سے محض اپنے علمی ذوق کی تسکین کے لیے وابستہ تھے وہ ایک ایک کرکے الگ ہو گئے۔ نثار صاحب نے بھی کتابت شدہ اوراق کی اُجرت ادا کرکے اُنھیں انجمن ترقی اردو (ہند) کے سپرد کر دیا۔ لیکن اس مرحلے میں اندازہ ہوا کہ انھیں فرہنگ کے ۴۴ صفحات اور مقدمے کے تقریباً ۵۰ صفحات نہیں دیے گئے۔ وہ نہ بہ زوری نہ بہ زاری نہ بہ زر کسی طرح حاصل نہ ہوئے تو انھوں نے مقدمہ اور فرہنگ کو دوبارہ لکھنا چاہا مگر وہ آدھی تو بہ آور دوالی بات تھی۔ مقدمے میں بہت سے مسائل

Marfat.com

اُس ترتیب و تفصیل سے نہ آسکے اور فرہنگ بھی ناقص ہی رہ گئی۔ لیکن اُمید ہے ان شاء اللہ آیندہ ایڈیشن کے لیے نثار صاحب اِن دونوں حصّوں کو اور زیادہ جامع بنا دیں گے۔

اُردو کے ادبی حلقوں کو ذکرِ میر سے انجمن نے ہی متعارف کرایا تھا، انجمن پریس نے ہی ۱۹۲۸ء میں اِس کا متن چھاپا تھا۔ اب ذکرِ میر کے تصحیح شدہ فارسی متن اور اُس کے ترجمے کو چھاپنے کا حق بھی سب سے زیادہ انجمن ہی کا بنتا تھا، اِس لیے ہماری ادبی کمیٹی نے اِسے بہ خوشی منظور کیا اور مجھے فخر ہے کہ یہ کتاب نئی شان کے ساتھ پھر انجمن سے ہی شائع ہو رہی ہے۔

اہلِ نظر نے اس کے پہلے ایڈیشن کا بھی شناسانہ اعتراف اور استقبال کیا تھا، اب یہ نیا ایڈیشن نئی زیبائش اور آرائش کے ساتھ آ رہا ہے تو مجھے یقین ہے کہ علمی حلقوں میں اِس کی پذیرائی ہوگی۔

۳ر جون ۱۹۹۶ء

خلیق انجم

Marfat.com

Marfat.com

مقدمہ

میر اردو شاعری کے "پیمبر" نہیں، خدا ہیں، اور اُن کی "خدائی" کے حضور ایسے ایسے سرکشوں نے اپنی "بندگی" کا اظہار کیا ہے، جن کا مسلک ایک دوسرے سے مختلف ہی نہیں، بلکہ متضاد ہے۔ بھلا ناسخ اور غالب اور ذوق میں کوئی وجہ مشترک خیال میں آسکتی ہے؟ لیکن اس کے باوجود ان تینوں نے میر کی برتری اور اُستادی کا اعتراف کیا ہے۔ کس کا جی نہیں چاہے گا کہ اس خدائے سخن کے حالات تفصیل سے معلوم کرے۔ ہماری خوش قسمتی کہ میر نے خود اپنے حالات "ذکرِ میر" کے عنوان سے فارسی میں لکھ دیے تھے اور حسنِ اتفاق سے یہ کتاب دستبردِ زمانہ سے محفوظ رہ گئی۔ زیرِ نظر کتاب اسی خود نوشت سوانح عمری کا اردو ترجمہ ہے۔ چونکہ اصل فارسی نسخہ بھی اب کم یاب ہے، اس لیے اردو دنیا کو مترجم کا شکرگزار ہونا چاہیے، کہ انھوں نے اسے اردو میں منتقل کرکے اس سے استفادے کا حلقہ وسیع تر کر دیا۔

اس کتاب کی اہمیت دوگونہ ہے۔ ایک انفسی، دوسری آفاقی۔ انفسی یہ کہ اس سے میر کے اپنے حالات، جن سے متعلق کسی شبہے کا امکان نہیں، کم و بیش تفصیل سے معلوم ہوجاتے ہیں۔ میر ۱۱۹۶ھ میں دہلی سے لکھنؤ گئے۔ اُن کی پیدائش غالباً ۱۱۳۶ھ میں ہوئی تھی۔ گویا سفرِ لکھنؤ کے زمانے میں اُن کی عمر ساٹھ برس کے لگ بھگ ہوگی۔ ہمارے پاس ان ساٹھ برس کے حالات کا "ذکرِ میر" سے زیادہ مستند اور کوئی ماخذ نہیں۔

تذکرہ نویسوں نے عام طور پر اور مولانا محمد حسین آزاد نے آبِ حیات میں خاص طور پر جو باتیں میر کے متعلق لکھی ہیں، اُن سے بہت سی غلط فہمیاں پیدا ہوگئی ہیں۔

Marfat.com

ان کی اصلاح "ذکرِ میر" سے ہو جاتی ہے۔ مثلاً اس سے یقینی طور پر معلوم ہو جاتا ہے کہ اُن کے والد کا نام میر محمد علی تھا، اور وہ اپنے زہد و اِتقار کے باعث میر علی متقی کے عُرف سے مشہور تھے (ص ۵۸) اِسی سے معلوم ہوا، کہ وہ واقعی سید تھے اور جن لوگوں نے اُن کی سیادت پر شبہہ کیا ہے وہ غلطی پر ہیں۔ آزاد نے آبِ حیات میں غالباً خود میر کے ایک بیان (نکات الشعرا، ص ۴) پر بھروسا کر کے اُنھیں خانِ آرزو کا شاگرد لکھا ہے، جو اُن کے سوتیلے ماموں بھی ہوتے تھے۔ اِس کتاب سے معلوم ہوا کہ نہ صرف یہ کہ وہ اُن کے استاد نہیں تھے، بلکہ اُنھوں نے ان کی تعلیم و تربیت میں کسی طرح کی دل چسپی ہی نہیں لی اور اپنے بھانجے میر محمد حسن (یعنی میر کے سوتیلے بڑے بھائی) کی انگیخت پر اُن سے بہت بدسلوکی کی (ص ۱۱۴) میر، بلکہ اردو ادب پر بہت بڑا احسان میر سعادت علی امروہوی کا ہے، جن کے کہنے پر میر نے اردو میں شعر کہنا شروع کیا۔ میر سعادت علی خود بھی شعر کہتے اور سعادت تخلص کرتے تھے۔ اُن کا نام تقریباً تمام تذکروں میں ملتا ہے۔ "ذکرِ میر" کے الفاظ بہت واضح نہیں، لیکن پھر بھی ان سے اتنا بآسانی مستنبط ہوتا ہے کہ میر نے اُن سے مشورہ کیا اور کلام پر اصلاح لی۔ (ص ۱۱۷) بلکہ اسی مقام سے کچھ ایسا خیال گذرتا ہے کہ غالباً میر اس سے پہلے فارسی میں شعر کہتے تھے۔ آزاد نے میر کے سفرِ لکھنؤ کے جو حالات لکھے ہیں، اُن میں داستان کا لطف ہے، لیکن "ذکرِ میر" دیکھنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ یہ بالکل بے اصل ہیں میر نے لکھنو کا سفر خود نواب وزیر آصف الدولہ کی دعوت پر کیا تھا۔ آصف الدولہ نے سالار جنگ کے ذریعے زادِ راہ بھیج کر اُنھیں بلوایا تھا (ص ۱۹۵) یہ وہاں پہنچ کر سالار جنگ کے دولت کدے ہی پر اُترے۔ اب اِس کے بالمقابل آبِ حیات کا متعلقہ مقام دیکھیے تو افسانہ و حقیقت کا فرق معلوم ہوتا ہے۔ اِس طرح کی کئی تفصیلات ہیں، جن کی اِصلاح "ذکرِ میر" سے ہوتی ہے۔

میر کے ذاتی حالات کے علاوہ یہ کتاب ہندستان کی اُس دور کی تاریخ کا بھی

Marfat.com

بہت اچھا ماخذ ہے۔ افسوس کہ ہمارے مؤرّخوں کا دھیان اِس طرف نہیں گیا۔ یہ بڑا پُرآشوب زمانہ تھا۔ بیرونی حملہ آوروں کی تاخت و تاراج اور اندرونی امیروں کی خانہ جنگی اور پیش قدمی نے سلطنتِ مغلیہ کا حال بہت پتلا کر رکھا تھا۔ بادشاہِ دہلی کی حیثیت شاہِ شطرنج سے زیادہ نہیں تھی۔ جو شخص بھی اپنی ذاتی قابلیت اور ریشہ دوانیوں سے یا اپنے حلیفوں کی مدد سے وزارتِ اعلیٰ کے منصب پر فائز ہو جاتا، دراصل وہی حکمرانِ وقت تھا۔ احمد شاہ درّانی نے یکے بعد دیگرے متعدّد حملے کیے۔ یہاں ملک کے اندر افغانوں اور مرہٹوں اور جاٹوں نے وہ اودھم مچا رکھی تھی کہ خلقِ خدا اُن کے ظلم و ستم سے پناہ مانگتی تھی۔ یہ تمام حالات نہ صرف میرؔ کے سامنے پیش آئے، بلکہ وہ خود اِس "دریائے خون کے شناور" رہے۔ اور کتنے معرکوں میں تو بذاتِ خود موجود تھے۔ اِن خانہ جنگیوں کی بعض تفصیلات جو اُنھوں نے قلم بند کی ہیں، وہ کسی دوسری جگہ نہیں ملتیں اور ضرورت ہے، کہ اِس پہلو سے اِس کتاب کا مطالعہ غائر نظر سے کیا جائے۔

لیکن اِن باتوں کے علاوہ اِس کتاب کی ایک اور خصوصیت بھی نظرانداز کر دینے کے قابل نہیں۔ اِس میں اخلاقی اور روحانی تعلیم ایسے سادہ اور دل نشین انداز میں بیان کی گئی ہے کہ اُس سے بہتر بہت کم کسی اور جگہ دیکھنے میں آئی۔ اخلاق اور روحانیت کوئی نظری چیز نہیں، یہ سراسر عملی حقیقت ہے۔ اگر آپ اِن تعلیمات پر عمل نہیں کرتے، تو اِن کی صرف زبانی تلقین یا اِن پر ذہنی ایمان نہ کافی ہے، نہ مفید۔ میرؔ ایک اہلِ علم و عرفان خاندان کے نام لیوا تھے۔ اُن کے والد میر علی متقی برگزیدہ درویش اور صاحبِ رُشد و ہدایت صوفی تھے۔ اِس لیے اگر وہ اِن مسائل پر گفتگو کریں اور اپنے حلقہ نشینوں کو یا خود میرؔ ہی کو پند و نصیحت کریں، تو اُن پر بے عملی کا الزام نہیں لگ سکتا، کہ کوئی اُن سے کہے "تو بُرونِ در چہ کردی، کہ درونِ خانہ آئی"۔ یہی سبب ہے کہ میرؔ کے والد یا چچا نے جو تعلیم اُنھیں دی، اُس کا لفظ لفظ خلوص سے پُر اور ناخنِ بدل

Marfat.com

ہے۔ چوں کہ یہ باتیں دل سے نکلی ہیں، اِس لیے دل پر اثر کرتی ہیں، اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ میرؔ کس ماحول میں پیدا ہوئے اور کس پائے کے بزرگوں کی نگرانی میں اُن کی تعلیم و تربیت ہوئی۔ اِس سے میرؔ کی زندگی اور ان کا مزاج اور کلام سمجھنے میں بہت مدد ملتی ہے۔

اِن اسباب سے میں خیال کرتا ہوں کہ یہ بہت اچھا ہوا، جو "ذکرِ میر" کا ترجمہ اردو میں ہو گیا۔ جناب نثار احمد فاروقی نے بحیثیت مترجم اپنا فرض بہت اچھی طرح نبھایا ہے۔ انھوں نے اصل کے مطالب سے کہیں انحراف نہیں کیا، ترجمہ کی زبان بھی شگفتہ اور سلیس اور بامحاورہ ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اردو داں طبقہ اس کتاب سے پورے طور پر مستفید ہوگا۔

مالک رام

نئی دہلی

۳۔ اکتوبر ۱۹۵۷ء

130057

Marfat.com

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

ابتدائیہ

(طبعِ اوّل)

اُردو میں میر تقی میرؔ کا شاعرانہ مرتبہ تعریف یا تعارف سے بہت بلند ہے، اور اس حیثیت سے اُن کی ادبی اوّلیت مسلّم ہے کہ انھوں نے اُردو غزل کو نیا رنگ و آہنگ اور منفرد لب و لہجہ عطا کیا۔ اس میں دو رائیں نہیں ہو سکتیں۔ ان کا تذکرہ نکات الشعرا بھی اُردو تذکرہ نویسی کی تاریخ میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور اب تک جتنے تذکرے دریافت ہوئے ہیں اُن میں قدیم ترین مانا جاتا ہے۔ ان سے پہلے اگر کسی نے شعرائے اُردو کا کوئی تذکرہ لکھا بھی ہو تو وہ اب محفوظ نہیں[1]۔ اس کے ساتھ ہی یہ بات بھی دلچسپی سے خالی نہیں کہ میرؔ اُردو کے پہلے شاعر ہیں جنھوں نے خود اپنی سوانح عمری لکھی اور وہ محفوظ رہ گئی۔

فارسی متن

اصل کتاب فارسی میں ہے اس کا ۱۲۲۲ھ (۱۸۰۸ء) کا لکھا ہوا ایک قلمی نسخہ خان بہادر مولوی بشیر الدین مرحوم بانی مسلم اسکول اٹاوہ کو ملا تھا پہلی بار ۱۹۲۶ء میں اس کا ملخّص اردو ترجمہ مولوی عبدالحق نے سہ ماہی اُردو میں چھاپا، پھر ۱۹۲۸ء میں فارسی متن بھی اپنے مقدمے کے ساتھ شائع کیا۔ یہ ... میں چھاپا گیا تھا جس میں ۶ صفحے فہرس کے ۲۰ مقدمے کے اور ۳۱ متن کے ہیں۔ اس میں جباخت

---

[1] اس کتاب کی اشاعت (۱۹۵۷ء) کے بعد میں نے ایک مضمون "تذکرۂ عشوق" نوائے ادب ... میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ اوّلیت قائم چاندپوری کے تذکرہ مخزن نکات کو حاصل ہے۔ یہ مضمون میری کتاب "تلاش" ... میں شامل ہے۔

Marfat.com

کی غلطیاں بہت زیادہ ہیں اور ترتیب کے نقائص سے بھی خالی نہیں۔

نسخۂ لاہور

ذکرِ میر کے تین قلمی نسخے اب تک دریافت ہوئے ہیں۔ ایک تو یہی اٹاوے کا، دوسرا نسخۂ لاہور جو پروفیسر محمد شفیع کی ملکیت ہے یہ مطبوعہ متن کی تصحیح کے وقت مولوی عبدالحق کے پیشِ نظر رہا ہے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے اُس کے اختلافات کا اچھی طرح مقابلہ نہیں کیا۔ پروفیسر محمد شفیع کا یہ نسخہ ۲۶ ربیع الاوّل ۱۲۳۱ھ مطابق ۲۷ فروری ۱۸۱۶ء یعنی سنہ جلوس اکبر ثانی کا لکھا ہوا ہے۔ نسخہ اٹاوہ میں جس پر مطبوعہ متن مبنی ہے، میر نے خاتمے میں اپنی عمر ۶۰ سال لکھی ہے۔ لیکن نسخۂ لاہور میں اس کی جگہ ۵۰ سال ہے اور مطبوعہ فارسی متن کے صفحہ ۲۱۴ (ترجمہ ہذا کے صفحہ ۱۸۲ میں جہاں

این شامتِ اعمال قیامت بسر آورد

آیا ہے نسخۂ لاہور میں اس کے بعد یہ عبارت ملتی ہے:

"انچہ از اُسلوب معلوم می شود، حسام الدین خاں در اصل از میان رفت، چرا کہ بدستِ دشمنانِ جانی اُفتادہ است، تا بمقدور زندہ نخواہند گذاشت۔"

پھر خاتمے کی عبارت اور قطعہ تاریخ ہے اور چند لطیفے دیے ہیں، جن کے بارے میں مولوی عبدالحق کا بیان ہے کہ فحش ہیں اس لیے طباعت کے وقت کتاب سے خارج کر دیے گئے۔

نسخۂ رامپور

ذکرِ میر کا دوسرا خطی نسخہ کتاب خانہ عالیہ رامپور میں محفوظ ہے، جو رمضان ۱۲۴۶ھ (۱۸۳۰ء) کا مکتوبہ ہے اسے شیخ لطف علی حیدری نے نقل کیا ہے اور اُس میں:

این شامتِ اعمال قیامت بسر آورد

کے بعد یہ عبارت ہے:

"انچہ ظاہر است حسام الدین خاں درحقیقت از میان رفت چرا کہ بدست

Marfat.com

دشمنانِ جانی افتادہ است تا مقدور زندہ نخواہند گزاشت ۔ بیشتر اختیارِ خدا است کہ او بر ہمہ چیز قادر است "۔

رامپور کے نسخے میں کتاب کا اختتام میر نے اپنی عسرت اور تنگ دستی کے دلدوز بیان پر کیا ہے جو نہ اٹاوے کے نسخے میں ہے نہ لاہور کے ۔ وہ عبارت یہ ہے :

" احوال فقیر از سہ سال آن کہ چوں قدر دانے درمیان نیست و عرصۂ روزگار بسیار تنگ است توکل بخدائے کریم کہ اُو رزاق ذی القوۃ المتین است، کردہ بخانہ نشستہ ام ظاہر از اسباب باعزّہ چند مثل ابوالقاسم خاں برادر خُرد عبد الاحد خاں مجد الدولہ و وجیہہ الدین خاں برادر حُسام الدین خاں و بیرم خاں صاحب خلف الصدق بہرام خاں کلاں کہ در آدمی رُوشی یکتائے روزگارِ خود اند و قطب الدین پسر سعد الدین خاں خانساماں اگرچہ سنّش کم است . . . و خالی از سعادت مندی نیست و قاضی لطف علی خاں کہ آدمیانہ می زید گاہ گاہ ملاقات کردہ می آید خواہ از دستِ ایشاں انتفاعے رسد یا نرسد ۔ مایۂ توکل ہمین صاحبان اندو گاہے این چنین ہم اتفاق می شود کہ کسے فقیرو شاعر و متوکل دانستہ بطریق نذر چیزے می فرستد محلِ تشکر است ۔ اکثر قرض دارمی باشم و بہ عُسرتِ تمام بسر می کنم "۔

نسخہ رام پور کے خاتمے میں بھی مطبوعہ نسخے کے برخلاف اور نسخہ لاہور کے مطابق میر نے اپنی عمر ۵۰ سال لکھی ہے ۔ ۱۱۳۵ھ اُن کا سالِ ولادت تسلیم کیا جا چکا ہے ۔ لہٰذا یہ احوال اُنھوں نے ۱۱۸۵ھ کے بعد لکھا ہے ۔ اگر یہ اضافہ انھوں نے لکھنؤ میں کیا ہے تو اس سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ دربارِ اودھ سے وابستہ ہونے کے بعد بھی میر کی تنگ دستی اور افلاس کا خاتمہ نہیں ہوا تھا ۔ اٹاوے کا نسخہ میر کی زندگی میں نقل ہوا ہے اور نسخۂ رام پور ۱۲۴۶ھ میں یعنی میر کی وفات سے تقریباً ۲۱ برس کے بعد لکھا گیا ۔ اس سے یہی قیاس ہوتا ہے کہ مذکورہ بالا عبارت میر نے لکھنؤ کے قیام میں بڑھائی ہوگی ۔ ورنہ ۱۲۲۲ھ کا نسخہ اس سے خالی نہ ہوتا ۔

زمانہ تصنیف : ذکرِ میر کی تصنیف کا آغاز کب ہوا ، اس بارے میں کوئی قطعی رائے قائم

Marfat.com

نہیں کی جاسکتی، میرا اپنا خیال ہے کہ میر نے اُسے ۱۱۸۵ھ سے بہت پہلے لکھنا شروع کر دیا تھا اور آخر عمر تک اس میں اضافہ و ترمیم کرتے رہے لیکن قاضی عبدالودود صاحب بیرسٹرایٹ لا، پٹنہ فرماتے ہیں کہ کتاب ۱۱۸۵ھ کے لگ بھگ لکھنا شروع کی گئی۔ میر نے اس کے اختتام کی تاریخ اِس قطعے سے نکالی ہے:

مسمّٰی بااسمی شد اے باہُنر
کہ این نسخہ گردد بعالم سَمَر
ز تاریخ آگہ شوی بے گمان
فزائی عدد بیست و ہفت ار بران

کتاب کے نام "ذکرِ میر" سے ۱۱۷۰ نکلتے ہیں جس میں ۲۷ جمع کرنے سے ۱۱۹۷ھ حاصل ہوں گے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ کتاب میں اس سنہ کے بعد کے واقعات بھی درج ہیں یعنی غلام قادر روہیلہ کے مظالم کا بیان جو ۱۲۰۳ھ (۱۷۸۸ء) کا واقعہ ہے۔ قاضی عبدالودود صاحب فرماتے ہیں۔

"..... میرا قیاس ہے کہ یہ ۱۱۸۵ھ (۱۷۷۱ء) میں شروع ہوئی۔ نسخۂ لاہور کا انجام بظاہر ۱۱۸۷ھ (۱۷۷۲ء) میں اور نسخۂ آاوہ ظاہرا ۱۲۰۳ھ (۱۷۸۸ء) میں تمام ہوا، آغازِ کتاب کے بارے میں میرا قیاس صحیح ہے تو کتاب کا بیشتر حصّہ (نسخۂ مطبوعہ میں صفحہ ۱ سے صفحہ ۱۲۰ تک) کاماں میں قلم بند ہوا ہے محض چند صفحے (صفحہ ۱۲۱ سے ۱۲۸ سطر ۴) دہلی میں اور باقی لکھنؤ میں ...."

واقعات کی کیفیت:

اس کتاب میں ابتدائی حصّہ میر کے والد اور منھ بولے چچا کی تعریفوں اور مسائلِ تصوف سے بھرا ہوا ہے اس میں نہایت شاعرانہ مبالغے سے کام لیا گیا ہے میر کے والد یا "چچا" امان اللہ اتنے بڑے صوفی اور بزرگ نہ تھے کہ "خلقِ خدا، اُن کے آستانے کی خاک بطورِ تبرک" لے جاتی یا وہ آسمانِ درویشی کے آفتاب و ماہتاب ہوں، اس میں میر نے جی کھول کر مبالغے سے کام لیا ہے۔

میر کو اپنے باپ اور چچا کا سایہ ۱۱۔۱۲ برس سے زیادہ نصیب نہیں ہوا لیکن انھوں نے

Marfat.com

میراماں اللہ کے ساتھ بعض درویشوں کی صحبت میں جانے کا تذکرہ کیا ہے اور اُن کے اقوال و اشعار نقل کیے ہیں مگر جن دنوں کی یہ باتیں ہیں اُس وقت میر کی عمر سات آٹھ سال سے زیادہ نہیں تھی، پھر یہ ممکن ہی نہیں کہ اتنا کم سن بچہ درویشوں کے صوفیانہ اقوال کو اس طرح سمجھ سکے کہ تقریباً تیس چالیس سال کے بعد جب وہ اپنی سوانح عمری لکھنے بیٹھے تو انھیں من و عن نقل کر دے میرا اپنا خیال ہے کہ یہ سارے واقعات میر کے اپنے ذہن کی اختراع ہیں ممکن ہے کہ خارج میں احسان اللہ اور بایزید وغیرہ کا وجود رہا ہو لیکن اُن سے جو ملفوظات روایت کیے گئے ہیں اُن کا بیشتر حصہ جعلی اور اختراعی ہے، یہ شبہ یقین کی سرحدوں کو چھونے لگتا ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ انھوں نے ایک فقیر احسان اللہ کی خدمت میں اپنے چچا کے ساتھ جانے کا حال لکھا ہے۔ یہ اُس درویش سے ان کی آخری ملاقات تھی۔ اُس دن شام کو نصرت یار خاں صوبہ دار آگرہ آکر قدم بوس ہوا، اور پانچ اشرفیاں نذر کر کے چلا گیا وغیرہ۔ قطع نظر اس سے کہ نصرت یار خاں کے صوبہ دار آگرہ ہونے کا کوئی تاریخی ثبوت موجود نہیں، اُس کی تاریخ وفات جیسا کہ ہم نے ترجمے کے حاشیے میں لکھ دیا ہے ۱۱۳۴ھ ہے اور میر اس کی وفات سے بھی ایک سال بعد پیدا ہوئے ہیں، اگر یہ بھی فرض کر لیا جائے کہ میر سے نام لکھنے میں سہو ہوا ہے تب بھی یہ باتیں زیادہ قابل قبول نہیں۔

کتاب کا جو حصہ امیر الامرا صمصام الدولہ کے دربار سے وظیفہ مقرر ہونے اور اُس کے بعد کے حالات و حادثات سے متعلق ہے وہ البتہ تاریخی حقائق ہیں اور دوسری تاریخوں سے زیادہ مستند سمجھے جا سکتے ہیں۔

ادبی حیثیت :

مولوی عبدالحق نے میر کی فارسی کی تعریف کی ہے، اور اُن کی نثر کو سادہ و شستہ بتایا ہے یہ ایک حد تک صحیح ہے لیکن اس میں کچھ شک نہیں کہ اُس کا ابتدائی حصہ میر نے خاصی محنت سے لکھا ہے اور اُس دور کے مزایان ایران کی نقل کے شوق میں عبارت کو اتنا ادق بنا دیا ہے کہ بعض الفاظ کی تشریح خود انھیں حاشیے پر لکھنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ میر نے اپنے چچا کی وفات سے قبل اسد اللہ کے کھود جامہ سے آنے کا تذکرہ کیا ہے، کھود جامہ کے بارے میں صرف

Marfat.com

"چراغِ ہدایت" سے یہ علم ہوا کہ ایک شہر کا نام ہے لیکن نہایت تلاش و تحقیق کے بعد بھی اُس کا جغرافیہ معلوم نہ ہو سکا۔ ذکرِ میر کے الفاظ اور محاورے چراغ ہدایت کے سوا کسی دوسری لغت میں مشکل سے ملتے ہیں۔

ذکرِ میر سے متعلق بہت سے گوشے ایسے ہیں جن پر تفصیل سے بحث کی جا سکتی ہے لیکن میں نے اُسے یہاں قصداً قلم انداز کر دیا ہے پھر کبھی علیحدہ مضمون کی شکل میں پیش کروں گا۔

ترجمے کی کیفیت :

اب چند باتیں اِس ترجمے کے متعلق عرض کر دوں۔ اسے میں نے ۱۹۵۱ء کے اواخر میں شروع کیا تھا اور یہ ۱۹۵۳ء میں ختم ہوا، اس کے بعد گاہے گاہے اس پر نظرِ ثانی کرتا رہا۔ پہلے یہ آزاد ترجمے کی شکل میں لکھا گیا تھا۔ لیکن محترمی مالک رام صاحب کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے میں نے اس پر دوبارہ محنت کی۔ اَب کی بار اسے لفظی ترجمے میں منتقل کرنے کی کوشش کی اور لگے ہاتھوں چند ضروری حواشی بھی لکھ دیے۔ لیکن اب بھی مجموعی طور سے یہ کام جیسا میں چاہتا ہوں ویسا نہیں ہے۔ اس میں بعض خامیاں رہ گئی ہیں جن کا مجھے احساس ہے لیکن اُن کی تلافی اِس وقت ممکن نہ تھی جب کہ کتاب کتابت کے مرحلوں سے چند بار گزر چکی ہے۔

شکریہ

یہ ایک قدیم رسم ہے کہ کتاب کے سلسلے میں جن لوگوں سے مدد ملی ہو اُن کا شکریہ ادا کیا جائے، مگر میں یہ سطور اس رسم کی پیروی میں نہیں لکھ رہا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ بُری بھلی جیسی کوشش بھی ہے، میں اس کا اہل نہیں تھا، اگر میرے بعض بزرگوں اور دوستوں کی ہدایتیں اور مشورے شریک نہ ہوتے۔

میرے محترم جناب مالک رام نے کتاب کے ابتدائی نصف حصے پر بڑی توجہ سے نظرِ ثانی فرمائی اور گراں قدر مشورے دیے۔ پھر اپنا قیمتی وقت صَرف فرما کر جامع مقدمہ لکھا۔ — یوں بھی وہ ہمیشہ میری حوصلہ افزائی فرماتے رہے ہیں، میں نے اُن سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ اور محض شکریہ

Marfat.com

کے چند الفاظ اُن کی عنایتوں کے حقوق ادا نہیں کر سکتے ۔

اسی طرح مولانا امتیاز علی خاں عرشی ناظم کتاب خانہ عالیہ رامپور اور قاضی عبدالودود صاحب بیرسٹر ایٹ لا پٹنہ نیز حضرت نواب مرزا جعفر علی خاں اثر لکھنوی کے احسانات سے بھی میں عہدہ برآ نہیں ہو سکتا کہ یہ بزرگ "بُعدِ منزل" کے باوجود خط و کتابت کے ذریعے مجھے ہمیشہ اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہے ہیں ۔ اِس کتاب میں اگر کوئی خوبی ہو تو انھیں حضرات کا فیض ہے اور خامیاں میری اپنی ہیں ۔

احباب میں جناب شاہد علی خاں دلی شکریہ کے حق دار ہیں ، اُنھوں نے ابتدا سے کتاب کی طباعت میں گہری دلچسپی لی اگر اُن کی توجہ نہ ہوتی تو شاید یہ کتاب ابھی اور تاخیر سے شائع ہوتی ۔ میں حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی کا بھی تہِ دل سے سپاس گزار ہوں کہ انھوں نے سنجیدہ علمی کتابوں کی ناقدری کے اِس دَور میں اِس کی اشاعت کا سر و سامان کیا ۔ میرے دوست اور مشہور حُسن کار جناب اندر جیت نے کتاب کا سادہ و دلکش سرِورق بنایا ، اور جناب محمد شفیع دہلوی نے دلچسپی سے کتابت کی ہے ان دونوں حضرات کا بھی ممنون ہوں ۔

نثار احمد فاروقی

۱۸ اکتوبر ۱۹۵۷ء

یونیورسٹی لائبریری ۔ دہلی ۔ ۸

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابتدائیہ

(طبعِ ثانی)

میر محمد تقی میر اردو کے میرِ مجلس ہیں اور اساتذۂ متقدمین میں وہ پہلے شاعر ہیں جس نے اپنی سوانح عمری فارسی زبان میں ذکرِ میر کے نام سے لکھی۔ یہ کتاب دستبردِ حوادث سے بچ گئی اور اس کے چند قلمی نسخے متفرق ذخیروں میں محفوظ رہ گئے[1] مگر ایک طویل زمانے تک یہ منظرِ عام پر نہ آسکی۔ میر کی وفات کے ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) برسوں کے بعد اس کا متن بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق مرحوم نے ۱۹۲۸ء میں انجمن ترقی اردو اورنگ آباد دکن سے شائع کیا۔ اس کے مشمولات کا خلاصہ اردو زبان میں رسالہ اردو (سہ ماہی) میں شائع ہوا تھا۔ متن کی اشاعت کے (۲۰) سال بعد میں نے اسے اردو میں منتقل کیا اور یہ ترجمہ ۱۹۵۷ء میں مکتبہ برہان دہلی سے شائع ہو کر علمی حلقوں میں اتنا مقبول ہوا کہ پہلا ایڈیشن ایک ڈیڑھ سال کی مدت میں ہی ختم ہو گیا۔ اس کی دوسری اشاعت میں غیر معمولی تاخیر ہو گئی اور یہ تقریباً (۲۴) سال کے بعد دوبارہ شائع ہو رہی ہے۔ اس تاخیر کے بہت سے اسباب ہیں جن میں بعض نہایت تلخ بھی ہیں۔

پہلی اشاعت صرف اردو ترجمے کی شکل میں "میر کی آپ بیتی" کے نام سے شائع ہوئی تھی۔ دوسرے ایڈیشن کی تیاری کے ساتھ مجھے یہ خیال آیا کہ فارسی متن بھی تصحیح و تدوین کا تقاضا کرتا ہے

---

[1] ذکرِ میر کے بعض قلمی نسخوں کی کیفیت اشاعت اول کے مقدمے میں دیکھی جائے۔ اس میں دو معلوم نسخوں کا اضافہ اور کیا جا سکتا ہے۔ ان میں سے ایک نسخہ پروفیسر مسعود حسن رضوی ادیب مرحوم لکھنؤ کے کتب خانے میں ہے، دوسرا نسخہ گوالیار میں ہے۔

Marfat.com

مولوی عبدالحق نے اس کے صرف ایک اور قلمی نسخے سے مقابلہ کر کے بعض اختلافات حواشی میں درج کر دیے تھے۔ میں نے نسخہ رامپور رضا لائبریری سے اس کے ایک ایک لفظ کا مقابلہ کیا۔ مگر دو اور نسخوں تک میری رسائی نہ ہو سکی جن میں سے ایک گوالیار میں بتایا جاتا ہے۔

تصحیح متن اور مقابلے سے ظاہر ہوا کہ فارسی متن کی پہلی اشاعت میں متعدد غلطیاں رہ گئی تھیں جنھیں محض طباعت کی غلطی نہیں کہا جا سکتا۔ پھر یہ اندازہ ہوا کہ میر نے فارسی جدید لکھنے کے شوق میں چراغ ہدایت کو سامنے رکھا ہے۔ میر کی آپ بیتی کے مقدمہ میں پہلی بار میں نے اس طرف اشارہ کیا تھا کہ "ذکر میر کے الفاظ اور محاورے چراغِ ہدایت کے سوا کسی دوسری لغت میں مشکل ہی سے ملتے ہیں" (طبع اول ص ۲۲)

میں نے ذکر میر کے الفاظ اور محاوروں کی فرہنگ بہت تفصیل سے تیار کی، جس میں چراغِ ہدایت کے علاوہ سیالکوٹی مل وارستہ کی مصطلحات الشعرا، ٹیک چند بہار کی بہارِ عجم، غیاث الدین رامپوری کی غیاث اللغات سے بھی استفادہ کیا۔ مگر ان تینوں لغت نویسوں نے بھی اکثر الفاظ کی تشریح چراغ ہدایت ہی کی روشنی میں کی ہے۔ اِن کے ساتھ ہی دکتر علی اکبر دھخدا کے لغت نامہ سے مدد لی گئی تو ذکر میر میں استعمال شدہ ایک ایک لفظ واضح ہو گیا تھا۔ مگر وہ پوری فرہنگ ضائع ہو گئی اب اس کتاب کے آخر میں جو فرہنگ دی جا رہی ہے وہ میں نے دوبارہ محنت کر کے قدرے عجلت میں تیار کی ہے۔ اس کے مطالعے سے یہ ظاہر ہوگا کہ ذکر میر میں جو محاورۂ اہلِ ایران کا استعمال ہوا ہے اُس کا دو تہائی سے زیادہ حصہ چراغ ہدایت کا مرہونِ منت ہے۔

سراج الدین علی خان آرزو (متوفی ۱۱۶۹ھ/۱۷۵۶ء) ماہرِ السنہ اور لغت نویس بھی ہیں۔ اُن کے زمانے میں فارسی لغات میں فرہنگِ جہانگیری، بُرہان قاطع، فرہنگ رشیدی، مجمع الفرس سروری وغیرہ سے رجوع کیا جاتا تھا، مگر آرزو نے محسوس کیا کہ ان کتب لغات میں بھی غلطیاں ہیں اور ان پر آنکھ بند کر کے بھروسا نہیں کیا جا سکتا، انھوں نے سراج اللغۃ کی تالیف کی جس میں اپنے پیش رو لغت نویسوں پر کھل کر تنقید بھی کی ہے۔ اِس نقص کے احساس کے ساتھ یہ بھی ہوا کہ آخر عہد مغلیہ میں بہت سے ایرانی شعراء اور اہلِ قلم ہندوستان آگئے تھے جن کا کچھ احوال لچھمی نراین شفیق کے تذکرہ شامِ غریباں[1] میں دیکھا جا سکتا ہے، اِن شعرا سے بعض ہندستانی

---

[1] مرتبہ اکبر الدین صدیقی۔ شائع کردہ انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی ۱۹۷۷ء

Marfat.com

شاعروں کا مباحثہ و مناظرہ بھی ہوا۔ خود آرزو اور شیخ علی حزیں کا معرکہ ہمیں معلوم ہے[1]۔ ہندوستان کے فارسی داں علما اور فارسی گو شعرا، اپنے قدیم فارسی سرمائے پر قانع تھے جدید فارسی محاورات سے انھیں واقفیت نہیں تھی تو وہ ان ایرانی اہلِ زبان کے سامنے خود کو "ناخواندہ" محسوس کرنے لگے تھے، اِس کا ردِ عمل یہ ہوا کہ ہندوستانی فارسی گو شعرا کی خاصی تعداد رفتہ رفتہ ریختہ گوئی کی طرف چل پڑی اِس سے اردو شاعری میں نئی توانائی آ گئی۔ دوسری طرف خانِ آرزو اور ٹیک چند بہار جیسے علمائے فارسی زبان نے جدید فارسی محاورات کی جمع آوری اور ایک جامع لغت کی ترتیب و تدوین کو ضروری سمجھا تو لغت نویسی کے کام میں پیش رفت ہوئی۔

خانِ آرزو نے چراغِ ہدایت کو[2] سراج اللغۃ کے حصہ دوم کے طور پر لکھا۔ سراج اللغۃ جو تقریباً چالیس ہزار الفاظ پر مشتمل ہے ۱۱۴۷ھ/۳۴-۱۷ء میں تکمیل پا چکی تھی اِس کے بعد ہی آرزو نے چراغِ ہدایت کی تالیف کا منصوبہ بنایا ہوگا۔

میر کے بارے میں ہمیں معلوم ہے کہ وہ ۱۱۳۵ھ/۲۳-۱۷۲۲ء میں پیدا ہوئے ۱۱۴۶ھ/ستمبر ۱۷۳۳ء میں اُن کے والد محمد علی عرف علی متقی کا انتقال ہوا، اِس کے بعد ہی کسی وقت وہ تلاشِ معاش کے لیے دلی آئے اور فیضِ میر کی آخری حکایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں وہ میاں محمد سعید خاں نامی ایک درویش صفت انسان سے ملے جو عوام ہی میں نہیں امرا کے حلقے میں بھی مقبول تھے ذکرِ میر سے معلوم ہوتا ہے کہ خواجہ محمد باسط انھیں صمصام الدولہ امیر الامرا (شہادت ۱۱ فروری ۱۷۳۹ء، ۱۵ ذی قعدہ ۱۱۵۱ھ) کی خدمت میں لے گئے جنھوں نے ایک روپیہ روزانہ کا وظیفہ مقرر کر دیا[3] اگرچہ ملاقات ۱۱۴۸ھ

---

[1] شیخ علی حزیں اصفہانی عہدِ محمد شاہ میں ہندوستان آئے تھے۔ انھوں نے یہاں کے بعض شعرا کے کلام اور زبان کے غلط استعمال پر اعتراضات کیے تو خانِ آرزو نے ان کے کلام سے چن چن کر غلطیاں نکالیں اور اُسے ایک رسالہ تنبیہ الغافلین کی صورت میں شائع کیا تھا۔ حزیں آخر عمر میں بنارس میں رہنے لگے تھے اور وہیں مدفون ہوئے۔ ان کا انتقال ۱۱۸۰ھ میں ہوا۔

[2] کتب خانہ رضا رامپور میں چراغِ ہدایت کے پانچ خطی نسخے ہیں جن میں سب سے قدیم [illegible]ھ کا لکھا ہوا ہے۔

[3] خواجہ محمد عاصم کا لقب امیر الامرا صمصام الدولہ ہے اِن کے والد خواجہ محمد قاسم درویش (باقی)

Marfat.com

۳۶-۳۵-۱۷ء میں مان لی جائے تو اس وقت میر کی عمر ۱۳-۱۴ سال سے زیادہ نہ تھی ذکر میر میں جو انھوں نے لکھا ہے کہ خواجہ محمد باسط کی زبان سے نکلا "یہ قلمدان کا وقت نہیں ہے" یہ سن کر میں نے ٹھٹھا مارا، امیر الامرا نے میری طرف دیکھا اور ہنسنے کا سبب پوچھا تو میں نے کہا قلمدان کا وجود ایک لکڑی سے زیادہ نہیں وہ وقت بے وقت نہیں جانتا، جس شخص کو بھی حکم دیں گے وہ اٹھا لائے گا۔ اس پر یہ شبہ وارد کیا گیا کہ اتنا کمسن بچہ اپنے وقت کے امیر الامرا کے سامنے اس طرح قہقہہ لگائے اور اپنے محسن خواجہ محمد باسط کی لفظی گرفت کرے (جو امیر الامرا کے بھتیجے بھی تھے) یہ سب بعید از قیاس ہے۔ میں بھی اس سے متفق ہوں۔ میرا خیال ہے کہ یہ واقعہ میر نے صرف یہ ظاہر کرنے کے لیے تصنیف کیا

(بقیہ) نقش بندی (متوفی ۱۱۴۱ھ/ ۹-۱۷۲۸ء) تھے موخر الذکر کی اولاد میں چار بیٹے اور ایک دختر تھی۔ خواجہ مقتسم (وفات شوال ۱۱۵۳ھ/ جنوری ۱۷۴۱ء) خواجہ محمد جعفر (وفات ۱۱۴۱ھ/ اگست ۱۷۲۸ء) خواجہ محمد عاصم (وفات ۱۷ فروری ۱۷۳۹ء) محمد مستقیم مظفر خاں (وفات ۱۱۵۱ھ/ ۱۷۳۹ء) اور دختر (متوفیہ ۱۱۵۷ھ/ ۱۷۴۴ء) خواجہ محمد عاصم کی شادی اسد قلی خاں (متوفی ۱۱۳۷ھ/ اگست ۱۷۲۵ء) کی دختر ماہ بیگم سے ہوئی تھی ان کی اولاد میں احتشام خاں، احترام خاں، اشرف خاں (متوفی ۱۱۵۸ھ/ ۱۷۴۵ء) اور عاشوری خاں تھے خواجہ محمد عاصم اور ان کے بھائی محمد مستقیم مظفر خاں نادر شاہی فوج کا مقابلہ کرتے ہوئے کرنال میں شہید ہوئے تھے۔ (فروری ۱۷۳۹ء) خواجہ محمد عاصم کا مقبرہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیا قدس سرہٗ کی درگاہ کے جوار میں ہے مگر بندرابن خوشگو کا بیان ہے کہ "بیرون قلعہ شہر پناہ متصل کھڑکی خلیل خاں مقبرۂ اوست" (تذکرہ خوشگو/ ۲۲۲) اگلے سال ۱۱۵۲ھ/ ۱۷۳۹ء میں ان کی بیوہ ماہ بیگم بھی فوت ہو گئیں۔ خواجہ محمد عاصم کے بڑے بھائی خواجہ محمد جعفر تھے (متوفی ۱۱۴۱ھ/ ۱۷۲۸ء) ان کے دو بیٹے تھے خواجہ علی مجتبیٰ خاں (متوفی ۱۱۴۰ھ/ جون ۱۷۲۸ء) اور خواجہ محمد باسط۔ یہی خواجہ محمد باسط میر کو اپنے چچا نواب صمصام الدولہ کی خدمت میں لے گئے تھے۔

صمصام الدولہ کی ڈیوڑھی موجودہ ایڈورڈ پارک کے قریب جانب جنوب واقع تھی، اس میں پہلے اسد خاں بھر بیر جملہ رہے تھے ۱۷۱۰ء میں یہ صمصام الدولہ کو مل گئی تھی۔ اور خواجہ محمد باسط کا مکان ترکمان دروازہ اور دہلی دروازہ کے بیچ میں واقع تھا۔ سراج الدین علی خاں آرزو محلہ وکیل پورہ میں رہتے تھے (یہ جگہ اب دہلی ریلوے اسٹیشن میں آگئی ہے) خواجہ محمد باسط کے بارے میں مرآۃ آفتاب نما (قلمی ورق ۲۰۱ الف) میں لکھا ہے کہ وزیر (یعنی قمر الدین خاں) کے پیرو مرشد تھے ان کی حویلی شہر پناہ کے باہر واقع تھی۔ خواجہ کا انتقال ۱۱۷۰ھ/ ۱۵-۱۷۰۶ء میں ہوا۔

Marfat.com

ہے کہ خواجہ محمد عاصم امیر الامرا جو صمصام الدولہ کے لقب سے مشہور ہیں اُمّی تھے لکھنا نہیں جانتے تھے۔ ایسا اندازہ ہوتا ہے کہ یہ روزینہ مقرر کرانے کے بعد میر آگرے کو واپس چلے گئے۔ خصوصاً اس لیے کہ ان کے چھوٹے بھائی محمد رضی وہیں تھے۔ قاضی عبدالودود کا خیال ہے کہ صمصام الدولہ کے لیے یہ کچھ دشوار نہ تھا کہ وہ یہ وظیفہ آگرے ہی میں دیے جانے کا انتظام کر دیں[1]۔ ۱۱۵۱ھ/ ۳۹-۱۷۳۸ء کے حملہ نادری میں صمصام الدولہ کی شہادت کے بعد یہ وظیفہ بند ہو گیا ہوگا اور اب کچھ اُمی جمی ہونے کے بعد ۱۱۵۳ھ/ ۱۷۴۰ء میں یا اس کے بعد میر دوبارہ دہلی آئے اس بار محمد رضی بھی اُن کے ساتھ تھے۔ یہ زمانہ انھوں نے اپنی سوتیلی ماں کے بھائی سراج الدین علی خان آرزو کے ساتھ بسر کیا۔ انھوں نے میر جعفر عظیم آبادی سے فارسی پڑھنے کا تذکرہ کیا ہے۔ اُن سے کچھ پڑھا ہوگا۔ مگر اُن کی تصنیف ذکر میر اور فیض میر نیز فارسی دیوان بلکہ اُردو کے بعض اشعار میں بھی چراغ ہدایت کی جو چھوٹ پڑتی نظر آرہی ہے وہ اس بات کی قوی شہادت ہے کہ اُن کی تعلیم زیادہ تر خان آرزو ہی کی مرہونِ منت ہے۔

نکات الشعرا کی تالیف ۱۱۶۵ھ/ ۵۱-۱۷۵۱ء سے پہلے ہو رہی تھی اُس میں انھوں نے خان آرزو کو بڑے آداب و القاب سے یاد کیا ہے۔ "استاد و پیر و مرشد بندہ" بھی کہا ہے[2]۔ اس وقت خان آرزو دہلی ہی میں موجود تھے اور محلہ وکیل پورہ میں اپنی حویلی میں رہ رہے تھے۔ اواخر محرم ۱۱۶۸ھ/ نومبر ۱۷۵۴ء میں وہ اودھ کی طرف چلے گئے اور ۱۱۶۹ھ/ ۱۷۵۵ء میں اثنائے سفر میں بیل گاڑی سے گر کر سخت مجروح ہوئے، کچھ زمانے کے بعد انتقال ہو گیا[3] اور اُن کا تابوت لکھنؤ سے دہلی لا کر اُن کی حویلی محلہ وکیل پورہ میں دفن کر دیا گیا۔ اس کے بعد ذکر میر لکھ رہے ہیں تو کہتے ہیں کہ خالو ے کند تی [illegible] کے مارے دہلی سے نکلے، اس توقع پر اودھ گئے کہ وہاں نواب اسحٰق خاں [illegible] کے بھائی [illegible] وہ سابقہ حقوق کا خیال کر کے کچھ اعانت کریں گے۔ [illegible]

---

[1] قاضی عبدالودود: عیارستان [2] نکات الشعرا، [illegible]

[3] آرزو کا انتقال ۲۳ ربیع الثانی ۱۱۶۹ھ/ ۲۶ جنوری [illegible] کو ہوا [illegible]، ص ۱۱۹

[4] نواب نجم الدولہ کے برادر خورد نواب سالار جنگ مراد ہیں جو نواب شجاع الدولہ کے سالے بھی تھے [illegible] ان کے ساتھ ہی دہلی سے اودھ کا سفر کیا تھا (آزاد بلگرامی: سرو آزاد [illegible])

Marfat.com

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ میر نے ذکر میر میں خان آرزو کی مذمت کیوں کی ہے لکھتے ہیں کہ اگر اُن کی "خصمی و حلاجی" کا بیان کروں تو پورا ایک دفتر درکار ہے۔ خانِ آرزو نے بھی ایک یتیم بچے پر ایسا ظلم و ستم کیوں روا رکھا؟ اس کے لیے بھی ہمیں میر کی تصانیف کے بین السطور کو پڑھنا ہوگا اور داخلی شہادتوں سے ریزہ ریزہ جمع کر کے مطابقِ حالات تصویر بنانی ہوگی۔

میر جس زمانے میں خان آرزو کے ساتھ رہ رہے ہیں یہی وہ وقت ہے جب چراغ ہدایت لکھی جا رہی تھی۔ چراغ ہدایت میں ایک تاریخ ۳ ذی قعدہ ۲۷ جلوس محمد شاہی ملتی ہے جو ۳ ذی قعدہ ۱۱۵۷ھ کے مطابق ہے (یعنی ۷ دسمبر ۱۷۴۴ء) اس کا ایک قلمی نسخہ مولوی محمد شفیع لاہوری کے کتب خانے میں تھا جس کا ترقیمہ خود آرزو نے اپنے قلم سے ۲۷ رجب ۱۱۶۰ھ/۳ اگست ۱۷۴۷ء لکھا ہے۔ اس کا عکس نوادر الالفاظ میں چھپا ہے اس سے ظاہر ہے کہ کتاب کی تسوید کا کام ۱۱۵۷/۱۷۴۴ء اور ۱۱۶۰ھ/ ۱۷۴۷ء کے درمیان ہوا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ میر نے اس کا مسوّدہ صاف کرنے میں آرزو کی مدد کی ہو یا کسی اور حیثیت سے تعاون کیا ہو۔ اسی سے انھیں فارسی جدید کے اُن محاورات کا علم ہوا جو ایران سے آنے والے استعمال کرتے تھے اور کلاسیکی فارسی پڑھنے والے ہندوستانیوں کو اُن محاوروں سے واقفیت نہیں تھی۔ انھوں نے ذکر میر کے بعض واقعات خصوصاً اُس کا ابتدائی حصّہ ان محاورات کو کھپانے کے لیے ہی تصنیف کیا ہے۔

اسی سلسلے میں یہ بھی غور کرنے کی بات ہے کہ اُن کے والد انھیں دس سال کی عمر میں عشق کا فلسفہ سمجھا رہے ہیں اور یہ پچاس برس کی عمر میں اُن ملفوظات کو ایسے لکھ رہے ہیں جیسے وہ کل کی باتیں ہیں۔ یہاں بھی بین السطور میں پوشیدہ مقصد یہ اظہار کرنا ہے کہ عشق کوئی گناہ یا بداخلاقی نہیں کوئی ایسا فعل نہیں جو باعثِ شرم ہو یا قابلِ تعزیر و لائقِ مذمّت ہو بلکہ ایک نہایت مقدّس جذبہ ہے۔ یہ کائنات بھی حرکتِ عشقی سے ہی چل رہی ہے:

عشق ہی عشق ہے جدھر دیکھو
سارے عالم میں بھر رہا ہے عشق

مگر عشق سے عشق تک بھی بہت سے فاصلے اور مرحلے ہیں۔ ایک صوفیہ کا عشق ہے جو معرفت کا حاصل ہے اور ذریعہ بھی۔ دوسرا وہ عشق ہے جو میر نے ننگ نامہ

Marfat.com

میں بیان کیا ہے[1] میر کے یہاں عشق کی کون سی کیفیت ہے اِس کا قطعیت سے فیصلہ کرنا آسان نہیں۔ میرا خیال ہے کہ ننگ نامہ والا عشق آخر عمر تک اُن کا پیچھا نہ چھوڑ سکا۔ شہزادہ سلیمان شکوہ کے ایک شعر سے اِس کا اندازہ ہوتا ہے۔

دربار میں کرے ہے بیاں اپنے عشق کا
دیکھو تو اس بڑھاپے میں تم میر کی ہوس[2]

حاصلِ کلام یہ کہ میر جب خان آرزو کے ساتھ رہ رہے تھے اور یہ زمانہ ۱۱۵۳ھ/ ۱۷۴۱ء سے ۱۱۶۰ھ/ ۱۷۴۷ء کے درمیان یا اس سے کچھ آگے پیچھے کا ہو سکتا ہے تو انھوں نے خان آرزو کے گھر یا خاندان میں کسی لڑکی سے عشق کیا اور بہت شد و مد کے ساتھ کیا۔ میر کے لیے یہ بالکل فطری اور نفسیاتی وقوعہ تھا، اُن کے ماں باپ کا انتقال ہو چکا تھا۔ بڑے بھائی سوتیلے تھے چھوٹے بھائی کی وہ خود کفالت کر رہے تھے، اپنا وطن (آگرہ) اور گھر بار چھوڑ کر کس مپرسی کے عالم میں دہلی آئے تھے، دہلی بھی اب وہ نہ رہی تھی جو نادر شاہ کے حملے سے پہلے تھی، انھیں اپنی سوتیلی ماں کے بھائی (خانِ آرزو) کی سرپرستی میں رہنا اور تعلیم حاصل کرنا تھا، ان سب حالات نے اُن کی جذباتی دنیا میں گہرا خلا پیدا کر دیا تھا، ان کا فطری تقاضا یہ رہا ہوگا کہ کسی سے ٹوٹ کر محبت کریں۔ مگر اس عہد کی معاشرت میں کسی کا اظہارِ عشق کرنا نہایت عظیم اور ناقابلِ معافی جرم تھا۔ ایسی ہی کسی لغزش کی وجہ سے انعام اللہ خاں یقین کو خود اُن کے والد نے اپنے ہاتھ سے قتل کر دیا تھا[3]

---

[1] ڈاکٹر جمیل جالبی کا یہ خیال صحیح ہے کہ میر نے ۱۱۵۳ھ سے ۱۱۶۰ھ تک تقریباً سات سال آرزو کی خدمت میں رہ کر گذارے (محمد تقی میر، ص ۲۴۔۲۵) ۔ کلیات میر (عبدالباری آسی) نولکشور، ص ۹۰۹، مثنوی معاملاتِ عشق (حاشیہ) ص ۹۲۷

[2] دیوان شہزادہ سلیمان شکوہ (مرتبہ ڈاکٹر شاہ عبدالسلام)

[3] ۱۱۶۹ھ/ ۵۶۔۱۷۵۵ء تذکرہ چمنستانِ شعراء۔ تذکرہ نویس لچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی، ورق ۲۰۱ ب شاہ غلام محمد مجددی کی بیاض سے معلوم ہوتا ہے کہ انتقال کے وقت یقین کی عمر ۲۵ سال تھی۔ نیز تاریخ محمدی جلد ۲ حصہ ۱، بہ تصحیح نثار احمد فاروقی، رامپور ۱۹۹۶ء تحت ۱۱۶۹ھ

Marfat.com

جب اِس عشق نے خاصیتِ مشک پیدا کرلی تو پہلے خان آرزو نے میر کو سمجھایا ہوگا پھر کچھ سخت سُست کہا ہوگا، مگر یہ بھی خیال تھا کہ ایک یتیم اور بے آسرا بچے ہے اس کو گھر سے نکال دوں تو کہاں جائے گا، اور جو بات ابھی گھر کے اندر ہی ڈھکی چھپی ہے، اُس کے طشت ازبام ہونے کا بھی اندیشہ تھا۔ آرزو نے یہ سارا ماجرا حافظ محمد حسن کو لکھا جو میر کے علاتی بھائی تھے۔ یہ اس لیے بھی ضروری تھا کہ اِتمامِ حجت ہو جائے اور میر کو گھر سے نکال دیں تو اِس سے غلط فہمی نہ ہو سبب کا معلوم ہونا ضروری ہے۔

حافظ محمد حسن نے اِن حالات سے واقف ہو کر ایک جذباتی سا جواب لکھ دیا ہوگا کہ یہ فتنۂ روزگار ہے، خاندان کی عزت کو مٹی میں ملا دے گا، اِس کا کام تمام کر دینا چاہیے۔

بین السطور کے مطالعے سے میرا اندازہ یہ ہے کہ خان آرزو نے میر کو اپنے گھر سے نکال دیا اگرچہ میر کا بیان یہ ہے کہ خود اُنھوں نے وہاں کی بود و باش چھوڑی اور نواب امیر خاں انجام کی حویلی میں آکر رہنے لگے[1]

امیر خاں کا نام میر محمد اسحٰق تھا اُنھیں پہلے کامیاب خاں خطاب ملا، پھر عزیز اللہ خاں پھر عمدۃ الملک امیر خاں۔ یہ بادشاہِ وقت کے بخشی سوم تھے الہ آباد کی صوبیداری اور کوڑہ جہان آباد وکڑہ مانک پور کی فوجداری اِن کے سپرد تھی۔ نہایت زندہ دل، ظریف حاضر جواب اور شعر و سخن کا مذاق رکھنے والے تھے انجام تخلص تھا، اِن کے اثر و رسوخ نے حاسد پیدا کر دیے تھے روز افزوں خاں خواجہ سرانے اِن کے ملازموں میں سے ہی ایک شقی کو مامور کیا اُس نے ۲۳۔ ذی الحجہ ۱۱۵۹ھ/ ۶۔ جنوری ۱۷۴۷ء کو جمعہ کے دن قلعہ میں دیوان خاص کی ڈیوڑھی پر اُنھیں قتل کر دیا[2]

امیر خاں انجام بہت بڑے امیر تھے اِس کا امکان کم ہے کہ میر سے اُن کے تعلقات ہوں شعر گوئی کی مناسبت سے شناسائی ہو سکتی ہے میر نے اُن کی حویلی میں رہنے کا ذکر کیا ہے

---

[1] ذکرِ میر (ط ۱) ص ۳۰

[2] تاریخ محمدی جلد ۲ حصہ ۶ / ۱۳۳ / سیر المتاخرین حصہ ۱۳/۲

SARKAR : Fall of the Mughal Empire vol.I p.11

Marfat.com

اس سے یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ نواب امیر خاں کے متوسلین جو اُن کی ڈیوڑھی میں رہتے تھے ان میں سے کسی کے ساتھ میر نے رہنا اختیار کیا۔ میرا خیال ہے کہ یہ انجام کی موت کے بعد کا واقعہ ہے۔

خانِ آرزو اور میر کے تعلقات کی خرابی یا کشیدگی کے لیے جن لوگوں نے میر کے مذہبی معتقدات یعنی تشیع کو سبب بتایا ہے وہ مناسب نہیں، اس لیے کہ خانِ آرزو بھی کچھ متشدد قسم کے سنی نہ تھے اور میر کم سن تھے اُن کے اعتقادات میں ایسی جارحیت نہ تھی جس سے کوئی فتنہ پیدا ہو اور خانِ آرزو اتنے بے رحم ہو جائیں کہ میر کی یتیمی، غربت اور بے کسی کا بھی خیال نہ کریں۔ دوسرے اُس وقت کی معاشرت میں، اور کسی حد تک آج بھی، ایسے متعدد خاندان موجود ہیں جن کے کچھ افراد شیعہ ہیں[1] کچھ سنی ہیں۔ خود میر کا گھرانا اس کی مثال ہے۔ بظاہر محمد علی عرف علی متقی کی پہلی شادی خانِ آرزو کی بہن سے ہوئی تھی جن کے بطن سے حافظ محمد حسن تھے۔ کسی دوسری اولاد کا میر نے بھی تذکرہ نہیں کیا۔ دوسری شادی کہاں ہوئی اس کا ہمیں علم نہیں مگر میرا خیال ہے کہ میر کی ماں شیعہ تھیں۔ اُنھوں نے اشاروں کنایوں میں یہ اظہار بھی کیا ہے کہ محمد علی بھی شیعہ

---

[1] میر نے اپنے علاتی بھائی کا نام حافظ محمد حسن لکھا ہے اِس میں بھی اُن کے سنی ہونے کی طرف اشارہ ہے شیعہ حضرات میں حفاظ کم ہوتے ہیں۔ پھر میر کہتے ہیں کہ والد کا ترکہ (یعنی تین سو کتابیں) محمد حسن نے اپنے قبضے میں رکھ لیں اور میر کو اس سے محروم کر دیا۔ اگر یہ بیان صحیح ہے تو محمد حسن نے یہ رویّہ ہو سکتا ہے کہ میر کے شیعہ ہونے کی وجہ سے اپنایا ہو یعنی یہ اہلِ سنّت کی کتابیں ہیں میر کے کام کی نہیں وہ انھیں ضائع کر دے گا۔ یہاں یہ نکتہ بھی غور طلب ہے کہ ان کتابوں کو میر نے "وقفِ اولادی" کہا ہے۔ میر نے ترکہ نہ دینے کی طرف اس طرح اشارہ کر دیا ہے اِس کے بعد وہ کہتے ہیں کہ باپ تین سو روپے کے مقروض مرے تھے وہ قرضہ میں نے ادا کیا۔ اس میں بھی یہ کنایہ ہے کہ شیعہ روایات کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا قرض حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ادا کیا تھا۔

یہ نکتہ بھی قابلِ غور ہے کہ میر نے شیخ عبدالعزیز عزت (متوفی ۱۰۹۹ھ/ ۱۶۸۸ء) سے اپنی قرابت کا تذکرہ کیا ہے اُن کے والد لاہور سے واپسی میں عزت کے بیٹے سعد الدین کے مکان پر ٹھہرے تھے جن کا انتقال ۱۱۱۸ھ/ ۱۷۰۶ء میں ہوا۔

(باقی صفحۂ دیگر پر)

Marfat.com

عقائد رکھتے تھے لہ

(بقیہ) عزت کے بھائی شیخ عطاء اللہ کا شمار ممتاز حنفی علماء میں ہوتا تھا یہ بھی اسی سال فوت ہوئے تھے۔
عزت کے دوسرے بیٹے فخرالدین تھے (متوفی ۱۱۴۳ھ/۳۱-۱۷۳۰ء) ان کا نام ذکر میر میں غلطی سے قمرالدین چھپا ہے
شیخ عبدالعزیز عزت نے ردِ شیعیت میں ایک رسالہ کشفُ الغطا کے نام سے لکھا تھا (تذکرہ خوشگو/۵۴) اس
رسالے کی شرح ایزد بخش رسا تخلص نے (شہادت ۱۱۴۲ھ/ ۱۲-۱۷۱۲ء)
حق الیقین کے نام سے کی تھی جس کا قلمی نسخہ ٹونک میں محفوظ
ہے۔ رسا نے عزت کے ہاتھ پر شیعیت سے توبہ کر کے اہلِ سنت کا مذہب اختیار کر لیا تھا۔ ان شواہد کی روشنی میں
اپنے والد کے مذہب کے بارے میں میر نے جو کچھ لکھا ہے وہ بیان مشتبہ ہو جاتا ہے۔

لہ میر نے لکھا ہے کہ اُن کے والد نے اپنے پیر و مرشد شیخ کلیم اللہ اکبر آبادی سے حاکم شام کے بارے میں
دریافت کیا۔ مولوی عبدالحق مرحوم نے اس پر عنوان دیا ہے: "باپ کی اپنے پیر سے گفتگو در بارۂ یزید" حاکم شام
کہا جائے تو عموماً امیرِ معاویہؓ مراد ہوتے ہیں۔ پیر نے کہا کہ میں نے کبھی اُس کا نام اپنی زبان سے نہیں لیا۔ خواجہ
علی اکبر مودودی (متوفی ۱۲۰۹ھ/ ۵-۱۷۹۴ء) کے ملفوظات لطائفِ اکبری (قلمی) میں بھی ایسی ہی عبارت
ملتی ہے "ایک روز الہ آباد میں ایک شخص فقیر کے پاس آیا اور پوچھنے لگا کہ پسرِ حاکم شام کے بارے میں آپ کی
کیا رائے ہے؟ میں نے کہا: جو بھی اُسے آپ کہیں اُس سے بھی وہ بدتر ہے مگر میں کچھ نہیں کہتا۔ مجھے اُس سے
کیا سروکار؟ میں اُس کا نام اپنی زبان پر کیوں لاؤں؟ مجھے اُس کا نام لینے سے کراہیت آتی ہے۔"
(برہان دہلی جلد ۶۷۔ شمارہ ۱ جولائی ۱۹۷۱ء)
اِن ملفوظات کے جامع خواجہ حسن مودودی کھاری میر کے معاصر ہیں ہوسکتا ہے میر نے اُن سے یا اُنھوں نے میر سے
یہ روایت سن رکھی ہو۔ میر کے والد کا ایک شیخ سے مرید اور صوفی ہونا خود ظاہر کرتا ہے کہ وہ شیعہ نہیں تھے۔
شیخ کلیم اللہ اکبر آبادی کے بارے میں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ صوفیہ کے کس سلسلے سے تعلق رکھتے تھے۔
تاریخ محمدی سے اُن کی وفات ۱۱۰۹ھ/ ۱۶۹۷ء معلوم ہوتی ہے اِس سے ۲۶ سال بعد میر پیدا ہوئے ہیں اور
وہ ۱۲-۱۳ سال کے تھے جب اُن کے والد کا انتقال ہو گیا۔ میر سے یہ روایت کس نے بیان کی؟
اسی حکایت میں مُحرم خاں خواجہ سرائے شاہ جہانی کی مسجد کا حوالہ ہے اِس کا نام خواجہ وقار المخاطب بہ مُحرم خاں
ہے اور یہ ۱۰۹۵ھ/ ۱۶۸۴ء میں فوت ہوا۔ اِس سے یہ متعین ہوتا ہے کہ محمد علی خاصی مدت تک اپنے پیر سے
فیض یاب رہے ہوں گے۔

Marfat.com

میر کا یہ پہلا عشق بڑا جان گداز تھا جس کی لپٹ ان کی شاعری میں آج بھی محسوس ہوتی ہے مثلاً اس طرح کے اشعار اور اُن کی معنوی فضا پر غور کیجیے :

اُس کا منھ دیکھ رہا ہوں سو وہی دیکھوں ہوں
نقش کا سا ہے سماں میری بھی حیرانی کا

اب کی جو ترے کوچے سے جاؤں گا تو سنیو
پھر جیتے جی اس راہ وہ بدنام نہ آیا

لیتے ہی نام اُس کا سوتے سے چونک اٹھے ہو
ہے خیر میر صاحب کچھ تم نے خواب دیکھا ؟

آگ سی اک دل میں سلگے ہے کبھی بھڑکی تو میر
دے گی میری ہڈیوں کا ڈھیر جوں ایندھن جلا

اتنا نہ تجھ سے ملتے نہ دل کو کھو کے روتے
جیسا کیا تھا ہم نے ویسا ہی یار پایا

ہمارے آگے ترا جب کسی نے نام لیا
دلِ ستم زدہ کو ہم نے تھام تھام لیا

یاد اس کی اتنی خوب نہیں میر باز آ
نادان پھر وہ جی سے بھلایا نہ جائے گا

Marfat.com

مدّت رہے گی یا د ترے چہرے کی جھلک
جلوے کو جس نے ماہ کے دل سے بھلا دیا

یہ چند اشعار صرف دیوان اوّل کی ردیف الف سے سرسری طور پر دیکھ کر لکھ دیے ہیں، ان سے یہ اندازہ کرنا دشوار نہیں ہونا چاہیئے کہ یہ اُردو شاعری کے روایتی ہجر و وصال کے بیان کی شاعری نہیں ہے۔ اس میں شاعر کی پوری شخصیت اور اُس کے جذباتی ہیجان کا پرتو دیکھا جا سکتا ہے۔ میر نے یہ بھی لکھا ہے کہ اُنھیں جنون ہو گیا تھا، اس کا بیان اُن کی مثنوی خوابِ خیال[1] میں بھی موجود ہے۔ وہ چاند میں ایک صورت کے نظر آنے کا ذکر کرتے ہیں، اُس حصّے کو غور سے پڑھیے تو میرا خیال ہے کہ یہ طبّی اصطلاح والا جنون (Mania) یا (Madness) نہ تھا بلکہ جذباتی کیفیات کے بے قابو ہو جانے والی کیفیت تھی۔ وہ اپنی محبوبہ کا نام لے کر پکارتے ہوں گے، یا اُس کی مالا جپنے لگے ہوں گے۔ ماورائے سخن جو معانی ہیں وہ یہ بتا رہے ہیں کہ اُن کی محبوبہ کا نام مہتاب یا قمر یا چاندنی یا ماہ بیگم یا ماہ پارہ رہا ہوگا یہ علامت اُنھوں نے اپنی شاعری میں بھی خاص انداز سے استعمال کی ہے مثلاً یہ اشعار دیکھیے:

چاندنی (دیوانِ اوّل)

اُس مہ کے جلوے سے کچھ تا میر یاد دیوے
اب کے گھروں میں ہم نے سب چاندنی ہے بوئی

ماہ (دیوانِ دوم)

گفتگو وصفوں سے اُس ماہ کے کر بیے اے میر
کاہش افزا ہے کروں اُس کی اگر ذات کی بات

ماہ پارہ (دیوانِ دوم)

کوئی تو ماہ پارہ اِس بھی رُواق میں ہے
چشمک زنی میں شب کی یوں ہیں نہیں ہیں تارے

---

[1] کلیاتِ میر، مرتبہ عبدالباری آسی، ص ۹۶۸-۹۷۰، اس میں بھی "مہ چار دہ" کا بار بار ذکر آیا ہے۔

Marfat.com

ماہِ چاردہ (دیوان اوّل)

اُس ماہِ چاردہ کا چھپے عشق کیوں کے آہ
اب تو تمام شہر میں مشہور ہو گیا

ماہ زمین گرد (دیوانِ چہارم)

وہ جو ماہ زمین گرد اپنا دو پہری ہے ان روزوں
شوق میں ہر شب حرف و سخن ہے ہم کو فلک کے تاروں سے

ماہ طلعت

رہے خیال نہ کیوں ایسے ماہ طلعت کا
اندھیرے گھر کا ہمارے وہی اُجالا تھا

مہتاب (دیوان اوّل)

تک منھ سے اُس کے دی شب برقع سرک گیا تھا
جاتی رہی نظر سے مہتاب سی چھٹک کر

(یہاں مہتاب پھُلجھڑی کے معنوں میں ہے۔ کہ اُس کا نقاب ذرا سرکا تھا تو ایسا محسوس ہوا کہ پھلجھڑی سی چھوٹ گئی!)

اِن علامتوں کے اور اشعار بھی کلیات میر میں ملیں گے[1]

تحقیق ظاہر ہے کہ دستاویزی شہادت چاہتی ہے اور مفروضات کی بنیاد پر کوئی فیصلہ حتمی نہیں ہو سکتا مگر قانون نے ایک گنجایش (Circumstancial Evidence) کی بھی رکھی ہے، میر کی شاعری کا ایسا مطالعہ ہمیں بعض مزعومات پر از سرِ نو غور کرنے کی دعوت ضرور دیتا ہے۔

ذکرِ میر کو میر کی سوانح عمری کہا جاتا ہے مگر اس میں "سوانح عمری" کم سے کم ہے، یہ حوادث اور سانحات سے بھری پڑی ہے۔ وہ ایسی سیکڑوں باتیں ہمیں نہیں بتاتے جن کا جواب کسی خود نوشت سوانح عمری سے طلب کیا جاتا ہے[2] اپنے والد کا نام بھی ضمناً لکھ دیا ہے۔ وہ کب پیدا ہوئے۔

---

[1] ذکرِ میر میں بھی جہاں کیفیت جنون کا ذکر ہے یہ الفاظ غور طلب ہیں: در شبِ ماہ (چاندنی رات) از جرمِ قمر، ماہ چہاردہ، گلِ مہتاب (چاندنی)، گلِ شب افروز، چہرۂ مہتابی وغیرہ۔

[2] میر کا سالِ ولادت اواخر ۱۱۲۳ھ / ۱۷۲۲ء تقریباً طے شدہ ہے۔ (باقی)

Marfat.com

آگرے میں اُن کا مکان کہاں تھا، شادی کب اور کہاں ہوئی، اولاد کتنی تھی وغیرہ۔ جیسا کہ میں نے شروع میں عرض کیا انھیں یہ کتاب لکھنے کی ترغیب چراغِ ہدایت سے ملی اور انھوں نے ایرانی محاورہ استعمال کرنے کے شوق میں اس کتاب کی داغ بیل ڈالی یہ کلاسیکی فارسی، ایرانی محاورے اور سبکِ ہندی کی آمیزش کا ایک خوشگوار مرکب ہے، اس میں میر کا اپنا منفرد اسلوب ملتا ہے، وہ چھوٹے چھوٹے مربوط اور خوب صورت جملے لکھتے ہیں، اُن کی نثر میں بھی اکثر رعایتِ لفظی اور مراعاۃ النظیر کا وہ التزام موجود ہے جو میر کے شاعرانہ اسلوب کا خاصہ ہے۔ مگر آورد یا تصنّع کا احساس نہیں ہوتا۔ میر کے معاصرین میں کسی دوسرے ہندی نژاد مصنّف نے ایسے فارسی اسلوب میں کوئی کتاب نہیں لکھی۔ یہ اُسلوب ذکرِ میر اور فیضِ میر میں خوب نمایاں ہے۔ بکر نکات الشعرا میں اس کا اثر کمتر ہے۔

کتاب کا ابتدائی تقریباً ایک تہائی حصہ محاورۂ ایران سے بھرا پڑا ہے، جوں جوں وہ آگے بڑھتے ہیں تکلف کم ہوتا جاتا ہے اور بعض حصے تو ڈائری کی شکل میں لکھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ تین مختصر نمونے اسلوب کے اس فرق کو ظاہر کر سکتے ہیں۔

۱۔ "خاک شویان سرکوچہ محبت، نمد مویان بیابانِ وحشت، بندگانِ باخدا واصل، دور گردانِ نزدیک بہ دل، دلدادگانِ جلوۂ یار، خاک اُفتادگانِ سایۂ دیوار، آشنایانِ بحرِ حقیقت، مجرّدانِ بادیۂ طریقت، آوارگانِ بہ منزل رسیدہ، آفتابے از سایۂ شان دمیدہ خاک نشینانِ بر فلک رفتہ، عزلت گزینانِ نام

(بقیہ) اُن کی وفات ۲۰ شعبان ۱۲۲۵ھ / ۲۱ ستمبر ۱۸۱۰ء کو جمعہ کے دن لکھنؤ کے محلہ سٹھی میں ہوئی اگلے دن دوپہر کو اکھاڑہ بھیم کے قبرستان میں دفن کیے گئے جہاں محمد محسن کی نوشتہ یادداشت کے مطابق اُن کے دوسرے عزیزوں کی قبریں تھیں۔ اُن کے بڑے بیٹے میر فیض علی تھے، دوسرے بیٹے جو نظر بہ ظاہر دوسری بیوی سے تھے (اس لیے کہ اُن کی اور میر فیض علی کی عمروں میں بہت تفاوت ہے) میر کلو عرش ہیں، جو خود بھی صاحبِ دیوان شاعر تھے۔ ایک بیٹی بھی بتائی جاتی ہے وہ بھی شاعرہ تھی، بیگم تخلص کرتی تھی اور میر کی زندگی ہی میں شادی سے کچھ عرصے کے بعد فوت ہو گئی تھی۔

Marfat.com

گرفتہ، آشفتگانِ دشتِ مہر و وفا، غنچہ خسپانِ گلزارِ حیا، سنگِ سخت بالینِ سر علامتِ شیدائی دربر، سنگ بر شکم بندند و ننالند، نانِ خود را بر شیشہ نمالند"

(طبع اول ص ۲۷)

۲ ۔ دوسرا نسبتہً سہل اور بے تکلف اُسلوب کا نمونہ :

" درخلالِ ہمین حال جواہر سنگھ، پاتشکر جراّر، و ملہار کہ احوالِ او نوشتہ آمد، بہ دعوی خونِ پدر، بر نجیب الدولہ رفتہ، بہ دہلی چسپیدہ بود. خلقے از گرانی غلّہ بجان آمد قتل و قتال، جنگ و جدال، قریب دو ماہ ماند عماد الملک کہ در فکر کنارہ کردن بود مع ناموس از قلعۂ بھرت پور برآمدہ، مردمان زائد را بہ فرخ آباد فرستاد و خود شریکِ جواہر سنگھ شد" (ط ۔ ا ص ۱۱۲)

۳ ۔ تیسرا نمونہ ڈائری کے انداز کا بھی دیکھیے :

" اکنوں کارپردازان، نول سنگھ پسرِ چار مین سورج مل را کہ در دہ سنہ بود بنیابت آن طفل برداشتہ اند اگر از آب خوب برمی آید خوبست، وگرنہ کار بسیار بے اُسلوب است (ط ۔ ا ص ۱۱۸)

...... دریں ایام مشہور است کہ رایاتِ اقبالِ بادشاہی بہ فرخ آباد سایہ افگن گشت ...... (ص ۱۲۱)

الحاصل مغلان شرارت بنیاد و جنوبیان سراپا فساد قریب است کہ بروند و حضرتِ ظلِّ سبحانی بہ ذاتِ قدسی صفات، با دو سہ خر در قلعۂ مبارک بے تشویش آیندہ و روندہ تشریف دارند اگر روزے صد بار پرگندہ کند و شمار بہت سیر آمد کیست کہ حجابِ او مانع شود، وگرنہ بازار، پیادہ پا بر آیند تا جب کو کہ دور باش نماید، اُسلوب چنین بنظر می آید کہ اہلِ حرفہ سر بصحرا زنند و سپاہی پیشگان بہ گدائی دست دراز کنند، بہ کسے راہ خود گیرد، شہر رونق بسیار پذیرد"

اس آخری اقتباس میں جو طنز کی تلخی اور کاٹ ہے اسے خوب سمجھا جا سکتا ہے ۔ بادشاہِ وقت کے لیے اس طرح کا ریمارک ذاتی ڈائری میں لکھا بھی جا سکتا ہے ۔

Marfat.com

میر کے فارسی نثری اسلوب پر تبصرہ کرتے ہوئے پروفیسر مسعود حسن رضوی ادیب نے لکھا تھا :

"میر بالعموم مقفیٰ عبارت لکھتے ہیں لیکن قافیے کے التزام سے عبارت کی شگفتگی، بیساختگی اور روانی میں فرق نہیں آتا۔ شاید کہیں کہیں تصنع پیدا ہو گیا ہو لیکن زیادہ تر عبارت کا حسن بڑھ جاتا ہے۔ ہم قافیہ فقروں اور جملوں کی قید سے عبارت میں اکثر یہ نقص پیدا ہو جاتا ہے کہ ہر فقرے اور جملے کے بعد جو دوسرا جوابی فقرہ یا جملہ آتا ہے اس میں کبھی پہلے فقرے یا جملے کے مفہوم کی بیجا تکرار ہوتی ہے اور کبھی بے ضرورت لفظوں کی بھرتی ہوتی ہے، اس سے عبارت میں تصنع، طوالت اور سستی پیدا ہو جاتی ہے لیکن میر کے یہاں یہ نقص نہیں ہے۔ میر کے یہاں جوابی فقرے اور جملے بھی چست ہوتے ہیں اور اپنا مفہوم علیحدہ رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ جس عبارت میں بڑے بڑے جملوں کے آخر میں قافیہ لایا جاتا ہے وہ اکثر بے لطف معلوم ہوتی ہے، لیکن میر کے یہاں چھوٹے چھوٹے جملوں بلکہ دو لفظی اور سہ لفظی فقروں کے بعد قافیہ آتا ہے تو عجب بہار دکھاتا ہے۔" [1]

ادبی اور لسانی حیثیت کے علاوہ ذکر میر کی اہمیت ایک اہم عصر تاریخی ماخذ کی بھی ہے اس میں جو وقائع بیان ہوئے ہیں اُن کا آغاز مارچ ۱۷۴۹ء سے ہوتا ہے اور آخری واقعات مارچ ۱۷۸۹ء کے ہیں اس طرح یہ پورے پچاس برسوں کے جستہ جستہ واقعات پر مشتمل ہے اس میں کچھ وقائع وہ ہیں جن میں میر تقی میر خود شریک ہیں مثلاً ۱۷۴۸ء میں وہ رعایت خاں کے ساتھ سرہند گئے جہاں مغل فوج کا مقابلہ احمد شاہ ابدالی کے لشکر سے ہوا، اسی میں نواب قمر الدین خاں ۲۲ ربیع الاول ۱۱۶۱ھ / ۲۲ مارچ ۱۷۴۸ء جمعہ کے دن مارے گئے تھے اور درانی کے توپ خانے میں آگ لگنے کی وجہ سے بھگدڑ پڑ گئی تھی۔ اس کی تاریخ "فتح خداساز" (۱۱۶۱ھ) نکلتی ہے۔ جب مغل فوجیں سرہند [2] سے واپس

---

[1] مقدمہ فیض میر ص ۱۱ - ۱۲ (نظامی پریس لکھنؤ ۱۹۲۹ء)

[2] مغل فوجیں سرہند کے پاس ایک گاؤں مانو پور میں خیمہ زن تھیں۔ نواب قمر الدین خاں اپنے خیمے میں چاشت کی نماز پڑھ رہے تھے کہ ابدالی کیمپ سے ایک گولا آکر گرا جس سے نواب سخت زخمی ہو کر انتقال کر گئے۔ جادو ناتھ سرکار کا بیان ہے کہ اُنھیں وہیں خیمے میں چپکے سے دفن کر دیا گیا۔ یہ غلط ہے (باقی صفحہ دیگر پر)

Marfat.com

آرہی تھیں تو پانی پت کے قریب یہ خبر ملی کہ ۲۷ ربیع الثانی ۱۱۶۱ھ/ ۲۵۔ اپریل ۱۷۴۸ء کو محمد شاہ کا انتقال ہوگیا۔ صفدر جنگ نے احمد شاہ کو تخت پر بٹھایا اور خود وزیر اعظم بن بیٹھا۔ اسی طرح وہ پشکر راجستھان کی مہم میں رعایت خاں کے ساتھ تھے۔ صفدر جنگ نے احمد خاں بنگش پر چڑھائی کی تو میر بھی اسحاق خاں نجم الدولہ کے ساتھ فرخ آباد تک گئے۔ صفدر جنگ کو شکست کا منھ دیکھنا پڑا میر بھی اس لٹے پٹے لشکر کے ساتھ دہلی واپس آئے یہ ۱۱۶۳/ ۱۷۵۰ء کا قصہ ہے۔ ۱۱۸۵ھ/ ۱۷۷۱ء میں وہ جنگ سکّرتال میں بھی شریک ہیں جب مرہٹوں نے شاہ عالم کو ساتھ لے کر نواب ضابطہ خاں پر چڑھائی کی تھی۔

ذکر میر سے میر کے متعدد اسفار کا حال معلوم ہوتا ہے۔ جن میں سے چند یہ ہیں۔

۱۔ آگرے سے دہلی میں پہلی بار آمد — تقریباً ۱۱۴۷ھ/ ۳۵-۱۷۳۴ء
۲۔ آگرے سے دہلی میں دوسری بار آمد — حملۂ نادری کے بعد تقریباً ۱۱۵۲ھ / ۱۷۴۰
۳۔ دہلی سے سرہند کا سفر — ۱۱۶۱ھ/ ۱۷۴۸ء
۴۔ دہلی سے پشکر (راجستھان) کا سفر — ۱۱۶۲ھ/ ۱۷۴۹ء
۵۔ پشکر سے اجمیر کا سفر — ۱۱۶۲ھ/ ۱۷۴۹ء
۶۔ دہلی سے فرخ آباد کا سفر — ۱۱۶۳ھ/ ۱۷۵۰ء
۷۔ دہلی سے سکندر آباد (ضلع بلند شہر) — شعبان ۱۱۶۷ھ جون ۱۷۵۴ء
۸۔ دہلی سے برسانہ
۹۔ برسانہ سے کمھیر (راجستھان)
۱۰۔ راجا ناگر مل کے ساتھ شجاع الدولہ کو منانے کے لیے بھی ایک سفر کا ذکر ہے مگر اس کی منزل معلوم نہیں

(بقیہ) ان کی لاش دہلی لاکر مدرسہ غازی الدین خاں بیرون اجمیری گیٹ کے عقب میں ان کے خاندانی قبرستان (موجودہ دہلی کالج) میں دفن کی گئی تھی (ارکے: شاہ بیگ: سیر المنازل۔ مرتبہ ڈاکٹر شریف حسین قاسمی)

Marfat.com

۱۱ ۔ کمھیر سے دہلی میں آمد	
۱۲ ۔ دہلی سے آگرے کا سفر (۲۳ سال کے بعد)	۱۱۷۶ھ/ ۱۷۶۲ء
۱۳ ۔ دہلی سے آگرے کا دوسرا سفر	۱۱۸۰ھ/ ۶۷۔۱۷۶۶ء
۱۴ ۔ راجا ناگرمل کے ساتھ کاماں کا سفر	۱۱۸۴ھ/ ۱۷۷۱ء
۱۵ ۔ کاماں سے فرخ آباد کا سفر	۱۱۸۴ھ/ ۱۷۷۱ء
۱۶ ۔ فرخ آباد سے دہلی کا سفر	۱۱۸۴ھ/ ۱۷۷۲ء
۱۷ ۔ دہلی سے سکرتال کا سفر	۱۱۸۵ھ/ ۱۷۷۱ء
۱۸ ۔ واپسی میں نجیب آباد، نہٹور، شیرکوٹ سیوہارہ، سلیم پور، امروہہ، گڑھ مکتیسر ہاپوڑ ہوتے ہوئے دہلی آئے ۔	۱۱۸۶ھ/ ۱۷۷۲ء
۱۹ ۔ دہلی سے براہ فرخ آباد لکھنؤ کا سفر	ربیع الثانی ۱۱۹۶ھ/ ۱۷۸۲ء مارچ
۲۰ ۔ آصف الدولہ کے ساتھ بہرائچ کا سفر	
۲۱ ۔ آصف الدولہ کے ساتھ پیلی بھیت اور دامن کوہ ہمالیہ کا سفر	

اِن کے سوا بھی میر نے بعض سفر کیے جن کا تذکرہ ذکرِ میر میں نہیں ہے نسنگ کے سفر کا حال کلیاتِ میر میں شامل مثنوی نسنگ نامہ سے معلوم ہوتا ہے ۔[۱]

ذکرِ میر میں جو تاریخی واقعات بیان ہوئے ہیں اُن کا تحلیلی اور تقابلی مطالعہ بعض اہم نتائج تک پہنچا سکتا ہے ۔ قابلِ غور بات یہ ہے کہ میر کا مقصد اپنے زمانے کی تاریخ لکھنا نہیں تھا وہ خود بھی حوادث کی لپیٹ میں آئے ہیں اُن کا بیان کرنے سے اُس زمانے کے تاریخی وقائع سامنے آگئے ہیں ۔ بہ ظاہر میر کسی گروہ بندی میں بھی نہیں ہیں اُس عہد میں سیاسی ریشہ دوانیوں کے دو بڑے اکھاڑے ایرانی اور تورانی گروپ (یعنی شیعہ اور سنی اُمراء) تھے میر نے ایرانی گروپ

---

[۱] کلیاتِ میر (مرتبہ عبدالباری آسی) لکھنؤ ۱۹۴۰ء

Marfat.com

میں صفدر جنگ، شجاع الدولہ، نجف خاں وغیرہ کا ذکر کیا ہے، تورانی گروپ میں عماد الملک، نجیب الدولہ وغیرہ ہیں مگر کہیں بھی یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ اُن کی ہمدردی کسی خاص گروہ کے ساتھ ہے۔ وہ کسی کی بیجا مذمّت نہیں کرتے۔

میر کے ساتھ سلوک کرنے والے بیشتر اُمرا تورانی گروہ کے ہیں اور عجیب تر یہ ہے کہ ہندو اُمرا نے اُن کی دست گیری اور مالی امداد سب سے زیادہ کی ہے۔ اُن کے ہندو مربیوں میں وزیر کے دیوان مہا نراین، بنگالہ کے وکیل راجا جگل کشور، دیوان خالصہ وتن راجا ناگرمل راجا جگل کشور کی بیوی، صفدر جنگ کے خزانچی لالہ رادھا کشن کا بیٹا بہادر سنگھ جیسے کئی ہندو امرا شامل ہیں جو میر کی شاعری کے قدردان تھے اور اُس پُر آشوب زمانے میں کہ جب جان، مال، عزّت آبرو سب داؤں پر لگے ہوئے تھے، یہ لوگ ایک فن کار کی مدد کر رہے تھے۔ راجا ناگرمل نے تو ایک طویل عرصے تک میر کو مع اہل و عیال کے اپنے علاقے میں محفوظ رکھا۔

ذکرِ میر فرمائشی یا درباری تاریخ (Commissioned History) بھی نہیں ہے اس لیے یہاں جن وقائع کا بیان ہوا ہے وہ کسی عصبیت اور جانب داری سے بڑی حد تک پاک ہیں۔ مغلوں کے آخری دور کی کئی تاریخیں ملتی ہیں، کچھ تاریخی مواد مختلف مصادر میں (مثلاً شعرا کے تذکرے) یا غیر تاریخی کتابوں میں (مثلاً ملفوظات، منشات وغیرہ) میں لکھا ہوا ہے بعض سفرنامے بھی ہیں (جیسے سفرنامہ مخلص) کچھ متفرق کتابیں ہیں (جیسے بدائع وقائع از انندرام مخلص) ان میں سے جن مصادر سے جادو ناتھ سرکار نے اپنی تالیف "زوال سلطنت مغلیہ" (FALL OF THE MUGHAL EMPIRE) میں فائدہ اٹھایا ہے ان میں تاریخ عالمگیر ثانی، سرگذشت نجیب الدولہ از سید نور الدین حسین، چہار گلزار شجاعی، تاریخ مظفری از محمد علی انصاری، تذکرہ شاکر خاں، مجمل التواریخ اور کاشی راج کی تاریخ پانی پت وغیرہ شامل ہیں۔ ان میں سے بعض مصادر کی تلخیص ایلیٹ اور ڈاسن کی تاریخ ہند میں بھی ملتی ہے۔ ذکر میر سے ایک مصدرِ تاریخی کی حیثیت سے استفادہ کسی نے نہیں کیا۔

بہت سے واقعات کی طرف میر نے صرف اشارہ کیا ہے۔ اس اشارے کی مدد سے اور دوسرے مصادر سے مقابلہ کر کے واقعات کی جو شکل سامنے آتی ہے وہ تاریخی طور پر زیادہ

Marfat.com

معتبر ہو سکتی ہے۔ یہاں صرف کتاب کے آخری حصے کا مختصر مطالعہ بطور نمونہ پیش کرتا ہوں۔

میر جنگ سکر تال میں موجود ہیں (۱۱۸۵ھ/۱۷۷۱ء) وہ کہتے ہیں کہ ضابطہ خاں کو بغیر جنگ کے ہی بھگا دیا۔ وہ اپنے حرم کو دشمنوں کے نرغے میں چھوڑ کر نکل بھاگا تھا جس کی تاریخ مرزا سودا نے کہی تھی: "غوث گڑھ سے گیا وہ کھو کر شرم" (۱۱۸۶ھ [1] = ۲۳ فروری ۱۷۷۲ء)۔ ذکر میر طبع اول ۱۲۲ میں نجف خاں دیلو جان و موسی مدک فرنگی" چھپا ہے یہ دیلو جان نہیں وبلوچان (یعنی بلوچ فوج) ہے جو موسوی خاں کے بھائی سید محمد خاں بلوچ کی کمان میں تھی۔ موسی مدک دراصل موسیو مدک ہے یہ فرنگی نہیں فرانسیسی تھا اس کا پورا نام MONSIEUR RENE MADEC ہے اس کے حالات میں ایک کتاب بھی ملتی ہے۔ مدک کو شاہ عالم نے نواب شمس الدولہ بہادر قائم جنگ خطاب اور شش ہزاری ذات و سوار منصب دیا تھا وہ بھرت پور کی ملازمت چھوڑ کر دہلی میں ۷ نومبر ۱۷۷۲ء کو شاہی ملازمت میں داخل ہوا تھا [2]

کتاب کے آخری حصے میں بڑے واقعات کو ایک دو لفظوں میں ہی سمیٹ لیا گیا ہے مثلاً نجف خاں کے حال میں وہ کہتے ہیں" اب ان (نواب حسام الدولہ) کے اشارے پر مرہٹہ سردار قوم کو شہر سے نکالنے کے درپے ہے"۔ یہ سطریں ۱۷ جنوری ۱۷۷۳ء کے آس پاس لکھی گئی ہیں جب مرہٹوں نے نجف خاں کے مکان کا محاصرہ کر لیا تھا۔ اسی میں آگے مرہٹوں سے عہد و پیمان کرنے کا اشارہ ہے نجف خاں نے ۲۰ جنوری ۱۷۷۳ء کو تین ہزار روپیہ یومیہ پر مرہٹوں کی ملازمت قبول کر لی تھی۔ نصرانیوں کی مدد سے کر شجاع الدولہ نے فرخ آباد پر حملہ کیا یہ ۳ مارچ ۱۷۷۳ء کا قصہ ہے مرہٹوں نے اس سے ۲۱۔ اپریل ۱۷۷۳ء کو صلح کر لی تھی۔ نجف خاں مرہٹوں کی مدد سے دوبارہ شہر میں ۲۰ مئی ۱۷۷۳ء کو داخل ہوا تھا۔ مجد الدولہ ۲۲ مئی ۱۷۷۳ء کو دیوانی خالصہ پر فائز ہوا حسام الدین خاں ۵ جون ۱۷۷۳ء کو قید کیے گئے۔ نجف خاں اور جاٹ سردار نول سنگھ کا مقابلہ ۳۰ اکتوبر ۱۷۷۳ء کو ہوا۔ جنوری ۱۷۷۶ء میں نول سنگھ مر گیا۔ اب سورج مل کے چوتھے بیٹے رنجیت سنگھ نے مقابلہ

---

[1] اس سے تاریخ یوں برآمد ہوگی کہ "غوث گڑ" کے اعداد ۱۲۶۶ء میں سے شرم کے اعداد ۵۴۰ گھٹا دیے جائیں۔

[2] BARBE : LE Nabob Rene Madec

Marfat.com

کیا اُس کی ماں کشوری نے فروری ۱۷۷۸ء میں صلح کرلی۔

غرض اِن سب وقائع کا تجزیہ کیا جائے تو اندازہ ہوگا کہ آخر کتاب میں میر نے تقریباً (۲۰) برس کے حوادث کو (۲۰) ہی صفحات میں بیان کردیا ہے لیکن ان اشاروں میں بھی بہت سی کام کی باتیں آگئی ہیں۔

ذکرِ میر کا فارسی متن (۷۰) سال کے بعد دوبارہ چھپ رہا ہے تو یہ اُردو ترجمہ (۴۹) سال کے بعد۔ اِس تاخیر کے اسباب و عوامل اگر تفصیل سے لکھوں تو ایک اور "ذکرِ میر" تیار ہوجائے گی۔ میں نے اِس کا مقدمہ بہت تفصیل سے لکھا تھا، اسی طرح فرہنگ بھی سخت تلاش و جستجو سے کئی ماہ کی محنت سے تیار کی تھی، افسوس کہ یہ دونوں ضائع ہوگئیں۔ اب یہ مقدمہ صرف تکمیلِ رسم کے لیے چند روز کی کاوش سے لکھا گیا ہے اسی طرح فرہنگ بھی۔ اگر اللہ نے توفیق دی تو آئندہ ایڈیشن میں اسے اور سنوارنے کی کوشش کی جائے گی۔ وما توفیقی الا باللہ العلی القدیر۔

اِس کتاب کی اشاعت پر پہلا حق انجمن ترقی اُردو (ہند) ہی کا تھا مجھے خوشی ہے کہ انجمن کی ادبی کمیٹی نے اس کی اشاعت کا فیصلہ کیا۔ میرے عزیز دوست اور انجمن کے نہایت فعال جنرل سکریٹری ڈاکٹر خلیق انجم نے اس کی اشاعت میں غیر معمولی دلچسپی لی اور بار بار تقاضا کرتے رہے میں اُن کا شکریہ ادا کررہا ہوں۔

نثار احمد فاروقی

دہلی یونیورسٹی دہلی،

۱۵ جون ۱۹۹۶ء

Marfat.com

Marfat.com

عرضِ حال

کئی سال ہوئے میں نے متعدد لغاتِ فارسی خصوصاً لغت نامۂ دہخدا کو سامنے رکھ کر ذخیرہ کی فرہنگ پوری وضاحت اور حوالوں کے ساتھ تیار کی تھی، اِس طرح کتاب کی طباعتِ ثانی کا مقدمہ بھی تفصیل سے لکھا تھا اور اس کتاب کے ادبی، تاریخی، سیاسی اور لسانی ہر پہلو سے گفتگو کی تھی لیکن ہوا یہ کہ جس ناشر سے اِس کی اشاعت کا معاملہ تھا اُن کا انتقال ہو گیا اور یہ دن دیکھنا پڑا کہ:

چغد نوبت می زند بر گنبدِ افراسیاب

بہت ہی حیلہ و تدبیر سے کتاب کے کتابت شدہ اوراق تو حاصل کر لیے گئے مگر مقدمہ کا مسودہ اور فرہنگ کے تقریباً ۴۰ صفحات جان بوجھ کر دبا لیے گئے۔ میں نے یہ مختصر سی فرہنگ چند روز محنت کر کے دوبارہ تیار کی ہے، مگر اس میں متعدد الفاظ شامل ہونے سے رہ بھی گئے ہیں۔ لغت نامۂ دہخدا سے استفادے کا اب وقت نہیں تھا اس لیے اُسے بشرطِ توفیقِ الٰہی آئندہ ایڈیشن کے لیے موقوف رکھا ہے۔ مقدمہ بھی مختصر کر دیا ہے۔

کسی کتاب کا مسودہ دوبارہ لکھنا مصنف کے لیے بڑی آزمائش ہوتا ہے۔ میں نے اس کا اظہار اس لیے ضروری سمجھا کہ قارئینِ کرام ہمارے معاشرے کے غیر علمی مزاج کو سمجھیں اور اگر کوئی کوتاہی رہ گئی ہے تو مجھے معذور جان کر معاف کریں۔

[illegible]

نثار احمد فاروقی

Marfat.com

Marfat.com

دیباچہ

بے حد تعریف اُس سخن ور کی، جس کی یکتائی کا شاہ بیت سارے عالم میں مشہور ہوا اور بے حساب حمد اُس صنعت گر کی، جس نے معانی کے موتیوں کو نظم و نثر کی لڑی میں پرو دیا۔ وہ قادرِ سخن جو زبان کو کلام کے ہزار رنگ تعلیم کرتا ہے، وہ معلّم کہ ہر عاجزِ سخن انسان کو زبان دیتا ہے، وہ پیدا کرنے والا، کہ تمام مخلوقاتِ عالم کو نوازتا ہے، وہ صانع کہ خاک کو انسان بنا دیتا ہے، وہ رکھوالا جس کے بغیر ہماری سلامتی محال ہے، وہ فن کار جس کی نقل اُڑانے کی کس کو مجال ہے، وہ علیم جس کے دائرۂ علم میں ہیں تمام مرکب اور بسیط۔ اسی لیے کہا گیا ہے اِنَّ اللہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْط (یقیناً خدا تمام چیزوں کا احاطہ کیے ہوئے ہے)۔ وہ حکمت والا جو سب بھید جانتا ہے، وہ قدیم کہ ہستی صرف اُسی کی ہستی ہے، وہ رزّاق جو رزق دیتا ہے، وہ مالک جو زندگی بخشتا ہے، وہ رحیم کہ گنہ گاروں کی توبہ سُنتا ہے، وہ کریم جو عطائیں کرتا اور خطائیں ڈھکتا ہے۔ سورج اُس کے ظہور کا ایک ذرہ ہے اور چاند اُس کے نور کا ایک شمّہ۔ کوئی شے اُس کے نور سے خالی نہیں، غرض کہ "اللہ آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے"۔ چونکہ اُس کا ناز، نیازمندی کو پسند کرتا ہے، اس لیے جو سر جُھکاتا ہے وہ اُسے نا اُمید نہیں کرتا۔ وہ کرتا ہے اور اُس نے کیا کیا پیدا کیا ہے، وہ دیکھنے والا ہے جو سب کی ڈھکی چھپی باتوں کو دیکھتا ہے۔ اگرچہ فلک کج رفتار مجھ سے کج بازی کرتا ہے لیکن مجھے اُمید ہے کہ وہ بے آبرو نہ ہونے دے گا۔ کونسی زبان ہے جو اُس کا نام نہیں جپتی اور کونسی جان ہے جو اُس کے اوصاف کے گیت نہیں گاتی۔

Marfat.com

وہ خبیر جو ہر شخص کے حال کی خبر رکھتا ہے، وہ بصیر جو سب پر نگاہ رکھتا ہے، اُس کے گُل ہائے ناز چُننے کے لیے نیاز کی ضرورت ہے اور اُس کی تازہ کاری کا تماشا کرنے کے لیے آنکھ درکار ہے، وہ یکتا جو صفتِ یکتائی سے موصوف ہے، وہ احد جو اپنی وحدانیت سے معروف ہے، وہ رفیع جس کی بارگاہ تک فرشتے بھی نہیں جاسکتے، وہ سمیع جو ہر عاجز کی التجا سُنتا ہے قلم و زبان کی یہ مجال کہاں کہ اُس کے کمالات کو ایک ایک کر کے لکھ سکے، ہاں وہ خود اپنی تعریف کرے تو اپنے کمالات (کے بیان) سے عہدہ برآ ہو جائے!

نعت | بے حد درود اُس فصیح پر جس نے فصاحت کا میدان جیت لیا اور بے شمار سلام اُس بلیغ پر جو خدا تک پہنچا اور مغرور نہ ہوا۔ وہ بادشاہ جو سراپا جلال و جبروت ہے، وہ روشن چاند جو کفر و گمراہی کی تاریکی کا مٹانے والا ہے، وہ پیشوا جس کی قیادت کے بغیر کوئی مشکل آسان نہیں ہو سکتی، وہ رہنما جس کی رہبری نہ ہو تو کوئی راستہ نہیں سُوجھ سکتا۔ وہ امیر جس کے فرمان کو ہم دل و جان سے قبول کرتے ہیں، وہ دستگیر کہ توفیق ہو تو اُس کی پیروی کرتے ہیں۔ وہ صبیح جس کی صباحت آئینۂ عالم کو روشن کرنے والی ہے، وہ ملیح جس کی ملاحت نوعِ انسان کے رُخساروں کا نمک بن گئی ہے۔ وہ نگار جس کے پانو تلے کی خاک جانوں کا فدیہ ہے، وہ بہار جس کے سبز جھنڈے کے سائے میں ایک زمانہ چل رہا ہے، وہ مددگار کہ حشر والوں کی نگاہیں اُس کی شفاعت پر لگی ہوئی ہیں نہیں نہیں بلکہ دونوں عالم کا کام اُس کی عنایت سے چل رہا ہے۔ خدا کی رحمت اور درود و سلام ہوں اُس پر اُس کی پاک اور طیب و طاہر اولاد پر جن میں سے ہر ایک مومنوں کا امام اور گناہ گاروں کا شفاعت کرنے والا ہے۔

عرضِ مصنّف | تمام موجودات کے معبود اور خالقِ وَدُود کی تعریف نیز اُس صاحبِ مقامِ محمود یعنی حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ رسولِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر بے شمار درود اور بے حساب سلام بھیجنے کے بعد، فقیر میر محمد تقی المتخلّص بہ میرؔ کہتا ہے کہ میں اِن دنوں بیکار تھا اور کسی مونس کے بغیر گوشۂ تنہائی میں پڑا ہوا تھا، اپنا یہ احوال جس میں زمانے کے حوادث و سوانح نیز حکایتیں و روایتیں بھی آ گئی ہیں میں نے لکھ ڈالا، اور یہ کتاب جس کا نام ذکرِ میرؔ ہے، کچھ لطیفوں پر ختم کی۔ دوستوں سے اُمید ہے کہ اگر کوئی غلطی پائیں تو از راہِ عنایت چشم پوشی کریں اور اصلاح کر دیں۔

Marfat.com

میرے بزرگ میرے بزرگ اپنی قوم و قبیلے کے ساتھ زمانے کی نامُساعدت کے باعث کہ اِن اوقات میں صبح بھی شام نظر آتی ہے، ملکِ حجاز سے رختِ سفر باندھ کر دکن کی سرحد پر پہنچے (راہ میں) اُنھوں نے بڑی کڑیاں جھیلیں، اور پاپڑ بیلے، اور وہاں سے احمد آباد گجرات میں وارد ہوئے۔ بعضوں نے جی چھوڑ کر وہیں ڈیرے ڈال دیے اور کچھ نے آگے بڑھ کر روزگار تلاش کرنے کی ہمت کی۔ چنانچہ میرے جدِ کلاں نے مستقرِ خلافت اکبرآباد (آگرہ) میں اقامت اختیار کی۔ یہاں آب و ہوا کی تبدیلی سے بیمار پڑ گئے اور جہانِ آب و گِل کو خیرباد کہا۔ اُن سے ایک لڑکا یادگار رہا جو میرے دادا تھے۔

میرے دادا کمرِ ہمت کس کر تلاشِ روزگار میں نکلے، بڑی تگ و دو کے بعد "فوجداری گرد اکبرآباد" پر فائز ہو گئے۔ وہ آدمیانہ بسر کرتے تھے۔ جب اُن کا سن شریف پچاس کے قریب پہنچا تو مزاج اعتدال سے منحرف ہو گیا۔ کچھ دنوں علاج کیا ابھی پوری طرح صحت یاب نہیں ہوئے تھے کہ گوالیار[1] جانا ہوا۔ راستے کے، ان جھٹکوں سے، جو نقاہت میں زہر کا اثر رکھتے ہیں، پھر بیمار پڑے اور انتقال کر گئے۔ ان کے دو لڑکے تھے۔ بڑے تو خللِ دماغ سے خالی نہ تھے، جوانی میں مرے اور بسر گئے۔ اُن سے چھوٹے

لہ "گوالیار نامی قلعہ ہے۔ آب و ہوا اس کی نہایت خوب۔ اُستواری مضبوطی بھی نہایت [illegible] سلطنت کے جو زندانی قابلِ حفظ کے ہوتے تھے اُن کا ٹھکانا وہیں تھا [illegible] اور گویّے نہایت با اثر اور محبوب دلربائی میں خوب چالاک اور قیامت کے بے باک ہوتے ہیں۔ مزار شیخ محمد غوث کا بھی وہیں ہے۔ کہتے ہیں کہ شیخ مذکور اپنے عہد کے صاحب کمالوں میں ممتاز تھا اور تسخیر [illegible] اُس کے عمل میں تھی۔" (شیر علی افسوس: آرائشِ محفل ۸۸ - ۸۹)

Marfat.com

میرے والد تھے، انھوں نے ترکِ لباس کرکے گوشہ نشینی اختیار کرلی. علمِ ظاہری کی تحصیل جس کے بغیر عالمِ معنی تک پہنچنا دشوار ہے، شاہ کلیم اللہ[۱] اکبر آبادی سے کی جو وہاں (آگرے) کے اولیاے کاملین میں سے تھے اور کڑی ریاضت کرکے دولتِ باطنی حاصل کرلی. اُنھوں نے ترک و تجرید کی کوشش میں بڑے مجاہدے کیے اور ان بزرگ کی رہنمائی سے درویشی کی منزل تک پہنچ گئے:

پس از خرابیِ بسیار دل بدست اُفتاد

والد کا عقیدہ وہ جوانِ صالح اور عاشق پیشہ تھے، دل میں عشق کی گرمی رکھتے تھے. علی متقی کے خطاب[۲] سے ممتاز ہوئے. نقل ہے کہ ایک دن اُنھوں نے شیخ کی خدمت میں سوال کیا کہ میں نے اپنے عقائد جیسا کچھ درست کرلیے ہیں وہ آپ کو معلوم ہے لیکن حاکمِ شام[۳] کے

---

[۱] شیخ کلیم اللہ اکبر آبادی کے وقائع، حالات اور ملفوظات نہیں ملتے. معلوم ہوتا ہے یہ اتنے بڑے آدمی نہ تھے کہ ان پر کوئی مستقل کتاب لکھی جاتی. البتہ تاریخِ محمدی مصنفہ مرزا محمد حارثی بدخشی میں ۱۰۹۰ھ کے مرنے والوں میں اُن کا ذکر اس طرح ملتا ہے: "شیخ کلیم اللہ اکبر آبادی، جامع المعقول والمنقول در اکبر آباد فوت شد." (صفحہ ۱۰۱۳)

مصنف تاریخ محمدی نے کوئی کتاب ہے اُفق المبین، اُس کے حوالے سے اُن کی تاریخ وفات لکھی ہے. اِسی کتاب میں متعدد اہلِ ظاہر و باطن بزرگوں کی تاریخِ وفات لکھتے ہوئے اُفق المبین کا نام لکھا گیا ہے. اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صوفیاے کرام کا تذکرہ ہے. یہ معلوم نہ ہوسکا کہ اس کا مصنف کون ہے؟" (اقتباس از مکتوب مولانا امتیاز علی خاں عرشی، موسومہ مترجم)

[۲] میر کی ایک تحریر سے، جو اسی کتاب میں آگے آئے گی. یہ ثابت ہوچکا ہے کہ اُن کے والد کا نام میر محمد علی تھا اور اپنے زہد و تقویٰ کی وجہ سے وہ "علی متقی" مشہور ہوگئے تھے. لیکن یہ "خطاب" دیا کس نے تھا؟ میر نے نہیں بتایا. عجب نہیں پیر و مرشد کے دربار سے ملا ہو.

[۳] مولوی عبدالحق، مرتب ذکرِ میر نے اس موقع پر سرخی قائم کی ہے "باپ کی اپنے پیر سے گفتگو دربارۂ یزید" لیکن میرا خیال ہے کہ یہاں "حاکمِ شام" سے مراد حضرت امیر معاویہؓ ہیں وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت (۱۳ھ/۶۳۴ء تا ۲۴ھ/۶۴۴ء) میں چار سال اور حضرت عثمانؓ کے عہد (۲۴ھ/۶۴۴ء تا ۳۵ھ/۶۵۵ء) تک شام کے حاکم رہے تھے. ۴۱ھ/۶۶۱ء میں خود خلیفہ ہوئے اور ۶۰ھ/۶۸۰ء میں انتقال فرمایا.

یہاں "عقائد کو درست کرنے کی بات سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ پہلے میر کے والد سنی تھے اور شیخ کلیم اللہ کی صحبت میں رہ کر تشیع یا تفضیلیت کی طرف مائل ہوئے. امیر معاویہؓ کے سیاسی کردار سے متعلق بہت سے (باقی حاشیہ ص آیندہ)

Marfat.com

بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں ؟" شاہ صاحب نے فرمایا : " بتادیں گے ! "

مدّت کے بعد ایک دن منہ اندھیرے، محرم خاں خواجہ سرائے شاہ جہانی کی مسجد میں تشریف لائے۔ میرے والد کے ملازم شیخ کے وضو کے لیے پانی فراہم کرنے کو دوڑے، مگر والد خود اُٹھے اور لوٹا ہاتھ میں لے لیا، (شاہ صاحب کو وضو کرانے لگے) اُس وقت شاہ صاحب نے ہاتھ منہ پر پانی ڈال کر فرمایا : " میاں علی متقی ! تمام عمر اُس کا نام میری زبان پر نہیں آیا، میرا منہ نہیں کہ اس کے لیے خدا کا شکر ادا کروں ! " میرے، والد کہتے تھے : " خدا کا شکر ہے پھر میں نے بھی کبھی اُس کا نام نہیں لیا۔"[۵۱]

تعلیمِ عشق

وہ روز و شب خدا کی یاد میں رہتے تھے۔ ندا نے کبھی انھیں شرمندہ نہیں کیا۔ کبھی موج میں آتے تو فرماتے : " بیٹا عشق کرو، عشق ہی اِس کارخانے[۵۲]

(بقیہ صفحہ گزشتہ) اہلِ سنت والجماعت حضرات کو بھی شبہ رہتا ہے، یزید بن معاویہ کی سیاسی غلطیوں پر اکثر اتفاق رائے رہا ہے۔ اس لیے علی متقی کا یزید بن معاویہ کے بارے میں استفسار کرنا اتنا قرینِ قیاس نہیں جتنا یہ کہ انھوں نے حضرت معاویہؓ کے متعلق اپنا عقیدہ درست کرنے کے لیے سوال کیا ہو۔

۵۱ علی متقی کے پوتے محسن نے محاکمات الشعراء کے مقدمے میں (کتب خانہ دانش گاہ پنجاب لاہور میں صرف مقدمہ ہے) اپنے متعلق لکھا ہے کہ میں شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے پاس جا کر کتب تفسیر و حدیث مثل کشاف و بیضاوی و جلالین و مدارک و تفسیر کبیر و صحیح بخاری و صحیح مسلم و صحیح ترمذی و مسند امام حنبل و مسند امام مالک وغیرہ سے متعلق تحقیق کرتا تھا۔ اس نے کسی شیعہ عالم کے پاس جانے یا شیعوں کی مذہبی کتابوں کے بارے میں تحقیق کا ذکر نہیں کیا۔ یہ اس کے سنی ہونے پر مشعر ہے اور اس خیال کو کہ علی متقی سنی تھے اس سے تقویت پہنچتی ہے۔

محسن، حبیب اللہ پسر شاہ کلیم اللہ کا مرید تھا۔ وہ لکھتا ہے کہ شاہ صاحب اپنے وقت کے قطب تھے اور ان کے خلیفہ و جانشین، عماد الدین مشہور بہ درویش محمد تھے۔ (معاصر ۱۴ ص ۳۴-۳۵)

۵۲ عشق کا بڑا وصف یہ ہے کہ تمام رذیل اخلاق شریفانہ اخلاق سے بدل جاتے ہیں۔ بغض، کینہ، حسد، خود بینی اور غرور فنا ہو جاتے ہیں۔ طبیعت میں رقت اور سوز و گداز پیدا ہو جاتا ہے اور انسان ایک عام محبت [illegible] جاتا ہے۔ حضرات صوفیہ جب طالب کو تزکیۂ نفس کی تعلیم دینا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے عشق و محبت کی تعلیم دیتے ہیں کہ یہ صیقل تمام زنگ کو پاک کر دے گا۔ اس مضمون کو نظیری اس طرح ادا کرتا ہے :

ہیچ اکسیر بتاثیر محبت نرسد   کفر آوردم و در عشق تو ایماں کردم

(شبلی، شعر العجم ۵، ص ۴۳، طبع ۱۹۲۲ء)

یہ اور بات ہے کہ ہر کے سیرت نگار کو یہ سارے اوصاف ان کی سیرت میں نہ مل سکیں

Marfat.com

میں متصرّف ہے۔ اگر عشق نہ ہوتا تو نظمِ کُل قائم نہیں رہ سکتا تھا۔[۵۱] بے عشق زندگی وبال ہے، عشق میں جی کی بازی لگا دینا کمال ہے یعشق بناتا ہے۔ عشق ہی کُندن کر دیتا ہے۔ دنیا میں جو کچھ ہے عشق کا ظہور ہے۔ آگ عشق کی سوزش ہے، پانی عشق کی رفتار ہے، خاک عشق کا قرار ہے، ہوا اُس کا اضطرار ہے، موت عشق کی مستی، زندگی عشق کی ہوشیاری ہے، رات عشق کا خواب اور دن عشق کی بیداری ہے مسلمان عشق کا جمال ہے، کافرِ عشق کا جلال ہے، نیکی عشق کا قُرب ہے، گناہ عشق کی دُوری ہے، جنّت عشق کا شوق ہے دوزخ عشق کا ذوق ہے۔ عشق کا مقام عبودیت و عارفیت و زاہدیت و صدیقیت و خلوصیت و مُشتاقیت و خلّیت و حبیبیّت سے بہت بلند ہے۔ ایک جماعت کہتی ہے کہ آسمانوں کی گردش بھی حرکتِ عشقی ہے، یعنی وہ اپنے مطلوب تک نہیں پہنچتے اور سرگرداں ہیں ؎

بے عشق نباید بوذ بے عشق نباید زیست   پیغمبر کنعانی، عشقِ پسرے دارد[۵۲]

وہ دن بھر عالمِ حیرت میں رہتے اور راتوں کو جاگتے۔ اکثر جبینِ نیاز جُھکی رہتی۔ ہمیشہ شرابِ شوق سے سرشار اور دامن پاک۔ اُن کا نورانی چہرہ عابدوں کی محفل کا رونق افزا تھا۔ وہ اِک آفتاب تھے، مگر اپنے سائے سے بھی گریزاں۔ کبھی آپ میں آتے تو کہتے: "بیٹے دنیا اک ہنگامے سے زیادہ نہیں، تمھیں چاہیے کہ اس سے ترکِ تعلق کر لو اور اپنے دامن پر علائق کی گرد نہ جمنے دو۔ عشقِ الٰہی کو اپنا پیشہ کرو، عاقبت کا دن درپیش ہے، اپنا اندیشہ کرو۔ جو اہل ہے وہ جانتا ہے کہ دنیا سہل (حقیر) ہے، زندگی ایک وہم ہے، وہم کی بنیاد پر (اُمیدوں کے محل) بنانا پانی کو رسّی سے باندھنا ہے، اور طولِ اَمل میں پھنس جانا چاندنی کو گزوں سے ناپنا ہے۔ آہ بے خبر نہ رہنا کہ چل چلاؤ لگ رہا ہے۔ زادِ راہ کی فکر کرتے رہیو تاکہ راہ میں کام نہ آجاؤ، ارے اُس کی طرف دیکھو عالم کو جس کا آئینہ کہتے ہیں، اپنی ذات کو اُسے

---

۵۱ یہ نہ ہووے تو نظمِ کُل اُٹھ جائے   سچے ہیں عاشقاں خدا ہے عشق   (دیوانِ اول)

۵۲ (مطلب) عشق کے بغیر (قائم) نہیں رہا جا سکتا، نہ بغیر عشق زندہ رہ سکتے ہیں۔ (دیکھو پیغمبر کنعانی (حضرت یعقوب علیہ السلام) بھی اپنے بیٹے سے عشق کرتے تھے۔

Marfat.com

سونپ دو جیسے دل میں تلاش کرتے ہیں، مقصود کا ملنا یقینی ہے بہ شرطیکہ ذوقِ طلب سچا ہو، اگرچہ ہر شے میں اُسی کا جلوہ ہے مگر ہمیں اس کے اظہار میں شرطِ ادب ضروری ہے۔

(نکتہ) خدا کا اپنے بندوں سے وہی تعلق ہے، جو روح کا جسم سے ہے، یعنی تمہارا وجود بغیر اُس کے اور اُس کی نمود بغیر تمہارے نہیں۔ کائنات ظہور میں آنے سے پہلے عینِ ذات تھی، اور نمودِ صُوری کے بعد وہی ذات عینِ کائنات ہے! ؎

مشکل حکایتے ست کہ، ہر ذرّہ عینِ اوست
اما نمی توان کہ اشارت، بدُو کنند[1]

وہ درویش اور درویش پرست تھے، شکستہ دل اور شکستگی کے مشتاق، عجب نیازمند، مسافر در وطن۔ وسیع المشرب، فقیرِ کامل اور پانی کی طرح ہر رنگ میں شامل۔ جب کبھی مجھے گود میں اُٹھا لیتے اور پیار کی نظروں سے میرا کاہی رنگ دیکھتے تو کہتے: "اے سرمایۂ جان! یہ کیسی آگ ہے جو تیرے دل میں چھُپی ہے۔ یہ کیسی جلن ہے جو تیری جان کو لگی ہے"، میں ہنستا جاتا اور وہ روتے رہتے۔ افسوس میں نے اُن کی زندگی میں اُن کی قدر نہ جانی، وہ اِک انسان تھے اپنے مقامات میں گُم، کبھی کسی کے لیے بارِ دوش نہ بنتے تھے۔

ایک دن اشراق کی نماز کے بعد میری طرف توجّہ فرمائی۔ اور مجھے کھیل کود میں محو پایا بولے: بیٹے زمانہ بہتا ہوا وقت ہے، یعنی بہت کم فرصت، اپنی تربیت سے غافل

---

[1] مشکل بات تو یہ ہے کہ ہر ذرّہ عین ذات خداوندی ہے۔ پھر بھی یہ ممکن نہیں ہے کہ اس (ذات خداوندی) کی نشان دہی کر سکیں۔ (یعنی کسی چیز کو لے کر کہہ سکیں کہ یہ خدا ہے، حالانکہ ہر شے کا ظہور خدا کی ذات سے تم ہے) یہ شعر فغانی کا ہے اور اُس نے عطار کے اس مضمون سے استفادہ کیا ہے۔

ہر شد از دوست بہر دو کون ولیک — سوئے او زہرہ اشارت نیست (شعرالعجم ۲ / ۱۳)

میر کہتا ہے:۔ پایا نہ یوں کہ کریے اُس کی طرف اشارت — یوں تو جہان میں ہم نے اُس کو کہاں نہ پایا (دیوان اوّل)

فغانی کا وطن شیراز ہے۔ یہ سلطان یعقوب فرماں روائے تبریز کے دربار سے وابستہ تھا ۹۲۵ھ میں مشہد میں وفات پائی۔ ایک طرزِ نو کا موجد سمجھا جاتا ہے۔

(شعرالعجم ۳ / ۲۴)

Marfat.com

نہ رہو، اِس راستے میں بڑے نشیب و فراز ہیں دیکھ بھال کر چلو۔

نشانِ پائے تو فردِ حسابِ زندگی است
قدم شمردہ ، درین کہنہ خاک دان بردار[۱]

یہ کیا کھیل رہے ہو؟ کس واہیات میں پھنسے ہو۔ ارے اُس سے لو لگاؤ آسمان جس کی رنگین خرامی کی بَلائیں لیتا ہے۔ اُس کو دل دو جس کی ہر آن پر دل اور جانیں واری ہوں، اُس گل کی بلبل بنو جو ہمیشہ بہار ہے۔ اُس سادہ پر مٹو جو سَدا سُہاگ ہے۔ آسمانِ دو رنگ کی چال کسی کے لیے بدلتی نہیں، جلدی کرو، فرصت کو غنیمت جانو اور اپنے تئیں پہچان لو۔

اُن کی متبرک صورت اِس تمام عالمِ اجسام میں معنیٔ مجسّم تھی، وہ ایسے متین آدمی تھے کہ اُنھوں نے عنانِ اختیار کبھی اپنے ہاتھوں سے نہیں جانے دی۔ ایسے پرہیزگار کہ کسی نامحرم کی آنکھ کبھی اُن کے ہاتھ پانو پر نہیں پڑی۔ اگر تم دیکھتے تو کہتے کہ شاید فرشتہ اور یہ عزیز ایک ہی صورت کے دو رُوپ ہیں۔ اگلوں نے بھی ایسی خوبی سے استقامت کا ثبوت کم ہی دیا ہے۔ اخلاق حمیدہ، اوصاف ستودہ، طبع مشکل پسند، جان دردمند، آنکھیں نَم اور حال دَرہم۔

لاہور کا سفر

نقل ہے : ایک دن گھر میں پریشان حال داخل ہوئے؛ بوڑھی ماما بیٹھی تھی اُس سے کہا: "بڑی بی، آج میں بہت بھوکا ہوں۔ صبر کی تاب نہیں ہے۔ اگر ذرا سا روٹی کا ٹکڑا مل جائے تو جان میں جان آجائے"۔ ماما نے کہا: "گھر میں تو کچھ ہے نہیں"۔ اِنھوں نے پھر کہا: "بھوکا ہوں"۔ ماما اُٹھ کر گئی، اور بنیے سے آٹا اور گھی لائی، تاکہ روٹی پکائے۔ اِس بار پھر اُنھوں نے بھوک میں بے صبری کا اظہار کیا۔ ماما جھنجھلا اٹھی، تڑخ کر بولی: "میاں یہ فقیری ہے اس میں ناز نخرے نہیں

[۱] تمھارے نقشِ پا بھی زندگی کے حساب کی کھتونی ہیں، اِس دنیا میں قدم بھی گن گن کر رکھنے چاہییں۔ (یعنی زندگی کو بے مصرف و بے مقصد نہیں گنوانا چاہیے۔)

Marfat.com

چلتے،، والد صاحب نے کہا: "اچھا بڑی بی تم اطمینان سے روٹی پکاؤ، میں ایک فقیر کو دیکھنے لاہور جا رہا ہوں"۔ یہ کہہ کر اپنا رومال اُٹھایا جو گریۂ شبی سے بھیگ کر بادل کا گالا بن گیا تھا، اور چل پڑے۔ جب ماما نے دیکھا یہ رُوٹھ کر جا رہے ہیں تو دوڑی اور رو کر دامن سے لٹک گئی، مگر اُن پر کوئی اثر نہ ہوا، مجبوراً آئینے پر پانی ڈال کر شگون پورا کیا[۵۱]۔ وہ جہاں منزل کرتے خدائے کریم کی شانِ رزاقی کام کرتی تھی۔ کچھ دنوں میں لاہور پہنچ گئے اور اُس مکار درویش کو دیکھا جو ایک دریا کے کنارے جیسے راوی کہتے ہیں بیٹھا رہتا تھا اور دنیا کو فریب دیتا تھا، وہ "خَفَشان نمود[۵۲]" کے نام سے مشہور تھا۔ فارسی کے کچھ الفاظ

---

[۵۱] یہ سفر کا شگون ہے، اور ایرانی رسم ہے۔ ہندوستان میں نہیں سُنی گئی۔ فارسی میں آب بر آئینہ ریختن وزدن آتا ہے، مگر اردو میں بھی استعمال ہوا ہے:

اشکوں سے شگوں نیا نرالا ۔۔۔ آئینۂ رُخ پہ پانی ڈالا (گلزارِ نسیم)

غالباً نرالا کا لفظ خود اس رسم کے عام نہ ہونے کی غمازی کر رہا ہے۔

[۵۲] خفشاں نمود کا تعلق میر محمد حسین مشہدی کے گروہ سے معلوم ہوتا ہے جس نے عالمگیر کی وفات ۱۱۱۸ھ / ۱۷۰۷ء کے بعد ایک نئے مسلک کی بنیاد ڈالی تھی، وہ اپنے تئیں "بیگوک" کہتا تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ ہر نبی کے ۹ بیگوک ہوتے ہیں اور میں دینِ محمدی کا آخری بیگوک ہوں۔ میر محمد حسین، عمدۃ الملک امیر خاں صوبیدار کابل کی لے پالک کا شوہر اور امیر خاں کا داروغہ خوشبو خانہ تھا۔ وہ علومِ متداولہ میں کافی دستگاہ رکھتا تھا اور نہایت شیریں بیان و نغز گفتار تھا۔ اس نے عمدۃ الملک امیر خاں اور عالمگیر کی وفات کے بعد بہادر شاہ اول کے عہد میں نیا ڈھونگ رچایا، اپنا نام "نمود" یا "نمود اللہ" رکھا اور اپنا مرتبہ نبوت و ولایت کے درمیان ظاہر کیا۔ ایک کتاب "نوزۂ مقدسہ" کے نام سے تصنیف کی اور اسے الہامی ظاہر کیا۔ اس نے ایسے الفاظ اور فقرے وضع کر رکھے تھے جو قطعاً مہمل تھے اور جن کا مطلب خود اُسے بھی معلوم نہ تھا۔ اس کے مرید "فربود" کہلاتے تھے اور سلام کی جگہ "نمود بودال" کہتے تھے۔ ۶ ذی الحجہ اُن کا مذہبی جشن کا دن تھا اور نماز بھی سب سے علیحدہ تھی جسے وہ "دید" کہتے تھے۔ نما نمود، نفار اور دید اُس کے بیٹے تھے اور دو بیٹیاں نمانہ خورد و نمانہ کلاں تھیں۔ فرخ سیر کے زمانے میں اُس کے فریب کو بڑا عروج حاصل ہوا۔ چنانچہ ایک دن فرخ سیر خود نیاز مندانہ اُس کے حجرے میں آیا اور قدم بوس ہوا۔ بادشاہ کی عقیدت دیکھ کر عوام جہلا میں میر محمد حسین کا مرتبہ اور بھی بڑھ گیا۔ محمد شاہ کے زمانے میں قمر الدین خاں وزیر کے والد نواب محمد امین خاں نے اُسے گرفتار کرنا چاہا مگر وہ خود اُس کے دامِ فریب میں آگیا۔ اتفاق سے محمد امین خاں بیمار پڑ گیا اور اُسے یہ گمان ہوا کہ محمد حسین کی بددعا سے میری شامت آئی ہے، وہ رضا معافی کا خواستگار ہوا اور پانچ ہزار روپے نذر دیے۔ آخر محمد حسین اکڑ گیا اور اس سے عوام میں اس کی ساکھ بڑھ گئی۔ اس کی موت کے بعد بڑا بیٹا نما نمود سجادہ نشین ہوا لیکن اس نے باپ کے خلیفۂ اول شریک کار اور راز دار
(باقی آگے)

Marfat.com

اُس نے رَٹ لیے تھے۔ گھامڑ لوگ جو اُن الفاظ کا مطلب نہیں سمجھ پاتے تھے، اُس کے آگے ناک سے لکیریں کھینچتے تھے۔ بولا "میں حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کے دین کی تائید کر رہا ہوں، جاہل لوگ مجھے بہکانے والا سمجھتے ہیں۔" میرے والد یہ سُن کر بھڑک گئے اور کہنے لگے: "ابے او کمینے ہمارے پیغمبرؐ کا دین تجھ ایسوں کی تائید کا محتاج نہیں۔ ذرا سوچ سمجھ کر بات کر، یہاں تلوار درمیان ہے، ایسا نہ ہو مارا جائے۔"

غرض ملاقات کی ابتدا ہی میں بدمزگی ہو گئی۔ میرے والد بہت تُرش رُو ہو کر وہاں سے اُٹھے اور ایک فقیر کے تکیے میں رات بسر کی۔ جب صبح ہوئی تو وہ ریا کار معذرت خواہی کے لیے آیا۔ میرے والد نے فرمایا کہ: "اب معافی مانگنا بے فائدہ ہے، کل تو کیا کھری کھری سُنائی تھیں جو آج سُناؤں گا۔ جب تیری عیّاری کا پردہ چاک ہو گیا تو معذرت کیسی؟ جا اپنا راستہ ناپ، ایسا نہ ہو کہ سب میں رُسوا ہو جائے۔" اس پر تو وہ شرم سے پانی پانی ہوا، مگر بڑی حد تک اُس کی اصلاح ہو گئی۔ جب یہ صحبت بے مزہ ختم ہوئی تو[۵۱]

لاہور سے واپسی

یکایک اُس عزیز (والد) نے، بارِ سفر جو کچھ بھی نہ تھا، اللہ کے توکّل پر باندھ دیا، اور دس بارہ دن سفر میں رہ کر شاہجہان آباد دہلی پہنچے۔ یہاں شیخ عبدالعزیز عزّت[۵۲] کے بیٹے قمرالدین خاں کے مکان میں اُترے جو صوبے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) "دوجی بار" کو خوش نہ رکھا، اس نے پردۂ فریب چاک کر دیا۔ اس طرح احمد شاہ کے زمانۂ حکومت میں یہ پُر فریب تحریک ختم ہو گئی۔

میر محمد حسین کے پیرو کار خلیفہ اور مرید ساری سلطنت میں پھیل گئے اور اُنھیں "نشان" یا خطاب عطا کیے گئے تھے۔ "خفشاں نود" بھی اسی سلسلے کا مکار پیرو کار تھا۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو سیر المتاخرین جلد ۳)

۵۱ اس سفر کا فائدہ کیا ہوا، اور یہ "مناظرہ" کیسا تھا، محمد علی نے کیا خدمتِ دین کی انجام دی، وہ نفیر قائل کب ہوا اور اُس کی اصلاح کہاں تک ہوئی، ان ساری باتوں پر غور کرنا شاید کسی نتیجے پر نہ پہنچا سکے۔

۵۲ میر سے اُن کی قرابت کی بحث کے لیے ملاحظہ ہو مقدمہ۔

Marfat.com

کے دیوان تھے اور اُن سے قرابتِ قریبہ رکھتے تھے۔ وہاں عزیزانِ شہر کا ہجوم ہوگیا اور بڑی عقیدت کے ساتھ سب اُن کی خدمت کرنے لگے۔ اُس مردِ خدا کو شرابِ عشق نے مست کر رکھا تھا، بیٹھتا تو بےخودانہ اور اُٹھتا تو مستِ سرانداز کی طرح۔ عالمِ مستی و بےخودی میں باتیں کرتا تھا، اُس کا ہر جاں سوز سانس شوق کی آگ بھڑکانے والا تھا۔ بہتوں نے اُس کے ہاتھ پر بیعت کی، بہت سے اُس کی تاثیرِ نگاہ سے ہوش کھو بیٹھے۔ اس کے وضو کا پانی بڑی عقیدت سے لے جاتے اور شہر کے بیماروں کو دیتے تھے جو اُسے پیتا تھا اچھا ہو جاتا تھا۔

وہ اتنا روتے تھے کہ ہچکی بندھ جاتی تھی، جو نالہ اُن کے دل سے نکلتا تھا آسمان سے گذر جاتا تھا۔ غلغلہ مچ گیا کہ ایک ایسا درویش شہر میں آیا ہوا ہے۔ اُمرا نے ملاقات کے لیے التماس کیا آپ نے قبول نہ کیا، کہا کہ میں فقیر ہوں، آپ امیر، میرا آپ کا کیا واسطہ؛ امیر الامرا صمصام الدولہ[1] نے حقوقِ سابق کا واسطہ دے کر دوبارہ کہلوایا کہ مجھے دولتِ دیدار سے محروم نہ فرمائیے اگر ازراہِ لطف بپا ہو جائے تو یہ رُوسیاہ بھی سُرخ رُو بندوں کی صحبت میں بار پائے۔ مُسکرائے اور کہا: "ملاقات کے واسطے مناسبت ضروری ہے۔ اُمید ہے آپ مجھے معذور جان کر میرے حال پر چھوڑ دیں گے۔" جب اشتیاقِ خلق سے تنگ آگئے تو آدھی رات کو اُٹھے اور تہجد کی نماز کے بعد شہر سے نکل گئے۔ لوگوں نے اُن کی تلاش میں بہتیرا سر مارا مگر اُن کی گرد بھی نہ پا سکے اور ایسا نشان قدم بھی نہ ملا جو اُن کا پتا دیتا۔ مصنف،

بہ پاکانِ کار کے گیرد فلک تنگ　　کہ عیسیٰ از سرِ سوزن برون شد[2]

---

[1] یہ وہی امیر الامرا ہیں بعد میں جن کی سرکار سے میر کو ایک روپیہ یومیہ وظیفہ ملتا تھا۔ ان کا تذکرہ [illegible] اسی موقع پر پیش کیا جائے گا۔ [2] مطلب، پاک دل لوگوں پر آسمان [illegible] [illegible] کیسی شکل میں پھنسے تھے مگر کتنی آسانی سے نکل گئے [illegible] جب آسمان کی طرف گئے تو اُن کے دامن میں ایک سوئی اٹکی ہوئی رہ گئی تھی [illegible] اوپر نہ جا سکے۔ انشا کا شعر ہے ؎

سوزن عیسیٰ سے رم کرنے لگے فندوبیا　　یہ سبب رہ گیا تھا [illegible] اسباب کا

دو تین دن میں اکبر آباد (آگرہ) سے تین منزل اُس طرف بیانہ[1] میں مسافرانہ وارد ہوئے جو شرفا کی پرانی بستی ہے۔ یہاں ایک مسجد کے دروازے پر بے کسانہ بیٹھ گئے۔

ایک سیدزادے سے ملاقات

(حکایت) یہیں ایک نوجوان خوش اندام لالہ رُخسار سید زادہ نظر سے گذرا۔ آپ نے اس پر ایک نگاہ ڈالی اور جذبِ کامل سے اپنی طرف کھینچ بُلایا۔ اُس غیرتِ پری کی ایسی حالت بدلی کہ دیوانہ وار بے ہوش ہو کر اس مست کے قدموں میں گر پڑا۔ لوگ سمجھ گئے کہ لڑکے کی حالت درویش کی نظروں کے اثر سے دگرگوں ہوئی ہے۔ اُن سے التجا کی کہ اس نوجوان کی حالت پر رحم فرمائیے۔ آپ نے تھوڑا سا پانی منگایا اور کچھ دُعا پڑھ کر اس پر دم کیا جیسے ہی پانی حلق سے نیچے اُترا دہ لڑکا ہوش میں آگیا اور نہایت ادب سے دوزانو ہو کر بیٹھ گیا اور عرض کی: "اگر آپ کچھ دن میرے مہمان رہیں اور اس نیازمند کو خدمت گذاری کا موقع دیں تو یہی بندہ نوازی ہوگی ورنہ جس عالم میں آپ ہیں وہاں ناز کا تو گذر بھی نہیں۔ کہ بے نیازی ہی بے نیازی ہے"۔ والد صاحب نے فرمایا: کہ "دوستی کی راہ سے (دعوت قبول کرتے ہیں) کوئی مضائقہ نہ تھا۔ لیکن میں پا برکاب ہوں۔ کل یہاں سے کوچ کا ارادہ ہے"۔ حاضرین نے کہا: "ہم آپ کی مرضی کے تابع ہیں۔ اصرار کرنا تو بے ادبی ہوگی۔ لیکن اتنا ضرور ہے کہ اگر آپ اس لڑکے کے گھر تشریف لے چلیں اور کچھ تناول فرمائیں تو یہ آپ کی عنایت سے [illegible] ہوگا"۔

چونکہ اُس شہر کے عمائد کی بات رکھنی منظور تھی فرمایا: "اچھا، منظور ہے لیکن فقیر کا دل کبھی شاد رہتا ہے کبھی ملول، کوئی ہمارے حال سے تعرض نہ کرے"۔ لوگوں نے کہا:

---

[1] بیانہ قدیم زمانے میں ایک بڑا شہر تھا اور شاہ جہاں کے عہد میں نہایت مشہور تھا [illegible]۔ اگلے وقتوں میں گنہگار بندی وانوں کو زمین رکھتے تھے۔ مہندی وہاں کی نہایت رنگین اور آم بھی بہت [illegible] وزن میں قریب ایک سیر کے۔ (افسوس: آرایش محفل/۸۶)

"ہماری کیا مجال ہے اور یہ بھلا کیسے گوارا ہو گا کہ حضور کے خلاف مزاج کوئی بات ظہور میں آئے اور یہ سعادت شقاوت میں بدل جائے"۔ غرض وہ لوگ انھیں اپنے ساتھ لڑکے کے گھر لے گئے اور درویش نے بھی وہاں کچھ تناول فرمایا۔

شادی کی مذمت

اتفاق سے وہ رات اُس لڑکے کی شادی کی رات تھی۔ تھوڑی رات گئے وہ شہر کے معزز لوگوں کو ساتھ لے کر حاضر ہوا اور عرض کی کہ "اگر حضرت بھی قدم رنجہ فرما کر محفلِ شادی کی رونق افزائی کریں تو ہمارے لیے فخر کا باعث ہوگا۔" فرمایا: "مبارک ہو۔ مگر افسوس کہ شادی خدا پرستی کو مانع ہے"۔

(فائدہ) اے عزیز تو نہیں جانتا کہ لفظ "داماد" دام اور کلمہ "آد" سے مرکب ہے۔ جو اہلِ ایران نسبت کے لیے لاتے ہیں جیسے آباد[1] اور نوشاد میں۔ یعنی جس کی شادی ہوئی وہ [illegible]

---

[1] [illegible] وشاد میں آد کلمۂ نسبت ہے [illegible] بود شیہ [illegible] مردم و مرغ و مور گرد آیند [illegible]

[illegible] نوشاد [illegible]

[illegible]

حقیقت [illegible]

صاحب غیاث اللغات [illegible]

دامِ بلا ہوا ہیں تو آزاد منش انسان ہوں اور اس جال سے برق کی طرح نکل گیا ہوں[۵]۔ مجھے اِن باتوں سے کیا سروکار۔ جاؤ، آدمی اس معاملے میں مجبور ہے۔ میں بھی ابتدائے جوانی میں شرابِ عیش سے سرشار تھا۔ آخر سوائے زحمتِ خمار کے کچھ حاصل نہ ہوا۔ جب خدا کے بزرگ نے مجھے اِس گرفتاری سے نجات دی تو میں نے استقامت پیدا کی اور شمع وار ایک پانو پر جلنے لگا۔ — اب تو راکھ کے ایک ڈھیر سے زیادہ نہیں ہوں، وہ دل ہی نہیں جس میں ہوس پیدا ہو، نہ وہ دماغ ہے جو فقیر سیر تماشے کی طرف مائل ہو۔ یہ مشعلیں جو تمھارے ساتھ ہیں خطرے کا نشان ہیں۔ حیرت ہے تم کیسے غزالِ رعنا ہو کہ رم نہیں کرتے۔ اگر عقلِ سلیم ہو تو اس نکتے کی تہ کو پہنچ جاؤ کہ: "اللہ بس باقی ہوس"!

غرض وہ لڑکا دُلہن کے گھر گیا، اور یہ درویشِ بے نیاز اس شہر سے نکل کھڑے ہوئے، ڈیڑھ دن میں اکبر آباد پہنچے اور اطمینان سے اپنے گھر آن اُترے۔

نوجوان کی سرگردانی

(حکایتِ عشق) جب اُس نوجوان گل رُخسار و سرو قد کبک خرام کو معلوم ہوا کہ درویشِ دل آگاہ جا چکے تو وہ بی بی کو اپنے گھر لایا اور خود پانی تک نہیں پیا یعنی اُسی وقت گرتا پڑتا آنسو بہاتا ان کی تلاش میں جنگل کی طرف چل دیا۔ جو کوئی راستے میں ملتا اُس سے درویش کا اتا پتا پوچھتا، کبھی اِدھر دوڑتا کبھی اُدھر۔ مگر کوئی راہبر اُن کا نشان بتانے والا نہ ملا۔ مایوس ہو کر اُس نے ایک آہِ جگر خراش بلند کی اور کہا: "اے خضر! چونکہ میں نادان آپ کی رہبری کے بغیر

---

[۵] اس جملے سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ محمد علی کی بیوی، یعنی میر کی والدہ کا انتقال ہو چکا تھا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں علائق میں پھنس کر بھی 'ترک' حاصل کرنے کی طرف اشارہ ہو۔ لیکن حیرت کی بات ہے کہ خود بدولت دو شادیاں کرنے کے بعد مرید کو یہ تعلیم دے رہے ہیں۔ نیز یہ تعلیمات اسلامی کے سراسر خلاف بھی ہے۔ قرآن کا حکم تو یہ ہے: فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۝ (اور تم نکاح کرو جتنی عورتوں سے چاہو، دو دو، تین تین، چار چار) ۴: ۳۔ عملِ رسولؐ، اسوۂ صحابہ اور بیشتر صوفیہ کا طریق بھی اس کی تائید نہیں کرتا۔ میر کے والد شاید عجمی تصوف سے متاثر تھے جس کا میلان کلبیت کی طرف ہے۔ ورنہ یہ صریح تضاد ہے۔

Marfat.com

ہر طرف سرگرداں ہوں، کہیں سے آجائیے۔ آپ مجھے خاک سے اٹھائیں گے اگر اس مصیبت میں میری دستگیری فرمائیں۔ اگر اس ویرانے میں آپ نظر آجائیں تو گویا مجھے خزانہ مل جائے گا۔ وہ دامن جسے میں پھولوں سے بھرا کرتا تھا، چاک چاک ہے۔ وہ سر جو کبھی تکیۂ ناز پر رکھا رہتا تھا اب اس پر خاک ہے۔ رحم کیجیے کہ پاؤں چلنے سے رہ گئے ہیں۔ کرم کیجیے کہ سوائے آوارگی کے راستے کا کوئی ساتھی نہیں۔ یہی وقت ہے کہ آپ کا لطفِ بے پایاں مجھے پالے۔ آپ خورشید ہیں، اس حقیر ذرّے کو بھی روشنی سے نوازیے۔ آخر مجھے کیا ہوا کہ آسودگی نے مجھ سے منہ موڑ لیا اور پیشِ آئندہ آوارگی نے مجھے پالیا (المستغفر)

سخت درکارِ خویش حیرانم — چہ بلا خوردم نمی دانم[1]

بگولے کی طرح وحشت آمادہ ہوں۔ شاید آپ نے مجھے فراموش کر دیا ہے۔ ہر چند کہ پانی سے آزار اٹھا رہا ہوں لیکن ابھی آس نہیں ٹوٹی ہے۔ دشت میں ہوں تو آوارہ اور کہسار میں ہوں تو مثلِ مجنوں۔ میرے رخسار جو گلِ تر کو شرماتے تھے دھوپ کی تمازت سے تونس گئے ہیں۔ میری آنکھیں جن پر ہرن رشک کرتے تھے، سفید ہوتی جا رہی ہیں۔ آپ آفتاب ہیں اور میں سایۂ افتادہ۔ آپ صورتِ دولت بااختیار ہیں اور میں پا بہ دو: جو بھی غبار اٹھتا ہے مجھے آپ کی آمد کا گمان ہوتا ہے لیکن جب آپ نظر نہیں آتے تو ناچار رو رو کر اپنا گلا پھاڑتا ہوں۔ آپ تو مردِ جواد ہیں یعنی کامل ہیں پھر ہم نافلوں کے حال سے کیوں غافل ہیں؟" نوجوان اسی طرح روتا دھوتا پھر رہا تھا۔ کبھی کھڑا ہو جاتا کبھی چلنے لگتا کہ اچانک[2] ایک بزرگ پیچھے سے نمودار ہوئے اور انھوں نے بڑے لطف و نرمی سے فرمایا: "اے نوجوان! کسے ڈھونڈتا ہے اور کیا ابھی تک [illegible] مشتاق اب آرہے ہیں گے" یہ مژدہ سن کر

[1] [illegible] ہوں مجھ میں نہیں [illegible] ہو گیا ہوں۔
[2] [illegible] ہیں۔

کے دل بے قرار کو قرار آیا۔ اب وہ دل جمعی سے چلنے لگا اور خدا کا شکر ادا کیا۔ آدھی رات کو شہر (اکبر آباد) میں داخل ہوا۔ راستہ تلاش کرتا۔ نام و نشان پوچھتا ہوا آیا اور سعادت قدم بوس حاصل کی۔ مارے خوشی کے اس کے مہتابی رنگ رخساروں پر آنسو ڈھلک آئے۔ ناکامی کا رنج حصولِ مراد کی خوشی سے، جو اس کے خیال میں بھی نہیں تھی دور ہوا۔ درویشِ جگر ریش نے اس کے جمال پر ایک نظر کی اور اسی پاک نظر نے اسے صاحبِ کمال بنا دیا۔ اتنی محبت سے پیش آئے کہ تحریر میں نہیں سما سکتی۔ ایسی دلداری کی کہ بیان نہیں ہو سکتا۔ اس کا سر چھاتی سے لگایا اور بے حد محبت سے فرمایا "اے میاں اتنا تم نے بڑے مصائب جھیلے۔ زمانے کے سرد و گرم دیکھے مگر اب تمہیں رشتہ داروں سے جدائی کا رنج نہیں ہوگا۔ یہ گھر تمہارا ہے۔ میں اور میرے نوکر چاکر سب تمہارے ہیں خوش ہو جاؤ کہ تم نے اپنی نہر کو ایک عجیب دریا سے جوڑ لیا ہے۔ شکر کرو مرد کے مانند تم دامن بچا کر نکل گئے ہو۔ اب دل جمع ہو جاؤ اور دروازہ بند کر کے بیٹھو تھوڑے دنوں اپنے میں گم رہو تاکہ خدا کو اپنی طرف کھینچ سکو۔

سیدزادے کو تلقین

(فائدہ) سُن رکھو یہ مناسب وقت ہے اور یہ پتے کی باتیں ہیں۔ یہ لباسِ وجود جسے جسم کہتے ہیں مستعار ہے۔ مستعار لباس کو پاک و صاف رکھنا چاہیئے۔ اور روح جو تمہاری ذات پر دلالت کرتی ہے اُسے این و آں کے علائق میں نہ اُلجھانا چاہیئے۔ (المصنف) سہ

پاسِ جان کن تن ندارد اعتبار | قالبِ خاکی مزارے بیش نیست[1]

خودی سے گذرو اور اپنے اندر دیکھو، خدا پر نظر رکھو اور توکل کرو۔ نیاز پیدا کرو کہ نماز ہی ہمیشہ کام نہیں آتی۔ گداز پیدا کرو۔ کیونکہ بے گداز دل کسی مصرف کا نہیں ہوتا۔ غُرور کرنا عیب ہے اپنے کام خدا کو سونپ دو۔ جو تم سے زبوں حال ہے اُسے بھی ملکی

---

[1] (مطلب) جان (روح) کی احتیاط کرو، جسم کا تو کوئی اعتبار نہیں ہے یہ مٹی کا قالب ایک مزار سے زیادہ نہیں۔

Marfat.com

نظر سے نہ دیکھو، غرور بڑا عیب ہے۔ خبردار اس سے مُنہ پھیرلو۔ نیازمندی کی عادت ڈالو تاکہ دل سے ربط پیدا کرسکو۔ جہاں تک بن پڑے بکھیڑوں سے بچو، بے کار اپنے اُوپر یہ بوجھ مت رکھو۔ دل کو نقشِ غیر سے پاک کرو، جب تک گھر صاف سُتھرا نہ کروگے مہمان کے قابل نہیں ہوگا۔ ہر موافق و ناموافق سے نبھاؤ جب تک آدمی اخلاق پیدا نہ کرے انسان نہیں بنتا۔ ہر شخص سے سلوک کرو۔ یہی فقیر کا مذہب ہے۔ پردیسی کی طرح رہو کیونکہ سفر درپیش ہے۔ یہ عالم عزا خانہ ہے۔ یہاں دیر تک ٹھہرنے کی رسم نہیں۔ دنیا والے ماتمی ہیں۔ اِن کی تسلّی کے لیے کوئی دم ٹھہر جاؤ۔ یہ ایک خوفناک جنگل ہے جہاں سانپ اور چیونٹی بھی پھونک پھونک کر قدم رکھتے ہیں۔ زادِ راہ کی فکر کرو کیونکہ قافلہ اچانک چل دیتا ہے۔ اگر چاہتے ہو کہ اس بیمار خانے سے صحیح سالم نکل جاؤ تو حکیمانہ پانی پیو۔ پرہیزی کھانا کھاؤ۔

(نکتہ) فقیر وہ ہے کہ جن چیزوں کا محتاج ہو وہ بھی نہ رکھتا ہو اور غنی وہ کہ اس نے مملکتِ عدم اپنے غیر کے لیے چھوڑ دی ہو۔ یہیں فقیری ملی ہے:
اَللّٰہُ غَنِیٌّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ (اللہ غنی ہے اور تم سب فقیر ہو) جان لو اس چمن میں ایک ہی گلِ تر ہے جو ہزار رنگ میں جلوہ گر ہے۔ یعنی معشوق ایک ہی ہے۔ لیکن اُس کے جلوے بے شمار ہیں ؎

معشوق درحقیقت، گر بنگری یکے است — ہر کس بجلوۂ دل خود شادمی کند[1]
یکے را ببین و یکے را بدان — یکے را بجو و یکے را بخوان[2]
دوئی کجاست، زنیرنگِ احولی بگزر — کہ یک نگاہ میان دو چشم مشترک است[3]

[1] اگر تو غور سے دیکھے حقیقت میں معشوق ایک ہی ہے اگر اُس کے جلوے بے شمار ہیں۔ ہر شخص اپنے مذاق اور ذوق کے موافق کسی جلوے سے اپنا دل خوش کرلیتا ہے۔ [2] اس کائنات میں ایک ہی خدا کو دیکھ اور ایک ہی کو جان، ایک ہی کی تلاش کر اور ایک ہی کو آواز دے۔ [3] دوئی کہاں ہے؟ یہ تو ایسا ہے جیسے بھینگے آدمی کو ایک کے دو نظر آتے ہیں حالانکہ ایک ہی نگاہ دو آنکھوں کے درمیان مشترک ہے۔

Marfat.com

جاؤ کچھ کھاپی کر سو رہو، سفر سے تھکے ماندے آرہے ہو ذرا دیر کو پانو پھیلا کر لیٹ جاؤ تم نے بہت زحمت اٹھائی ہے۔" ایک نوکر کو اشارہ کیا کہ اُن کے آرام کا بہت خیال رکھے۔ اور کسی وقت اُن کی خدمت سے دریغ نہ کرے۔

امان اللہ کی بی بی کا انتقال

غرض کہ وہ عزیز دلجمعی سے رہتے اور میرے والد اُنھیں "برادرِ عزیز" کہتے تھے۔ صبح و شام درویش کی خدمت میں آتے اور کسبِ کمال کرتے تھے۔ وہ ایک لمحے کے لیے اُن کی دل جوئی سے غافل نہ رہتے تھے، ہر روز مقاماتِ درویشی کا ایک نیا باب اُن پر کھول دیتے تھے۔ تھوڑی ہی مدت میں درویش کامل ہو گئے۔ یہاں تک نوبت پہنچی کہ پلک جھپکاتے تو عجائبات دکھاتے۔ اور آستین جھٹکتے تو کرامات ظاہر ہوتی جب اُن کے رشتہ داروں تک یہ خبر پہنچی، وطن سے بڑے اشتیاق کے ساتھ دوڑے۔ اُن کی بی بی دق میں گرفتار ہو کر کچھ دنوں بعد اس دنیا سے گذر گئیں [1]

الفصہ اُن کی درویشی کا چرچا ہوا تو عقیدت مندوں کا ہجوم رہنے لگا اُنھوں نے لوگوں سے ملاقات کرنے میں مصلحت نہ دیکھی اور گوشہ گیر ہو گئے۔ جب ایک سال بیت گیا تو میرے والد نے کہلا بھیجا کہ اب دُنیا والوں پر فیض کا دروازہ کھول دینا چاہیے۔ ایک شام کو اپنے حجرے سے برآمد ہوئے ایسے کہ فرشتوں کو بھی رشک آئے۔ درویش کو سلام کر کے قدموں میں گر گئے۔ فرمایا: "اے سیّد بڑے کھرے انسان ہو تم نے اپنا سکّہ بٹھا دیا ہے، ہوس، آدمی کو پیسر جلی بلّی کی طرح مضطرب رکھتی ہے اور نفسِ فتنہ انگیز سرکش بناتا ہے تم نے قناعت کا پتھر پیٹ سے باندھ کر خواہشوں کو زیر کر لیا ہے:

این کار از تو آید و مردان چنین کنند"

---

[1] درویشی اور کرامت تو برحق، مگر یہ کس کے نامۂ اعمال میں لکھی جائیں گی؟

Marfat.com

میں اُن دنوں سات[1] سال کا تھا۔ اُنھوں نے مجھے اپنے سے مانوس کر کے گود لے لیا تھا یعنی مجھے میرے ماں باپ کے ساتھ نہ چھوڑتے تھے، اپنا فرزند بنا لیا تھا۔ ایک لمحے کے لیے بھی مجھے اپنے پاس سے جُدا نہ کرتے، اور بڑے لاڈ پیار سے میری پرورش کرتے تھے، چنانچہ میں دن رات اُنھیں کے ساتھ رہتا تھا اور اُن کی خدمت میں قرآن شریف پڑھتا تھا۔

عشق

(نقل) ایک دن وہ جمعہ بازار کی سیر کو گئے تھے، وہاں اُن کی نظر ایک تیلی کے لڑکے پر پڑی وہ ایک دولت مند جوان تھا، یہ (اُس کی محبت میں) دل کھو بیٹھے اور ساری استقامت جو رکھتے تھے بھول گئے یعنی تاب نہ لا سکے اور بے قابو ہو گئے۔ جب اُس کی جانب سے التفات نہ دیکھا تو دل پکڑے واپس آ گئے۔ ہر چند ضبط کی کوشش کرتے تھے مگر دلِ بے تاب پر بس نہ چلتا تھا۔ نوکر کا کندھا پکڑ کر زمین پر قدم رکھتے تھے تب کہیں راستہ چلتے تھے۔ اپنے دل سے کہتے: "اے عزیز! ایسا واہیات کھیل کوئی بھی کھیلتا ہے جو تو نے کھیل کر اپنے تئیں کوچہ و بازار میں رُسوا کرایا۔ یا تو ضبط و استقامت کا وہ عالم تھا، یا یہ بے اختیاری ہے جو حرکت تو نے کی ہے، ایک بچّہ بھی نہیں کرے گا۔ جس راستے پر تو چلا ہے اُس پر اندھا بھی قدم نہیں دھرے گا۔ دل ایسی چیز تو نہ تھی کہ ایک بازاری لونڈے پر نچھاور کر دی جائے۔ تیرا دل ایسے کی محبت میں جلا ہے جو کبھی دھوپ چڑھے گھر سے باہر بھی نہیں نکلا اور تو ایسے کا دیوانہ ہوا ہے جو کبھی دل کی راہ میں قدم بھر بھی نہیں چلا۔ یہ آنکھیں اور بھی رونے لگی ہیں گویا منتظر تھیں جیسے ہی دیکھا ٹوٹ پڑیں۔ دل اور بھی زیادہ تڑپ رہا ہے جیسے بہانہ ڈھونڈ رہا تھا کہ آنکھ لڑی اور تڑپنے لگا۔ آنکھوں پر کہاں تک نظر رکھوں، دل کی کب تک خبر رکھوں، کبھی جوانی میں آنکھ نہ لگائی تھی۔ اب بوڑھے

[1] زمانہ ۱۱۴۲ھ ۳۰-۱۷۲۹ء

Marfat.com

منھ مہاسے نکل رہے ہیں۔ اگر خود کو سنبھالتا ہوں تو دل تڑپ تڑپ کر قیامت ڈھاتا ہے، اور ضبط کی کوشش کرتا ہوں تو آنسوؤں کا سیلاب اُمڈا آتا ہے، حیران ہوں کہ کیا کروں، کون سی تدبیر سے یہ گتھی سلجھے۔ اب پیر و مرشد کی توجہ کے سوا چارہ نہیں پاتا ہوں جو کچھ بھی ہو، اُن کی خدمت میں جاتا ہوں۔

اُسی حالِ تباہ سے آنکھوں میں اشک اور لبوں پر آہیں لیے ہوئے، مغرب کی نماز کے قریب نوکر کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر درویش کی خدمت میں آئے۔ حاضرین نے تعظیم کی۔ (درویش نے) اشارہ کیا، انھیں صدر میں جگہ دی گئی۔ (والد نے) کہا: "ارے بھائی کہاں تھے؟ آج بڑی دیر میں صورت دکھائی۔" انھوں نے عرض کیا: "جمعہ بازار کی سیر کرنے گیا تھا۔" فرمایا: "تم نے شاید یہ نہیں سُنا؟ (لمصنفہ) ؎

مستمندِ عشق می داند کہ سودا می کند　　　دیدنِ طفلانِ تہ بازار رُسوامی کند[1]

جاؤ، اپنی کوٹھری سے آٹھ دن رات تک باہر نہ نکلنا، اور اس واقعے کو ہرگز یاد نہ کرنا، اللہ تعالیٰ کریم ہے شاید اُسے پہنچادے اور تمھاری لاج رکھ لے!"

اتفاق دیکھیے ابھی ایک ہفتہ بھی نہ ہوا تھا کہ شام کے وقت وہ چودھویں کا چاند اپنے گھر سے نکلا اور بیتاب سا (اپنی) دکان پر بیٹھ گیا۔ ایک دلّال وہاں کھڑا تھا اُس نے پوچھا "کیا بات ہے؟ آج رات تمھارا رنگ ہی بدلا ہوا ہے، بہت بے چین نظر آتے ہو۔" لڑکے نے کہا: "کیا بتاؤں جو مجھ پر گذر رہی ہے، زبان تک نہیں لا سکتا۔ مگر تجھے دوست جانتا ہوں تجھے بتا دینے میں کوئی مضائقہ نہیں، آج چھٹا دن ہے ایک درویش اِس راستے سے گذر رہے تھے اُن کی نگاہ میری رعنائی پر پڑی، کچھ دیر کھوئے ہوئے سے کھڑے رہے میں نے اپنی اکڑفوں میں اُن کی جانب التفات نہ کیا ناچار انھوں نے جلے ہوئے دل سے ایک ٹھنڈی آہ بھری اور چلے گئے۔ اب نہ اُن کی صورت

---

[1] (ترجمہ) عشق کا گرفتار ہی جانتا ہے کہ بازاری لڑکوں کا دیکھنا رسوائی کا سبب ہوتا ہے اور جنون پیدا کرتا ہے۔

Marfat.com

میری نظروں سے جدا ہوتی ہے نہ دل سے اُن کا خیال جاتا ہے۔ سوتے جاگتے اُنھیں کا تصوّر اور اُنھیں کی یاد ہے۔ کیا کروں؟ دل کو کیسے بہلاؤں؟ اُن کا نام کس سے پوچھوں؟ اتا پتا کہاں دریافت کروں، کدھر جاؤں، اپنا غم کسے سناؤں؟" (دلّال نے) کہا: "ارے وہ تو مشہور درویش ہیں، بڑے بے خویش ہیں۔ خلق اُن کے آستانے پر جھکتی ہے۔ نام اُن کا مدید ہے۔ وہ علی متقی کے چھوٹے بھائی ہیں جو مشہورِ آفاق ہیں اور اس نیلی چھتری کے نیچے طاق ہیں۔ اُن کا آستانہ جس کی خاک بطورِ تبرّک لے جاتے ہیں، شہر پناہ سے باہر عیدگاہ کے قریب ہے۔ میرے ساتھ آؤ اور بندِ غم سے چھٹکارا پاؤ۔" غرض وہ مرد فرمایہ جوان کو میرے والد کی خدمت میں لایا۔ انھوں نے حقیقتِ حال سُن کر فرمایا: "آخر عشقِ بے پروا نے تغافل کا انتقام لے ہی لیا۔" ایک نوکر کو اشارہ کیا کہ جاکر برادرِ عزیز سے کہہ دے کہ آؤ، تمھارا مطلوب تمھیں ڈھونڈتا ہے۔" جب یہ حکم اِس خوش خبری کے ساتھ اُس جگر خستہ گوشہ نشین نے پایا تو کلبۂ احزان سے دست افشاں و پاکوباں باہر آیا۔ پہلے پابوسی کے لیے پیر و مرشد کے قدموں میں سرِ نیاز جھکایا پھر دستِ شوق لڑکے کی طرف بغل گیر ہونے کے لیے بڑھایا، یعنی دل کی خواہش کے مطابق اُسے سینے سے لگایا اور اپنی تمنا کے موافق اُس نخلِ مراد کو پایا۔ پیر نے دونوں کو اجازت دی کہ علیحدہ بیٹھ کر بات چیت کریں۔ جب باتیں چھڑیں اور قصہ نکلا تو درویش امیر امان اللہ نے کہا: "اے جوانِ رعنا، میں فقیر ہوں اور دل بے مدعا رکھتا ہوں۔ مجھے اپنی زلف کا اسیر نہ جانیو۔ خدا ہی جانتا ہے کہ یہ دل کہاں اٹکا ہوا ہے اور یہ سراپا خواہش جان کاہی کی آرزومند ہے۔ خبردار اس گھمنڈ میں نہ رہنا اور ناز نخرے نہ دکھانا، ایسا نہ ہو کہ افسوس کرنا پڑے۔ درویش لوگ اگرچہ اس اوندھے آسمان کے دائرے سے باہر ہیں یعنی عام لوگوں سے مختلف ہیں، لیکن انھیں بھی ایک حال میں نہیں چھوڑا جاتا یعنی ہم لوگوں کا حال مختلف ہے۔ اچھا جاؤ، تم نے بہت رنج اُٹھایا ہوگا۔"

Marfat.com

(لڑکے نے) کہا: "میں نے رنج تو اُٹھایا۔ مگر گنج بھی پایا۔ میں اس آستانے کی جاروب کشی کو سعادت جانتا ہوں، اُمید ہے کہ آپ مجھے محروم نہ فرمائیں گے اور میرے حال سے عنایت کی نظر نہ اُٹھائیں گے" وہ ہر روز صبح آکر بیٹھتا تھا اور دل و جان سے خدمت کرتا تھا۔

ایک دن درویش (میر امان اللہ) کسی خاص کیفیت میں بیٹھے تھے۔ ایسے میں وہ جوان آگیا۔ "جوانِ عزیز" کہہ کر بلایا اور اپنے پاس بٹھایا۔ اُس کے حال پر ایسی نظر فرمائی کہ اُس نے اپنا مقصودِ دلی پایا اور اسی لقب سے عالم میں مشہور ہوا۔ شہر کے بڑے لوگ اُس کی عزت کرتے تھے۔ دوسرے خاص مرید اُسے رشک کی نگاہوں سے دیکھتے تھے۔ آخر اُس کا یہ حال ہوا کہ میدانِ طریقت میں بے مثال ہوا۔[1] سچ ہے جب درویشوں کی نگاہ اثر کرتی ہے تو خاکِ ناچیز کو زر کرتی ہے۔

احسان اللہ

(حکایت) درویش جگر ریش۔ یعنی عمِ بزرگوار (میر امان اللہ) ہفتے میں ایک بار، احسان اللہ نامی ایک فقیر سے۔ جو ایک مردِ آزاد تھے، ملاقات کرنے جایا کرتے تھے۔ اُن کا بڑی سُتھری لپی پُتی چار دیواری کا مکان جس کا دروازہ بند، دیواریں بلند، 'فقیر کا تکیہ' کر کے مشہور تھا، اُس دل جلے کے دروازے پر یہ شعر سُنہرے حرفوں میں لکھا ہوا تھا ؎

خاطرِ آسودہ خواہی، راہِ آمد شُد بہ بند چاک در پیراہنِ دیوار از دستِ دراست[2]

اگر کوئی اُن کا دروازہ کھٹکھٹاتا اور آواز دیتا، تو وہ خود آتے اور جواب دیتے کہ "احسان اللہ گھر میں نہیں ہے، بھاگ جاؤ، یہ گھر خالی ہے"۔ ایک بار میرے چچا نے اُن سے ملاقات

---

[1] سب فقیروں سے بازی لے گیا اور عالم میں مشہور ہوا، مگر افسوس کہ میرؔ نے اُس کا اصلی نام تک ظاہر نہیں کیا، اور تو کسی کتاب میں خیر اُس کے پیر و مرشد بلکہ مرشد کے مرشد کا بھی ذکر نہیں ملتا۔ [2] (ترجمہ) اگر تجھے اطمینانِ قلب درکار ہے تو آمد و رفت کے راستے بند کر دے۔ (یعنی لوگوں سے ملنا جُلنا ترک کر کے گوشہ نشینی اختیار کر لے، دیوار کے پیراہن میں چاک دروازے ہی کی وجہ سے ہے (یعنی زیادہ میل جول یادِ الٰہی میں قلب کو یکسو نہیں ہونے دیتا۔

Marfat.com

کا ارادہ کیا اور مجھے بھی اپنے ساتھ لے گئے[1] جب دروازے پر پہنچے تو وہی جواب ملا کہ "احسان اللہ گھر میں نہیں ہے"۔ چچا نے کہا: "اگر احسان اللہ نہیں ہے تو امان اللہ ہے!" ہنسے اور دروازہ کھول دیا۔ کیا دیکھتا ہوں، گٹھے ہوئے ہاڑ کا جوان ہے خورشید سوار، جس کی پیشانی سے ہیبتِ حق نمودار۔ اکہری یزدی چادر سر پر، ایک لنگی کمر پر، رعب دار سرخ آنکھیں، جیسے شیرِ عشقِ الٰہی سے سو گیا ہے۔ اس در پر مصافحہ ہوا، پہلو کے سائے میں بیٹھ گئے اور ایک دوسرے کی مزاج پرسی کی۔ فرمانے لگے: "میاں میر امان اللہ میں نے گوشہ نشینی اس لیے اختیار کی ہے کہ ملنے کی گوں کا آدمی نہیں ملتا۔ تمہیں دل بہت چاہتا ہے جب تک نہیں آتے کھلتا رہتا ہے۔ اور ہاں، یہ بچہ کس کا ہے؟" چچا نے کہا: "علی متقی کا بالا اور میرا گود پالا ہے۔" فرمایا: "اس بچہ کے ابھی کلیاں نکل رہی ہیں لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اگر اچھی طرح پر نکل آئے اور تربیت ڈھنگ سے ہو گئی تو ایک ہی اڑی میں آسمان کے پار پہنچے گا۔ اس بابا سے کہو درویشوں کی ملاقات کو معمول بنائے کہ فقیروں کی صحبت میں بڑی برکت ہوتی ہے۔" پھر سوکھی روٹی کا ایک ٹکڑا پانی میں بھگو کر کھانے کے لیے مجھے دیا۔ میں نے ایسی لذت کا کھانا کبھی نہیں کھایا تھا۔ ابھی تک میرا ذائقہ اس کی یاد میں چٹخارے لیتا ہے۔ وہ مزہ آج تک لطف دے رہا ہے۔

درویش کے ارشادات

(حکمت) فرمانے لگے کہ "اے یارِ عزیز! ذات کی معرفت اس صحرائے پُرغبار (دنیا) میں ایک وحشی ہرن ہے، روح شہسوار اور گھوڑا انسان کا بدن ہے۔ اگر یہ شکار مل جائے تو بلا سے گھوڑا (مٹی میں) مل جائے۔ لیکن اگر گھوڑا مر گیا اور شکار بھی چھٹ گیا تو انجام وہ حسرت ہے جس میں ہر عذاب سے زیادہ شدت ہے۔ عذابِ قبر اسی حال سے عبارت ہے۔"

[1] زمانہ تقریباً ۱۳۴۹ھ ۳۱-۱۹۳۰ء

Marfat.com

(موعظت) آؤ غرور و ہوس سے نکل جاؤ۔ نفسِ امارہ تو حریص کتا ہے۔ اگر اس کے کہے پر قطعِ راہ کرو گے تو اپنے تئیں تباہ کرو گے ہاں اگر مجاہدہ کرکے خودی سے گزر گئے تو سمجھو انسانیت کی منزل طے کر گئے۔ بے سمجھ طولِ اَمل کی برائیوں کو نہیں سمجھ پاتا مگر عقلمند اپنے لیے پھانسی کا پھندا خود نہیں بناتا۔

(نکتہ) یہ آسمان ایک طلسماتی پردہ ہے جس پر عجیب و غریب شکلیں اور صورتیں ظاہر ہوتی ہیں اور چلی جاتی ہیں۔ یہ آنا اور جانا شکل و صورت کے اختیار میں نہیں اس کی کسی اور ہستی کے ہاتھ میں ہے۔ دیکھو دنیا کو دل نہ دیجیو کہ یہ ملے تو غم قریب سے [illegible] ہو جاتی ہے [illegible] ہم بستر ہو جاتی ہے۔ جو اہلِ بصیرت اور صاحبِ نیت ہیں اس کی طرف مطلقاً توجہ نہیں کرتے۔

(فقیرانہ باتیں) دنیا کا طلسم از راہِ خود پسندی اس بے حقیقت زندگی پر جو پلک جھپکتے تمام ہوتی ہے [illegible] پھولے ہوئے ہیں اور عناصر کی اس چار دیواری میں جسے دنیا کہتے ہیں اور جس سے جلد ہی گزر جانا چاہیے اقامت کو جاودانی سمجھ کر کیسی فراغت سے آلتی پالتی مارے بیٹھے ہیں۔ وہ ظاہر میں (کتنے ہی) ہشیار نظر آئیں لیکن واقع میں بے خبر ہیں [illegible] پھولے ہوئے ہیں، ان کی فطرت یکسر سراسر کدورت ہے، ایسوں [illegible] میں جانے کی کیا ضرورت ہے۔ [illegible] تو وہ بے نوا درویش ہیں جو درخت کے سایہ کا بوجھ بھی اپنے لیے پسند نہیں کرتے ہیں یا وہ برہنہ تن فقیر جو [illegible] کا دم بھرتے ہیں۔ یا وہ گدڑی پوش پہلوان جو نفسِ امارہ سے جہاد کرتے ہیں یا وہ درویشانِ جگر ریش ہیں جو بیگانۂ یار و خویش ہیں، جن کی پیشانیاں آلودۂ خاک ہیں اور دل بہتے ہوئے پانی کی طرح پاک ہیں۔ یہ بیشۂ فقیری کے شیر خونِ دل پینے والے۔ بحرِ بے جوش اور طوفانِ بے خروش ہیں۔ کوچۂ محبت کی خاک اڑانے والے، بیابانِ وحشت میں دھونی رمانے والے وہ بندے جو خدا سے

Marfat.com

واصل ہیں۔ سب سے دور رہتے ہیں مگر نزدیکِ دل ہیں، جلوۂ یار کے دلدادہ، معشوق کے سایۂ دیوار کے خاک اُفتادہ، بحرِ حقیقت کے شناور اور بیشۂ طریقت کے رہبر ہیں وہ آوارگانِ منزل رسیدہ جن کے سائے سے آفتاب ابھرتا ہے۔ وہ خاک نشین جو آسمان پر کمند ڈالے ہوئے ہیں، وہ گوشہ نشین جو نام نکالے ہوئے ہیں، وہ دشتِ مہر و وفا کے دیوانے اور گلشنِ حیا کی خوابیدہ کلی سخت پتھر جن کی بالش ہے۔ اور علامتِ دیوانگی اُن کی پوشش۔ پیٹ سے پتھر باندھتے ہیں، مگر شکایت نہیں کرتے حریص نہیں، لذیذ کھانا اگر مل بھی جائے تو اُس کی طرف رغبت نہیں کرتے۔ روکھی سوکھی کھالیتے ہیں۔

وہ عجب زرد رُخسار ہیں (عشق کے) پُرانے بیمار ہیں۔ مزاج کے ایسے غیور کہ جسے دیکھنے کے لیے مرتے ہیں اُسی سے صرفِ نظر کرتے ہیں۔ سر میں وہ پندار رکھتے ہیں کہ جب تک معشوق کی تیغِ ناز ہی نہ اٹھادے خود نہیں اٹھتے۔ محبوبِ حقیقی کو جس سے وہ اتحاد رکھتے ہیں، کمال ذوق و شوق سے دن رات تلاش کرتے ہیں! وہ ایسے جنگ آور ہیں کہ اُنھوں نے بہت فرقوں کی طرف صلح کا ہاتھ بڑھا دیا ہے اور ایسے کیمیاگر کہ ناچیز خاک کو ہزار بار سونا بنا دیا ہے۔ درویش اس کارخانۂ ہستی میں متصرف ہیں یعنی جو کچھ ہیں وہی وہ ہیں، جو چاہو دعا کے لیے ہاتھ اٹھا کر دے سکتے ہیں یعنی دعا [illegible] دو [illegible] ہاتھ بڑھ کر دے سکتے ہیں، ایسے درویشوں کو ذرا رو، اُن سے طلب ہمت کی قدر کرو، بن سکو تو اُن جیسے بن جاؤ یعنی درویش اطوار۔ حقیقت کا دریا [illegible] جس کا راستہ [illegible] درویشوں کی زبان ہے۔ [illegible] چھینکنا اور [illegible] کی شان ہے۔

جب [illegible] کا وقت آیا، اگرچہ تمھیں رخصت کرنے کو دل نہیں [illegible] سے قبل خشوع و خضوع

Marfat.com

کا وقت ہوتا ہے۔ اُس وقت بیٹھنا نہیں چاہئے۔ جاؤ علی متقی سے میرا سلام کہہ دینا۔ ہمیں رخصت کر کے دروازہ بند کر لیا۔ چچا نے وہاں سے آکر فقیر کا سلام میرے والد کو پہنچایا۔ اُنھوں نے دونوں ہاتھ اُٹھا کر سلام لیا اور فرمایا کہ "احسان اللہ کی ملاقات کو اللہ کا احسان سمجھنا چاہئے۔ جاتے رہو اور میرا بھی سلام پہنچاتے رہو۔ چوتھے دن چچا پھر اُن کے گھر گئے۔ مجھے بھی ساتھ لے کر گئے۔ دستک دی۔ وہی جواب ملا "گھر میں نہیں ہوں"۔ چچا نے فرمایا: اگر تم نہیں ہو تو کون ہے جس نے میرے دوست کے گھر میں دھرنا دیا ہے۔" (احسان اللہ) ہنسے اور دروازہ کھول دیا۔ ہم عجب سعادت سے مالا مال ہوئے یعنی اُن کی پُر مغز باتیں سنیں اور عنایات بے حد سے نہال ہوئے۔

فرمایا: "اے عزیز عشق نے جب سے مجھے ٹھکانے لگایا ہے اور محبت کا نقش اچھی طرح میرے دل پر بٹھایا ہے یہاں کی کوئی چیز میری نظروں میں نہیں سماتی اور یہ دنیا دل کو قطعاً نہیں بھاتی۔ تجرد پیشہ ہوں، بے اندیشہ ہوں، اگر سارا عالم درہم برہم ہو جائے تو بھی میری جمعیت خاطر میں فرق نہ آئے، اگر آسمان زمین پر آپڑے تو بھی ممکن نہیں میرا دل کہیں جا پڑے جب آنکھ بند کرتا ہوں تو اُس کے مکھڑے پر کھولتا ہوں جو سورج مکھی سے زیادہ نازک ہے۔ یعنی نگاہِ گرم کی تاب نہیں لاتا۔ جب سر گریباں ہوتا ہوں تو اُس دلبر کا تماشائی بن جاتا ہوں جس کا جلوہ برق سے ہزار درجہ شوخ تر ہے۔ یعنی پل بھر کو میرے دل سے نہیں نبھاتا۔ میرا یار محشر خرام اگر رفتار میں آوے، عالم تہ و بالا ہو جاوے۔ میرا بلند بالا اُٹھ کھڑا ہو، تو فتنۂ قیامت اُٹھاوے۔ اُس کے کوچے کی خاک ہو جاؤ تاکہ تم سروں کے تاج ہو جاؤ۔ اُس کے پایمال بنو تاکہ اہلِ نظر کی آنکھوں کا سُرمہ کہلاؤ۔ ایسا دل لاؤ جسے وہ پسند کرے ایسی جان پیدا کرو جو اُس سے پیوند کرے۔ کسی اپنے سے بہتر کے ہاتھوں میں ہاتھ دو، کہ اسی سے یہ منزل دشوار ہاتھ آتی ہے۔ خبردار ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہ بیٹھیو کہ ہاتھ پانو توڑ کر بیٹھ

Marfat.com

رہنے سے راہ پست ہو جاتی ہے۔

(نکتہ) اے یارِ عزیز، موت ایک عجیب تبدیلی ہے جو پیش آتی ہے، اپنے احتساب سے غافل نہ رہو، یعنی اپنے تئیں دشمن کی نگاہ سے دیکھو کہ یہی دوستی جانی ہے، حال جانِ ہوشیار بدن سے مفارقت کے بعد ایسا ہے جیسے کوئی مست ہو معشوق درکنار۔ چونکہ اُس عالم میں تجدّدِ امثال نہیں ہے، ایک طویل مدّت کے بعد جب وہ مستی جسے دنیا کی لگاوٹ کہیئے زائل ہو جاتی ہے تو دفعتہً لذّتِ وصل حاصل ہو جاتی ہے۔ افسوس ہے اُس ناآگاہ کی جان پر جو اس دنیا سے دور ہو جائے اور اُس عالم سے کوئی نسبت قائم نہ کر پائے۔ پھر وہ متاسّف رہتا ہے اور املال و مسرّت کی انہیں دو کیفیتوں کو عارف بہشت دوزخ کہتا ہے:۔

(موعظت) "اے یارِ عزیز! دل اگر درد آشنا ہے تو بہتر ہے۔ غم اگر دل گداز ہے تو شایستہ تر ہے۔ (درویش) دلِ محزوں تلاش کرتے ہیں شایستہ طرب نہیں! جانِ دردمند چاہتے ہیں درمان طلب نہیں۔ زدے نیاز اُس کی طرف لاؤ جو بے نیاز ہے، سب کام اُسے سونپ دو جو کارساز ہے، گوشہ نشین ہو جاؤ اور توکّل کرو، اپنے اندر کھو جاؤ اور غور و تامّل کرو، اگر جان میں نیازمندی پیدا ہو جائے تو عنقا ہے۔ دل اگر گداز ہو جائے تو کیمیا ہے۔ (لمصنفہ) سہ

مدّعا نایاب و راہِ جستجو دور و دراز ۔۔۔ پا بدامن ہم نشین، ناچار می باید کشید[له]

(نکتہ) اے یارِ عزیز، وہ یکتا پیرہن معشوق، جس رنگ میں چاہتا ہے نمودار ہو جاتا ہے، کبھی پھول ہے، کبھی رنگ، کہیں لعل ہے، کہیں سنگ۔ کچھ لوگ پھول سے جی خوش کرتے ہیں، بعض رنگ پر مرتے ہیں۔ ایک جماعت لعل کو محبت جانتی ہے۔ دوسری پتھّر کو خدا مانتی ہے۔ خبردار! یہاں لغزش کا اندیشہ ہے ایسی آنکھ چاہیئے جو

له ترجمہ: ہمارا مدعا نایاب اور راہِ جستجو بہت دراز ہے اس لیے اے ہم نشیں گوشہ نشین ہو جانا چاہیے

Marfat.com

اُس کے غیر پر نہ کھلے، وہ دل ہو کہ کسی اور پر نہ ڈھلے۔ دشمن اور دوست سب اُسی سے ہیں، کیونکہ دل تصرف میں اُسی کے ہیں۔ ہدایت اور گمراہی دونوں اُسی کے مظہر ہیں، مست اور ہوشیار سب اُسی کے رہ سپر ہیں۔ محراب اُس کی ابرو سے پیدا ہوئی ہے اور مے خانہ اُس کی آنکھ سے ہویدا۔ زاہدانِ مناجاتی عبادت و طاعت کا ثواب کماتے ہیں۔ زاہدانِ خراباتی جام لنڈھاتے ہیں۔ محراب میں سر نہوڑا کر جاؤ، خرابات میں رندانہ وضع سے آؤ یعنی ہر موقع کی رعایت لازم رکھو اور ہر مرتبے کا پاس دکھاؤ۔

(نکتہ) اے یارِ عزیز، ہستیِ واجب (خدا) دلیل و بُرہان کی محتاج نہیں ؎

ہر کہ بر حق دلیل می گوید بچراغ آفتاب می جوید[1]

بس سورج نکلا اور دن پھیل گیا۔ اگر کوئی مالک نہ ہو تو آسمان گر پڑے اور پہاڑ کھڑا نہ رہ سکے، نہ سورج تابش کرے، نہ چاند گردش، نہ آگ جلائے، نہ ہوا نہائے، نہ بادل برسے، نہ بجلی تڑپے، نہ پانی بہے، نہ گھاس اُگے، نہ پھول کھلے، نہ چمن ہنسے، نہ پھل پھلے، نہ پیڑ جمے۔

حق سبحانہٗ تعالیٰ جسے کریم کہتے ہیں، اِس صفت کے غلبے پر نظر کر کے سر رشتۂ بندگی ہاتھ سے نہ دینا چاہیئے کہ وہاں تو صاحبی ہے، جب وہ نواز تا ہے تو خاک کو آدمی بنا دیتا ہے اور جب بے نیازی پر آتا ہے تو آدمی کو خاک میں ملا دیتا ہے! ہمارے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) جن کی شان میں ہے[2] "لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْأَفْلَاكَ" (اگر تم نہ ہوتے تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا) تمام تمام رات نماز پڑھتے اور اتنا قیام فرماتے تھے کہ پائے مبارک سُوج جاتے تھے۔ دیکھنے والے کہتے تھے "یا رسول اللہ آپ اتنی ریاضت کیوں فرماتے ہیں، آپ نے تو سارے عالم کو بندِ غم سے نجات دلا دی ہے"

---

[1] (ترجمہ) جو خدا کے وجود پر دلیلیں بیان کرتا ہے وہ گویا سورج کو چراغ لے کر تلاش کرتا ہے [2] میر نے "درشانِ اوست" لکھا ہے جس سے شبہ ہو سکتا ہے کہ یہ آیتِ قرآنی ہے، اِسے حدیثِ قدسی کہا جاتا ہے لیکن اکثر علمائے حدیث نے اِسے موضوع بتایا ہے (الشوکانی : اللآلی المصنوعۃ)

(حضور اکرمؐ) تبسم فرماتے اور ارشاد ہوتا: "کیا کریں ہم تو بندے ہیں!" —— تو میرے عزیز! بندگی اور صاحبی کا رشتہ بڑا نازک ہے۔ بندگی لاؤ تاکہ اپنے آقا کے سامنے شرمندگی نہ اُٹھاؤ۔"

یہاں تک بات پہنچی تھی کہ شہر کے صوبہ دار کا چوبدار آیا اور اُس کا سلام پیش کر کے کہا کہ نصرت[1] یار خاں قدم بوس کے لیے حاضر ہو رہا ہے۔ درویش نے فرمایا: "خیر اچھا! ہر چند وہ فقیروں سے ملاقات کا منہ نہیں رکھتا لیکن مجھے اُس سے شرم آتی ہے کئی بار لوٹ کر جا چکا ہے۔ اگر اِس بار بھی واپس جائے تو خدا جانے پھر ملاقات ہو یا نہ ہو پائے۔" جب (صوبہ دار) دروازے پر آیا تو ہاتھی سے اُتر کر دوڑا، شرفِ پابوسی سے سرفراز ہو کر پانچ اشرفیاں نذر کیں۔ (احسان اللہ نے) فرمایا: "خوب آئے، خوش رہو۔" (صوبہ دار نے) عرض کیا: "زہے قسمت کہ میں نے آپ کی خدمت میں بار پایا اور خواہشِ دل کے مطابق دیدار پایا۔" درویش کا التفات دیکھا تو التجا کی کہ "کبھی کبھی اِس روسیاہ کو نوازتے رہا کیجیے۔" فرمایا: "دل قوی رکھو، تمھیں اعتبار ملا ہے، یعنی خدائے عزوجل کی طرف سے اِقتدار ملا ہے۔ اغلب کہ وہاں سُرخرو پہنچو۔ اِس نعمت کے شکر میں بے کسوں کو نوازیو، یعنی بے مروّت نہ بنیو، اور اُنھیں ذلیل نہ کریو، خدا سے شرم کرتے رہیو، اینڈیو مت، غریبوں کے کام میں کسی کا منھ مت دیکھیو، خبردار بے کسوں سے منھ نہ موڑ لیو، ایسا نہ ہو کہ قیامت کے دن منھ نہ دکھا سکو۔ اچھا اب

---

[1] سید نصرت یار خاں سادات بارہہ میں سے تھا۔ عہدِ محمد شاہی کا ہفت ہزاری منصب دار تھا۔ [illegible] رکن الدولہ خطاب تھا۔ یہ سید قاسم بارہہ (شہامت خاں) کا برادر زادہ تھا (مآثر الامرا) تقریباً ساٹھ سال کی [illegible] ۲۲ رمضان ۱۱۴۴ھ کی شب کو دہلی میں انتقال کیا (تاریخ محمدی قلمی نسخہ رام پور) کا موٴرخوں کی تاریخ (نسخہ پٹنہ) میں بھی یہی تاریخ ہے اور یہ لکھا ہے کہ اُس کی نعش پٹنہ بھیجی گئی تھی۔ اس میں عظیم آباد کی صوبہ داری کا بھی ذکر ہے۔ (بحوالہ معاصر ۸/ ۲۰۹)

نصرت یار خاں میر کی ولادت سے ایک سال پہلے مر چکا تھا اور اس کے صوبہ دار آگرہ ہونے کا کوئی ثبوت نہیں ملتا میر یہ واقعہ تقریباً ۱۱۴۴ھ کا لکھ رہے ہیں۔ یا تو اُنھیں صوبے دار کا نام یاد رکھنے میں تسامح ہوا، ورنہ "حافظہ نباشد" والا معاملہ ہے۔

Marfat.com

جاؤ کیوں کہ یہ یارِ عزیز (میراماں اللہ کی طرف اشارہ) شیشہ جان اور نازک مزاج ہیں اور میں اِن کی پاس داری کرنے میں لاعلاج" صوبہ دار نے غریبانِ خاکسار کی طرح اپنا چہرہ زمین پر مَلا اور فقیر کی چوکھٹ کو بڑے اعتقاد سے چوم کر چلا۔

احسان اللہ کی وفات

اتنے میں ایک گویّے کا لڑکا، گھونگھریالے بال، کتابی چہرہ، عُودی رنگ، خوش گلو، کندھے پر طنبورہ، کانوں میں سونے کے بالے، اُس راہ سے گذرا، فقیر کی نظر اُس پر پڑی، بے اختیار دل دے بیٹھے۔ میرے چچا سے فرمایا: "اسے بلاؤ اور بٹھاؤ"۔ جب وہ لڑکا آکر بیٹھا تو خود بخود آمدی قبلان کا یہ شعر بھیر ویں میں، جو ایک راگنی ہے اور بے وقت اُلاپی جاتی ہے، گانے لگا:

بیا کہ عمرِ عزیزم بہ جستجوئے تو رفت — زدل نہ رفتی وجانم در آرزوئے تو رفت[1]

درویش کو وجد آگیا اور بہت محظوظ ہوئے۔ اُس سے کہا: "اے عزیز آج رات فقیر کے ہاں رہ جاؤ اور جو چیزیں تمھیں آتی ہوں بطورِ خود سناؤ"۔ لڑکے نے عرض کیا: "یہ تو میرے لیے سعادت اور مجھ پر منت ہے"۔

چونکہ شام ہو چلی تھی، ہمیں رخصت کر کے دروازہ بند کر لیا اور یادِ الٰہی میں بیٹھ گئے۔ پھر سُنا گیا، کہ جب فقیر نے عشاء کی نماز پڑھنے کا ارادہ کیا تو اشرفیوں کو تکیے کے نیچے رکھ دیا۔ اُس سیاہ دل گویّے نے تاڑ لیا، تھوڑی دیر کے بعد بازار گیا، وہاں سے ایک پیالہ دودھ میں زہر ملا کر لایا اور دسر ہو کر درویش کو پینے کے لیے دیا، دودھ کا پینا تھا کہ درویش کی حالت دگرگوں ہو گئی، اُنھوں نے ہاتھ پانو پھینکنے شروع کیے، یعنی زہر اپنا کام کر گیا! وہ سنگ دل ناہنجار اشرفیاں اُٹھا کر چلتا بنا۔ آدھی رات کو درویش کی دل خراش آہ آہ نے ہمسایوں کی نیندیں اُڑا دیں۔ گھبرا کر دوڑے تو (درویش کو) جاں بلب پایا۔ کچھ لوگوں نے اُس عیّار کو بہت ڈھونڈھا مگر وہ رات کی تاریکی میں ایسا چھپ

---

[1] (ترجمہ) اے محبوب آجا، کہ میری عمرِ عزیز تیری جستجو میں گذر گئی، میری جان بھی تیری تمنا میں نکل گئی مگر تیری یاد دل سے نہ نکلی!

Marfat.com

گیا کہ کسی کو نظر نہ آیا۔ جب رات آخر ہونے آئی تو درویش نے دنیا سے آنکھ چرائی اور جانِ شیریں بڑی تلخی سے سپرد کی۔ شہر کے سرکردہ لوگ انتہائی رنج و ملال کے ساتھ اُن کے جنازے میں شریک ہوئے اور اُن کی وصیت کے مطابق فقیر کے تکیے میں دفن کردیا۔ اب تک وہ جگہ زیارت گاہ عزیزاں ہے[1] (لمصنفہ)

فلک زین گونہ خون بسیار کردست　　عزیزان را بسے آزار کردست[2]

اِس اوچھے آسمان کے غمزے نئے نئے ہیں اور نخرے نرالے! آئے دن خاک نشینوں کو ستاتا ہے، ہر شب نیا فتنہ اُٹھاتا ہے، کسی کی زہر ہلاہل سے جان گنواتا ہے، تو کسی کو تیغِ ستم سے گھایل کرکے خاک میں لٹاتا ہے۔ محبت کے متوالوں کو چاہیئے کہ اس کی گردش سے رنجیدہ نہ رہیں تاکہ سختی نہ اُٹھائیں اور اپنی راہ سے بھٹک نہ جائیں۔

بایزیدؒ

(حکایت) میرے چچا کو درویشوں کی صحبت میں جانے کا ذوق اور ان جگر ریشوں سے ملنے کا بے حد شوق تھا۔ ایک دن کسی سے سُنا کہ بایزید نامی ایک فقیر سرائے گیلانی کے قریب، جس کی عمارت سیلاب نے بہادی تھی ایک حجرے میں جو عاشقوں کے دل کی طرح ہزار رخنے رکھتا تھا، پڑے رہتے ہیں اور وہ قابلِ زیارت ہیں۔ جب اُس فقیر کا پتا مل گیا تو دل کا اشتیاق بڑھا اور ہر چیز سے جی اُچاٹ ہوگیا۔ مجھے چھوڑ کر بھاگم بھاگ گئے۔ دیکھا ایک جوان ہے۔ بلند بالا، نہایت بے پروا، گویا فرشتہ اس دنیا میں اُترا ہے، نہیں نہیں بلکہ جانِ آدم اُس کے آگے کیا ہے، پتھر کا تکیہ، خاک کا بچھونا، ہر وقت ہلاک ہونا، شکستہ دل، کشادہ رو، سوختہ جاں، فتیلہ مو، دلدادہ، خاک اُفتادہ، توکل پسند، اور مقصودِ دلی سے بہرہ مند، اگر کوئی خوش چشم اُن کے سامنے سے نکلتا تو آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھتے، کسی سے نہ ملتے، بے کسانہ جیتے تھے۔ اکثر اوقات آنکھیں موندے رکھتے، دل کو خدا کے دھیان میں نہ چھوڑتے، روٹی سے مُنہ موڑتے اور خلق پر پانی کی بندش

---

[1] لیکن اب اس جگہ کا کوئی نشان نہیں ملتا نہ کسی اور کتاب میں حوالہ دیکھا گیا۔ [2] (ترجمہ) آسمان نے ایسے کتنے ہی خون کیے ہیں اور خدا کے پیاروں کو تکلیفیں پہنچائی ہیں۔

Marfat.com

رکھتے تھے، سخت کوش اور باریک بین تھے۔ قلندرانہ پوشش رکھتے تھے۔ (چچا سے) پوچھا "کیا نام ہے؟ اور کہاں کے ہو؟ دردمند اور عاشق پیشہ دکھائی دیتے ہو۔" (چچا نے) کہا: "اسی شہر میں رہتا ہوں، مجھے میر امان اللہ کہتے ہیں۔" فرمایا: "بیٹھ جاؤ، کچھ دیر خوش وقتی کر لیں۔" چچا کہتے تھے جب بات چلی تو (بایزید) بولے کہ "اے عزیز، میں نے بڑے پاپڑ بیلے ہیں، بہت رنج جھیلے ہیں، اپنے تئیں رُلایا ہے، بہت کوچوں میں گھمایا ہے، ابر کی طرح گھرا ہوں، برق کے مانند گرا ہوں، ایک عمر سرگرداں رہا، ایک مدت دل پریشاں رہا، کچھ دن باچشمِ تر پھرا، آوارۂ دشت و در پھرا، کتنی راتوں کو نہ سویا، کتنے دنوں کسی سے بات نہ کی، کبھی ہاتھ امیروں کے دامن پر مارا کبھی سر فقیروں کے مسکن پر، تب کہیں اس شوخ چشم کا مجھ پر گذار ہوا، اور وہ میرے حالِ تباہ سے خبردار ہوا ؎

دیر بر سرآن غزالِ دوُر گرد آمد مرا
از طپیدن ہائے دل پہلو بدرد آمد مرا[۱]

اگر تم چاہتے ہو کہ اُس کی راہ میں سختی جھیلنے والے شمار کیے جاؤ تو چاہیئے کہ فولاد کا دل اور پتھر کا کلیجا لاؤ۔

(سخنانِ غریب) اے عزیز اگر وہ بانکا چھب والا آنکھوں کے سامنے ہے، تو یہی بہشتِ جاوید کا عالم ہے، اگر وہ نظروں سے اوجھل ہوا تو یہی عاشقِ نا امید کا جہنم

---

[۱] (ترجمہ) بڑی دیر کے بعد وہ غزالِ رمیدہ (محبوب) میرے پاس آیا، کہ دل کے تڑپنے سے میرا پہلو بھی درد کرنے لگا تھا۔ (میرزا رضی دانش) میر رضی بن میر ابوتراب رضوی مشہدی شاہ جہاں کے عہد میں ہندستان آیا اور دربار میں باریاب ہوا۔ داراشکوہ نے ایک بار صرف اِس شعر پر ایک لاکھ روپیہ دیا تھا:-

تاک را سرسبز کن اے ابرِ نیسان در بہار　　قطرہ تامے تواند شد چرا گوہر شود

پھر بنگالہ میں شہزادہ محمد شجاع کے ساتھ رہا وہاں سے دکن کو ہجرت کی اور عبداللہ قطب شاہ کا مقرب رہا۔ رضی کے والد میر ابوتُراب بھی شاعر تھے۔ فطرت تخلص تھا۔ سنہ ۱۰۶۰ھ میں حیدر آباد جا کر انتقال کیا اور دائرہ میر محمد مومن میں مدفون ہوئے۔ سنہ ۱۰۷۲ھ میں عبداللہ قطب شاہ نے میر رضی کو اپنی طرف سے زیارتِ عتبات کے لیے مشہد کو رخصت کیا۔ میر رضی نے سنہ ۱۰۷۶ھ میں انتقال کیا۔ (سروِ آزاد/ ۸۷۔ ۸۸ و خزانۂ عامرہ/ ۲۱۷)

Marfat.com

ہے۔ جان رکھو حقیقت کا اور چھور نہیں ملتا۔ یعنی ہمیں کچھ پتا نہیں۔ کیا جانے زاہدانِ ریاضت پیشہ کیا ٹھانے ہوئے ہیں۔ اور اُس مست سرانداز کے متوالے کیا جانے ہوئے ہیں! ایک جماعت کو خواہش کی خلش ہے تو دوسری کو کاہش کی کاوش۔ مگر جو حق شناس ہیں، وارستہ امید و یاس ہیں۔ وہ عزیز جو خدا کے ہو گئے، اُس کی رضا میں کھو گئے۔ عاشقوں کی جان کو تلخیوں سے ضرور پالا پڑا ہے، مگر اُن کا خون میٹھا بڑا ہے (یعنی وہی لذت اندوز بھی ہیں) رنج کو گوارا کرو کہ اپنے تئیں شایانِ راحت بنا سکو۔ کڑیاں جھیلو کہ بفراغت یہاں سے جا سکو۔ اِس دنیا سے دل اُٹھانا اچھا ہے، اگر معرفتِ حق میسر نہ ہو، تب بھی یہ کیا بُرا ہے؟ دنیا کی عمارت ڈھے جانے والی ہے۔ اِس کی بنیاد وہم پر مطلق ہے۔ یہ نیلے گنبد والا آسمان گر جانے والا ہے کیونکہ ہوا میں مُعلق ہے۔ اگر مقصود تک پہنچنا چاہو تو کسی دل میں راہ کرو اور جو کچھ خدمت تمھارے دستِ کوتہ سے بن پڑے، للہ کرو۔ اگر تم دریا کے شناور ہو، تہہ تک نہیں پہنچ سکتے، تو خیر کنارے پر رہو، یعنی اگر اک دم اپنے ہلاک پر قادر نہیں ہو تو جان دینے کو آمادہ اشارے پر رہو! خود کو دیر و مسجد کی قید سے بچاؤ یعنی خدا کے بنو اور سب جگہ جاؤ!

(فائدہ) عارفوں کے دو گروہ ہیں۔ ایک جماعت کے لوگ نقشِ دیوار ہیں گویا بے زبان ہیں، یعنی اُس پُرکار کی صنعت گری و تازہ کاری کے حیران ہیں، جو کچھ اُنھوں نے دیکھا ہے، جو سمجھا ہے، سمجھا ہے! — دوسری جماعت کے لوگ بادام کی طرح زبانِ مغز دار رکھتے ہیں یعنی معشوق کی چشمِ سخن گو کے اشارے پر رکھتے ہیں جب وہ اس کے انکھڑیاں لڑانے کے طور دکھاتے ہیں، بے ادا رنگ سخن زبان پر لاتے ہیں اور یار کے پلک جھپکانے کی ادا سو سو طرح بتاتے ہیں۔ چنانچہ اُس مستِ ناز کے کمالات حد شمار سے بڑھ کر ہیں تو اس بے خود کے کلمات بھی دائرۂ بیان سے باہر ہیں!

پہلی ملاقات تھی، جلد ہی ختم ہو گئی۔ فقیر کو اس سے زیادہ زحمت دینا مناسب

Marfat.com

نہ سمجھا؛ (چچا نے) میرے والد کی خدمت میں آکر، اُن کا سارا احوال بیان کیا۔

انھوں نے کہا ع "ہر گُلے را رنگ و بُوے دیگر است"۔ ہم مشرب درویش کہاں میسّر آتے ہیں، انھیں دیکھنے کے لیے اکثر جایا کرو۔"

دوسری مُلاقات

ایک دن عصر کی نماز کے بعد اُن سے ملنے گئے، اور مجھے بھی لیتے گئے۔ درویش نے بڑی شفقت سے مجھے بلایا، اور عزّت سے اپنے سامنے بٹھایا، میں تو کم سِن تھا، چچا سے مخاطِب ہوئے اور میرے بارے میں دریافت کیا۔ چچا نے بتایا: "یہ علی متقی کا فرزند ہے۔" فرمانے لگے: "اوہ پھر تم سے کیا پوچھنا، اِس بچّے کا باپ تو بڑا دانائے اسرار ہے۔ خورشیدِ آسمانِ درویشی مشہورِ جہاں، بلکہ جانِ درویشی جس کی تہ سے موتی نکلتے ہیں، ایسا دریا ہے۔ ہم تو پھکڑ ہیں ہم فقیروں کے پاس کیا دھرا ہے۔ صاحبزادے میری طرف سے سلامِ نیاز کے بعد کہنا کہ یہ شوقِ بے پایاں کی کوتاہی نہیں، (جواب تک خدمت میں حاضر نہ ہو سکا) بلکہ شکستہ پائی نکلنے نہیں دیتی اور قسمت بھی کچھ ہیٹی ہے جو چاہتی ہے کہ اِس خرابے سے قدم باہر نہ نکالوں، آپ بڑے پورے قلندر ہیں ہم آپ کی نسبت کمتر ہیں، اِس بے سرو پا کے لیے، کبھی وقت مُساعد ہو گا تو ہاتھ اُٹھائیے دعا کے لیے۔

پھر بات کا رُخ بدل دیا اور عمِّ بزرگوار کو مخاطَب کیا کہ "اے عزیز! ہمہ تن گوش ہو جاؤ فقیروں کی بات پر دھیان جماؤ"۔

(نکتہ) "ہماری عبادت ہمارے ہی لیے ہے، وہاں تو خدائی ہے کسے پَروا ہے؛ ہماری بندگی یہی نہیں کہ اپنے اُوپر پھول جائیں اور خدا پر بھروسا کرکے بھُول جائیں کہ اگر قبول کرلیں تو گراں بارِ احسان ہیں۔ ارے ہم تو بندے ہیں، اگر کوئی نہ پوچھے تب بھی اس کے سوا نہیں کہہ سکتے کہ پشیمان ہیں۔ یہ جو نفس نے تمھیں بہکا رکھا ہے کہ تم بھی کچھ ہو محض شُومی ہے اور جب اپنی حقیقت کو خوب جانو گے تو نِری محرومی!

Marfat.com

وہ سروِ ناز اپنی ہی خوش خرامی پر قربان ہے اور اُس کی تجلیاں ہزار رنگ میں پیدا و پنہاں، تم نے کیا بُوجھا ہے، کیا ٹھہرایا ہے، کیا سوچا ہے، کس سے دل لگایا ہے؟ کبھی وہ فتنے جگاتا ہے، کبھی عزت دلاتا ہے۔ زینہار! کسی دل کو ٹھیس نہ لگائیو، جفا کاری اپنا شعار نہ بنائیو، دل کا عرش اس لیے نام ہے کہ وہ خاص اُس ماہ کا مقام ہے ؎

نیازارم زخود، ہرگز دلے را　　　　کہ می ترسم درو جائے تو باشد[لہ]

(نکتہ) اے عزیز، وہ محبوب، محبّت پسند ہے یعنی عاشقوں کا دوست دار اور اتنی بے نیازی کے باوجود، اُن کے حال سے خبر دار۔ وہ جب مراقب ہوتے ہیں تو دل میں، جلوہ گر ہے، جب آنکھیں موندتے ہیں تو پیشِ نظر ہے، جس در سے یہ چاہتے ہیں وہ آتا ہے، جس رنگ میں یہ ڈھونڈھتے ہیں وہ جلوہ دکھاتا ہے۔ رنج اور خوشی اُن کے احوال کی تابع ہے، اگر خوش ہوتے ہیں تو گرفتگی اس چمن سے دُور ہو جاتی ہے، کُڑھتے ہیں تو کلی بھی نہیں مسکراتی ہے۔ مگر اُن کی باتیں جگ سے نرالی ہیں، کہ معشوق پہلو میں اور دل خوشی سے خالی ہیں۔ کبھی کھوج میں ہیں کبھی سوچ میں۔ قرار نہیں پکڑتے تسلّی نہیں ہوتے خدا ہی جانے کہ وہ خدا سے کیا چاہتے ہیں، کوئی خواہش نہیں اور گھُلے جاتے ہیں!

(حکایت تمثیلی) کیا تم نے نہیں سنا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں کال پڑا جانیں ضائع ہونے لگیں۔ لوگوں نے کہا: "اے موسیٰ جناب باری میں عرض کیجیے کہ بارش نہیں آتی اور خلق خدا مصیبت جھیلنے کی تاب نہیں لاتی، مفت ہلاک ہوتی ہے اپنی جان کھوتی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہِ طور پر گئے اور التجا کی۔ جواب ملا: "فلاں گھورے پر ایک مجذوب پڑا ہے، میں اُس کی بڑ پسند کرتا ہوں، لیکن کچھ دنوں سے وہ

لہ (ترجمہ) میں اپنی جانب سے کسی کے دل کو آزار نہیں پہنچاتا، ڈرتا ہوں کہ اس میں تیرا مسکن ہوگا! یہ شعر نظیری نیشاپوری کا ہے۔ شبلی کا کہنا ہے کہ نظیری کے قیام کاشان کے زمانے میں طرحی مشاعرے ہوتے تھے جن میں ایک بار طرح دی گئی تھی: جائے تو باشد، آرائے تو باشد اور 'جائے' کے قافیے میں سب سے بہتر شعر نظیری کا ہوا تھا (محولہ بالا) نظیری اُن دنوں نوجوان تھا۔ (شعر العجم ۱۲۰/۳)

Marfat.com

آسمان کی طرف رُخ نہیں کرتا، اور پہلے جیسی گفتگو نہیں کرتا، پانی برسنا اُس کے بولنے پر موقوف ہے۔

جب اُس بارگاہ سے یہ جواب سُنا تو اُسی گھورے کی طرف لپکے اور اُس گدڑی پوش کو پالیا۔ دیکھا کہ ایک مردمٹی کے ڈھیے پر لیٹا ہوا ہے، بدن سے اُس نے سیاہ کمبل لپیٹا ہوا ہے۔ سراپا ذوق، مستغرقِ دریائے شوق، دیوانِ تجرید کا شعر یکتا، جریدۂ تفرید کا فردِ بے ہمتا (حضرتِ موسیٰ سے) دوچار ہوتے ہی حرف زن یُوں ہوا: "اے موسیٰ اس گھُورے پر تمھارا گذر کیوں ہوا؟ کاہے سے دل رگانا ہوا جو اِدھر آنا ہوا۔" (حضرت موسیٰ نے) فرمایا: "پانی بند ہے، کسی کی دعا کارگر نہیں ہوتی اور خلق سے زندگی بسر نہیں ہوتی، میں نے جنابِ باری میں التجا کی تھی، معلوم ہوا کہ تم نے سکوت اختیار کرلیا ہے اس لیے انقباض ہے۔ جب تک عادتِ قدیم کے موافق باتیں نہ کروگے، بادلوں کو ہوا نہ لائے گی اور بارانِ رحمت نہ برسائے گی، خدا کے لیے ذرا آسمان کی طرف منھ اُٹھالو اور اس بلا کو ٹالو۔"

(اُس مجذوب نے) کہا: "اے موسیٰ وہ فریبی آپ کی سمجھ میں نہیں آیا ہے اور آپ نے میری طرح اُس کی محبّت میں دل نہیں گنوایا ہے، اُس عیّار کی باتیں پہلودار ہوتی ہیں اور اُس کی اشارتیں دل کو سوجگہ ڈبوتی ہیں، استغفراللہ میں اُس کے بہکائے میں کیوں آؤں گا، ہاں اُس کے رسولؐ کا پاس نہ کروں تو کافر ہوجاؤں گا، اِس لیے کہ کہتے ہیں:

باخدا دیوانہ باش و بانبی ہُشیار باش!

غرض کہ اُس عشقِ مطلق کے گرفتار، اور کمالاتِ حق کے حیران کار نے آسمان کی طرف مُنھ اُٹھایا، اور حسبِ عادت بڑبڑایا کہ: "اے سراپا فریب، اے دشمنِ شکیب! پہلے تو بادل، ہوا، بارش سب تیرے اِشارے پر تھے، اب یہ میرے فرماں بردار ہوگئے! کہ میں کہوں گا تو ہَوا چلے گی، بادل آئیں گے، بارش ہوگی! ہاں تو سچّا ہے، بھلا تیرا کیا اختیار ہے،

Marfat.com

اس کارخانے کا چلانے والا تو میں ہوں! یہ فریب چھوڑ دے جا مخلوق پر رحم کھا!" دو تین بار ایسی ہی بڑ ہانکی ہوگی، کہ ناگاہ ہوا کے جھونکے آئے اور خوب گھنے بادل چھائے، پھر تو ٹوٹ کے برسے۔

اے عزیز، کون معشوق اپنے عاشق کا اتنا پاس کرتا ہے؟ افسوس ہے اگر تم اُس سے تعلّق پیدا نہ کرو، اور اُس سرمایۂ جان کی طلب میں نہ مرو۔ دل اگر اُس کے لیے خون ہو جائے تو اچھا، اور جان اُس کی طلب میں کھو جائے تو اچھا۔ اپنے تئیں اس کے رنگ میں یوں رچاؤ کہ تم وہ بن جاؤ اور ایسے کھو جاؤ کہ پھر نظر نہ آؤ۔ رباعی

نَے دل بخیالِ زلف و رُو باید داد   نَے جاں بہوائے رنگ و بُو باید داد

این جا دل راچہ قدر و جان راچہ محل   خود را ہمہ اُو کردہ باو باید داد[۱]

اتنے میں عصر[۲] کا وقت ہو گیا، ہم اُٹھے اور اُن کے ساتھ نماز پڑھی، نماز سے فراغت کے بعد مشرق کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور فرمایا: "اے میر امان اللہ، آج میں نے وہ چیز کھائی ہے جو کبھی نہیں کھائی تھی اور اتنی لذیذ غذا کبھی ہاتھ نہیں آئی تھی۔" میرے چچی کچھ بے تکلف ہو گئے تھے کہنے لگے: "شاہ صاحب مبالغے کی بھی حد اور تکلّف کی انتہا ہے، آپ کا جسم تو فاقوں کے بوجھ سے خم ہے، پیٹ سے قناعت کا پتھر بندھا ہے، ایک گھونٹ پانی سو جتن سے ملتا ہے، انتہائی افلاس کا عالم ہے، ہر روز مرنے کو کھڑے ہو، اس حالِ تباہ سے اِس ویرانے میں پڑے ہو، کہاں لذیذ کھانا، کہاں آپ! جائیے زیادہ باتیں نہ بنائیے!"

(درویش نے) کہا: "واللہ کہ میں بڑ بولا اور زیٹ ہانکنے والا نہیں ہوں: جہاں

---

[۱] (ترجمہ) نہ تو دل زلف و رخ کی یاد میں دینا چاہیئے، نہ جان، رنگ و بو کی ہوس میں گنوانی چاہیئے یہاں دل کی کیا قدر اور جان کا کیا موقع ہے؟ خود کو سراپا محبوب (عین ذات) بنا کر اُسی کو سونپ دینا چاہیئے (یعنی ہستی محبوب میں ضم ہو جانا ہی عشق کا کمال ہے۔) [۲] عصر کی نماز تو پڑھ کر گئے تھے، دوبارہ کیسی؟ نسخۂ لاہور میں "نمازِ مغرب" ہے، اور یہی صحیح ہے۔

Marfat.com

جھوٹ کا احتمال ہو وہاں جھانکنے والا نہیں ہوں۔ سنو! صبح سے بھوک کی دَوڑ لگ رہی تھی اور نفسِ شُوم پیرجلی بلّی کی طرح بے قرار تھا، یعنی چاہتا تھا کہ شہر جاؤں، اور کس و ناکس کے سامنے ہاتھ پھیلاؤں، لیکن میں پتھّر سرہانے دھرے لیٹا رہا اور غیرت کی حفاظت میں دل پر جبر سہا۔ کہ اتنے میں ایک چوہا آدھی سوکھی روٹی منھ میں دبا کر لایا اور اِس حجرے میں جو دلِ عاشق سے زیادہ شکستہ ہے، آیا۔ میں بظاہر تو فاقہ کشی سے گربۂ مسکیں ہوں، لیکن باطن میں شیر ہوں، ایسا نہیں ہوں، اُس نے مجھے دیکھا تو وہ آدھی روٹی چھوڑ کر بھاگ گیا، میں نصف دل خوش اُٹھا، اور وہ ٹکڑا لے آیا۔ لیکن پانی نہ تھا کہ اُسے پاک کرتا۔ کسی خضر کے انتظار میں بیٹھ گیا، ذرا دیر بعد سقّے کی آواز میرے کان میں آئی، اپنا بے ہتھے کا کوزہ لے کر گیا، اور پانی لایا، اس آدھی سوکھی روٹی کو دھو کر پانی میں بھگویا اور کھایا۔ خدا شاہد ہے کہ اُس نے جنّت کی نعمتوں کا مزہ یاد دلایا۔ میرے عزیز، فقیروں کی باتوں میں بناوٹ یا مبالغہ نہیں ہوتا، وہ شیخی خورے آسمان کے شاگرد نہیں ہیں جو بے پیندے کے بَدھنے بناتا ہے۔ اِس گروہ کی صحبت میں پھبتی کسنا، اپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا ہے، زبان کو لگام دے کر رکھو، کیونکہ درویشوں کی شکر رنجی بے ادبوں کا شربتِ شہادت بن جاتی ہے۔"

چچا کو اس خطاب سے ندامت ہوئی اور اپنی بکواس کی معذرت چاہی، جب تنبیہ ہوگئی تو اُسی عنایت سے فرمانے لگے: "اے عزیز، میں تمھیں جان سے زیادہ عزیز رکھتا ہوں، لیکن یہ تنبیہ ضروری تھی کیونکہ گستاخانہ بات منھ سے نکالنا آدابِ درویشی کے خلاف ہے۔" اِنھیں باتوں میں رات ہوگئی، ہم نے اجازت چاہی، فرمایا: "خدا حافظ!" وہاں سے آکر ہم والد صاحب کی خدمت میں گئے اور درویش کا سلام و پیام پہنچایا، فرمایا: "اُن کی عنایت ہے، اب اپنے چچا کے ساتھ جاؤ تو میرا سلام ضرور کہہ دینا۔"

بایزیدؒ کی وفات (تیسری ملاقات) ہم اُن کی خدمت میں پہنچے تو دیکھا کہ بیمار ہیں، اور

ایک پہلو سے پڑے ہوئے کراہ رہے ہیں، جب میرے چچا پر نظر کی تو ایک ٹھنڈی آہ سَرکی، اپنے سامنے بلایا اور شفائی[1] کا یہ شعر سنایا ؎

پرستارے نہ دارم بر سرِ بالینِ بیمارے
مگر آہے، ازین پہلو، بآن پہلو بگرداند[2]

(چچا نے) دریافت کیا: "کیا حال ہے؟ جو اتنا ملال ہے؟" کہنے لگے: "اے عزیز میرا سینہ ایسے پُھنکا جارہا ہے جیسے ... کوئی آگ بھڑک رہا ہے، جو نالہ کر رہا ہوں اسی آگ کی لپٹ ہے جو آہ بھر رہا ہوں اسی شعلے کی لپک ہے۔

من نمی دانم کہ دِل می سوزد از غم یا جگر
آتش افتادہ است در جائے و دودے می کند[3]

اگر موت میری فریاد سُن لے تو اسے جنّت سمجھو، ورنہ یہ دوزخ ہے، جسے بداعمالیوں کی عقوبت سمجھو، اب تو جان کا نکل جانا ہی فتوح ہے کیونکہ سانس کی آمد و شد بھی سوہانِ رُوح ہے۔ رات کو بے خواب رہتا ہوں، دن کو بے تاب، کیا کروں کس میں دل دھروں کہ مرجاؤں اور چین حاصل کرجاؤں ؎

روزے بشب کنم بصد اندوہِ سینہ سوز
شب را سحر کنم، بامیدِ کدام روز؟[4]

ہوا چلتی ہے تو اس آگ کو بھڑکاتی ہے، پانی پیتا ہوں تو تیل کا کام کرتا ہے، کوئی دَوا موافق نہیں آتی، کوئی تدبیر پیش نہیں جاتی۔ اگر مجھے چمن میں لے جاؤ گے

---

[1] شرف الدین حسین شفائی حکیم ملا کے فرزند اور مشہور طبیب تھے شاہ عباس صفوی کے دربار میں ... قرب پر فائز تھے۔ ان سے ایک قرابادین بھی یادگار ہے۔ رمضان ۱۰۳۰ھ میں انتقال کیا۔ ایک دیوان اور چند مثنویاں شعری تصانیف میں ہیں۔ (سروآزاد ص ۴۷)

[2] (ترجمہ) بیماری میں میرا کوئی خدمت گار بھی نہیں ہے، بس ایک آہ ہے جو اس پہلو سے اس پہلو کو لٹا دیتی ہے! (حکیم شرف الدین شفائی) [3] (ترجمہ) میں نہیں جانتا۔ دل غم سے پُھنک رہا ہے یا جگر، بس ایسا ہے جیسے کسی جگہ آگ جا پڑی ہے اور وہ دھواں دے رہی ہے۔ (سائز مشہدی) [4] (ترجمہ) دن کو تو ایسی جاں سوز مصیبت کے ساتھ رات کرتا ہوں، اب رات کو کس دن کی امید پر صبح کروں؟

Marfat.com

تب بھی اِس کُڑھن سے ہاتھ ملتا رہوں گا، عمّان میں پھینک دوگے تو بھی یُوہیں جلتا رہوں گا۔ کاش میرا سینہ چیر کر دل و جگر جلدی سے نکال دیں، یا مجھے یہاں سے لے جائیں اور زندہ ہی قبر میں ڈال دیں۔"

القصّہ، اُس دل سوختہ و جگر کباب کا احوال زوالِ آفتاب تک اِسی طور رہا، کبھی دیوار کے سہارے کھڑا ہوجاتا، کبھی بیٹھتا اور گر جاتا، کبھی آنکھیں کھول کر مایوسی سے دیکھتا، کبھی ماہیِ بے آب کی طرح تڑپتا۔

ناگاہ میں نے کہا: "ظہر کا وقت ہوگیا۔" (درویش نے) بڑے خُشوع و خُضوع سے نماز ادا کی، سجدے میں سُبحانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہا اور قضا کی ؎

آتشِ عشقش بسے را سوختست
لیک زین ساں کم کسے را سوختست [1]

عمِّ بزرگوار نے چند نوکروں کے ساتھ اُن کی تجہیز و تکفین کا سب انتظام کرایا، حجرے میں جو دلِ عاشق سے زیادہ شکستہ تھا، دفنایا، یہ خبر سُن کر میرے والد نے نہایت افسوس کیا اور فرمایا کہ: "ایسا انسان صفت دیر میں پیدا ہوتا ہے، افسوس اُنھوں نے جانے میں جلدی کی۔"

(نقل) وہ دل سوختہ مرحوم ایک رات کو میرے چچا کے خواب میں آتے ہیں اور کہتے ہیں: "تم نے دیکھا؟ عشق نے مجھ میں کیسی آگ لگائی اور کیسا پھونکا۔ اب موت کے سوا کوئی چارۂ کار نہ تھا۔ جب انھوں نے میری جان کی بے تابی دیکھی تو مجھے رحمت کے بے پایاں سمندر میں ڈال دیا، اور گوہرِ مراد سے ہم کنار کردیا، یعنی مجھے کل پڑ گئی، آرام مل گیا، دل کی مُراد کے مطابق اس نگارِ بہشت رُو کا وصالِ دوام مل گیا۔"

یہ واقعہ دیکھ کر میرے چچا کے دل میں وحشت سی پیدا ہوگئی، مدت تک کسی شے

---

[1] (ترجمہ) اُس کے عشق کی آگ نے بہتوں کو جلایا ہے، لیکن ایسا کسی کو کم جلایا ہوگا۔

Marfat.com

سے مانوس نہ ہوئے۔ اکثر فرماتے: "بایزید عجب سوختہ جاں تھے، اُن کی جدائی کا داغ میری چھاتی پر ہے جب تک زندہ ہوں، مٹ نہیں سکتا۔"

بر سبیلِ حکایت اُنھوں نے یہ خواب میرے والد سے بیان کیا۔ انھوں نے فرمایا: "کیا تعجب ہے؟ خداوند تعالیٰ کریمِ مطلق ہے۔ تم نے یہ قصہ نہیں سنا؟

بایزید بسطامی کا قصہ

(حکایتِ تمثیلی) مشہور عارف، حضرت بایزید بسطامی[1] (رحمۃ اللہ علیہ) کا گھر ایک آتش پرست کے گھر سے ملا ہوا تھا، اور وہ اُسے چالیس سال سے جانتے تھے۔ وہ ہر صبح سویرے تختے پیٹ کر پوجا کیا کرتا تھا، اور یہ اُس سے فرماتے تھے کہ "اے ترسا، اس تختہ بجانے سے تیرے اُوپر جنت کا دروازہ نہیں کھلے گا، اگر نجات کی خواہش ہے تو آ اسلام قبول کرلے۔"

ایک دن اُس کو خیال آیا کہ بایزیدؒ سنکی آدمی نہیں ہیں، چالیس سال سے (مجھے) اِسلام (قبول کرنے) کی دعوت دے رہے ہیں، (یہ بات) کسی فائدے سے خالی نہیں ہوسکتی، (یہ سوچ کر) سیدھا اُن کی مجلس میں آیا اور کہنے لگا: "اے شیخ، تم جو ہر صبح کہتے ہو کہ مسلمان ہوجا، میری نجات کی ضمانت بھی کرسکتے ہو؟" شیخ کو اُس وقت حالتِ سُکر تھی، کاغذ گر سے ایک کاغذ طلب فرمایا اور اُس کو نجات کی ضمانت لکھ کر دے دی، وہ چلا گیا، اور مسلمان ہوگیا۔

اتفاق سے اُسی ہفتے وہ اچانک مرگیا، اُس کے وارثوں نے شیخ کی تحریر کو کفن کے گریبان سے ٹانک کر اُسے دفن کردیا۔ جب شیخ عالمِ صحو میں آئے تو بہت حیران ہوئے، ایک مرید نے تشویش کا باعث پوچھا، فرمایا: "عالمِ بے خودی میں ایک ایسا

---

[1] ابویزید طیفور بن عیسیٰ بن آدم معروف بہ بایزید بسطامی بسطام کے معروف صوفی ہیں ۲۶۱ھ (۸۷۵ء) یا ۲۶۴ھ (۹۰۰-۹۰۱ء) میں انتقال فرمایا۔ تصوف میں 'نظریۂ فنا' سب سے پہلے آپ ہی نے پیش کیا تھا۔ اور سلسلہ طیفوریہ یا بسطامیہ کے بانی بھی ہیں۔

(دارا شکوہ: مجمع البحرین مرتبہ محفوظ الحق طبع کلکتہ ۱۹۲۹ء)

Marfat.com

کام کر بیٹھا ہوں، جس سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا!"

مرید نے کہا: "جی ہاں، اُس وقت وہ آپ کا واقف آتش پرست شیخ سے اپنی نجات کی ضمانت لکھوا کرلے گیا تھا، کہتے ہیں وہ مسلمان ہوا اور مرگیا۔" یہ سن کر شیخ کو غش آگیا، اُن کے منہ پر پانی کے بہت چھینٹے دیے تب کہیں ہوش آیا۔ فرمانے لگے: "مجھے اپنی ہی نجات میں تردّد تھا، یہ جگر کہاں سے لایا کہ دوسرے کی ذمہ داری بھی اپنے سر منڈھ لی!" گرتے پڑتے اُس نومسلم کی قبر تک پہنچے اور متوجہ بباطن ہوئے۔ اُس کے معاملے میں دیکھا کہ وہی کاغذ ہاتھ میں ہے اور کہہ رہا ہے: "اے بایزید، تمھاری تحریر میرے کچھ کام نہ آئی، اِس پرچے کے دکھانے سے پہلے ہی، جسے میں اپنی نجات کا پروانہ سمجھے بیٹھا تھا، اُس کریم نے مجھے اِس طور سے اپنے قریب بلایا کہ مقرب فرشتوں کی نظریں بھی میرے معاملے کو دیکھ کر دنگ رہ گئیں، تم اپنا دل پریشاں نہ کرو، تو یہ رہی تمھاری تحریر، اِسے لیتے جاؤ!"

جب ایسے بَدوں کو، اُس کا کرم، اِس طرح پالیتا ہے، تو وہ درویش (جنھیں میرامان اللہ نے خواب میں دیکھا تھا) پھر خوبانِ روزگار میں تھے، اگر وہ دریائے رحمت میں غوطہ زن نہ ہوتے تو یہ سارا ماجرا (بایزید کی بیماری) بے کار ہی جاتا؟

والد کے کلماتِ معرفت

(سخنانِ نغز) اے برادرِ عزیز، جب تم جانتے ہو کہ وہ سدا گلاب، ہزار رنگ میں جلوہ گری کرتا ہے، اور یہ چمن اُسی کا سنوارا ہوا، اور یہ رنگ اُسی کے بھرے ہوئے ہیں تو اگر دیکھتے ہو، غور سے دیکھو قدم اٹھاتے ہو تو دیکھ بھال کر اُٹھاؤ، کائنات کے تمام ذرّوں میں اُسی آفتاب کا عکس ہے، اگر تم اُس کی ادا پہچان گئے تو تمھارا دل کامیاب ہے۔ جس کا دل زندہ اور آنکھیں روشن ہیں، جانتا ہے کہ حَباب اور موج دریا ہی سے ہیں۔ غافل بھی سچا ہے، اگر وہ غفلت میں ہے، ساحل پر پڑا ہوا دریا کی کیا جانے آؤ چلو کہ ہم بیچ سے نکل جائیں

Marfat.com

شاید جان کی تمنا کے مطابق ہمہ اوبن جائیں۔

موسمِ جوانی گیا، لطفِ زندگانی گیا، عمر ساٹھ سال کی ہوگئی، بڑھاپا آن پہنچا، قامت خم ہوئی طاقت کم ہوئی، دماغ ضعیف، طبیعت سے روانی گئی اور مزاج سے جولانی، آنکھوں سے بصارت گئی، کانوں سے سماعت۔ ذوق، بے ذوق، دانت کمزور، پانو ناتواں، سر بے شور، بال سفید، دل نا اُمید، یہ زنگ دِ زنجیر کمر سے نکال دو۔ آرائشِ فقیری کے زمانے کھو گئے، اور سر کی زنجیر پیر میں ڈال دو، زینتِ قلندری کے دن ہوا ہو گئے۔"

(نکتہ) "زندگی میں شہرت کا لحاظ کرو (یعنی جیسے کہلاؤ ویسے بنو) اور آخرت کے لیے عقل کی روشنی میں کام کرو۔ یعنی ظاہر کو باطن جیسا بناؤ اور باطن کو عقل کے مطابق دکھاؤ۔ اگر یار حرم میں جلوہ گر ہے تو مسلمان ہونا ہنر ہے، مقصود دل کا وہی ہے چاہے جس در سے آئے۔ اور اگر اُس کا جلوہ یقیناً بت خانے میں ہے، تو کیا حرج کافر بن جانے میں ہے؟ آنکھوں کا منظور تو وہی ہے جہاں کہیں بھی نظر آئے! ؎

بدیر و کعبہ می گردیم گاہ این جا و گاہ آن جا
کہ مطلبِ جستجوے اوست خواہ این جا وخواہ آن جا[1]

(نصیحتِ درویشانہ) چاہیئے کہ گوشہ نشیں رہو، اور کچھ دن تنہا نشین رہو، آنکھوں میں الوپ انجن لگاؤ، اور سب کی نگاہوں سے اوجھل ہو جاؤ، کسی چیز سے التفات نہ کرو، خدا پر نظر رکھو اور ہرگز کسی سے ملاقات نہ کرو، بوالہوسوں کی صحبت بہت اُٹھائی اب وہ وقت ہے کہ ذرا پلک جھپکی اور موت آئی، کب تک اونچے نیچ سے باز آؤ، اگر نکتہ رس ہو تو اس شعر کا مفہوم سمجھ جاؤ ؎

[1] (ترجمہ) ہم دیر و کعبے میں بھٹک رہے ہیں، کبھی یہاں ہیں کبھی وہاں ہیں کیونکہ ہمیں محبوبِ حقیقی کی جستجو سے مطلب ہے خواہ وہ یہاں ملے یا وہاں!

Marfat.com

دیدہ ام، درعلم صحبت ہائے رنگیں صد کتاب
کردہ ام، یک مصرعۂ تنہا نشینی انتخاب[1]

نہ جانے کیا سوچ رہے ہو جو اپنا مداوا نہیں کرتے ،بس اب ہوا و ہوس کی سرگرانی دُور کرو، سرکو یادِ حق کے نشے میں چُور کرو، اپنی سفید داڑھی کا پاس کرکے فریب اور چاپلوسی چھوڑ دیجیو، خرقِ عادت کا قصد نہ کیجیو، خدا کے کھلیان میں اپنی گائے نہ باندھیو، خدائی کا دم بھرنا اپنے گدھے پن کا شہر میں شُہرہ کرنا ہے اگر بے ارادہ کوئی کرامت ظاہر ہو بھی جائے تو اِترائیو مت کہ غرور کا نتیجہ پشیمانی ہے۔ اکڑفوں کو درویش عیب جانتے ہیں اور گھمنڈی کو آدمی نہیں مانتے"!

جب (چچا) رخصت ہوئے تو دل میں عہد کیا کہ آیندہ کہیں نہ جاؤں گا، اور دن میں دوبار (پیر و مرشد کی خدمت میں) آؤں گا۔

ایک دن میرے والد نے کہا: "اے برادرِ عزیز، دماغ نمٹ رہا ہے، یعنی ہر روز گھٹ رہا ہے، اگر یہ قرآن کے حفظ کرنے میں لگایا جائے، تو کیسا ہے؟ عرض کیا "اچھی بات آپ کے خیال میں آئی"! چنانچہ ڈیڑھ سال کی مدت میں (دونوں نے) مصحفِ مجید کو یاد کرلیا۔

اسد اللہ کی آمد

(نقلِ عجیب) ایک دن دونوں بیٹھے (قرآن شریف کا) دَورہ کررہے تھے، کہ اسد اللہ نامی ایک درویش، نیلا لباس پہنے اور نمدی ٹوپی اوڑھے وارد ہوئے، جب میرے والد کے سامنے آئے، انھوں نے فرمایا: "اے کبود جامہ کے سیراب پز (نہاری فروش) تم نے اِتنا دور و دراز کا سفر کیوں اختیار کیا اور ایسے ویران راستے کے شدائد کو اپنے اُوپر کیوں ہموار کیا؟" وہ عزیز سامنے

---

[1] (ترجمہ) میں نے رنگین صحبتوں کے علم میں سینکڑوں کتابیں دیکھی ہیں اور اُن میں سے ایک مصرعہ انتخاب کیا ہے وہ ہے تنہا نشینی!

Marfat.com

آکر قدموں پر گر گیا۔ (والد نے) اُس کا سر چھاتی سے لگایا اور اپنے پاس بٹھایا۔ میرے چچا نے اِس گرم جوشی پر حیران ہوکر پوچھا: "یہ بزرگ کون ہیں؟" (والد نے) کہا: "میرے پُرانے دوست ہیں!" (چچا) اور بھی حیرت زدہ ہوئے اور کہا: "اتنی گہری دوستی کے لیے تو ملاقات کی کثرت ضروری ہے، مگر میں نے اِن کو (آج سے پہلے) کبھی نہیں دیکھا۔" (والد نے) فرمایا: "میں اور یہ ایک ہی پیر کے مرید ہیں، یہ دو سال میں ایک بار پیر کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے، ایک دن میں نے (پیر و مرشد کی خدمت میں) سوال کیا، کیا ہو، جو موت کے آثار (پہلے سے) مجھ پر ظاہر ہوجائیں۔ تاکہ میں آخرت کی تیاری میں مشغول ہوجاؤں اور دوسری باتوں میں دل نہ لگاؤں۔ ارشاد ہوا جب تم کبود جامہ کے اِس نہاری فروش کو دیکھو تو جان لینا کہ اگلے سال تک زندہ نہ رہوگے۔" لہٰذا یقین کرلو کہ اب میری عمر بہت تھوڑی رہ گئی ہے۔

بزرگوار چچا یہ الفاظ سُن کر بہت رنجیدہ ہوئے اور کہنے لگے: "ان شاءاللہ میں یہ واقعہ نہیں دیکھوں گا، یعنی اُس (منحوس) دن تک دنیا ہی میں نہ رہوں گا اور یہ صدمہ نہ اُٹھاؤں گا۔" جب اُس تازہ وارد (درویش) سے بات چیت شروع ہوئی تو (اُس نے) بیان کیا کہ "کچھ دنوں سے میری دُکان نہیں چل رہی تھی، یعنی میری نہاری کا کوئی گاہک نہ تھا، رات کو بناتا تھا صبح کو اوندھاتا تھا، جو کچھ جمع پونجی تھی سب گھاٹے میں چلی گئی۔ ناچار مایوس ہوکر بالبِ خشک و چشمِ تر زمین پر لیٹا تھا اچانک نیند کا جھونکا آیا (اور سوگیا)، دیکھا کہ پیر و مرشد میرے سامنے کھڑے ہیں اور فرماتے ہیں کہ "اے اسد اللہ! یہ چند سفر میں بڑی دشواریاں ہیں اور [illegible] بھی بڑی پوری ہے، لیکن ایک بار ملتان تمہارا جانا ضروری ہے، میرے اور اُن کے درمیان ایک اشارہ ہے۔ جیسے ہی تم پہنچو گے وہ سمجھ جائیں گے۔ تمہیں چاہیے کہ فوراً روانہ ہوجاؤ اور کساد بازاری کا غم نہ کھاؤ کہ جب وہاں سے واپس آؤ گے تو

Marfat.com

تمھاری دُکان ایسی چلے گی کہ تمھاری تبرک ہو جائے گی۔" میں نے بیدار ہو کر دُکان شاگرد کے سپرد کی، زادِ راہ کے لیے آدھی سوکھی روٹی لی اور چل پڑا۔ تھوڑی مدت میں ایک دنیا سے دوسری میں پہنچ گیا یعنی 'کبود جامہ' سے آگرے آیا اور تمھیں اپنے دلی اشتیاق کے مطابق پایا۔ اب میری واپسی تمھارے اختیار میں ہے، جب اجازت دو گے اُدھر کا قصد کروں گا۔ میرے والد مُسکرائے اور کہا: "اے اسد اللہ ایسے کیوں ہوا کے گھوڑے پر سوار ہو؟ تمھاری خراب نہیں ہو گی جو اتنے بے قرار ہو۔ تھکے ماندے آئے ہو، اتنی زحمت اُٹھائی ہے، اگر ہم فقیروں کے مشتاق نہیں ہو، تو اپنے ہی آرام کے لیے کچھ دن رہو، جلدی کیا ہے؟ واپسی بھی ہو جائے گی۔" ایک ملازم کو حکم دیا کہ اُن کا بستر میرے چچا کے حجرے میں بچھا دے اور اُن کی خدمت کرے۔ غرض کہ (والد) ذرا دیر کو بھی اُن سے جدا نہ ہوتے اور دل جوئی و مزاح گوئی میں اُنھیں لگائے رکھتے۔

(فائدہ) ایک دن اُس مہمانِ عزیز نے سوال کیا کہ "مجھے (خدا کی) رُویت کے مسئلے میں کچھ تردّد ہے، درویشوں کی دو جماعتیں ہیں، ایک کا خیال ہے کہ ایک دن ہم اُس غیرتِ ماہ (خدا) کو بدرِ کامل کی طرح (عیان و برملا) دیکھیں گے اور دوسرے گروہ کا عقیدہ ہے کہ اُس آفتاب کو دیکھنا انسان کی بصارت کے بس کا نہیں!" (والد نے) فرمایا کہ "ہم فقیروں کو تو کچھ تردّد نہیں، جب یہ قرار پا گیا کہ وہ عینِ کائنات ہے، تو ہم جدھر بھی نظر ڈالتے ہیں وہی نظر آتا ہے اور جس شے میں دیکھتے ہیں اپنی چھب دکھاتا ہے، وہ معنی ہر صورت میں جلوہ گر ہے اور بشرطِ نظر اُس کا دیدار میسّر ہے۔"

القصہ ایک ہفتے کے بعد (اسد اللہ) رخصت ہوئے اور بعجلت ہوئے۔

چچا کی وفات

(حکایتِ جاں سوز) عید کی صبح، میرے چچا، نئے کپڑے پہن کر نماز کو گئے، جب واپس آئے، تو اُن کے سینے میں درد

Marfat.com

ظاہر ہوا اور ایسی شدت سے کہ چہرے کا رنگ اُڑ گیا، اور دل کا سکون جاتا رہا، میرے والد کو بلایا اور کہنے لگے: "میرے (سینے میں) نہایت شدید درد ہے، ایسا دھیان پڑتا ہے، کہ اب خیریت نہیں اور ایسی کڑھن ہے کہ دم گھٹا جا رہا ہے، غالباً جانِ ناتواں میں طاقت نہیں۔ میری عبا بدن سے نوچ لو کہ اب یہ نہیں بھاتی ہے، اور میری ٹوپی اُتار پھینکو کہ یہ سر پر بوجھ بنی جاتی ہے، جان میری ناتواں ہے اور یہ بیماری گراں ہے۔ جب وقتِ شام ہوا، وہ درد اور زائد ہوا، اُن کی آہ آہ کا شور بلند ہوا، اور وہ سراپا اک دلِ دردمند۔ جب ضبط کرتے تو غنچے کی طرح سمٹ جاتے اور درد سے آہ و فریاد کرتے تو پھول کے مانند بکھر جاتے جب دل بہت گرفتہ ہوتا تو ایسی آتش ناک آہ بھرتے کہ جگرِ سوختہ کا دھواں آسمان پر پہنچتا، اگر بات کرتے تو یہ رباعی پڑھتے۔ (المصنفہ)

وقت است کہ رو بہ مرگ یک بارہ کنیم
آن درد نداریم کہ ما چارہ کنیم
بیماری صعب عشق دارد دل ما
گر جامہ گزاریم ۔ کفن پارہ کنیم[1]

جب گھڑی بھر رات گذری تو ناطاقتی حد سے بڑھ گئی، یہ وہ شدت کہنے لگے کہ "آخر میرے دل نے سختی اُٹھائی اور آنکھیں (شدتِ غم سے) پتھرا گئیں، آپ تو اس میخانے کے دانائے راز ہیں، اگر میری غم کے پیمانے میں ابھی کچھ تلچھٹ رہ گئی ہے، تو وہ کسی اور کو دے دیجیے کیوں کہ اس شدید درد میں دُرد تلچھٹ پینے کو جو چاہیئے! میں موت کی تلخی کو اس جان شیریں کے مقابلے میں سود بے گوارا سمجھتا ہوں

---

[1] (ترجمہ) "(اب وہ) وقت ہے کہ بس یک لخت جان نکل جائے (کیوں کہ) ہم وہ درد نہیں رکھتے جس کا علاج کر لیں ہمارے دل کو عشق کی جان لیوا بیماری ہے اور اس میں ہمارا جان سے گذر جانا ہی شفا یاب ہو جانا ہے۔

Marfat.com

توجہ فرمایئے کہ چین سے مرجاؤں، رحم کیجیے تاکہ مجھے کل پڑجائے۔ رات گئے اپنی کلاہِ شب پوش مجھے عنایت فرمائی اور غلبۂ ناتوانی سے آنکھیں مُوند لیں، جب رات کٹی یعنی صبح کی پَو پھٹی تو اُن کی الم ناک روح لبوں پر آگئی۔ اُدھر مؤذن نے "اللہ اکبر" کی بانگ سُنائی، اِدھر اس بیمارِ شب زندہ دار کو نیند آئی۔ یعنی دل پر ہاتھ رکھا اور جان جاں آفریں کے سُپرد کی۔

اُن کے پیر و مرشد (میرے والد) نے پگڑی زمین پر دے ماری، گریباں چاک کرلیا اور اس جاں کاہ صدمے سے چھاتی پیٹنے لگے۔ اُن کے مریدوں نے سروں میں خاک اور جگر پر داغ لیے، اِسی رنجوری کے عالم میں میّت کی رسوم ادا کیں، اور اُس دردمند کا جنازہ تیّار کیا ؎

عشق دردِ بے دوائے بودہ است
بہرِ جان و دل بلائے بودہ است[1]

جب لوگ نماز (جنازہ) کے لیے کھڑے ہوئے تو اکثر فرش پر گر پڑے۔ میرے والد نے کہا: "اے ناواقفِ پاسِ آشنائی، دیر میں کُھلا کہ تو بے وفا ہے، ایسا شتاب رخصت ہوا کہ میری چھاتی پھونک گیا ہے، دوست یوں رخصت نہیں ہوا کرتے، غم خوار ایسے بے مروّت نہیں ہوا کرتے!" ؎

چہ شد آں وفا و عہدے کہ تو وعدہ با نمودی
بتو من چہ گفتہ بودم، تو بمن چہ گفتہ بودی؟[2]

بزرگوں نے جنازے کو کندھا لگایا، یعنی اُسے پوری عزت سے اُٹھایا، پیر و مرشد (والد) کی آہ مُردے کے عَلم کی طرح جنازے کے آگے چل رہی تھی، اُن (چچا) کے

---

[1] (ترجمہ) عشق ایسا درد ہے جس کی کوئی دوا نہیں، یہ (ہمیشہ) جان و دل کے لیے ایک مصیبت رہا ہے۔ [2] (ترجمہ) وہ وفا، اور عہد کیا ہوا؟ جب تو نے مجھ سے کچھ وعدے کیے تھے، میں نے تجھ سے کیا کہا تھا اور تو نے مجھ سے کیا کہا تھا؟

Marfat.com

معتقد آٹھ آٹھ آنسو روتے ہوئے میت کو شہر سے باہر لے گئے، اور ایک باغ کے گوشے میں سپردِ خاک کر کے پھول برسائے اور فاتحہ پڑھی۔ نہایت صدمہ اُٹھایا اور سوائے صبر کے کوئی چارہ نہ پایا!

تیجے کے دن جب شہر کے لوگ فاتحہ خوانی کے لیے آئے تو میرے والد نے کہا کہ "جس کا ایسا عزیز مرگیا ہو، اگر اُس کو "عزیز مُردہ" کہیں تو کیا بے جا ہو۔ آج سے مجھے "عزیز مردہ" کہا جائے۔" چناں چہ وہ شہر میں اِسی لقب سے مشہور ہو گئے، دن میں سو بار گریہ سر کرتے تھے اور مُردوں کے حال سے بسر کرتے تھے، میں جو اُن کا گود دوں پالا تھا اور اپنی ساری ضرورتوں کو اُن سے کہتا تھا، انھیں کے ساتھ سوتا اور کھاتا تھا، اب دن بھر انھیں یاد کرتا اور رات بھر فریاد کرتا۔ درویش "عزیز مردہ" (والد) میری دل جوئی کرتے، اور کبھی مجھے آزردہ نہ ہونے دیتے۔ کبھی کہتے کہ "بیٹے، میں تمھیں بہت چاہتا ہوں، مگر اس غم میں گھلا جاتا ہوں کہ میں خود چلنے ہار ہوں۔" کبھی فرماتے: "میرے چاند! اب تم گود کے بچے نہیں ہو۔ خدا کا شکر ہے، دس سال کے ہو گئے، کیوں جی کڑھاتے ہو۔ آخر درویش زادے ہو۔ دل کو قوی رکھو، اپنے تئیں خدا کو سونپ دو، ہشّاش بشّاش رہو۔ اور مجھے اپنا ناز بردار سمجھو۔ میری جان، کیا تم دودھ پیتے بچے ہو جو ہر وقت روتے ہو۔ اپنا غم کیوں کرتے ہو، خدا جیسا وارث رکھتے ہو! جانے والے کبھی نہیں آتے۔ گذرنے والے منہ نہیں دکھاتے۔ بیٹے دنیا میں چل چلاؤ لگ رہا ہے، ہر کوئی آمادۂ سفر ہے۔ مت جانیو کہ دنیا تمھارے رہنے کی جگہ ہے۔ یہ تو مجلس رواں نے سما... کر رکھا ہے، جو حاضر تھے چلے گئے، جو بیٹھے تھے اُٹھ گئے۔ دل مت کڑھاؤ، پھول کے مانند مُسکراؤ، اس چمن کی بہار اُجڑنے والی ہے۔ اپنے دل پر میل نہ لاؤ۔ دنیا کا یہ قمار خانہ ایسا بنایا ہے کہ یہاں تم جیسے بہتیروں نے اپنا دل گنوایا ہے۔ جب تک

یہاں کی راہ و رسم نہ جان جاؤ، ہرگز اس راستے پر نہ آؤ۔ پاکھٹ کھلاڑیوں کی ایک کہاوت ہے "قمار و راہ قمار" یعنی اناڑی ہو تو نہ کھیلو۔ وہ ہر روز ایسی ہی باتیں کرتے اور بڑے لاڈ سے میری پرورش کرتے تھے۔

احمدؐ بیگ

(نقل) ایک دن بڑی تلخ کامی کے ساتھ (چچا کی) موت کا حلوا تقسیم کر رہے تھے کہ ایک جوان سَروِ اندام، احمد بیگ نام شکری رنگ آیا اور شکر انگور (ولایتی انگور) کے چند دانے ہاتھ پر رکھ کر نذر گذارے۔ اور کہا کہ "ولایت سے ابھی آیا ہوں اور حج کا ارادہ رکھتا ہوں جب شہر میں آیا تو آپ کی درویشی کا آوازہ سنا، مشتاق (دیدار) ہو کر خدمتِ سامی میں حاضر ہوا ہوں" والد نے فرمایا: "تم نے شاید یہ نہیں سنا [1]

چرا بہ پائے خود اے کعبہ رَو نمی اُفتی   ہمان توئی کہ بفرسنگ می نمایندت [2]

پہلے خود کو پاؤ، پھر کعبے جاؤ، کعبہ درویشوں کے دل ہائے خستہ کا نام ہے اور مقصود اِن جگر ریشوں کو حاصل تمام ہے، اگر ان کا دل ہاتھ میں لاؤ گے تو کعبۂ مراد بغیر سعی کے پاؤ گے، اِسی لیے تو کہا گیا ہے ؎

زکعبہ آیم و رشک آیدم بہ خون نابے
کہ از زیارتِ دل ہائے خستہ می آید [3]

درویشوں کا دل عجب جا ہے، اِس ویرانے کی بڑی بھلی ہوا ہے، دل کو اس

---

[1] (ترجمہ) اے کعبے کی طرف جانے والے، تو اپنے ہی قدموں پر کیوں نہیں جھکتا، وہ خود تو ہی ہے جسے فاصلے سے دکھایا جا رہا ہے (کعبہ تو خود تیری ذات ہے، اپنے نفس کا عرفان حاصل کر!) [2] وہاں میر امان اللہ سے بی بی کو چھڑایا اور وہ غریب دق میں گھُل کر مری، یہاں ایک شخص کی راہ کھوٹی کی، حج کو جا رہا تھا اسے روک دیا۔ کیا خبر یہ کون سی تعلیم ہے۔ میں تو یہ بھی نہیں سمجھا کہ یہ ولایتی کعبے کو ولایت سے چلا تھا تو اِدھر "ترکستان" کی طرف کیوں آ گیا۔ ایران سے کعبے کو جاتے ہوئے آگرہ تو بیچ میں نہیں پڑتا! [3] (ترجمہ) میں کعبے سے آرہا ہوں، مگر مجھے اس خونِ ناب پر رشک آتا ہے جو زخمی دلوں کی زیارت کر کے آتا ہے۔ (مطلب وہی کہ کعبے کی زیارت سے بہتر دل کی زیارت ہے!)

Marfat.com

ماہ کی منزل کہتے ہیں، اسی در پہ مقصود کے تلاشی رہتے ہیں۔ ایک سالک کعبے کے طواف کو گیا تھا مگر اُس گھر میں کسی کو نہ پایا، دلِ پُر آرزو لیے ناکام لوٹ آیا اسی حال میں کہا:

کعبہ را دیدم دلم از دردِ تنہائی گداخت
مجلس آرائے کہ مارا خواند خود مہمانِ کیست [1]

جو تم کہتے ہو، حرم کا محرم بھی وہی کہتا ہے، جسے تم ڈھونڈھتے ہو، کعبہ خود اُس کے کھوج میں رہتا ہے ؎

ہر کرا دیدم چو من گم گشتۂ تحقیق بود
کعبہ را ہم بے تکلّف در بیابان یافتم [2]

دلوں کا طواف کرو، یہی کعبے کا طواف ہے، اپنے ہی جویا بنو، اچھا مقصد یہی ہے
وجودِ غیر موجود نہیں، اور اُس بن کوئی مشہود نہیں ؎

گفتم بہ حرم محرمِ این خانہ کدام است؟
آہستہ بمن گفت، کہ بے گانہ کدام است؟ [3]

مجھے تمھاری جوانی پر ترس آتا ہے کہ بہت رنج اُٹھاؤ گے اور کبھی مقصود نہ پاؤ گے۔ درویشوں کی بات گوشِ جاں سے سنو، کچھ دن ٹھہرو اور یہاں سے نہ جاؤ، اُس جوان نے جب درویش کو ملتفت پایا تو حکم سے سرتابی نہ کی یعنی ٹھہر گیا اور سخت ریاضت میں مشغول ہوا، ذہنِ سلیم رکھتا تھا، اکتساب کیا اور سات مہینے کی مدت میں مرتبۂ کمال کو پہنچ گیا۔ ایسی خوبی کا پیر اور ایسی محبوبی کا جوان، ایسی حالت کا پیر اور ایسی کیفیت کا جوان، ایسا باکمال پیر اور ایسا صاحبِ حال جوان، ایسی عنایت والا پیر اور اتنی ارادت

---

[1] (ترجمہ) میں نے کعبے کو دیکھا تو میرا دل دردِ تنہائی سے پگھل گیا جس میزبان نے ہمیں بلایا تھا وہ خود کس کا مہمان ہے۔ [2] (ترجمہ) میں نے جسے بھی دیکھا، میری ہی طرح تحقیق میں سرگرداں تھا۔ کعبے کو بھی بیابان میں سرگرمِ جستجو پایا۔ [3] (ترجمہ) میں نے حرم سے سوال کیا کہ اس گھر کا محرم کون ہے، اُس نے آہستہ سے مجھ سے کہاں کہ یہاں بے گانہ بھی کون ہے؟ (حکیم شرف الدین شفائیؔ)

Marfat.com

والا جوان، ایسی نظر والا پیر اور ایسا اثر والا جوان دنیا کی آنکھوں نے کم دیکھا اور دنیا والوں کے کانوں نے کم سُنا ہے! رات دن شیر و شکر کی طرح (رہتے تھے)' بڑی یک جہتی تھی' اُسے پیر کو ایک دم کے لیے چھوڑنا نامنظور تھا اور "جوانِ عزیز" (کے لقب) سے مشہور تھا۔ اتفاقاً پیر کے پاس کہیں سے کچھ روپیہ بطورِ نذر آیا' (اُنھوں نے) جوان سے فرمایا کہ "اِسے اپنے خرچ میں لاؤ اور حجاز کے سفر پر جاؤ"، صبح کی نماز کے بعد دستار کا زیر پیچ اور سجّادۂ محرابی عنایت کیا' اور اُسے رخصت کیا۔

والد کی وفات ۱۱۴۶ھ

(حکایتِ جاں کاہ) ایک دن چلچلاتی دھوپ میں "درویشِ عزیز مُردہ" (والد) برادرِ عزیز (میر امان اللہ) کے بھانجے محمد باعث نامی کی عیادت کے لیے، جو ایک عالم، فاضل' اور متصوّفِ کامل تھے' محلّہ عالم گنج میں گئے جو آگرے کا مشہور محلّہ ہے' جب جھٹپٹا ہونے لگا تو وہاں سے گھر آنے کا قصد کر کے چلے؛ عشائین (مغرب اور عشا کی دو نمازیں ملا کر) اپنی مسجد میں ادا کیں' جب سونے کے لیے بستر پر گئے اور میں حاضر ہوا تو فرمایا: "بیٹے! آج آفتاب[1] کی حرارت نے میرے مزاج پر اثر کیا ہے' سر میں درد ہے' آثار سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بخار چڑھے گا"۔ رات کا کھانا نہیں کھایا اور سو گئے' صبح کو بیدار ہوئے'

---

[1] قاضی عبدالودود صاحب نے صحیح اعتراض فرمایا ہے کہ میرؔ کے والد کا انتقال رجب ۱۱۴۶ھ میں ہوا اور یہ مہینا دسمبر (۱۷۳۳ء) کے مطابق پڑتا ہے' اُس زمانے میں لوہ لگ جانا کس طرح ممکن ہے؟ (معاصر حصہ ۹)۔ میرؔ نے یہ الفاظ لکھے ہیں "... در آفتابِ گرم رفت'.... گفت' اے پسر حرارتِ آفتاب در مزاجِ من تاثیرے کردہ است" (ذکر میر ص ۵۰) اس کے بعد کی عبارت اور اُن کے علاج کی تفصیل سے معلوم ہوتا ہے کہ علی متقی رجب سے ایک دو ماہ پہلے بیمار ہوئے تھے' "پس از ماہے مشخص گردید کہ این تب متشبث بقلب است" (ذکر میر ص ۵۸) ظاہر ہے کہ مہینا بھر تو صحیح تشخیص بھی نہ ہو سکی تھی' اگر میر امان اللہ کا انتقال شوال (۱۱۴۵ھ مطابق مارچ ۱۷۳۳ء) میں ہوا' اور میر امان اللہ کے انتقال کے بعد احمد بیگ کا آنا' اور سات ماہ تک رہ کر ریاضت کرنا بھی میرؔ کی تحریر سے ظاہر ہے (ص ۵۵ ذکر میر) اور شوال (۱۱۴۵ھ) سے ربیع الثانی (۱۱۴۶ھ) تک یہ ۷ ماہ پورے ہوتے ہیں تو علی متقی جمادی الاوّل (۱۱۴۶ھ) میں بیمار پڑے ہوں گے لیکن یہ بھی مطابق ہے (ستمبر ۱۷۳۳ء) کے۔ میں نے یہاں صرف لفظی ترجمہ کر دیا ہے۔

Marfat.com

تو تیز بخار چڑھا ہوا تھا۔ ابوالفتح نامی طبیب، جو اُن کے پرانے معالج تھے آئے اور ٹھنڈائی پلائی، مگر کچھ افاقہ نہ ہوا، مبرّدات میں حد سے زیادہ مبالغہ کیا، کچھ سود مند نہ ہوا، درویش کو بخار ٹھہر گیا، یعنی روز شام کو چڑھتا اور ساری رات رہتا، بخار توڑنے کی اَن گنت تدبیریں کرتے تھے، لیکن کسی سے یہ عقدۂ دشوار حل نہ ہوا۔ ایک مہینے کے بعد تشخیص ہوا کہ اس بخار نے قلب کو لپیٹ لیا ہے، اور ہڈیوں میں بیٹھ گیا ہے، یعنی یہ درویشِ نحیف، جو مٹھی بھر ہڈیوں سے زیادہ نہیں تبِ دِق میں مبتلا ہے۔

(ایک دن) مجھ سے بولے: "بیٹے، میری جان صرفِ نیاز ہے اور جسم وقفِ گداز غذا سے کوئی رغبت نہیں، کھاتا ہوں تو گرانی کرتی ہے۔ لبیب جو دوا صبح دیتا ہے وہ (معدے میں) اگلی صبح تک ویسی ہی دھری رہتی ہے۔ یہ چاہتا ہوں کہ موت آنے تک غذا چھوڑ دوں، بازار سے نرگس کے پانچ چھ دستے لے آؤ کہ بشرطِ زندگی کبھی کبھی سونگھ لیا کروں۔" ارشاد کے بموجب میں نے منگوا لیے اور برابر اُن کے سامنے رکھتا تھا، جب آنکھ کھولتے، دستہ ہاتھ میں لے کر سونگھتے اور فرماتے: "خدا کا شکر ہے، سیر ہو گیا!" جب اُنھوں نے غذا ترک کر دی تو ہم بے کسوں کو اپنی زندگی سے مایوس کر دیا۔ ہاتھ پانو کی طاقت جواب دے گئی، ضعف حد سے بڑھ گیا، بات بہت کم کرتے اور نماز اشارے سے پڑھتے۔ ۱۲ رجب[1] کو حسبِ معمول، حکیم ٹھنڈائی کا پیالہ لایا تو درویش نے ناک بھوں چڑھائی اور پینے سے انکار کر دیا وہ دوا کا پیالہ زمین پر پٹک کر بولے: "ارے کم بخت دوا کی تاثیر تو اول دن سے ظاہر تھی، میں تیرا پاس کرتا تھا جو پی لیتا تھا، افسوس تو نے (اتنی سی بات کو) نہ سمجھا، جا، اب مجھ سے ہاتھ اٹھا لے، یہ مرض نہیں وہ مرض ہے جس کا کوئی علاج نہیں۔"[2]

---

[1] ۱۱۳۶ھ مطابق ۲۷ دسمبر ۱۷۲۳ء [2] یہ بھی ہم پر نہ کھلا کہ طبیب سے یہ سلوک کرنا کسی درویش کی شان کیسے ہو سکتی ہے۔

Marfat.com

محمدؐ حسن

اُس وقت حافظ محمد حسن کو بلایا جو میرے بڑے اور علاتی بھائی تھے[1]، اور فرمایا کہ "میں فقیر ہوں کچھ نہیں رکھتا الا تین سو جلد کتابیں وہ میرے سامنے لے آؤ اور حصّہ، برادرانہ کر کے بانٹ لو۔" اُنھوں نے عرض کیا: "میں طالب علم ہوں اور مجھے اِس کام (پڑھنے) کی دُھن لگی ہوئی ہے اور یہ (دونوں) چھوٹے بھائی کتابوں سے کوئی ربط نہیں رکھتے۔ ورقوں کے کنارے نوچ لیں گے، ایک پتنگ بناوے گا، دوسرا (ناؤ بنا کر) پانی میں بہاوے گا۔ اگر آپ میرے پاس امانت رکھ دیں تو اچھا ہے ورنہ آپ مختار ہیں[2]۔" والد کو اُن کے اوندھے مزاج کا اندازہ تھا، اُنھوں نے خبر لی اور کہنے لگے: کیا ہوا جو تو نے ترکِ لباس کر دیا ہے، تیری ٹیڑھ تو ابھی تک نکلی نہیں، تو چاہتا ہے کہ اِن بچوں کو جُل دے اور میری آنکھیں بند ہونے کے بعد انھیں نقصان پہنچائے؟ یاد رکھ کہ اللہ تعالیٰ غیور ہے اور غیور کو دوست رکھتا ہے، غالب ہے کہ میر محمد تقی تیرا دست نگر نہ ہو، اگر تو دوسری طرح پیش آئے گا تو تیرا بھانڈا پھوٹے گا اور تیری عزت کا نقش اِس بچّے کے سامنے نہیں بیٹھے گا[3]۔ اگر تو اپنی مراد کو پہنچ گیا تو دیکھے گا کہ ایک جلد کتاب کے بدلے تیری کھال کھینچ لے گا۔ کم ظرف کسی اعتبار کے شایان نہیں ذلیل ہے، اور بُخل و حسد، ذلّت و خواری کی دلیل ہے۔ ٹھیک ہے کتابیں تو ہی لے جا اور رکھ لے!" اس کے بعد میری طرف متوجّہ ہوئے اور فرمایا: "بیٹے میں بازار کے بنیوں کا تین سو رُپیوں کا مقروض ہوں، اُمید ہے جب تک ادا نہ کردو گے

---

[1] حافظ محمد حسن کی والدہ خانِ آرزو (سراج الدین علی خاں) کی بہن تھیں، اُن کے انتقال کے بعد میر محمد علی (علی متقی) نے میر کی والدہ سے نکاح کر لیا تھا۔ میر نے صرف ایک جگہ (ذکر میر ص ۲۰) اپنی ماں کا تذکرہ کیا ہے "....، مادر و پدرم نگذاشت" اس کے بعد کہیں اشارہ تک نہیں، میرا خیال ہے کہ علی متقی کی زندگی ہی میں میر کی والدہ کا انتقال ہو چکا تھا۔ [2] میر کے کسی بیان سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ محمد حسن نے جو کتابیں بطور امانت رکھ لی تھیں وہ پھر میر کو ملیں یا نہیں۔ اور ترکے کی تقسیم میں بیٹی کا ذکر بھی نہیں ہے، یا اُس زمانے میں بھی لڑکیاں محروم الارث رکھی جاتی تھیں؟ [3] میرا خیال ہے کہ یہ والد کی سجادہ نشینی کا جھگڑا تھا، جس پر میر، محمد حسن سے ناخوش ہیں۔

Marfat.com

میرا جنازہ نہ اُٹھاؤ گے۔ کیوں کہ میں کھرا آدمی تھا میں نے تمام عمر کسی کو دھوکا نہیں دیا" میں نے عرض کیا کہ سوائے اُن کتابوں کے اور کوئی اثاثہ نظر نہیں آتا، وہ آپ نے بڑے بھائی کو سونپ دیں، میں قرض کیسے ادا کروں گا؟" والد کی آنکھیں ڈبڈبا گئیں اور فرمانے لگے "دل تنگ مت ہو، خدا کریم ہے، ہُنڈی راستے میں ہے پہنچا ہی چاہتی ہے، چاہتا تھا کہ روپیہ آنے تک زندہ رہوں۔ لیکن عمر کی فرصت کم ہے۔ ٹھیرنا ممکن نہیں۔" میرے حق میں دعا کی، اور خدا کے سپرد کیا، کچھ سانسیں اور آئیں گئیں آخر جاں بحق ہوئے۔

بھائی کی توتا چشمی

جب درویش نے آنکھیں موندیں تو عالم میری نظروں میں تاریک ہوگیا۔ بڑا حادثہ رونما ہوا، آسمان مجھ پر ٹوٹ پڑا دریا دریا روتا تھا، صبر وشکیب کھوتا تھا، پتھروں پر سر دے مارتا تھا، خاک پر لوٹتا تھا، بڑا ہنگامہ بپا ہوا گویا قیامت نمودار ہوگئی۔ میرے بڑے بھائی نے انسانیت کو بالائے طاق رکھ دیا توتا چشمی اختیار کرلی۔ جب دیکھا کہ باپ مفلس تھا اور بے کسی میں مرا ہے اور قرض خواہ میرے دامن گیر ہوں گے، تو پہلو تہی کی۔ کہنے لگے: "جن سے لاڈ پیار ہوتے تھے، وہ جانیں اُن کا کام جانے! میں باپ کی زندگی میں دخیل کار نہ ہوا اور وقف اولادی سے بھی درگزرا، اُن کے سجادہ نشین سلامت رہیں جو نہ پیٹ رہے ہیں اور منھ نوچ رہے ہیں، وہ جو مصلحت وقت ہوگی کریں گے!"

میں نے بیکسی کا تازہ صدمہ اُٹھایا تھا، جب اُن کی یہ چھچھوری باتیں سُنیں تو بہت غم وغصہ کھایا، (مگر) اُن سے کوئی التجا نہ کی، ہمت کو مضبوط رکھا اور خدا پر بھروسا کرکے بیٹھ گیا۔ بازار کے بنیے منشی دو سو روپے لائے اور بے حد خوشامد کی، مجھے درویش کی وصیت کا پاس تھا، قبول نہ کیا سب کو باتوں میں گھماتا رہا۔ یعنی ملول نہ کیا۔ اسی حال میں سید کمل خاں کا نوکر جو میرے عم بزرگوار کے مرید تھے، پانچ سو روپے

Marfat.com

سکۂ حالی کی ہنڈی لے کر آیا اور میرا دردِ شریک ہوا۔ تین سو روپے قرض خواہوں کو دے کر فارغ خطی حاصل کرلی اور سو روپے میں فقیر (کا جنازہ) کو اُٹھا کر لے گیا اور اُن کے پیر کے پہلو میں مدفون کردیا۔

میری سرگذشت

(والد کی موت کے بعد میں نے) فلک کی بے مروّتی دیکھی، زمانے کے ستم جھیلے، نہیں نہیں، فلک یا زمانے کا کیا قصور؟ میرا ہی ستارہ منحوس تھا کہ ایسے آفتاب کا سایہ میرے سر سے اُٹھ گیا۔ جو کچھ کیا میری قسمت نے کیا۔ اپنے ہی ہاتھ کے سوا کسی اور کا ہاتھ اپنے سر پر نہ پایا[۱]۔ یعنی کسی کو سلّہ گستر نہ پایا۔ میں نے اپنا اثاثہ غیرت (کی نگہداشت) کے لیے صرف کردیا۔ اور ہرگز کسی کے دروازے پر (سائل بن کر) نہ گیا اور میرے ہونٹ حرفِ طلب سے آشنا نہ ہوئے۔ میری آنکھ کسی کی طرف نہیں اُٹھی نہ میں نے کسی سے مدد چاہی نہ کسی نے میری دستگیری کی۔ یعنی خدائے کریم نے مجھے کسی کا شرمندۂ احسان نہ کیا، اور مجھے (سوتیلے) بھائی کا جو مجھ سے کینہ رکھتے تھے، دست نگر نہ بنایا۔ میں نے درویش کی نیاز دلا کر تبرک تقسیم کیا اور تمام کام خدا کے آسرے پر چھوڑ دیے چھوٹے بھائی کو اپنا قائم مقام بنا کر روزگار کی تلاش میں اطرافِ شہر میں گھومتا پھرا لیکن کوئی نتیجہ نہ نکلا، یعنی وطن میں چارۂ کار نہ پایا، ناچار غربت اختیار کی۔ راستے کی صعوبتیں اپنے اوپر گوارا کیں اور سفر کے شدائد اختیار کیے شاہ جہاں آباد دہلی میں پہنچا، یہاں بھی بہت گھوما (مگر کسی کو) شفیق نہ پایا!

---

۱ میرؔ: اپنا ہی ہاتھ سر پہ رہا اپنے یاں سدا
مشفق کوئی نہیں ہے، کوئی مہرباں نہیں

دہلی میں
۱۱۵۰ھ

خواجہ محمد باسط نے جو امیر الامرا صمصام الدولہ[۵] کے بھتیجے تھے، میرے حال پر عنایت کی اور مجھے نواب کے سامنے لے گئے۔ (نواب نے) جب مجھے دیکھا تو پوچھا: "یہ کس کا لڑکا ہے؟" (خواجہ محمد باسط نے) کہا: "میر محمد علی کا!" فرمانے لگے کہ "اِس کے (یہاں) آنے سے ظاہر ہے کہ وہ دنیا سے گذر چکے ہیں!" پھر بہت

---

[۵] خواجہ محمد عاصم کے بزرگ بدخشاں سے ہجرت کر کے اکبر آباد میں آ بسے تھے۔ جن میں بعض نے سپاہ گری کا پیشہ اختیار کیا اور کچھ فقر و درویشی کی طرف مائل ہوئے۔ خواجہ محمد عاصم کے بڑے بھائی خواجہ محمد جعفر باخدا صوفی تھے، خواجہ محمد باسط جن کا انتقال ۱۱۶۸ھ/۱۷۵۴ء میں لکھنؤ میں ہوا، انھیں خواجہ جعفر کے فرزند اور مشائخ نقشبندیہ میں نام آور بزرگ تھے۔ (سفینۂ ہندی/۳۷)

خواجہ محمد عاصم پہلے پہل قلیل منصب پر دربارِ شاہی سے منسلک ہوئے تھے، لیکن فرّخ سیر کے زمانے میں ترقی کر کے دیوانِ خاص کے داروغہ ہوئے اور "اشرف خاں" خطاب پایا، پھر میر آتش بنائے گئے تو نقارہ و نشان کے ساتھ ہفت ہزاری منصب، ہفت ہزار سوار اور "صمصام الدولہ امیر الامرا خان دوراں بہادر منصور جنگ" کے خطاب سے سرفراز ہوئے۔ امیر الامرا حسین علی خاں دکھن چلا گیا تو یہ میر بخشی بنائے گئے، پھر بخشی دوم ہوئے اور گجرات کی صوبہ داری اُن کے سپرد کی گئی، صوبہ مذکور کا انتظام ان کی نیابت میں حیدر قلی خاں کرتے تھے۔ محمد شاہ کی تخت نشینی کے بعد انھیں امیر الامرا کا خطاب اور میر بخشی گری کا عہدہ ملا۔ خواجہ محمد عاصم علم دوست، صوفی منش، متواضع اور سنجیدہ رئیس تھے، اکثر اہل علم اُن کے دربار سے وابستہ تھے۔ "اکثر اوقات ہنگام شب با علما و شعرا صحبت می داشت و بہ تربیت اہل کمال بسیاری کوشید و احیاناً شعر ہم می گفت۔" (سفینۂ ہندی/۶۵) یہ شعر اُن کی طرف منسوب ہے۔

سحر خورشید لرزاں بر سر کوے تو می آید
دل آئینہ را نازم کہ بر رُوے تو می آید

جو بروایت بھگوان داس ہندی فرخ سیر کے سامنے فی البدیہہ کہا تھا۔ اُن کے زمانے میں قلعہ دہلی ناپاک سازشوں کا مرکز بنا ہوا تھا لیکن وہ ان ریشہ دوانیوں میں شریک نہیں ہوئے ۱۱۵۱ھ/۱۷۳۹ء میں جب نادر شاہ نے چڑھائی کی تو محمد شاہ جنگ کرنے کے لیے کرنال تک گیا، تعاقب میں امیر الامرا افواج لے کر بطور کمک گئے، اور ۱۳ر فروری ۱۷۳۹ء - ۱۵ر ذی قعدہ ۱۱۵۱ھ) کے ہنگامے میں بُری طرح زخمی ہوئے۔ انھیں زخموں نے ۲۷ر فروری (۱۹ر ذی قعدہ) کو ۶۹ سال کی عمر میں اُن کی جان لی۔ نادر شاہی حملے میں اُن کے بھائی مظفر خاں (جو اجمیر کے صوبہ دار رہ چکے تھے) اور تین بیٹے بھی کام آئے۔ ایک بیٹے عاشوری خاں نادری فوج کے ہاتھوں قید کر لیے گئے۔ رہائی کے بعد انھیں محمد شاہ نے باپ کا خطاب دیا اور ۱۱۶۷ھ میں میر آتش کا عہدہ دیا۔ عاشوری خاں عالمگیر ثانی کے عہد میں امیر الامرا ہوئے اور کچھ دنوں بعد انتقال کیا۔ (مآثر الامرا ج ۱/ص ۸۱۹ تا ۸۲۳ تاریخ محمدی قلمی نسخہ رامپور۔ د معاصر حصہ ۸/۱۱۷) سفینۂ ہندی/۶۵ گل رعنا/ب ۱۷۲۔

اظہارِ افسوس کے بعد کہنے لگے کہ "اُن کے (علی متقی) مجھ پر بہت حقوق ہیں، ایک روپیہ روز میری سرکار سے اِس لڑکے کو دیا جائے"۔ میں نے (خواجہ محمّد باسط سے) التماس کیا کہ نواب صاحب اتنی مہربانی فرما رہے ہیں تو مجھے دستخط فرما کر بھی دے دیں تاکہ مُتصدّیوں کو چُون وچرا کی گنجایش نہ رہے، درخواست جو میں نے لکھ رکھی تھی جیب سے نکالی، اچانک خواجۂ مذکور کی زبان سے نکلا کہ "یہ قلمدان کا وقت نہیں ہے"۔ یہ سُن کر میں نے قہقہہ مارا، نواب نے میرے منھ کو دیکھا اور ہنسی کا سبب پوچھا، میں نے عرض کیا کہ "یہ فقرہ میری سمجھ میں نہیں آیا، اگر یہ فرماتے کہ قلمدان بردار حاضر نہیں، تو ایک بات تھی، یا یہ کہنا بھی ٹھیک تھا کہ یہ نواب کے دستخط کرنے کا وقت نہیں ــــ "قلمدان کا وقت نہیں" کہنا تو نئی ترکیب ہے، قلمدان ایک لکڑی سے زیادہ نہیں، وہ وقت اور غیر وقت نہیں جانتا، جس شخص کو بھی حکم دیا جائے اُٹھا لائے گا"۔ نواب ہنسنے لگے اور بولے "معقول بات کہتا ہے"۔ غرض میری درخواست کو ردّ نہ کیا، قلمدان منگوایا، اور اُس عرضی کو دستخط سے مشرّف کیا۔ وہ بادشاہ کے دربار کا دن تھا، (نواب) کمر کس کر اُٹھ کھڑے ہوئے اور مجھے بڑی عنایت سے رخصت کیا۔

اُس زمانے تک کہ، نادر شاہ[1] نے محمّد شاہ پر، جو اب فردوس آرام گاہ کے لقب سے مشہور ہیں، چڑھائی کی۔ اور نواب مذکور پیش جنگی کے سبب

---

[1] نادر شاہ دُرّانی، ۹ر مارچ ۱۷۳۹ء کو فتح و ظفر مندی کا نقارہ بجاتا ہوا، دہلی میں داخل ہوا، ۱۱ر۱۲ر۱۳ر مارچ (۱۷۳۹ء) کو دہلی میں قتل عام کیا۔ جس میں تیس ہزار سے زائد انسان قتل ہوئے، ۵ر مئی کو ۵۸ دن قیام کرنے کے بعد اس حالت میں رخصت ہوا کہ آٹھ مغل تاجداروں کے جمع کیے ہوئے خزانے اُس کی مٹھی میں تھے اندازے کے مطابق ۷۰، ۸۰ کروڑ کے درمیان کی مالیت کا سونا، چاندی، ہیرے اور زرِ نقد وہ اپنے ساتھ لے گیا جو دس ہزار اونٹوں، دس ہزار گھوڑوں اور تین ہزار جنگی ہاتھیوں پر لادا گیا تھا۔

For details see;
Frazer: Nadir Shah, Sarkar: Fall of the Mughal Empire.

Marfat.com

مارے[۵۱] گئے، وہ روزینہ مجھے ملتا رہا، (اسی سے) نان و نمک کھا کر گذارا کرتا تھا۔

پھر دہلی میں اس انقلاب[۵۲] (حملہ نادری) کے بعد پھر سنگ دل زمانے نے مجھے ستایا۔ اُن لوگوں نے جو درویش کی زندگی میں میری خاکِ کفِ پا کو سرمہ بناتے تھے اب مجھے نظروں سے گرادیا ناچار دوبارہ دہلی[۵۳] پہنچا اور (اپنے سوتیلے

---

۵۱ مندرجہ ذیل اشخاص صمصام الدولہ کے ساتھ نادر شاہ کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوئے تھے (۱۵رذی قعدہ ۱۱۵۱ھ)

(۱) علی اسد خاں عرف میر کلّو "از کبارِ امرائے ہند"

(۲) علی حامد خاں بن شیخ جان محمد رمّال۔ از کبار امرائے ہند، عمر چہل و چند

(۳) عاقل بیگ خاں کمل پوش بن دلی بیگ کمل پوش از امرائے ہند۔ عمر در عشرہ سابعہ

(۴) احترام خاں بن صمصام الدولہ۔ عمر بیست و چند

(۵) شہداد خاں خویشگی "از کبارِ امرائے ہند" عمر عشرہ سابعہ

(۶) امیر بیگ مخاطب بیادگار خاں بن ضیا بیگ بلوچ۔ "از امرائے ہند، عمر قریب ۶۰

(۷) اصلح علی خاں خواجہ سرائے ثابت خانی از امرائے ہند

(۸) رتن رائے بن رائے خوش حال چند کایتھ ماتھر "احد الاعیان"

(۹) عاقل بیگ بخشی مظفر خاں (تاریخ محمدی نسخہ رامپور بحوالہ معاصر ۱۱۵/۱)

۵۲ مندرجہ ذیل اشخاص یکم ذی الحجہ ۱۱۵۱ھ کو نادر شاہ کے قتل عام میں کام آئے:

(۱) خوش حال رائے اکبر آبادی، طبیب حاذق عمر ۴۰

(۲) ثابت قدم خاں خویشگی "احد الاعیان" در عشرہ سادسہ

(۳) عبدالرحیم خاں مخاطب بہ رحیم داد خاں "احد الاعیان" عمر پنجاہ و چند

(۴) قاسم حسین خاں بن قاسم حسین خاں بن میر کلاں "احد الاعیان"

(۵) جمال اللہ خاں عمر تخمینا ۶۰ سال

(۶) میر مبارک خاں بن میر امام امام الدین خاں خوستی "احد الاعیان" عمر تقریباً ۵۰

(۷) سعید نبی خاں پوربی

(۸) بو علی خاں بن بو علی خاں شیرازی

(۹) شیخ محمد عابد علوی لاہوری خوشنویس نستعلیق (تاریخ محمدی بحوالہ معاصر ۱

۵۳ قاضی عبدالودود صاحب فرماتے ہیں: میر نے وفات محمد علی کے بعد دہلی آنے اور یہاں [illegible] ہونے کا ذکر کیا ہے لیکن یہ نہیں لکھا کہ دہلی سے آگرہ کب واپس گئے وہاں سے دوبارہ دہلی آنے کا حال البتہ تحریر کیا ہے، میر نے حملہ نادری اور قتل عام کی کیفیت مطلقاً نہیں بیان کی۔ [illegible]

Marfat.com

بڑے بھائی کے ماموں، سراج الدین علی خاں[5] آرزو کے احسانات کا بھاری بوجھ اٹھایا یعنی کچھ مدت اُن کے ساتھ رہا اور یارانِ شہر سے چند کتابیں پڑھیں۔ جب اس قابل ہوگیا کہ کسی کا مخاطبِ صحیح بن سکوں تو بھائی کا خط (اپنے ماموں کے نام) پہنچا کہ "میر محمّد تقی فتنۂ روزگار ہے اِس کی تربیت ہرگز نہ کرنی چاہیئے بلکہ دوستی کے پردے میں اس کا کام تمام کر دینا چاہیئے"۔ وہ عزیز (آرزو) پکّے دنیادار تھے، اپنے بھانجے کی عداوت دیکھ کر میرا بُرا چاہنے لگے، اگر میں سامنے پڑ جاتا تو پھٹکارنے لگتے، اور بچ بچ کر رہتا تو سیدھیاں سُناتے، ہر وقت اُن کی نگاہیں میرے پیچھے پڑی رہتیں اکثر دشمنوں کا سا برتاؤ کرتے، کیا بیان کروں کہ میں نے اُن سے کیا پایا، کس طرح کہوں مجھ پر کیا حالت گذری، ہر چند اپنا منھ بند رکھتا، اور لاکھ احتیاج میں بھی اُن سے کبھی ایک رُپیہ تک نہ مانگتا، مگر وہ بُرا بھلا کہنے سے باز نہ آتے تھے۔ اُن کی دشمنی کا ماجرا اگر تفصیل سے بیان کروں تو ایک علیحدہ دفتر درکار ہے"۔ میرا دُکھا ہوا دل اور بھی زخمی ہوگیا۔

جنون اور میں پاگل ہوگیا، میرا کُڑھا ہوا دل اور بھی کُڑھنے لگا۔ وحشت پیدا ہوگئی جس حجرے میں رہتا تھا اُس کا دروازہ بند کرلیتا اور اِس ہجومِ غم میں تنہا بیٹھ جاتا، جب چاند نکلتا تو (گویا) قیامت سر پر آتی تھی، اگرچہ اُس وقت سے

اگر ن[illegible] در کے شاہد میں ہوتے تو معاملہ برعکس ہوتا۔ صمصام الدولہ کا وطن آگرہ تھا اور اُن کے لیے اس میں [illegible] دشواری نہ تھی کہ روزینہ آگرے ہی میں ملنے کا انتظام کردیں۔ میرا خیال ہے کہ روزینہ مقرر ہونے کے بعد آگرے واپس گئے اور پھر نادرگردی ختم ہوگئی تو دلی آئے۔" (معاصر حصّہ ۹)

[5] میر اور خان آرزو کے تعلقات کی بحث مقدمہ کتاب میں کی گئی ہے۔ آرزو کے حالات و تصانیف کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو۔ معاصر حصّہ ۹

میر نے "خالوے برادرِ کلاں" لکھا ہے (ذکرِ میر/۶۳) برادرِ کلاں سے مراد محمّد حسن ہیں جو میر کے سوتیلے بھائی تھے، خالو ماموں کے لیے استعمال ہوا ہے۔ اردو کے معروف معنوں (شوہرِ خالہ) میں نہیں۔

Marfat.com

جب منھ دُھلاتے وقت دایہ "چاند چاند" کہتی اور میں آسمان کی طرف دیکھتا تھا، چاند پر نظر کرتا تھا، لیکن نہ اِس حد تک کہ دیوانگی کی نوبت آجائے اور وحشت اتنی بڑھ جائے کہ (لوگ مجھ سے) ڈر کر میری کوٹھری کا دروازہ بند کر دیں اور میری صحبت سے دور بھاگنے لگیں!

(نقل تحفہ) چاندنی رات میں ایک پیکرِ خوش صورت۔ کمال خوبی کے ساتھ کُرۂ قمر سے میری طرف بڑھتا اور مجھے بے خود کر دیتا تھا۔ جدھر بھی میری آنکھ اُٹھتی اسی رشکِ پری پر پڑتی، جس طرف بھی دیکھتا تھا۔ اُسی غیرتِ حور کا تماشا کرتا تھا، میرے گھر کے در و بام اور صحن (گویا) ورقِ تصویر ہو گئے تھے۔ یعنی شش جہت میں وہی حیرت افزا (چہرہ) نظر آتا، کبھی چودھویں کے چاند کی طرح سامنے ہوتا۔ کبھی منزلِ دل اس کی سیرگاہ ہوتی اگر گلِ ماہتاب پر نظر پڑ جاتی تو گویا جانِ بے تاب میں آگ سی لگ جاتی۔ ہر رات اُس سے صحبت رہتی اور ہر صُبح اُس بن وحشت رہتی، جب سفیدۂ سحر نمودار ہوتا تو وہ جلے دل سے ٹھنڈی آہ بھرتی۔ یعنی ایک آہ بھر کر چاند کی طرف واپس ہو جاتی۔ میں تمام دن جنون کرتا اور اُس کی یاد میں دل کو خون کرتا، دیوانہ و مست کے مانند کف بر لب ہاتھوں میں پتھر لیے پھرتا۔ میں اُفتاں و خیزاں اور لوگ مجھ سے گریزاں۔

چار مہینے تک وہ گلِ شب افروز نت نئے گل کھلاتا رہا۔ یعنی فتنہ خیز سے قیامت ڈھاتا رہا۔ ناگاہ موسم بہار آیا، جنون کے داغ (اور بھی) ہرے ہو گئے یعنی میں آسیبی سا ہو گیا اور مطلق کسی کام کا نہ رہا۔ بس وہ خیالی صورت تھا اُس کی مُشکیں زلفوں کا دھیان سر میں لاتا، دیوانہ ہو گیا۔ یعنی زندانی و زنجیری ہو گیا۔

فخرالدین خاں کی بی بی نے جو درویش (والد) کی مرید تھیں اور قریبی رشتہ بھی

Marfat.com

رکھتی تھیں (میرے علاج میں) بہت رُپیہ خرچ کیا۔ سیانوں نے جھاڑ پھونک کی، طبیبوں نے فصد کھولی۔ طبیبوں کی تدبیر سے فائدہ ہوا، خریف کا موسم آیا، اور بہار رخصت ہوئی تو جنون بھی گھٹ گیا۔ وہ نقش جو وہم نے بٹھایا تھا صفحۂ دل سے مٹ گیا، جُنون سے جو سبق پڑھا تھا فراموش ہوگیا۔ اب زبان سکوت سے آشنا ہوگئی یعنی پریشاں گوئی موقوف ہوگئی۔ دماغ کو مرطوب کیا گیا تو نیند بھی آگئی، گئی ہوئی طاقت پھر لوٹ آئی یعنی میں (اصلی) حالت میں آگیا اور بدخوابی جاتی رہی اور وہ چہرۂ مہتابی نظروں کے سامنے سے اوجھل ہوگیا۔ کچھ مدّت بعد پوری طرح صحت یاب ہوگیا اور "ترسُّل" پڑھنا شروع کر دیا۔

میر جعفر

(نقل) میں ایک دن سرِ بازار، ایک کتاب کا جُزو ہاتھ میں لیے بیٹھا تھا، میر جعفر نامی ایک جوان اُدھر سے گذرے اُن کی نظر مجھ پر پڑی تو تشریف لائے اور ذرا توقف کر کے کہنے لگے: "اے عزیز معلوم ہوتا ہے تمھیں پڑھنے کا شوق ہے، میں بھی کتاب کا کیڑا ہوں، لیکن کوئی مخاطب نہیں ملتا، اگر تمھیں شوق ہو تو کبھی کبھی آجایا کروں" میں نے کہا: "میں کسی خدمت کی استطاعت تو نہیں رکھتا اگر محض خدا واسطے آپ یہ زحمت گوارا کریں تو عین بندہ نوازی ہے"۔ کہنے لگے "اتنا ہے کہ جب تک تھوڑا سا ناشتا نہ مِل جائے میں گھر سے قدم نہیں نکالتا" میں نے کہا: "(یہ مشکل) خدائے کریم آسان کر دے گا، اگرچہ میرے پاس بھی کچھ نہیں ہے"۔ اُنھوں نے اُس نسخۂ پریشاں کے پا ورق کو اگلے سر صفحوں کے مطابق کر کے مجھے دیا اور چلے گئے۔ اُس دن سے اکثر اُس آدم صورت، فرشتہ سیرت انسان سے ملاقات ہوتی وہ نہایت مہربانی سے مجھے پڑھاتے، یعنی اپنا دماغ کھپاتے اور مجھے کچھ سِکھاتے، میں بھی تا بہ مقدور اُن کی خدمت کرتا یعنی جو کچھ میسّر تھا اُن کے لیے خرچ کرتا، ناگاہ اُن کے وطن یعنی عظیم آباد سے ایک خط آیا اور وہ بادل ناخواستہ

Marfat.com

اُدھر چلے گئے۔

سیّد سعادت علی
قبل ۱۱۵۷ھ

پھر کچھ مدّت بعد میں سعادت علی نامی ایک سیّد سے ملا جو امروہہ کے تھے اُس عزیز نے مجھے ریختہ موزوں کرنے کی تکلیف کی، جو شعر ہے، شعرِ فارسی کی طرح "اُردوے معلّاے بادشاہ ہندوستان کی زبان میں، اور اُس وقت رواج پا رہا تھا۔ میں نے سخت محنت کی اور اپنی مشق اِس درجے تک پہنچا دی کہ موزونانِ شہر کے لیے مستند ہوگیا۔ میرے شعر تمام شہر میں مشہور ہوگئے اور خُرد و بزرگ کے کانوں تک پہنچ گئے!

رعایت خاں کی ملازمت
۱۱۶۰ھ

ایک دن ماموں نے مجھے کھانے پر بُلایا۔ ان سے میں نے ایک تلخ بات سُنی اور بے مزہ ہوگیا کھانے میں ہاتھ ڈالے بغیر اُٹھ گیا، چوں کہ ان سے مجھے کوئی منفعت تو پہنچ نہیں رہی تھی شام کو اُن کے گھر سے نکلا اور سیدھا جامع مسجد کا راستہ لیا۔ اتفاق سے راستہ بھول گیا اور حوض قاضی پر آنکلا، جو وزیر الممالک اعتماد الدولہ کی حویلی کے پاس ایک چھوٹی سی نہر ہے، یہاں میں نے پانی پیا۔ اس جگہ علیم اللہ نامی ایک شخص میرے سامنے آیا اور بولا: "تم میر محمد تقی میرؔ ہو نا؟" میں نے کہا: "تم نے کیسے پہچانا؟" بولا: "تمھارا سودائیانہ انداز تو مشہور ہے! رعایت خاںؔ لے جو عظیم اللہ خاں کا لڑکا اور اعتماد الدولہ قمر الدین خاں کا بھانجا ہے، جب سے تمہاری طبعِ نکتہ انگیز کی کاوشیں اُس تک پہنچی ہیں تم سے ملاقات کا بہت مشتاق

لے "نواب رعایت خاں ظہیر الدولہ عظیم اللہ خاں [illegible] کا بیٹا تھا جو بعد ازاں وہاں کا صوبیدار مقرر ہوا [illegible] یہ عظیم اللہ خاں، رعایت خاں برادر [illegible] خاں [illegible] خاں کی ماں نور [illegible] اعتماد الدولہ قمر الدین خاں کی تھی۔ رعایت خاں [illegible] قمر الدین خاں کی [illegible] سے شادی کی تھی۔

(تاریخ فرخ آباد از [illegible] ص ۹۰ [illegible])

Marfat.com

اگر تم میرے ساتھ چل کر اُس سے ملو، تو میرے لیے بھی باریابی کا بہانہ ہو جائے گا"۔
میں جا کر ملا۔ وہ آدمیت سے پیش آیا اور مجھے اپنا رفیق بنالیا۔ اُس (کی ملازمت) سے میں نے تمتّع کیا اور تنگ دستی کی قید سے چھوٹ گیا۔

دُرّانی کا حملہ ۱۱۶۱ھ

جس زمانے میں (احمد شاہ) دُرّانی لاہور[۵۱] آیا اور زکریا خاں کا لڑکا شاہ نواز خاں جو وہاں کا صوبیدار تھا بھاگ گیا، تو وزیر (قمر الدین خاں) اور صفدر جنگ اور راجا جے سنگھ، جو ایک بڑا زمیندار تھا، اس کا بیٹا

---

[۵۱] احمد شاہ دُرّانی ہندوستان میں پہلی بار نادر شاہ کے ساتھ آیا تھا (۱۷۳۹ء) اور اُس نے مغل حکومت کی زوال آمادگی کا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ اب اُسے لاہور سے شاہ نواز خاں نے دعوت نامہ بھیجا کہ اگر آپ ہندوستان پر حملہ کریں تو میں اس شرط پر آپ کی امداد کروں گا کہ بعد حصولِ فتح مجھے عہدۂ وزارت دیا جائے۔ احمد شاہ دُرّانی یہ دعوت نامہ پاتے ہی وسطِ دسمبر (۱۷۴۷ء) میں پشاور سے چل پڑا، اور ۸ر جنوری (۱۷۴۸ء) کو شاہدرہ (لاہور) پہنچا۔ اسی دوران میں نواب قمر الدین خاں نے جو شاہ نواز خاں کے ماموں ہوتے تھے، اُس کے خطرناک ارادے سے آگاہ ہو کر امداد دینے کا ارادہ ترک کر دیا۔ دُرّانی نے شاہ نواز خاں کو دوبارہ ہموار کرنے کی کوشش کی لیکن بے سود رہی، مگر اس نے پیش قدمی جاری رکھی اور ۱۰ر جنوری کو راوی سے اپنی فوجیں اُتار کر شالامار باغ میں خیمہ زن ہوا۔ ۱۱ر جنوری کو دونوں فوجوں میں جھڑپ ہوئی اور شاہ نواز خاں بھاگ گیا۔ جب قلعہ دہلی میں لاہور فتح ہو جانے کی خبر پہنچی، تو محمد شاہ نے جو اُن دنوں بیمار تھا، شہزادہ احمد شاہ، اور نواب قمر الدین خاں اور راجا جے سنگھ سوائی والیِ جے پور کے لڑکے ایشر سنگھ وغیرہ کی نگرانی میں دو لاکھ فوج بھیجی جو ۲۵ر فروری (۱۷۴۸ء) کو سرہند پہنچی، ادھر سے یہ لوگ ذرا آگے بڑھے تھے کہ لدھیانہ کے راستے سے دُرّانی ۲ر مارچ کو سرہند پر قابض ہو گیا اور لوٹ مار شروع کر دی۔ ۲۲ر مارچ (مطابق ۲۲ر ربیع الاوّل ۱۱۶۱ھ جمعہ) کو وزیر قمر الدین خاں اپنے خیمے میں چاشت کی نماز پڑھ رہے تھے کہ ناگاہ ایک گولا آ کر لگا جس سے وہ فوراً مر گئے۔
مُعین الملک نے اِس خبر کو صیغۂ راز میں رکھا اور خود نواب قمر الدین کے ہاتھی پر سوار ہو کر مقابلے کے لیے نکلا۔ اتّفاق سے دُرّانی کے توپ خانے کی بارود میں آگ لگ گئی اور اُس کی فوج کے ہاتھی بھاگنے لگے اور ایک ہزار فوج جل کر بھسم ہو گئی مجبوراً دُرّانی کو میدان چھوڑنا پڑا، اور شاہی فوج نے میدان مار لیا۔ اِس کی تاریخ "فتحِ خداساز" (۱۱۶۱ھ) نکلتی ہے۔
۹ر اپریل (۱۷۴۸ء) کو دہلی سے محمد شاہ کا فرمان پہنچا جس میں فوج کو واپس آنے کی ہدایت اور معین الملک کے نام لاہور کی گورنری کا حکم تھا۔ معین الملک اپنی وفات ۳ر نومبر ۱۷۵۳ء

(باقی برصفحۂ آئندہ)

Marfat.com

ایشر سنگھ شہزادہ احمد شاہ کو ساتھ لے کر اُس سے جنگ کرنے نکلے۔ سرہند کے اُس طرف وزیر (نواب قمر الدین خاں) کے گولا لگا، اور زمیندار مذکور (ایشر سنگھ) کے پانو اُکھڑ گئے۔ معین الملک جو وزیر شہید کا لڑکا تھا، اور صفدر جنگ شہزادہ احمد شاہ کو سوار کر کے افغانوں سے بھڑ گئے، میں اس سفر میں خان مذکور (رعایت خاں) کے ساتھ تھا اور خدمات انجام دے رہا تھا۔ جب افغانوں کی فوج بُری طرح ہار کر بھاگی تو معین الملک لاہور کا گورنر ہو گیا اور خان مذکور (رعایت خاں) عضوِ معطّل کی طرح اس کی رفاقت چھوڑ کر صفدر جنگ کے ساتھ شہر (دلّی) کو روانہ ہو گیا۔

محمد شاہ کا انتقال
ربیع الثانی ۱۱۶۱ھ

پانی پت کے قریب جو دلی سے چالیس کوس کے فاصلے پر ایک مشہور شہر ہے، یہ خبر پہنچی کہ محمد شاہ[۵] کا انتقال ہو گیا۔ (اس خبر) سے عالم میں تہلکہ مچ گیا۔ صفدر جنگ نے بڑے تفاخر

تک اس عہدے پر فائز رہا۔ اس کے بعد اُس کی بیوی مغلانی بیگم نے صوبے کی حکومت اپنے ہاتھ میں لے لی۔ مگر عماد الملک نے اُسے معزول کر کے آدینہ بیگ خاں کو مقرر کر دیا۔ اور مغلانی بیگم نے احمد شاہ دُرّانی کو مال و متاع کا لالچ دے کر پھر ہندوستان آنے کے لیے لکھا۔

[۵] محمّد شاہ (روشن اختر) ۷ر اگست ۱۷۰۲ء کو پیدا ہوا، اور ستمبر ۱۷۱۹ء مطابق ذی قعدہ ۱۱۳۱ھ میں تخت نشین ہوا، ۲۶ر اپریل ۱۷۴۸ء مطابق (۲۷ر ربیع الثانی ۱۱۶۱ھ) کو اس نے انتقال کیا۔ اور اُس کی جگہ احمد شاہ اُس کا لڑکا بائیس سال کی عمر میں تخت نشین ہوا، وہ ادھم بائی کے بطن سے تھا جو "مان خاں قوّال کی بہن تھی۔ احمد شاہ نے اپنی تخت نشینی کے بعد اُس کو نواب بائی [illegible] دیا، کچھ تھوڑے دنوں کے بعد نواب قدسیہ صاحب الزماں خطاب ہوا" [illegible] ادھم بائی جاوید خاں پر بہت مہربان تھی اسی لیے جاوید خاں کو [illegible] ہوا۔ اور وہ [illegible] ہزاری منصب تک پہنچا۔ مغل خاندان کی تاریخ میں یہ پہلا خواجہ [illegible] تھا جسے اتنا بڑا اعزاز نصیب ہوا لیکن اُس کے برسر اقتدار آنے سے طبقۂ [illegible] میں بہت تخت [illegible] ہیجان اور ناراضی پیدا ہو گئی تھی۔ قلعے کے ملازمین جاوید خاں اور نواب قدسیہ کی اہانت کرتے تھے [illegible] نے گھروں سے نکلنا چھوڑ دیا۔ آخر کار صفدر جنگ نے ۲۷ر اگست ۱۷۵۲ء کو اُسے [illegible] ڈالا۔ احمد شاہ کو بھی [illegible]

Marfat.com

سے چھتر اور تخت شاہی احمد شاہ کے حضور میں پیش کیا اور اُسے بادشاہ بنا دیا۔ وہ پورے کرّوفر سے شہر میں داخل ہوا۔ اِس موقع پر جاوید خاں کو جو مرحوم بادشاہ (محمد شاہ) کا خواجہ سرا تھا نواب بہادر کا خطاب ملا۔ اور اختیاراتِ سلطنت اُس کے سپرد ہوئے ؎

ہر روز اختیارِ جہاں پیشِ دیگر یست
دولت مگر گدا است کہ ہر روز بر دریست[۵]

صفدر جنگ کی وزارت ۱۱۶۱ھ

جب نظام الملک آصف جاہ نے دکن میں انتقال کیا تو وزارت کا منصب صفدر جنگ کو ملا اور سادات خاں ذوالفقار جنگ بخشی گری سے سرفراز ہوا نئے وزیر کے وہ ٹھاٹھ باٹ تھے کہ ایسی شان و شوکت بادشاہ کو بھی نصیب نہ تھی۔ نئے بخشی (سادات خاں) نے راجا بخت سنگھ کو، جو بڑا تجربہ کار اور نام برآوردہ زمیندار تھا اور اُس کا بڑا بھائی ابھے سنگھ ریاست جودھ پور پر متمکن تھا، صوبہ اجمیر کی نیابت دے کر (بھائی کا) مقابلہ کرنے کے لیے بھیج دیا۔ راجا مذکور خان (رعایت خاں) کو فوج کا سردار بنا کر اپنے ساتھ لے گیا سانبھر کے قریب جو اجمیر سے بیس کوس اِدھر ایک مشہور قصبہ ہے، دونوں فوجوں کا مقابلہ ہوا اور توپ خانے کی جنگ چھڑ گئی۔ فریق ثانی کے لوگوں نے جی چُرایا اور نمک حراموں کی طرح ایک دن بھی جی لگا کر نہ لڑے جان دینے کا تو ذکر ہی کیا! ناچار اُدھر کے رئیس (ابھے سنگھ) نے ملھار کو جو مرہٹوں کا نامی سردار تھا درمیان میں ڈال کر صلح کر لی اور واپس ہو گیا۔ یہ صلح

عماد الملک نے اندھا کر کے تخت سے اُتار دیا اور عالم گیر ثانی کو اُس کی جگہ تخت نشین کر دیا۔

۵ (ترجمہ) دنیا کے اختیار (حکومت و اقتدار) ہر روز دوسروں کو منتقل ہوتے رہتے ہیں، شاید دولت بھی فقیر ہے جو آئے دن کسی نہ کسی کے دروازے پر کھڑی رہتی ہے۔

Marfat.com

کے بعد خواجۂ بزرگ[1] کی درگاہِ مبارک کی زیارت سے سعادت اندوز ہونے گیا، اور (اجمیر) کے اُس نواح کی سیر کر کے واپس آگیا۔

یہاں ایک بات پر پخ پخ ہوگئی، راجا بخت سنگھ نے ناک بھوں چڑھائی اور خان (رعایت خاں) سے اُس کی بگڑ گئی[2] ستار قلی خاں کشمیری نے جو ایک ہی بہروپیا تھا، اُسے خوب سُنائیں (اور دونوں میں) ٹھن گئی۔ خان نے اپنا موقع نہ دیکھ کر، اِس بدکلامی کی معذرت کے لیے مجھے بھیجا۔ میں نے جا کر اُس کی جانب سے حلف اُٹھایا کہ آیندہ ایسا نہیں ہوگا۔ مگر اُس کا دل صاف نہ ہوا۔ اور اس نے مہلت نہ دی۔ رسالے کے لوگوں کی تنخواہ کا حساب بے باق کر کے بھیج دیا اور وہاں سے خیر باد کہا۔ بارے بخیر گذر گئی، خان بھی اس سے دست بردار ہو کر شہر (دلّی) آگیا۔ اور کچھ دن گھر بیٹھا رہا۔

میری بے دماغی

(نقل) ایک چاندنی رات میں خان کے سامنے ڈوم کا لڑکا مہتابی پر بیٹھا گا رہا تھا۔ (خان نے) جب مجھے دیکھا تو کہنے لگا: "میر صاحب اِسے اپنے دو تین شعر ریختہ کے رٹا دیجیے پھر

---

[1] حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری مراد ہیں، جو سلسلۂ چشتیہ کے مشائخ کبار میں شمار ہوتے ہیں اُن کی ولادت ۵۳۵ھ (۱۱۴۲ء) میں ہوئی۔ وہ خراسان اور بغداد ہوتے ہوئے ۵۹۰ھ (۱۱۹۳ء) میں دلی آئے پھر اجمیر تشریف لے گئے وہیں مدت العمر قیام رہا۔ ۶۳۴ھ (۱۲۳۶ء) میں انتقال فرمایا۔ خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ اُن کے مشہور خلیفہ ہیں۔ خواجہ بزرگ کی طرف کچھ تصانیف بھی منسوب ہیں، لیکن وہ محقق نہیں (رک: نثار احمد فاروقی: نقد ملفوظات) ایک دیوان بھی متداول ہے لیکن وہ دراصل معین الدین مسکین ساکن ہرات و مصنف معارج النبوۃ کا زائیدہ فکر ہے (رک: مقالات شیرانی) "درگاہ اجمیر کی زیارت" بقول قاضی عبدالودود میر کے "وسعت مشرب کی دلیل نہیں ہوسکتی بخوبی ممکن ہے کہ میر خواجۂ اجمیر کو اپنا ہم مشرب سمجھتے ہوں" (معاصر ۱۴ ص ۹۹)

[2] مولوی عبدالحق مرتب ذکر میر نے اس موقع پر عنوان دیا ہے: "سادات خاں ذوالفقار جنگ اور بخت سنگھ کی نزاع" لیکن سیاق و سباق کی روشنی میں یہ غلط ٹھہرتا ہے۔ "خان" سے میر کی مراد رعایت خاں ہے۔ سادات خاں نہیں!

Marfat.com

یہ لڑکا انھیں بستہ زگار (راگ) کی دُھن میں بٹھا کر گا لے گا۔" میں نے کہا: "میں اس گون کا آدمی نہیں ہوں"، کہنے لگا: "تمھیں میرے سر کی قسم"۔ چوں کہ نوکری کا معاملہ تھا، طوعاً و کرہاً تعمیل کی اور پانچ شعر ریختہ کے اُسے یاد کرا دیے۔ مگر یہ بات میری طبعِ نازک پر بہت گراں گذری۔ آخر دو تین دن بعد خانہ نشین ہوگیا اُس نے ہر چند لطف کیا، نہیں گیا اور وہ نوکری چھوڑ دی۔ مگر اُس شخص کی ذاتی مروّت نے فقیر کو ناکام دیکھنا گوارا نہ کیا۔ میرے بھائی محمد رضی کو، میری رفاقت کے پیشِ نظر، اپنے پاس سے گھوڑا دے کر نوکر رکھ لیا۔ جب ایک مدت کے بعد میں جا کر ملا تو اُس نے بہت عذر خواہی کی۔ میں نے کہا: "گذشتہ را صلوٰۃ!"

نوّاب بہادر

جب اِس پر بھی کچھ مدت گذر گئی تو میں نے نواب بہادر کے ہاں ملازمت تلاش کی اور نوکر ہو گیا، اسد یار خاں [1] نے جو اُس کی فوج کا بخشی تھا، میرا احوال سنا کر گھوڑے اور نوکری کی تکلیف معاف کرادی۔ وہ (نواب بہادر) میرا حد سے زیادہ لحاظ کرتا تھا اور میری امداد و اعانت کرتا رہتا تھا۔ خدا اُسے خیر دے۔

فرخ آباد کا سفر
شوال ۱۱۶۳ھ

جن دنوں محمد خاں بنگش کا لڑکا قائم خاں روہیلوں کی جنگ میں مارا گیا اور صفدر جنگ اُس کے گھر کی ضبطی کے لیے روانہ ہوا [2]۔ میں بھی ایک تقریب سے اسحاق خاں نجم الدولہ کے ساتھ

---

[1] اسد یار خاں (احمد شاہی) لطف علی خاں کے بیٹے تھے اور اُن کے باپ کے متعلق میر الانصار مصنفہ باقر علی خاں پانی پتی میں درج ہے کہ: "از سرکارِ احمد شاہ سبب وساطتِ نواب بہادر خدمت خانِ سامانی بہ لطف علی خاں بخشی گری بہ اسد یار خاں مُفوّض شد۔" اس کتاب میں ان دونوں کے اور بھی حالات ہیں۔ (معاصر ۱/ ۱۸۷) [2] نواب قائم خاں بنگش (والیِ فرخ آباد) سے صفدر جنگ کی پرانی عداوت تھی اور وہ بنگش خاندان کو ملیا میٹ کرنے کے منصوبے بہت دنوں سے بنا رہا تھا آخر اس نے یہ ترکیب کی کہ روہیل کھنڈ کی گورنری کا فرمان بادشاہ سے لکھوا کر (باقی بر صفحہ آیندہ)

Marfat.com

اُس طرف کی سیر کرنے چلا گیا۔ چوں کہ قائم خاں کے چھوٹے بھائی احمد خاں سے گھمسان کی جنگ ہوئی۔ وزیر کی فوج نے منھ کی کھائی اور اسحاق خاں مارے گئے۔ میں اُس ہارے ہوئے لشکر کے ساتھ بڑی زحمت اُٹھا کر پھر شہر (دلّی) واپس آگیا۔[1] وزیر نے دوبارہ لشکر کشی کی اور افغانوں کو پچھاڑ کر پوری ظفرمندی

قائم خاں کے نام بھیج دیا اور یہ لکھ دیا کہ اس علاقہ پر تم قبضہ کر لو۔ نواب علی محمد روہیلہ کا انتقال ہو چکا تھا (۱۱۶۲ھ) اور حافظ رحمت خاں اُن کے علاقے کا انتظام کر رہے تھے۔ نواب سعداللہ خاں کو اُنھوں نے علی محمد روہیلہ کے مسند پر بٹھا رکھا تھا۔ حافظ رحمت خاں نے قائم خاں کو بہتیرا سمجھایا کہ روہیل کھنڈ پر حکومت کرنے کا خیال ذہن سے نکال دو۔ یہ صرف صفدر جنگ کی ایک چال ہے اور وہ اِس طرح خاندانِ بنگش اور روہیلوں میں عداوت و نفاق کا بیج بونا چاہتا ہے، مگر صفدر جنگ کی شہ پر قائم خاں نے پیش قدمی جاری رکھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ مارا گیا (۱۵ر ذی الحجہ ۱۱۶۲ھ مطابق ۲۶ر نومبر ۱۷۴۹ء) حافظ رحمت خاں نے اس کی نعش فرخ آباد بھجوادی۔

اب صفدر جنگ دہلی سے فرخ آباد پر قبضہ کرنے کی نیت باندھ کر نکلا (۳۰ر ذی الحجہ ۱۱۶۲ھ) اور قائم خاں کی والدہ کو دھوکا دے کر اپنے خیمے میں بلوایا اور اُسے مع چھ فرزندوں کے گرفتار کر کے اُس کے ساتھیوں کو قتل کرادیا۔ پھر راجا نول رائے کو وہاں کا حاکم مقرر کر کے واپس آگیا۔

اِدھر قائم خاں کے بھائی احمد خاں نے رستم خاں آفریدی کی مدد سے فوج جمع کی اور راجا نول رائے کو قتل کر کے اُس کی فوج کو لوٹ کھسوٹ کر مار بھگایا۔

یہ سن کر صفدر جنگ آگ بگولا ہو گیا اور اسّی ہزار فوج لے کر دہلی سے نکلا (۲۳ر جولائی ۱۷۵۰ء) سورج مل جاٹ، نجم الدولہ اسحاق خاں وغیرہ اُس کی مدد کے لیے ہمراہ تھے۔ میر بھی اسی لشکر میں اسحاق خاں کے ساتھ گئے تھے۔ چتونی (متصل سہاور) کے مقام پر فرخ آباد سے چند کوس اِدھر میدانِ کارزار گرم ہوا۔ اسحاق خاں مارا گیا اور صفدر جنگ بھی زخمی ہوا۔ فوجیں بری طرح پسپا ہو کر دہلی آگئیں۔

۱۷۵۱ء میں صفدر جنگ نے ملہار راؤ ہلکر اور اپا سیندھیا مرہٹہ سرداروں کو کثیر رقم کا لالچ دے کر اپنے ساتھ ملا لیا اور دو لاکھ فوج لے کر دوبارہ فرخ آباد پر حملہ کیا۔ اس بار احمد خاں بنگش کو شکست ہوئی لیکن اس شرط پر صلح ہو گئی کہ احمد خاں، صفدر جنگ کو پچاس لاکھ روپے بطور تاوانِ جنگ اور پانچ لاکھ شاہی خراج ادا کریں گے۔

[تاریخ فرخ آباد: اروین و حیات حافظ رحمت خاں]

[1] ۲۹ر شوال ۱۱۶۳ھ (خزانۂ عامرہ/ ۸۳) مطابق ۳۰ر ستمبر ۱۷۵۰ء

کے ساتھ حضور (شاہ) میں آیا۔[۱]

غازی الدین فیروز جنگ
۱۱۶۵ھ

جن دنوں ذوالفقار جنگ میر بخشی، نواب بہادر کی دشمنی کے باعث اپنے عہدے سے معزول ہوا اور امیر الامرائی کا منصب غازی الدین خاں فیروز جنگ پسرِ آصف جاہ کو ملا۔ وہ صوبۂ دکن کا نظم و نسق سنبھالنے کے لیے روانہ ہوا اور راستے میں ہیضہ کر کے مر گیا۔[۲] بخشی گری کی خلعت اُس کے بیٹے عماد الملک نے پہنی۔ بندہ لوگوں سے میل جول بند کر کے مُطوّل پڑھنے میں لگ گیا۔

مہانراین دیوان وزیر کی ملازمت
ذی قعدہ ۱۱۶۵ھ

جب صفدر جنگ نے دھوکا دے کر نوّاب بہادر (جاوید خاں) کو مروا ڈالا،[۳] ایک عالم درہم برہم ہوگیا، میں بھی بے روزگار ہوگیا۔ وزیر کے دیوان، مہانراین نے اپنے داروغۂ دیوان خانہ میر نجم الدین[۴] علی سلاؔم کے ہاتھ جو میر شرف الدین علی پیاؔم کے بیٹے تھے، (میرے لیے) کچھ بھیجا، اور بڑے اشتیاق سے مجھے بُلایا۔ میں اُس کے دامن سے وابستہ ہوگیا اور کچھ مہینے فراغت سے بسر ہو گئے۔

ابھی مظلوم خواجہ سرا کے خون کا قضیّہ ختم نہیں ہوا تھا کہ زمانے نے ٹھوکر لگا کر

---

[۱] جمادی الاولی ۱۱۶۴ھ (خزانۂ عامرہ/۸۳) [۲] ۷ ذی الحجہ ۱۱۶۵ھ (خزانۂ عامرہ/۵۰) یہ راستے میں نہیں بلکہ اورنگ آباد جانے کے ۱۷ دن بعد مرا تھا۔ [۳] ۲۷ اگست ۱۷۵۲ء مطابق ذیقعدہ ۱۱۶۵ھ (خزانۂ عامرہ/۸۵)

[۴] نجم الدین علی سلاؔم، عہدِ محمد شاہی میں اردو کے مشہور شاعر شرف الدین علی پیاؔم کے بیٹے تھے۔ پیاؔم اکبر آباد کے رہنے والے تھے خان آرزو سے اِن کی دوستی تھی۔ تقریباً سولہ سال انند رام مخلص کے ہم صحبت رہے۔ خوشگو کے مشاعروں میں شریک ہوتے اور باہم معارضے کرتے تھے۔ ۲۸ محرم ۱۱۵۷ھ کو انتقال کیا۔ اور دلی میں دروازہ شاہ مردان کے قریب دفن ہوئے۔ ایک دیوان یادگار چھوڑا۔ انشا میں بھی دسترس تھی۔ سلاؔم کا ترجمہ نکات الشعراء میں موجود ہے (رک: مجمع النفائس: سراج الدین علی خاں آرزو۔ سفینۂ ہندی بھگوان داس ہندی/۲۷ سفینۂ خوشگو: بندرابن خوشگو۔ نکات الشعراء۔ نوائے ادب جلد ۸ شمارہ ۳-۴۔ سخن شعراء/۲۱۸۔ معاصر ۸/۱۲۲۔ ۱۲۳۔ مرآۃ الاصلاح: انند رام مخلص۔ ورق ۱۵۸۔ الف۔

Marfat.com

ایک اور فتنہ جگا دیا اور نیا ہی ہنگامہ کھڑا کر دیا۔ یعنی وزیر کو کچھ شبہات پیدا ہوئے اور اُس نے بادشاہ سے بغاوت کر دی۔ ہر چند صلح کی کوشش کی گئی، مگر اُس نے امارت کے گھمنڈ میں اپنا سر نیچا نہیں کیا۔ مجبوراً بادشاہ نے اُسے سزا دینے کا ارادہ کیا۔ آخر وہ (صفدر جنگ) شہر سے نکل کر اپنے خداوندِ نعمت (احمد شاہ) سے جنگ کرنے پر تُل گیا۔[1] ادھر عماد الملک نے جو آصف جاہ کا پوتا اور منصب بخشی گری پر مامور تھا۔ نیز اُس کے ماموں اور اعتماد الدولہ (قمر الدین خاں) شہید کے لڑکے انتظام الدولہ اور شاہی فوج کے دوسرے سرداروں نے شہر کی حفاظت کی۔ پُرانا شہر سب لُٹ گیا۔ چھ مہینے تک جنگ جاری رہی۔ اگرچہ اُس کے مقابلے کی اُن میں سکت نہیں تھی، لیکن شاہی فوج کے لوگوں نے ایسی جی توڑ کوشش کی کہ میدان مار لیا، اور باغی وزیر کے پانو اکھڑ گئے۔ مجبور ہو کر اُس نے صلح کا پیغام بھیجا۔ بادشاہ نے اُس کی شکست کو غنیمت جان کر اُسے صوبہ (اودھ) کی دستوری مرحمت کر دی۔ وزیر انتظام الدولہ ہوا۔[2]

امیر خاں کی حویلی میں (محرم ۱۱۶۷ھ)

انھیں دنوں زمانے کی نامساعدت سے (تنگ آکر) میں نے ماموں (سراج الدین علی خاں آرزو) کی ہمسائیگی ترک کر دی یہ سوچ کر کہ وہ مجھے ہلکی نظر سے دیکھیں گے۔ اور امیر خاں[3] مرحوم کی حویلی میں سکونت اختیار کی۔ جو محمد شاہی عہد کے بڑے امیر تھے الٰہ آباد کی صوبہ داری اور سلطنت کی دکھتی رگ اُن کے ہاتھ میں تھی تخلص

---

[1] رجب ۱۱۶۶ سے تقریباً ذی الحجہ ۱۱۶۶ تک (خزانہ عامرہ ۱۶)

[2] صفدر جنگ محرم ۱۱۶۷ھ (نومبر ۱۷۵۳ء) میں صوبہ اودھ کی وزارت کا خلعت لے کر دلی سے روانہ ہوا اور اسی سال ذی الحجہ (مطابق ۵ اکتوبر ۱۷۵۴ء) کو اس نے وفات پائی۔ انتظام الدولہ نواب قمر الدین کا لڑکا تھا یہ مارچ ۱۷۵۳ء میں عہدہ وزارت پر متمکن ہوا اور مئی ۱۷۵۴ء تک رہا۔ عماد الملک نے اسے قتل کرا دیا تھا۔ (خزانہ عامرہ ۱۶)

Marfat.com

اُن کا انجام ہے۔ خوش سلیقگی اور طلاقتِ لسانی میں زبان زدِ عوام ہیں۔ محمد علی روہیلہ کی مہم (سر کرنے میں) اُنھیں کا ہاتھ تھا، اُنھوں نے ہی بادشاہ کو اس پر چڑھا کر اُسے قید کیا تھا۔ آخر کار اپنے ایک ملازم کے ہاتھ سے دیوانِ خاص کے دروازے پر مارے گئے) (اُن کی حویلی میں منتقل ہو کر) میں "بلطائف الحیل" بسر کرتا رہا۔

عماد الملک نے تھوڑی ہی مدت میں زور فراہم کر لیا اور مرہٹہ سرداروں کو اپنے ساتھ ملا کر صفدر جنگ کا ساتھ دینے کے جرم میں سورج مل پر چڑھائی کر دی جو ایک طاقتور زمین دار تھا۔ اور اُس کے قلعے کو مستقر بنا کر محاصرہ کر لیا اور اُسے پریشان کرنا شروع کیا۔ ملھار راؤ کا لڑکا اِسی جنگ میں مارا گیا۔ زمیندار مذکور (سورج مل) کی وزیر (صفدر جنگ) سے (خفیہ) خط و کتابت تھی یہی بات اِن دونوں کے نفاق کا سبب بنی۔ بادشاہ (بھی شہر سے) نکلا اور دریائے جمنا سے بیس میل اُدھر سکندر آباد کے قریب ڈیرے ڈالے۔ ایک دن شام کو خبر ملی کہ سردارانِ دکن اور عماد الملک نے سورج مل سے گٹھ جوڑ کر لیا ہے اور اب وہ بادشاہی لشکر کو لوٹنے کے لیے لیس ہو کر چل پڑے ہیں بس پہنچا ہی چاہتے ہیں! بادشاہ نے صمصام الدولہ میر آتش اور چند دوسرے نمک حراموں کے کہنے میں آکر جو بخشی گری کے عملے سے سازش کر چکے تھے، ناموس (بیگماتِ شاہی اور خواتین) کو بھی وہیں چھوڑا اور مضطرب و سراسیمہ ہو کر بھاگ کھڑا ہوا، وہاں صبح ہوتے تک دکنی فوج آگئی اور لشکر کو بالکل لوٹ لیا۔ پھر اُن کے تعاقب میں آئے اور دریا (جمنا) کے اُس طرف خیمے نصب کیے۔

عالمگیر ثانی
شعبان ۱۱۶۷ھ

اب حکم ہوا کہ مردانِ بادشاہی میں سے کوئی قلعے میں نہ رہے، اگرچہ وہ نمک حرام تو پہلے ہی یہاں سے نکل بھاگے تھے۔ اس بندوبست کے بعد عماد الملک آیا اور اُس نے قلمدانِ وزارت سنبھال لیا۔ بڈھو

Marfat.com

وزیر (انتظام الدّولہ) مارے بُزدلی کے کسی کونے میں جا دبکا۔ اور بادشاہ حواس باختہ ہو کر باغ کی طرف نکل گیا۔ کچھ دیر بعد غدار ساتھیوں نے اُسے دھوکا دے کر پکڑ لیا اور اُس کی آنکھوں میں سلائی پھیر کر بہادر شاہ کے پوتے کو عالمگیر ثانی[1] کے نام سے تخت پر بٹھا دیا۔ بے حیثیت لوگ بر سرِ اقتدار آ گئے۔ جو کچھ ہوا بے جا ہوا — صمصام الدّولہ جو عقل سے بالکل کورا تھا امیر الامرا بن بیٹھا۔ میں اس سفرِ وحشت اثر میں احمد شاہ کے ساتھ تھا۔ واپس آ کر گوشہ نشین ہو گیا۔

ماموں کا سفر لکھنؤ
محرم ۱۱۶۸ھ

اُس زمانے میں کہ صفدر جنگ نے وفات[2] پائی اور صوبے (اودھ) کی ریاست اُس کے بیٹے شجاع الدّولہ کو ملی میرے ماموں (خانِ آرزو) لالچ کے مارے نکل پڑے یعنی شجاع الدّولہ کے لشکر میں اس توقع پر گئے کہ اسحاق خاں شہید کے بھائی وہاں ہیں وہ حقوقِ سابق کا خیال کر کے کچھ رعایت کریں گے۔ مگر کچھ اُن کے ہاتھ نہ آیا۔ قسمت کے دھکّے کھائے، وہیں مر گئے[3]۔ اُن کی نعش وہاں سے لا کر انھیں کی حویلی میں سپردِ خاک کی گئی۔

راجا جگل کشور
۱۱۶۹ھ

دو تین مہینے کے بعد راجا جگل کشور[4] جو محمّد شاہ کے وقت میں وکیلِ بنگالہ تھے اور بڑے ٹھاٹھ سے رہتے تھے، مجھے گھر

---

[1] احمد شاہ کو ۱۱۶۷ھ/۱۷۵۴ء میں اندھا کر کے تخت سے اُتارا گیا۔ اور اُس کی جگہ عالمگیر ثانی کو ۵۵ سال کی عمر میں تخت نشین کیا۔ (۱۰ شعبان ۱۱۶۷ھ روز یکشنبہ) وہ جب سے فرّخ سیر بر سرِ اقتدار آیا تھا (۱۷۱۳ء) بہت غریبی کی زندگی بسر کر رہا تھا۔ اُس نے مذہبی کتابوں اور تصوّف و تاریخ کا اچھا مطالعہ کیا تھا اور اورنگ زیب کی طرح نظمِ حکومت کرنا چاہتا تھا۔ مگر اُس کی ناتجربہ کاری اور اُس کے درباری امرا کی نااہلی نے اُسے کامیاب نہ ہونے دیا۔ بالآخر اُسے عماد الملک نے دھوکے سے قتل کرا دیا جس کا حال میرؔ نے آگے لکھا ہے۔

[2] ۱۷ ذی الحجہ ۱۱۶۷ھ خزانۂ عامرہ/۸۶۔

[3] ۲۳ ربیع الثانی ۱۱۶۹ھ مطابق ۲۰ جنوری ۱۷۵۶ء سہ شنبہ۔ (خزانۂ عامرہ/۱۱۹) "بعد چندگاہ" اُن کا بقیہ جسد دہلی لا کر اُن کی حویلی میں دفن کیا گیا تھا۔ اور بقول صاحب مخزن الغرائب "استخوانش بحضرت دہلی رسانیدند" قلمی نسخہ کتب خانہ حبیب گنج ورق ۵۰ الف۔

[4] "در نکتہ دانی و لطیفہ گوئی و خوش معاشی و یار باشی معروف بودہ" (سفینۂ ہندی/۶۶) عہد محمد شاہ میں دربار دہلی (باقی بر صفحۂ آیندہ)

Marfat.com

سے مُلا کرلے گئے اور اپنے اشعار پر اصلاح کرنے کو کہا۔ میں نے اصلاح کی قابلیت نہ دیکھی اور اُن کی اکثر تصنیفات پر خط کھینچ دیا۔

راجا ناگرمل
۱۱۷۰ھ

اُس زمانے میں راجا ناگرمل جو فردوس آرام گاہ کے عہد میں دیوانِ خالصہ وتن پر فائز تھے[۱] نیابتِ وزارت پر سرفراز ہوئے۔ مہاراجگی اور عمدۃ الملکی کا خطاب پایا۔ چوں کہ وہ شہر کے مظلوموں کو اپنے گھر پناہ دیتے اور اُن کی فریاد سُنتے تھے، بہت سے لوگ اُن کے دشمن ہوگئے۔ اگر وہ دربار میں جاتے تو خود بھی بڑی احتیاط اور پورے طمطراق کے ساتھ (مسلح ہوکر)، اُن کی فوج بھی چوکنی رہتی۔ اِس طرح بدخواہوں کا فریب نہ کھاتے اور بڑے ٹھٹے سے بسر کرتے تھے۔ اِسی زمانے میں صمصام الدّولہ یعنی موجودہ میر بخشی سِل کے مرض میں (مبتلا ہوکر) مرگئے۔ اور اُن کا لڑکا جو محض بے حقیقت ہے اُن کے عہدے پر مقرر ہوا۔

ابدالی کے حملے

اسی اثنا میں شاہ دُرانی[۲] جو سرہند سے شکست کھاکر واپس ہوگیا تھا، اور ہندستان کا خیال برابر اُس کے سر میں سمایا

میں ناظم بنگالہ کا وکیل تھا۔ بادشاہ کے مزاج میں دخل تمام حاصل کرلیا تھا۔ اپنے بیٹے کی شادی بڑی دھوم سے کی تھی۔ خرابیِ دہلی کے بعد لکھنؤ گیا اور نواب شجاع الدّولہ کی ملازمت اختیار کی۔ وہاں سے پھر فرخ آباد چلا گیا۔ اُسے ایک موقع پر ہاتھی نے ہلاک کرڈالا۔ [۱] محمد تقی میر از مدّتے بسبب افراط و تفریطِ روزگار ... ہمراہِ ناگرمل کہ دیوان تن و دخیلِ پادشاہی بود در قلعۂ ڈیگ شنیدہ می شود۔۔ از غزلیات تازہ اُوست کہ باین راقم الحروف نوشتہ ...'' (قدرت اللہ شوق: تذکرہ طبقات الشعراء قلمی نسخہ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن۔ ورق ۸۶ ب تا ۹۲ - الف۔ مشمولہ تین تذکرے مرتبہ نثار احمد فاروقی ص۱۱۳ اس تذکرے کا زمانہ تصنیف ۱۱۹۶ھ ہے۔) [۲] احمد شاہ ابدالی دسمبر ۱۷۴۹ء میں پھر دریائے چناب پار کرکے ہندستان پر حملہ کرنے کی نیت سے آپہنچا تھا اُس نے معین الملک کو چہار محل (گجرات۔ اورنگ آباد۔ پسرور سیالکوٹ) کے خراج کے لیے لکھا جو محمد شاہ نے ۱۷۳۹ء میں نادر شاہ کو دیے تھے معین الملک نے ابدالی کا یہ خط دہلی بھیج دیا جہاں سے اندرونی سازشوں کے شکار عیش پرست بادشاہ نے خراج ادا کرنے کا وعدہ لکھ بھیجا۔ معین الملک نے شاہی خط دکھا کر احمد شاہ (باقی بر صفحہ آیندہ)

Marfat.com

ہوا تھا بھاری لاؤ لشکر کے ساتھ لاہور آیا۔ وہاں کے وضیع و شریف نے کون سا ستم تھا جو نہ جھیلا، اور کون سی جفا تھی جو نہ سہی۔ کوئی روکنے والا تو تھا نہیں، یعنی معین الملک پہلے ہی مغلوب ہو چکا تھا کچھ دنوں بعد گھوڑے سے گر کر مر گیا۔

وہاں سے ابدالی نے شہر (دلی) کا قصد کیا اُس کی آمد آمد سُن کر یاردں کے اوسان خطا ہو گئے۔ بادشاہ اور وزیر سے کچھ نہ بن پڑا، آخر اس کی رسم پذیرائی کے لیے گئے اور قید ہو گئے۔ راجا ناگرمل، سعدالدین خاں خان ساماں وغیرہ جیسے بعض رئیسوں کے ساتھ اپنی حفاظت کے لیے سورج مل کے قلعوں میں چلا گیا۔ تقریباً ایک مہینے تک شہر میں رسد کی تنگی رہی۔ پھر شاہ (ابدالی) نے عالمگیر (ثانی) کو سلطنت سپرد کر کے وزیر (عماد الملک) کو اپنے ساتھ لیا اور آگرے کا رخ کیا۔ اُس کی فوجوں نے لوٹ مار شروع کر دی متھرا میں جو

کو ٹال دیا۔

لیکن ابدالی کو اندازہ تھا کہ موجودہ وقت میں یہ خراج ادا نہیں کر سکے گا۔ چنانچہ [illegible] جب میعاد گزر گئی اور زرِ [illegible] نہ پہنچا تو احمد شاہ نے پہلے اپنے سفیر بھیجے۔ معین الملک [illegible] کیا۔ مگر حملے کی دھمکی میں آ کر نو لاکھ روپیہ ادا کر دیا اور باقی کے لیے وعدہ کر لیا [illegible] فوجوں کے واپس ہو جانے پر ادا کر دوں گا۔ ابدالی نے ۹ لاکھ تو خزانے میں [illegible] ملتوی نہ کیا۔ (۱۷۵۱ء) معین الملک بھی پچاس ہزار فوج لے کر راوی کے پار پہنچ گیا۔ لیکن ابدالی دوسرے راستے سے لاہور کی طرف چل کھڑا ہوا۔ معین الملک جلدی سے لاہور واپس آیا۔ ابدالی نے شہر کا محاصرہ کر لیا اور یہ چار مہینے تک جاری رہا۔ رسد کی پریشانی سے عاجز آ کر معین الملک نے ہتھیار ڈال دیے۔ ۱۲ مارچ ۱۷۵۲ء لیکن ابدالی معین الملک کی ہمت، شجاعت اور اپنے آقا [illegible] سے اتنا خوش ہوا کہ لاہور کی گورنری اپنی طرف سے اُسے عطا کی۔ ادھر عبداللہ خاں [illegible] کشمیر فتح کرنے کے لیے فوج بھیجی اور وہاں کے گورنر ابوالقاسم خاں کو شکست دے کر [illegible] جیون لال کو اپنی طرف سے گورنر مقرر کر دیا۔

لاہور پر اس کے بعد معین الملک تقریباً ۱½ سال تک اطمینان سے حکومت کرتا رہا۔ ۳ر نومبر ۱۷۵۳ء کو اچانک اُس کا انتقال ہو گیا۔

Marfat.com

شہر (آگرہ) سے اٹھارہ کوس اِدھر بڑا بارونق اور آباد شہر تھا، قتلِ عام ہوا۔[1] جب ہَوا متعفن ہوگئی تو شاہ (ابدالی) نے طاعون کے خوف سے سورج مل کے معاملے کو ملتوی کرکے دفعتاً کوچ کردیا۔ اور محمد شاہ کی بیٹی سے اپنا عقد کرکے بالا بالا

---

[1] جب معین الملک کا انتقال ہوگیا (۳؍نومبر ۱۷۵۳ء۔ محرم ۱۱۶۷ھ) تو اُس کی بیوی مغلانی بیگم نے صوبے کا انتظام اپنے ہاتھوں میں لے لیا۔ مگر عماد الملک نے اُسے معزول کرکے آدینہ بیگ خاں کو حاکم مقرر کردیا (مارچ ۱۷۵۶ء) مغلانی بیگم نے ابدالی کو بلا بھیجا۔

ابدالی قندھار سے چل کر ۲۰؍دسمبر (۱۷۵۶ء) کو لاہور پہنچا، اور ۱۰؍جنوری (۱۷۵۷ء) کو ستلج عبور کرکے بغیر کسی روک ٹوک کے ۲۸؍جنوری کو دلّی میں داخل ہوگیا۔ یہاں اُس کی فوجوں نے ایسی لوٹ مار کی اور دستِ ظلم و تعدّی دراز کیا کہ میرؔ نے اِس کتاب میں اُس کا عُشرِ عَشیر بھی نہیں لکھا ہے۔

عماد الملک سے ابدالی نے زر و جواہر پیش کرنے کا مطالبہ کیا۔ اُس نے اپنے افلاس کا رونا رویا تو ابدالی نے اُسے اور اُس کے ملازموں کو ایذائیں دیں پھر انتظام الدّولہ طلب کیا گیا جو نواب قمر الدین خاں کا لڑکا تھا اور اُس سے ایک کروڑ روپے کا مطالبہ کیا اُس نے بھی لیت و لعل کی تو اُسے "چو بہاے تپنچی" سے ایذا دینے کی دھمکی دی گئی جو ابدالی کے سامنے فرش پر لگی ہوئی تھیں۔ تب اُس نے کہا کہ شولاپوری بیگم کو خزانے کا علم ہوگا۔ یہ بیگم ایک وزیر (انتظام الدّولہ) کی ماں دوسرے (قمر الدین خاں) کی بیوی اور تیسرے وزیر (محمد امین خاں) کی بہو، اُسی وقت بلائی گئی اور اُسے دھمکایا گیا کہ ناخنوں میں کیلیں ٹھونکی جائیں گی ورنہ قمر الدین خاں کے دفینے کا پتا بتاؤ! شولاپوری بیگم نے نشان بتایا تو سَو آدمیوں نے چھ گھنٹے لگاتار محنت کرکے قمر الدین خاں کا مکان کھود پھینکا اور ۱۶ لاکھ روپے نقد نیز بے شمار سونے چاندی کے ظروف نکال لیے (۴؍فروری ۱۷۵۷ء)۔

لاکھوں بے گناہ عورتوں کی عصمتیں اور ہزاروں امیروں کی دولت و عزت لوٹنے کے بعد احمد شاہ نے جنوب کی طرف کوچ کیا۔ ۳؍مارچ (۱۷۵۷ء) کو بلبھ گڑھ کا قلعہ فتح کیا۔ یہاں قتل و غارت کا وہ بازار گرم ہوا کہ سپاہی مقتولوں کے سروں کو نوٹوں کی طرح جمع کرتے اور صبح ہی اُن سروں کی گٹھریاں لے کر وزیر کے خیمے پر آجاتے تھے جہاں اُنھیں ایک سر پر پانچ رُپے انعام ملتے تھے۔ اور شرفا کی بہو بیٹیوں کی ایسی بے توقیری ہوئی کہ جن مُغویہ عورتوں سے ابدالی کے سپاہی زنا کرتے تھے، اُن کی فریاد و فغاں سے راتوں کو کان پڑی آواز سُنائی نہ دیتی تھی۔

اُدھر ابدالی نے نجیب خاں اور جہاں خاں کو فوجیں دے کر متھرا فتح کرنے بھیج دیا۔ وہاں بھی بے شمار ہندوؤں اور مسلمانوں کا قتلِ عام ہوا، سارے بازار لوٹ لیے گئے۔ (باقی بر صفحہ آیندہ)

Marfat.com

نکل گیا۔ عماد الملک آگرے کے نواح میں رہ گیا۔ نجیب الدولہ، جو صفدر جنگ کی لڑائی (کے زمانے) میں وزیر کا ملازم ہوا تھا، نمایاں ترقی کر کے میر بخشی اور مختارِ سلطنت بن گیا۔

نجیب الدولہ سے جھڑپ

اِدھر راجا ناگرمل دکن کے سردار (مرہٹوں) سے مل گیا۔ وزیر (عماد الملک) اور احمد خاں اور اُن (مرہٹوں) کو نجیب الدولہ پر چڑھا کر لے گیا۔ وہ (نجیب الدولہ) شہر بند ہو گیا۔ توپ خانے کی جنگ ہوئی۔ بعض سردار جو خود رائے تھے، ذرا سا غلبہ پا کر شہر کی لوٹ کا قصد کرتے تھے۔ راجا مذکور جس کا منشا وزیر کی نیک نامی

تمام مکان جلا دیے اور ہفتوں تک سڑکوں پر لاشیں سڑتی رہیں، اتنا خون بہایا گیا تھا کہ جمنا کا پانی سُرخ ہو گیا تھا۔

۲۱ مارچ کو جہاں خاں نے آگرے پر قبضہ کر کے بیس ہزار سے زائد انسانوں کو موت کے گھاٹ اُتار دیا۔

قتل و غارت کی زیادتی کا معمولی سا اندازہ یوں کیا جا سکتا ہے کہ فضا اس قدر متعفن اور پانی ایسا خراب ہو گیا کہ ابدالی کی فوج میں ہیضہ پھیل گیا اور اوسطاً ڈیڑھ سو سپاہی روز مرنے لگے۔ مجبوراً ۲۸ مارچ کو ابدالی نے پڑاؤ اٹھا دیے اور ہندستان سے چلے جانے کا قصد کیا۔ [illegible] احمد شاہ نے اپنے لڑکے تیمور شاہ کی شادی عالمگیر ثانی کی ۱۶ سالہ لڑکی سے رچائی تھی۔ اب واپسی میں اُس نے محمد شاہ کی لڑکی حضرت بیگم سے زبردستی اپنا نکاح پڑھوا لیا۔ [illegible] یہاں سے ابدالی کا قافلہ قندھار کی طرف چلا تو مالِ غنیمت ۲۸ ہزار اونٹوں، ہاتھیوں [illegible] اور بیل گاڑیوں پر لدا ہوا تھا۔ ساری فوج پیدل چل رہی تھی کیوں کہ اُن کی سواریوں پر [illegible] تھا۔ دلّی میں جانور عنقا کا حکم رکھتے تھے کیوں کہ ابدالی نے چلتے وقت دلّی میں [illegible] گدھا بھی نہیں [illegible]

اُس نے سرہند کے علاقے کو اپنی مملکت میں شامل کر لیا اور عبدالصمد خاں کو [illegible] مقرر کیا۔ نجیب الدولہ کو اپنا مختار بنا کر دہلی میں چھوڑ گیا۔ اپنے [illegible] شاہ کو لاہور کا حاکم اور جہاں خاں کو اُس کا نائب بنا کر قندھار واپس ہوا۔

یہاں میر نے ابدالی کے تیسرے اور چوتھے حملے کو مخلوط کر دیا ہے۔

Marfat.com

کے سوا کچھ نہ تھا، انھیں لُوٹ مار سے باز رکھتا اور کہتا تھا کہ تمھارا شہر کو لُوٹنا نامناسب اور بیہودہ ہے۔ دکنی فوج ایک جہان کی ناموس خاک میں مِلا دے گی۔ تم تو ناتجربہ کار ہو، ایسا نہ ہو کہ شہر غارت ہو جائے اور بدنامی سر تھُپ جائے! بہتر یہ ہے کہ ہم روہیلوں کو صلح کر کے (محاصرہ سے) نکال لیں اور شہر کو محفوظ رہنے دیں۔ پایانِ کار اُس نے نجیب الدّولہ سے صلح کر لی اور اُسے شہر سے نکال لائے وہ سہارن پور چلا گیا۔ جو اُس کی فوج داری میں تھا۔ وزیر اور اُس کے دوسرے ساتھی شہر میں داخل ہوئے دکنی فوج کو رخصت کر دیا۔ توپ خانے کی داروغگی راجا کے لڑکے (بہادر سنگھ) کو تفویض ہوئی اور احمد خاں میر بخشی ہو گیا۔

راجا جُگل کشور

ایک دن میں نے راجا جگل کشور کے سامنے روزگار کی شکایت کی وہ عزیز شرم سے پیلا پڑ گیا، کہنے لگا: "میں خود مفلس ہوں اگر کچھ بھی ہوتا تو ہرگز دریغ نہ کرتا۔" ایک دن سوار ہو کر راجا ناگرمل کے ہاں گیا اور میرا تعارف کرا کے بلوا بھیجا۔ میں گیا اور اُس کے وسیلے سے ملاقات کی۔ بہت لُطف و عنایت سے پیش آیا، کہنے لگا: "دعوتِ شیراز حاضر ہے، یعنی تمھارا حصّہ بھی تمھیں پہنچتا رہے گا۔" بارے مجھے کچھ تسلی ہو گئی اور اُٹھ کر آ گیا۔ دوسرے دن جب شعر خوانی کا اتّفاق ہوا تو کہنے لگا: "میر کا ہر شعر موتیوں کی مالا ہے۔ مجھے اِس جوان کا طرز بہت اچھا لگتا ہے۔" ایسے ہی میں کچھ دن جاتا رہا، مگر کچھ ہاتھ نہ آیا۔ چونکہ پانی ہڈّی تک پہنچ گیا تھا (یعنی فقر و فاقہ کی تکلیف ناقابلِ برداشت ہو گئی تھی) اضطراب بہت بڑھ گیا۔ ایک دن صبح کی نماز کے بعد اُس کے دروازے پر گیا۔ چوبداروں کا میر دہ جے سنگھ نامی میرے سامنے آیا اور کہنے لگا: "یہ دربار کا کون سا وقت ہے؟" میں نے کہا: "اضطرار کا عالم ہے!" بولا "لوگ تمھیں درویش کہتے ہیں، تم نے شاید یہ نہیں سُنا کہ لَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللهِ (ایک ذرّہ بھی خدا کے حکم کے بغیر حرکت نہیں کرتا)

Marfat.com

یہاں اپنی ریاست کے آگے کسی کی پروا نہیں ہے! صابر و شاکر رہنا چاہیے، ہر کام اپنے وقت پر ہوتا ہے، یہاں تو تمھاری رسائی مشکل ہے، البتہ اُن کے بڑے لڑکے سے مل سکتے ہو۔" میں نہایت شرمندہ ہو کر واپس آ گیا۔

ایک رات کو اُس (دربان) کے کہنے کے مطابق (راجا کے) لڑکے سے ملنے گیا دربان نے روک دیا۔ بولا: "اس وقت اُن سے ملاقات کرنا ممکن نہیں۔" مجبوراً واپس آ گیا۔ پھر عشا کی نماز کے بعد دوبارہ گیا، دیکھا تو ڈیوڑھی پر دربان نہیں ہے، میں نے پوچھا: "دربان کہاں گیا؟" لوگوں نے کہا: "آج اُس کے سر میں ایسا شدید درد تھا کہ بیٹھ نہیں سکتا تھا۔" میں نے سوچا تائیدِ الٰہی شامل ہے۔ دیوان خانے میں داخل ہوا اور ملاقات کی۔ شعر خوانی کا بھی اتفاق ہوا۔ خواجہ غالب نے جو جوانِ زور مند (بااثر) تھے اور مجھ سے شناسائی رکھتے تھے، میرا احوال مفصل سنا کر کچھ مقرر کرا دیا جو میں ایک سال تک پاتا رہا۔ ایک رات راجا کی خدمت میں حاضر ہوا تو اُنھوں نے مجھے ایک سال کی تنخواہ دے کر فرمایا: "مجھ سے اکثر ملتے رہا کیجیے۔" اُس دن سے عشا کی نماز کے بعد ملازموں کے طریقے سے اُن کے پائیں باغ میں جاتا، اور دو پہر رات گئے تک رہتا تھا۔ اِس خدمت کا پھل یہ تھا کہ چین سُکھ سے گزر اوقات ہوتی تھی۔

اب میرا زبان دراز قلم بات کا رُخ بدل کر دوسری طرف چلتا ہے:

(سانحہ) دکن کے سردار مُلک کو اپنا سمجھتے تھے۔ اور شاہ [illegible] جنگ کے منصوبے گانٹھ رہے تھے جب انھوں نے سُنا کہ شاہ [illegible] شاہ اور سردار فوج جہاں خاں تھوڑے سے آدمیوں کے ساتھ [illegible] تو انھوں نے [illegible] ایا لیتھ [illegible] طاقت) کی پروا نہ کرتے ہوئے لاہور پر دھاوا بول دیا۔ شاہی فوج جو کم تھی جنگ کی تاب نہ لا کر بھاگ گئی، اور یہ لوگ [illegible] دریائے اٹک تک

قابض ہو گئے۔ صاحبا نامی سردار کو وہاں کے انتظام پر چھوڑا اور اپنے ملک یعنی دکن چلے گئے۔

چند اور سانحے

چوں کہ میں اِن سانحات کو مختصر کر کے لکھنا چاہتا تھا اس لیے بہت سی باتیں، مثلاً: عماد الملک کا شجاع الدّولہ پر آنکھ کڑی کرنا اور راجا کا صلح کرا دینا، بدخشیوں کی بدتمیزی کا ہنگامہ اور وزیر، راجا اور نجیب خاں کی جرأت سے اُن کا مغلوب ہونا، اور وزیر (عماد الملک) کا اپنے خسر معین الملک کی املاک ضبط کرنے کے لیے لاہور جانا اور صوبہ دار مذکور (معین الملک) کی بیوی کو اُس شہر سے نکال[1] دینا؛ اور عاقبت محمود کشمیری کو مار ڈالنا، اور ستار قلی خاں کشمیری کا مارا جانا، شہر دہلی کی بربادی اور چند بے حقیقت لوگوں کے ظلم سے (دہلی والوں کے) گھر بار تباہ ہونا، جو نئے نئے برسرِ اقتدار آئے تھے۔ اور اُن احمقوں کا خدا کی لاٹھی سے غافل ہونا اور عالی گُہر (شاہ عالم) کا، جس پر اب بادشاہ ہونے کی تہمت ہے، مگر فرنگیوں کے ہاتھوں میں کٹھ پتلی بنا ہوا ہے، سردارانِ دکن میں سے ایک کے ساتھ جانا اور کچھ مدت بعد اُس کا شہر (دہلی) آنا اور اپنے باپ کی خدمت میں پہنچنا، اور اُس کی پذیرائی کے لیے راجا کا جانا، یاروں کا اُسے فریب دینا، اور اُس کا زخمی ہو کر پورب کی طرف بھاگنا، وہاں سختیاں اُٹھانا، (پھر) بادشاہ ہونا، اور انتظام الدّولہ خان خاناں کو قید کرنا اور کچھ نا اہلوں کے کہنے سے سلاطین کو قلعے سے نکال دینا، پھر اُن کا ناگفتہ بہ رسوائی کے ساتھ واپس آنا۔ (یہ سب باتیں) میرے قلم نے تفصیل سے نہیں لکھیں، کیوں کہ اِس مختصر (کتاب) میں اِن تمام تفصیلات کی گنجایش نہیں تھی۔

---

[1] ۲۸ / مارچ ۱۷۵۶ء۔ اِس کا مفصّل تذکرہ ہم نے گزشتہ صفحات کے حاشیے میں لکھ دیا ہے۔

Marfat.com

مرہٹوں کا فتنہ

ابھی یہ ساری بلائیں پوری طرح ختم نہیں ہوئی تھیں کہ چرخِ فتنہ انگیز کی گردش نے ایک نیا ہنگامہ برپا کردیا عجب افراتفری پھیل گئی، یعنی جنکو نامی سردار بھاری فوج لے کر دکن سے آیا اور اُس کے لشکر کا شہر (دلّی) کے اطراف میں گذر ہوا۔ بہتوں کے دل دہل گئے، ایک ہُلڑ مچ گیا۔ رئیسوں کا رنگ فق ہوگیا شاہ اور وزیر نے اُس سے صلح کرلی۔ اُس نے دتّا نامی سردار کو جو اس بہادر اور کڑیل جوان (جنکو) کا مدار المہام تھا، اپنے ساتھ ملاکر نجیب الدولہ پر چڑھائی کردی، جو گنگا کے کنارے وسطی علاقے میں اپنے قدم جمائے بیٹھا تھا۔ وہاں گھمسان کی جنگ ہوئی۔

یہاں سب نے وزیر کے گھر جمع ہوکر مشورہ کیا کہ اگر یہ بھاری سپاہ واپسی میں ہم پر ٹوٹ پڑی تو ایسی تباہی مچائے گی کہ عالم تہ و بالا کردے گی اور سارا شہر غارت ہوجائے گا۔ اگر بن پڑے تو ہم شریک ہوکر نجیب الدولہ کا کام تمام کردیں ورنہ درمیان میں پڑکر صلح کرادیں۔

عالمگیر ثانی اور انتظام الدولہ کا قتل ۱۱۷۳ھ

جب یہ طے ہوگیا تو وزیر نکلا اور اُس نے دریا (جمنا) کے اُس پار خیمے گاڑ دیے پھر بادشاہ کو (شریک ہونے کی) دعوت دی۔ اُس نے بیماری کا بہانہ کرکے صاف جواب دے دیا۔ چوں کہ لوگوں کو بادشاہ کی طرف سے اطمینان نہیں تھا، انھوں نے مشورہ کیا کہ شہر جاکر بادشاہ کو ختم کردیں اور انتظام الدولہ کو بھی جیتا نہ چھوڑیں۔ راجا (ناگرمل) اُسی رات کو دریا کے پار چلا گیا، صبح ہوتے تک یہ سیاہ باطن، لشکر سے (نکل کر) شہر میں آئے اور بادشاہ کے سامنے قسمیں کھائیں کہ ہم وزیر سے خوش نہیں ہیں لیکن زمانہ سازی کررہے ہیں۔ اگر حضور فائدہ اٹھائیں تو ایک نادر موقع ہاتھ آیا ہے، وہ

Marfat.com

سادہ لوح (بادشاہ) ان نابکاروں سے جُل کھا گیا، پوچھا: "کیا ہے؟" انھوں نے کہا: "ایک صاحبِ کمال تارک الدنیا فقیر دو تین روز سے فیروز شاہ کے کوٹلے میں وارد ہے، کل چلا جائے گا، اگر آپ شام کو اُس سے مل لیں تو بہت ممکن ہے کہ اِس بزرگ کی دعا سے ہم اِس بلا سے چھٹکارا پالیں اور وزیر پر غالب آجائیں"۔ بادشاہ اِن عزیزانِ زمانہ کی منافقت سے بے خبر تھا۔ وعدہ کرلیا کہ "ہم ضرور ملیں گے"۔ آخر شام کے قریب اُسے سوار کر کے لے گئے، جب کوٹلے میں پہنچا تو اُس بے گناہ کو چاقو مار مار کر ہلاک کر دیا[1] اور اُس کی نعش دیوار کے نیچے پھینک دی۔ شام کے بعد وہاں سے نپٹ کر نماز پڑھنے کی حالت میں خان[2] خاناں کے گلے میں رسّی کا پھندا ڈال کر کھینچا اور اُسے بڑی بے رحمی سے ہلاک کر کے اُس کے مُردے کو سب کی نگاہوں سے بچا کر لے گئے اور دریا میں ڈال دیا۔ بادشاہ کی نعش تمام دن بڑی رسوائی کے ساتھ زمین پر پڑی رہی، جو دیکھتا تھا وہ اِس وحشیانہ فعل کے مرتکبوں پر لعنت کرتا تھا۔ آخر اُس کے وارثوں نے کلیجے پر پتھّر رکھ کے اُس کی میّت راتوں رات دفنا دی، اور اُن ظالموں کے خوف سے ماتم بھی نہیں کیا۔ دوسرے[3] دن صبح کو

---

[1] عزیز الدین شاہ عالمگیر ثانی ابن جہاں دار شاہ ۱۶۸۸ء میں پیدا ہوا، ۲ر جون ۱۷۵۴ء (۱۰ر شعبان ۱۱۶۷ھ) کو تخت نشین ہوا۔ اور ۲۹ر نومبر ۱۷۵۹ء (۸ر ربیع الثانی ۱۱۷۳ھ) کو عماد الملک نمک حرام کی غدّاری اور مہدی علی خاں کی سازش سے قتل ہوا۔ ہمایوں کے مقبرے میں مدفون ہے۔ وقائعِ عالم شاہی میں ہشتم ربیع الثانی ۱۱۷۳ھ درج ہے۔ [2] انتظام الدّولہ خان خاناں۔ نواب قمر الدین خاں کا دوسرا بیٹا تھا، ۱۷۴۸ء ۱۱۶۱ھ میں بزمانہ احمد شاہ بخشی دوم ہوا اور ۱۷۵۳ء ۱۱۶۵ھ میں صفدر جنگ کی معزولی کے بعد وزیر بنا۔ ۳۰ر نومبر (۱۷۵۹ء) کو بادشاہ کے قتل سے اگلے دن عماد الملک کے آدمیوں نے اُسے بھی مار ڈالا۔ [3] لیکن فراقی کا بیان ہے: "ہماں روز شاہ جہاں ثانی را بر اَورنگِ خلافت نشانید۔ چناں چہ اُو یازدہ ماہ کامرانی کرد و بیست و نہم شہر صفر سال ہزار و یک صد و ہفتاد و دو (۱۱۷۲ھ) مقیّد شد" (وقائعِ عالم شاہی/۵)۔

Marfat.com

وہ جفا کار قلعے میں آئے، اور شاہ جہاں نامی ایک جوان کو تخت پر بٹھا کر نذریں پیش کیں۔ عالمگیر ثانی کی سلطنت کی مدّت سات سال تھی۔

جب ان چند ظالموں نے بادشاہ اور انتظام الدولہ کے قتل سے فراغت پائی تو وزیر کو لے کر کوچ کیا اور بھاگم بھاگ راستہ طے کر کے مرہٹوں کی فوج سے مل کر جنگ میں اُن کے شریک بن گئے۔ ابھی اس پر ایک ہفتہ بھی نہ گذرا تھا کہ خبر آئی شاہی فوج (ابدالیوں) نے اٹک پار کر کے صاحبا کو شکست دے دی۔ مرہٹے سردار نجیب الدولہ کی جنگ کو یونہی چھوڑ کر (ابدالی کی فوج کو) روکنے کے لیے سراسیمہ ہو کر بھاگے۔ اور پانی پت کے قریب دریائے جون عبور کر کے اُترے۔ اثنائے راہ میں (اُن کے ہاتھوں) ایک عالم نے سختیاں اُٹھائیں، پھر وہ اینٹ سے اینٹ بجاتے ہوئے کرنال کے اُس طرف خیمہ زن ہوئے جو ایک مشہور قصبہ ہے اور وہاں (حضرت) شاہ شرف بُوعلی قلندر کا آستانہ ہے۔ شام کو سُنا گیا کہ شاہی فوج دریا کی طرف جمع ہو رہی ہے، انھوں نے بھی اپنی فوج کو تیار کیا دوسرے دن سورج نکلنے سے پہلے تقریباً آٹھ ہزار جیالے اور کارگذار سوار اور اپنے میں سے ایک سردار کو جدا کر کے اُن کی طرف بھیجا جب وہ گئے اور اس فوج کے مقابل ہوئے تو ایک ہی ٹمکاری میں بہتوں کے پانو اکھڑ گئے۔ ان سخت دل کوہ پیکر سورماؤں نے ایذا دہی شروع کی اور شیخی خوروں کے منھ توڑ دیے۔ مگر اُدھر کے خوں خوار بھی ایسے گتھ گئے کہ آن کی آن میں کشتوں کے پشتے لگا دیے۔ ادھر کی فوج کے چھکے چھوٹ گئے اور جوانوں کے دل دہل گئے۔ اگر خدا نخواستہ وہ دستہ دائرہ لشکر پر ٹوٹ پڑتا تو ایک عالم کا کام تمام ہو جاتا اور ہم لوگوں میں سے ایک بھی شہر تک زندہ نہ پہنچتا۔ یہ لوگ تو پشیمان ہو کر واپس آگئے اور وہ (دُرّانی، مالِ غنیمت) سے لدپھند کر دریا پار کر گئے۔

Marfat.com

جب بادشاہ نے دوآبے میں ڈیرے ڈالے اور نجیب الدولہ (اُن سے آکر) مل گیا تو دکھنیوں نے لشکر اور شہر کی محافظت کے لیے وزیر کو دستوری دیدی اور خود دریا کے کنارے کنارے آئے اور چھ کوس اُدھر خیمے گاڑ دیے۔ یہاں وزیر نے شہر کو محکم کر کے ملچار باندھ دیے اور داراشکوہ کی حویلی جو دریا کے کنارے واقع ہے، راجا کو سونپ کر، نئے بادشاہ یعنی شاہ جہاں (ثانی) سے آملا۔

چار روز کے بعد شاہ (ابدالی) اور نجیب الدولہ کی فوجیں ایک ساتھ کوچ پر کوچ کرتی ہوئی دریا تک پہنچ گئیں۔ جیالے سردار اور جنگ جو سوار (مرہٹوں کی) گوش مالی کرنے پر آمادہ ہوئے۔ روہیلوں کے پیادوں نے پیش قدمی کر کے جنگ شروع کر دی، نہایت جاں فشانی سے کٹ کٹ کر لڑے۔ اِدھر سے دتّا جو دکن کی فوج کا سردار تھا اپنے کارگذاروں کی مدد کو آپہنچا اور بڑی ثابت قدمی سے اس فوجِ سنگین کے مقابلے میں ڈٹ گیا پہلی ہی تفنگ جو ادھر سے سر ہوئی اس کا ایک تیر دتّا کے لگا اور پہلو میں ترازو ہو گیا۔ مرہٹوں کے ہاتھ پانو پھول گئے، اُس کے مُردے کو اُٹھا کر دریا کے کنارے رکھا، تو اُنھوں نے دریا کے اس طرف آکر مار دھاڑ شروع کی یہ (مرہٹے) ہار کر بھاگ گئے وزیر اپنے سرداروں کو ملچاروں پر چھوڑ کر دکن کی فوج سے مل گیا۔ زمانۂ غدّار نے بڑی تباہی مچائی دُرّانیوں نے (مرہٹوں کی) بھگوڑی فوج کا تعاقب کیا اور اُن میں سے اکثر کو تلوار کے گھاٹ اُتار دیا وہاں سے واپس آکر شہر لوٹنے میں لگ گئے۔

دلّی میں لوٹ

شام کو راجا شہر سے نکلا اور سورج مل کے قلعوں میں جانے کا قصد کیا اور صحیح سلامت پہنچ گیا۔ بندہ (میر) اپنے ناموس (حرم) کی حفاظت کے لیے شہر ہی میں رہا۔ شام کے بعد منادی ہوئی کہ "شاہ (ابدالی) نے امان دے دی ہے رعایا کو چاہیئے کہ پریشان دل نہ ہو۔" مگر جب

Marfat.com

گھڑی بھر رات گذری تو غارت گروں نے مظالم شروع کیے، شہر کو آگ لگا دی، گھروں کو جلا دیا اور (سارا ساز و سامان) لے گئے۔ صبح کو جو (گویا) صبح قیامت تھی تمام شاہی (درّانی) فوج اور روہیلے ٹوٹ پڑے اور قتل و غارت میں لگ گئے۔ (شہر کے) دروازوں کو توڑ ڈالا اور لوگوں کو قید کر لیا بہتوں کو جلا دیا اور سر کاٹ لیے۔ ایک عالم کو خاک و خون میں لٹایا اور تین دن رات تک ظلم سے ہاتھ نہ کھینچا۔ کھانے اور پہننے کی چیزوں میں سے کچھ نہ چھوڑا چھتیں توڑ دیں، دیواریں ڈھا دیں سینے زخمی اور کلیجے چھلنی کر دیے! وہ بدطینت ہر در و بام پر (چڑھے ہوئے تھے) اور شرفا کی مٹی پلید ہو رہی تھی۔ شہر کے عمائد خستہ حال تھے، بڑے بڑے لوگ ایک گھونٹ پانی کے محتاج تھے، گوشہ نشین بے گھر اور نوّاب گداگر بن گئے۔ وضیع و شریف ننگے پھرتے تھے، گھر والے بے گھرے ہو گئے تھے اکثر بلاؤں میں گرفتار اور رسوائے کوچہ و بازار تھے۔ کتنے ہی مصیبت میں مبتلا تھے، اور اُن کے زن و فرزند اسیر۔ شہر پر (غارت گروں کا) ہجوم تھا اور قتل و غارت علی العموم ہو رہی تھی۔ لوگوں کا حال ابتر ہو گیا۔ بہتوں کی جان لبوں تک آگئی (یہ غارت گر) زخم بھی لگاتے، اور گالیاں بھی بکتے، روپیہ بھی چھین لیتے اور سیدھیاں بھی سُناتے۔ جو سامنے پڑ نا اُس کا پاجامہ تک چھین لیتے۔ ایک عالم تکلیفیں جھیل کر مر گیا۔ ایک جہان کی ناموس برباد ہو گئی۔ نیا شہر ڈھے کر خاک سے برابر ہو گیا۔ تیسرے دن نسق مقرر ہوا۔ انزلا خاں نامی نسقچی باشی آیا تو لوگوں کی ٹوپیاں اور نیمہ تن اُس نے اُتروا لیے۔ بارے قدغنچیوں نے ان غارت گروں کو شہر سے نکال کر احتیاطی تدابیر شروع کیں۔ (اب) وہ بے رحم لوگ پرانے شہر پر ٹوٹ پڑے اور ایک جہان کو ہلاک کر دیا سات آٹھ دن تک یہ ہنگامہ گرم رہا۔ ایک وقت کا کھانا اور پہننے کا سامان بھی کسی کے گھر میں

Marfat.com

نہ رہا، مَردوں کے سر ننگے تھے، عورتوں کے پاس اوڑھنی تک نہ تھی۔ چوں کہ راستے بند تھے بہت سے لوگ زخم کھا کھا کر گذر گئے، کچھ سردی کی شدت سے اینٹھ کر مر گئے۔ (اس فوج نے) بڑی بے حیائی سے حملہ کیا اور (شہریوں کو) بے آبرو کیا، غلّہ زبردستی چھینتے اور مفلسوں کے ہاتھ دھونس سے فروخت کرتے، اِن غارت زدوں (کی فریاد) کا شور و ہنگامہ ساتویں آسمان تک پہنچ رہا تھا، مگر بادشاہ جو خود کو فقیر سمجھتا تھا، استغراق کے باعث سُنتا نہیں تھا۔ ہزاروں خانہ خراب عین اِس بھڑکتی آگ میں دل پر داغ لیے ترکِ وطن کر کے جنگل کی طرف چل دیے۔ مگر راستے ہی میں چراغِ صبح گاہی کی طرح مر گئے۔ بہت سے مجبوروں کو وہ ظالم اپنے رکاب میں ڈال کے دائرۂ لشکر میں قیدیوں کی طرح لے گئے۔ ان جفا کاروں کا دَور دورہ تھا۔ دست درازی کرتے، لوٹتے کھسوٹتے، خوب دولت بٹورتے، عورتوں پر ہاتھ صاف کرتے، اپنی تلواریں لیے مال پر قبضہ کرتے پھرتے۔ شہریوں سے کچھ نہ بن پڑتا تھا کیوں کہ اُن کے جی چھوٹ گئے تھے۔ کوئی مضطرب ہوتا تھا، کوئی حیران تھا۔ ہر گھر میں ایک بد باطن، ہر کوچے میں قتل گاہ۔ آزار و گیر و دار عام تھی، ہر طرف خوں ریزی، ہر سمت سزا دہی۔ چٹکیاں لیتے تھے، طمانچے مارتے تھے۔ غریب لوگ خوف سے سہمے جاتے تھے اور یہ لُٹیرے مَلندریاں مارتے پھرتے تھے۔ گھر جل گئے، محلّے ویران ہو گئے۔ سینکڑوں چوب کاری (ایک طرح کی سزا) کی تاب نہ لا کر چل بسے۔ کسی کی فریاد سُننے والا کوئی نہ تھا۔ ایک عالم اُن کے ستم سے ہلاک ہو گیا، مگر کسی کو دم مارنے کی مجال نہ تھی۔ پُرانے شہر کا علاقہ جسے (رونق و شادابی کے باعث) "جہانِ تازہ" کہتے تھے۔ کسی گری ہوئی منقّش دیوار کے مانند تھا یعنی جہاں تک نظر جاتی تھی، مقتولوں کے سر، ہاتھ، پانو اور سینے ہی نظر آتے تھے۔ ان مظلوموں کے گھر ایسے جل رہے تھے کہ آتش کدے کی یاد تازہ ہو رہی یعنی جہاں تک آنکھ دیکھ سکتی

Marfat.com

تھی، سیاہی کے سوا کچھ دکھائی نہ دیتا تھا۔ جو مظلوم مرگیا (وہ گویا) آرام پاگیا، (اور) جو اُن کی زد میں آگیا وہ بچ کے نہ جا سکا۔ میں کہ (پہلے ہی) فقیر تھا، اب اور زیادہ مفلس ہو گیا۔ افلاس اور تہی دستی سے میرا حال بہت ابتر ہو گیا۔ سڑک کے کنارے جو میرا تکیہ (مکان) تھا وہ بھی ڈھے کر برابر ہو گیا۔ غرض کہ وہ بے مروت سارے شہر کو لاکر لے گئے اور شہر کے لوگ ذلت (و رسوائی) اُٹھا کر جان سے گزر گئے۔

مرہٹے پھر آپہنچے

ابھی انھوں نے لوٹ مار بند نہ کی تھی کہ یہ مشہور ہوا کہ مرہٹوں کی فوج جو ہار کر بھاگی تھی دوسرے لشکر کے ساتھ جو میوات میں تھا، مل گئی ہے اور اب اُس کے ارادے ناپاک ہیں[5]۔ شاہ ابدالی نے یہ خبر سُن کر اُن کی طرف بڑھنے کا ارادہ کیا۔ شاہ جہان (ثانی) کو جو چند مہینے کی

---

[5] اس پُر آشوب زمانے میں سلطنتِ مغلیہ کے چپے چپے پر سازشیں اور بغاوتیں ہو رہی تھیں ایک معمولی سردار بھی ہندستان پر بادشاہت کرنے کے خواب دیکھتا تھا۔ خود دلی کے امرا نے بادشاہ کو کٹھ پتلی بنا رکھا تھا اور آئے دن الٹ پھیر ہوتے رہتے تھے۔ پنجاب میں سکھوں کی طاقت آہستہ آہستہ اُبھرنے لگی تھی، بھرت پور اور اُس کے آس پاس [illegible] میں جاٹ سر اُٹھا رہے تھے اودھ میں روہیلے اپنی مضبوط ریاست بنا چکے تھے مگر ان سب سے زیادہ طاقت مرہٹوں نے حاصل کرلی تھی جو اُس وقت برار سے سندھ تک پھیلے ہوئے تھے۔ عماد الملک اپنا اقتدار قائم رکھنے کے لیے مرہٹوں کا دست نگر تھا اور اس نے سلطنت دلی کے کاموں میں [illegible] مرہٹوں [illegible] کرنا شروع کر دیا تھا۔ وہ نجیب الدولہ کے استیصال کی فکر میں لگا ہوا تھا جسے ابدالی اپنا [illegible] قلعہ دلی میں چھوڑ گیا تھا چنانچہ اس نے ستمبر (۱۷۵۷ء) میں نجیب الدولہ کو دلی سے نکال [illegible] دتا سیندھیا کو سوالاکھ فوج کے ساتھ اُس پر حملہ کرنے کے لیے بھیج دیا۔ نجیب [illegible] تو شجاع الدولہ، حافظ رحمت خاں اور احمد خاں بنگش وغیرہ سے [illegible] ریاست کو محفوظ کر سکے اور دوسری طرف ابدالی کو لکھ بھیجا کہ مرہٹے اسلامی سلطنت کا نام و نشان مٹانے پر تُلے ہوئے ہیں اس وقت آپ کی مدد کی شدید ضرورت ہے۔ مرہٹوں نے ایک ہی دن میں ایک ہزار تین سو گاؤں جلا کر خاکستر کر دیے۔ اور سکرتال [illegible] آخر [illegible] بند ہوئے [illegible]

Marfat.com

سلطنت کا گنہ گار تھا، قدیم دستور کے مطابق سلاطین میں بھیج دیا (یعنی قلعہ

دہلی سے عالمگیر ثانی نے بھی ابدالی کو خط لکھا تھا کہ عماد الملک میرے خاندان کو اور مجھے قتل کرنے کی سازشیں کر رہا ہے۔ مگر ابدالی اُن دنوں خود اپنی سلطنت کی اندرونی شورشوں کے فرو کرنے میں لگا ہوا تھا اس نے یہی جواب دیا کہ میں یہاں کے کچھ سرکشوں کو کیفر کردار تک پہنچا دوں پھر آپ کی مدد کے لیے بھی آتا ہوں۔ آخر وہ اکتوبر ۱۷۵۹ء میں لاہور پہنچ گیا اور مرہٹوں کو وہاں سے بھگا کر اپنے وزیر شاہ ولی خاں کے بھانجے کریم داد خاں کو گورنر مقرر کیا۔ ۲۷ر نومبر (۱۷۵۹ء) کو سرہند اور وہاں سے سیدھا دلی آیا۔ عماد الملک کو اس کے آنے کی خبر ملی تو اُس نے عالمگیر ثانی کو (۲۹ر نومبر) اور انتظام الدولہ کو (۳۰ر نومبر) کو قتل کرا دیا اور پھر سورج مل کے قلعوں میں جا بیٹھا۔

ادھر دتا سیندھیا نجیب الدولہ کا محاصرہ کیے ہوئے تھا، اُس نے ۲۰ر دسمبر کو جمنا عبور کی، اُس وقت ابدالی انبالے میں تھا، وہ قریب آیا تو تاراوڑی کے مقام پر دونوں فوجوں میں شدید مقابلہ ہوا (۲۴ر دسمبر) اور چار سو مرہٹے مارے گئے۔ دتا بھاگ گیا۔ ابدالی کی فوج جمنا پار کر کے نجیب الدولہ سے آملی، حافظ رحمت خاں، عنایت خاں، دوندے خاں، سعد اللہ خاں وغیرہ سرداران مشرق بھی ابدالی فوج کے شریک ہوئے اور ۹ر جنوری (۱۷۶۰ء) کو جمنا پار کر کے براری گھاٹ کے قریب مرہٹوں کو پھر گھیر لیا۔ اس میں دتا سیندھیا مارا گیا اور اس کا بھانجا جھنکوجی سخت زخمی ہوا۔ اُدھر ملہار راؤ ہلکر کچھ اور فوج لے کر آگیا اور دتا کی بھاگی ہوئی فوج راجپوتانے میں جا کر اُس سے مل گئی اور بالا ہی بالا روہیل کھنڈ کی طرف حملہ آور ہوئی۔ ۲۶ر جنوری (۱۷۶۰ء) کو یہ فوجیں جمنا کے پار اُتریں اور چاہتی تھیں کہ نجیب الدولہ کا دس لاکھ روپیہ جو آرہا تھا راستے ہی میں لوٹ لیں، مگر جہاں خاں نے بروقت مدد کی اور مرہٹوں کو سکندرہ کے قریب شکست دے کر خزانہ بچا لیا (۴ر مارچ)۔ سخت گرمی اور برسات کے باعث ابدالی علی گڑھ کے قریب ٹھہر گیا اور نجیب الدولہ کو اپنی جانب سے شجاع الدولہ پر چڑھا کر بھیج دیا۔ شجاع الدولہ ۳۰ ہزار سوار اور دس ہزار پیادہ فوج لے کر ابدالی سے آملا۔ دتا اور ملہار کی شکست سے پیشوا نا امید نہیں ہوا۔ اب کی بار اس نے اپنے بیٹے اور جانشین وشواس راؤ کی سرکردگی میں بھاری سپاہ بھیجی جس میں توپ خانے کا نگراں ابراہیم خاں گردی تھا جو مشہور ماہر جنگ بوسی BUSSY کا تربیت یافتہ تھا۔ سداشیو بھاؤ بھی فوج کا سربراہ تھا۔ ۱۴ر جنوری ۱۷۶۱ء کو ہندستان کی وہ عظیم جنگ ہوئی جسے تاریخ میں "تیسری جنگ پانی پت" کہا جاتا ہے۔ اور جو مہا بھارت یُدھ کے بعد سب سے بڑی اور فیصلہ کن جنگ تھی۔ اس کا حال میر نے خاصی تفصیل سے لکھا ہے۔ اس میں تیس ہزار سے زائد مرہٹے ہلاک ہوئے۔ ۲۲ ہزار کے قریب گرفتار کیے گئے۔ اور بے شمار زخمی ہو گئے۔ دو لاکھ مویشی ہاتھ لگے، جن میں پانچ سو ہاتھی تھے۔ (باقی آگے)

Marfat.com

سلیم گڑھ میں قید کر دیا) اور عالی گوہر[1] کے لڑکے جواں بخت کو اُس کا ولی عہد مقرر کر کے شہر سے کوچ کیا۔ عماد الملک مرہٹہ سرداروں کے ہمراہیوں کو چھوڑ کر سورج مل کے قلعوں میں آکر بیٹھ گیا۔ جب شاہ (ابدالی) میوات کے نواح میں پہنچا اور مرہٹوں نے دیکھا کہ ہمارا حملہ کارگر نہیں ہوتا اور فوج سہم گئی ہے، تو وہ اپنے قدیم معمول کے مطابق گوریلا جنگ کرتے ہوئے شاہ جہاں آباد (دلّی) تک آئے اور دریا عبور کر گئے۔ شاہ بھی تعاقب میں پہنچ گیا اور رات شہر کے سواد میں بسر کر کے (صبح کو) پایاب راستے سے پار اُتر گیا۔ جب دریا کے اُس پار اپنا لشکر جمالیا تو (اس کی) فوج کا سردار جہاں خاں آگے بڑھا اور سکندر آباد کے قریب ملہار کی فوجوں سے، جس کا حال آگے لکھا جا چکا ہے، بھڑ گیا۔ شاہ (ابدالی) بھی یہاں سے تین ہزار لشکریوں کے ساتھ سوار ہو کر دو گھڑی میں اُس سے جا ملا۔ اُدھر کا سردار (ملہار) مقابلے کی تاب نہ لا کر مرہٹہ سرداروں میں سے ایک کو اپنا قائم مقام بنا کر چپکے سے کھسک گیا۔ اُس (مرہٹہ) سردار نے بہادری کے جوہر دکھائے اور (لڑتے لڑتے) مارا گیا۔ دوسرے لوگ زِچ ہو کر فوج شاہی کے بہادروں کے آگے سے اُکھڑ گئے اور بھاگ کر تتر بتر ہو گئے۔ شاہ (ابدالی) کول تک جو ایک مشہور قصبہ ہے، اُن کے تعاقب میں گیا۔ ان بھگوڑوں نے سورج مل کے قلعوں میں پناہ لی اور دو تین دن کے بعد آگے روانہ ہو گئے۔ شاہی فوج اُس کے قلعوں میں سے ایک قلعے پر جو دریائے جون کے اِس طرف تھا، دھرنا دے بیٹھی، اور محاصرہ کر کے لوگوں کا

زر و جواہر کی تعداد کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ ۲۹ جنوری (۱۷۶۱ء) کو احمد شاہ دلّی آگیا اور ممتاز محل میں مقیم ہوا۔ ابدالی فوجوں نے دلّی کو پھر لوٹ کر برابر کر دیا۔ ۲۲ مارچ (۱۷۶۱ء) کو ابدالی مع افواج کے افغانستان روانہ ہوا۔ ہندستان پر ابدالی کا یہ پانچواں حملہ تھا۔

[1] شاہ عالم کا لقب عالی گوہر تھا۔ (مقدمہ نادرات شاہی) یا تو میر سے سہو ہوا ورنہ بخوبی ممکن ہے متن کے مرتب (مولوی عبدالحق) سے یہ تسامح ہوا ہو۔

Marfat.com

ناک میں دم کر دیا۔ زمین دار مذکور (سورج مل) نے اُن کی امداد اپنی بساط سے باہر دیکھ کر تغافل اختیار کر لیا۔ ناچار محصورین موقع پاتے ہی رات کو بھاگ نکلے اور اپنا سفیر بھیج کر اُن سے صلح کر لی۔

(سانحہ) ابھی فوج دوآب کے بیچ میں تھی جو یہ خبر پھیلی کہ (مرہٹوں کی) ایک بڑی بھاری فوج جنگ کے ارادے سے نواحِ اکبر آباد تک آگئی ہے، اور یہاں تک آیا ہی چاہتی ہے۔ نجیب الدّولہ پورب کے سرداروں، مثلاً شجاع الدّولہ احمد خاں (بنگش) و حافظ رحمت (خاں روہیلہ) وغیرہ کو (شاہ کی) ملازمت میں لایا اور ہر ایک کو مُلک دینے کے وعدے سے خوش کر کے (شاہ سے) خلعت دلائی اور (مرہٹوں سے) جنگ کرنے کے لیے آمادہ کر لیا۔

اس عرصے میں بھاؤ جو مرہٹوں کا سب سے بڑا سردار تھا اپنے بھاری لاؤ لشکر کے ساتھ سورج مل کے علاقے سے گذرا۔ اور اُس نے وزیر (عماد الملک) اور وہاں کے راجا (سُورج مل) کو بہلا پُھسلا کر اپنے ساتھ کر لیا اور شہر پر قابض ہو گیا۔ یعقوب علی خاں، جو شاہ دُرّانی کے وزیر شاہ ولی خاں سے قرابت رکھتا تھا شاہی قلعہ میں اِس توقع پر کہ شاہ (ابدالی) کی فوج دریا کے اُس طرف موجود ہے، اور مدد میں دریغ نہ کرے گی، گھمنڈ میں آکر (مرہٹوں سے) جنگ میں گتھ گیا۔ دکنی فوج نے (قلعے کا) محاصرہ کر کے توپوں پر قبضہ کر لیا۔ اکثر مکاناتِ شاہی جو خوبصورتی میں اپنا نظیر نہ رکھتے تھے، خاک سے یکساں کر دیے۔ چوں کہ دریا برسات کے باعث پار کرنا مشکل تھا، اور شاہ (ابدالی) اس سے گذر نہیں سکتا تھا۔ خان مذکور (یعقوب علی خاں) راہ راست صلح کر کے قلعے سے باہر نکل آیا۔ عہد و پیمان کی وجہ سے کوئی اُس کے احوال سے مزاحم نہ ہوا۔

دلّی سے میرا کوچ اُن دنوں میں راجا کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض

Marfat.com

کی کہ زمانے کے ہاتھوں بہت پریشان ہوں چاہتا ہوں کہ اس شہر سے نکل جاؤں اور جہاں سینگ سمائیں چلا جاؤں، ممکن ہے اسی طرح کچھ آسودگی نصیب ہو جائے۔ اُنھوں نے (میرے ساتھ) رعایت کی اور مجھے رخصت کر دیا۔ میں بال بچوں کو لے کر (پیادہ پا) نکلا، کوئی منزل تو مدِ نظر تھی نہیں، خدا پر بھروسا کر کے راستہ طے کرنا شروع کر دیا۔ دن بھر میں بڑی مشکل سے ۸۔۹ کوس منزل سر ہو سکی۔ رات ایک سرائے میں درخت کے نیچے گذاری۔ اگلی صبح کو راجا جگل کشور (جس کی حال لکھا جا چکا) بی بی اُدھر سے گذریں اور ہم مجبوروں کی دستگیری کی۔ اپنے ساتھ برسانہ تک جو ہندوؤں کا تیرتھ اور سورج مل کے قلعوں سے آٹھ کوس اِدھر ایک قصبہ ہے لے آئیں اور طرح طرح کے سلوک کر کے دل جوئی کی۔

برسانہ

ذی الحج کی آخری تاریخ کو وہ کاماں گئیں جو اُس جگہ (برسانہ) سے تین کوس پر ایک شہر راجا جے سنگھ (والیِ جے پور) کی سرحد پر ہے۔ بندہ (میر) اپنے اہل و عیال کے ساتھ عشرہ (محرم) میں وہاں[۱] مقیم رہا اور اس سے اگلے دن (۱۱ محرم) وہاں سے نکل کر کُمھیر پہنچا۔ [۱۱ اگست ۱۷۶۱ء]

کُمھیر

یہاں بہادر سنگھ نامی، لالہ رادھا کشن کا بیٹا، جو پہلے صفدر جنگ کی خزانچی گری رکھتا تھا اور ان دنوں راجا کے ساتھ تھا ایک شام کو آیا اور میری دستگیری کر کے آدمیت کا سلوک کیا میں اُس کا احسان مند ہوں کیونکہ سوائے واقفیت کے میرا اس پر کوئی حق نہ تھا۔ یوں کچھ دن سُکھ چین سے بسر ہوگئے۔

(حکایت) میں ایک دن کھانے پینے کا سامان نہ ہونے کے سبب ... بیٹھا تھا۔ جی میں آئی کہ اعظم خاں کلاں جو فردوس آرام گاہ (محمد شاہ) کے عہد میں شش ہزاری امیر اور نہایت کریم النفس انسان تھا، اس کے بیٹے کے اعظم خاں

[۱] وہیں سے میر کی مراد برسانہ ہے۔ مولوی عبدالحق نے یہاں غلط عنوان قائم کیا ہے۔

Marfat.com

سے اگر ملا جائے تو شاید (وہ امداد کرے اور) کچھ دن سکھ سے گذر جائیں۔ (چناں چہ) گیا اور سورج مل کے طویلے میں اُس سے ملا جو دہلی کے خانہ خرابوں کی نئی جائے پناہ بنا ہوا تھا۔ اُس عزیز نے، خدا بخشے، میری خیر و عافیت معلوم کی۔ میں نے اپنا دُکھڑا سُنایا (تو) سُننے والوں کے ہوش اُڑ گئے۔ جب قہوہ اور حقّہ لایا گیا، تو یہ شعر برجستہ (میری) زبان پر آیا ؎

امروز کہ چشمِ من و عُرفی بہم اُفتاد
باہم نگرستیم و گرستیم و گذشتیم[1]

ایسے ہی چند شعر میں نے پڑھے، اور دو تین آنسو پلکوں سے گرائے۔ چند لمحوں کے بعد دیکھا کہ خان فکر مند ہے، میں نے کہا "آپ کس سوچ میں پڑ گئے؟" بولا: "کچھ نہیں" میں نے کہا: "کچھ تو ہے!" کہنے لگا: "جب تم شہر (دہلی) میں آتے تھے تو ہم طرح طرح کی مٹھائیاں اور قسم قسم کے حلوے منگاتے اور دونوں کھاتے تھے۔ آج کیسا اتفاق ہے کہ کچی کھانڈ بھی میسّر نہیں جو تمہارے لیے ایک پیالہ شربت بنا سکوں۔" میں نے کہا: "میں اِن سب چیزوں کا ندیدہ نہیں ہوں، وہ بات بھی تفریحاً ہو جاتی تھی آپ تو جانتے ہیں کہ میں حریص اور لالچی نہیں۔ زمانہ بدلتا رہتا ہے وہ شربت و شیرینی کا وقت تھا یہ تلخیاں جھیلنے کا موسم ہے۔"

یہی بات چیت ہو رہی تھی کہ ایک عورت سر پر خوان رکھے دروازے سے داخل ہوئی اور بولی: "سعد الدین خان خان[2] ساماں کی بہن نے (آپ کو)

---

[1] (ترجمہ) آج جب میرا اور عُرفی کا سامنا ہوا (تو) ہم نے ایک دوسرے کو دیکھا، روئے اور چل دیے!

[2] اس سے پچھلے صفحات میں یہ تذکرہ ہو چکا ہے کہ راجا ناگر مل اور سعد الدین خاں خان ساماں وغیرہ اپنی حفاظت کے خیال سے سورج مل کے قلعوں میں منتقل ہو گئے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خان ساماں مع اپنے خاندان کے منتقل ہوا تھا۔ یہ سعد الدین خاں ثانی ہے جس کا نام حفیظ الدین تھا۔ (باقی بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

دعا کہی ہے کچھ 'حلوای نزاکت' اور شنبہ کی شیرینی بھیجی ہے۔" خان نے خوان پوش اُٹھایا اور حلوے پر نظر پڑی تو باغ باغ ہوگیا کہنے لگا: "یہ رُوسیاہ تو اپنی قدر خوب جانتا ہے ایک عمر سے فاقہ کشی پر مدار ہے، حلوے اور شیرینی کا تو ذکر کیا، کبھی کہیں سے روٹی کا ایک ٹکڑا یا پانی کا ایک گھونٹ بھی نہیں آیا۔ تم میرے عزیز مہمان ہو، یہ سب تمہارا ہے۔ میرا حصّہ مجھے دے کر باقی سب اپنے گھر بھیج دو۔" میں نے کہا: "یہ تو بہت ہے میں اتنے سارے کا کیا کرونگا۔" کہنے لگا: "تمھارے بیٹے میر فیض علی کے کام آجائے گا۔" غرض کے اُس بھلے مانس نے اصرار کر کے حلوے کی قاب اور مٹھائی کا خوان میرے گھر بھجوا دیا اور مجھے ہنسی خوشی رخصت کیا۔ دو دن تک اُسی مٹھائی پر گذر ہوئی۔ تیسرے دن راجا کے چھوٹے لڑکے (بشن سنگھ) نے مجھے بُلایا اور حالات دریافت کرنے کے بعد کہا کہ "راجا صاحب کے آنے تک تم میرے پاس رہو۔" میں نے کہا: "اسبابِ معیشت مفقود ہے۔"[۵۱] تو بولا: "مطمئن رہو یہاں سب مل جائے گا۔" باغِ کرم کا وہ گُلِ نو (دمیدہ) خدا اُسے شاداب اور خوش رکھے، میری ضروریات کا سارا سامان ہنسی خوشی بھجواتا رہا۔

جنگ پانی پت
۱۱۷۴ھ — ۱۷۶۱ء

(سانحہ) یہاں یہ سُننے میں آیا کہ [illegible] (دلی) میں [illegible] (پھیلی ہوئی) ہے کہ [illegible] کا [illegible] زمینداروں اور بھاری فوج کے ساتھ آرہا ہے اور شاہی لشکر [illegible] ارادہ رکھتا ہے۔ دکھنی فوج کا سردار بھاؤ بڑا بیکڑ [illegible] تھا اور [illegible] کو نہ گردانتا تھا۔ (اُس نے) [illegible] سامان چھوڑ کر اپنے [illegible] [illegible]

سعادت[illegible] خان اوّل کا انتقال دلی میں ۹ جمادی الاولی [illegible] [illegible] محمدی: ۱۲۱، عمدۃ خانساماں کی تفصیل اور تعارف کے لیے [illegible] [illegible]، ۵۱ اس وقت ملازمت کرنے کو گھوڑا، ہتھیار وغیرہ اپنے پاس سے فراہم کرنا ہوتے تھے [illegible]

اُدھر بڑھنا شروع کیا، اُس کے دل میں یہ تھی کہ وزیر کے پاس بہت سا زر و جواہر ہے، اور سُورج مل بڑا زمیندار ہے، اگر زمانہ مُہلت دے تو وہ اُن سے کچھ نہ کچھ اینٹھ لے گا۔ راجا ناگر مل کو اُس کے سرداروں سے ملاقات کرنے کے سبب یہ بات معلوم ہو چکی تھی۔ ایک دن اُس نے راجا کو پیغام بھیجا کہ میں ممالکِ محروسہ کا بندوبست تمھارے اختیار میں چھوڑتا ہوں۔ اُس عزیز نے اِس بات پر غور کر کے جواب دیا کہ میں مدّت سے وزیر کے ساتھ ہوں یہ مناسب نہیں کہ وہ ناکام رہے اور میں اپنا اُلّو سیدھا کروں۔ لہٰذا مناسب یہ ہے کہ اُسے بھرت پور کی دستوری مرحمت ہو جائے۔ میں اور سورج مل بطورِ مُشایعت جائیں اور اُسے چھوڑ کر آپ کے کہنے کے موافق عمل کریں۔ غرض اُس نے چکنی چپڑی باتیں بنا کر اور روغنِ قاز مل کر (اُسے ہموار کر لیا) دکھنیوں کے کوچ کے دن وہ خود اور سورج مل مذکور بہانے سے بہیر او بُنہ کے ساتھ اُن کے لشکر سے دلیرانہ نکلے اور بلم گڑھ میں، جو شہر سے بارہ کوس پر ایک مضبوط قلعہ ہے، آکر بیٹھ گئے۔ وزیر کو مع خیمہ و اسباب کے آگے پہنچا گیا۔ دکھنی فوج کے وکیلوں نے ہر چند خوشامد کی، لیکن انھوں نے ایک نہ سُنی اور بادشاہ سے جا کر مل گئے۔ دکھن کا سردار جو واقعی بڑا جیالا تھا اور اپنے بھاری لاؤ لشکر اور زبردست ساز و سامان اور ہتھیاروں کے سامنے اُن کی جمعیت کو خاطر میں نہیں لاتا تھا، اُس نے جب یہ سُنا تو تاؤ میں آگیا اور کہنے لگا: ”یہ کیا چیز ہیں؟ اِن کی حکومت کا چراغ ایک پھونک کا ہے۔ میں اِن کے بھروسے پر دکھن سے نہیں آیا ہوں۔ انھیں تو چٹکیوں میں مسل دُوں گا۔“ اِس حرکت کے تدارک کو تو اُس نے پھر کسی وقت کے لیے اُٹھا رکھا اور جا کر نجابت خاں روہیلہ کے قلعہ پر قبضہ کر کے کھڑے کھڑے صمد خاں کو مار ڈالا اور اُس انبوہ کو تتر بتر کر دیا۔ اِس فوج کے بارہ باٹ ہو جانے سے مرہٹوں کی ہمت بندھ گئی اور اُنھوں نے وہاں

Marfat.com

سے پلٹ کر پانی پت کے قریب مورچے بنا لیے اور بادشاہ کی فوج سے کھلی جنگ پر آمادہ ہو گئے۔ جب جون ندی کا پانی ذرا اُتر گیا تو شاہ (ابدالی) بڑے جوش و خروش سے پورب کے سرداروں کے ساتھ دریا کے پار اُترا اور اُن پر حملہ آور ہوا۔ باقاعدہ جنگ چھڑنے سے چند روز پہلے خبر ملی کہ گوبند پنڈت بھاری سپاہ کے ساتھ آرہا ہے اور مرہٹوں کی فوج سے ملنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ (ابدالی کی فوج کے) ایک سردار نے شاہی لشکر سے جُدا ہوکر اُسے چُپکے سے جا گھیرا اور ہلاک کر دیا۔ اُس کا سارا سامان لوٹ لیا اور لشکر تتر بتر ہو گیا۔

اُسی زمانے میں راجا (ناگرمل) کُمھیر میں جو سورج مل کا قلعہ ہے، دوبارہ تشریف لائے۔ قسمت کی بات کہ میں اُن دنوں وہیں تھا۔ (اُن کی خدمت میں) گیا اور التماس کیا کہ "میں آپ کی تشریف آوری کا منتظر تھا اب مجھے اجازت دیجیے کہ کہیں نکل جاؤں کیونکہ ناسازگار حالات کا مقابلہ کرنے کی سکت باقی نہیں رہی ہے"۔ (راجا نے) ازراہِ عنایت جو وہ میرے حال پر فرماتے تھے کہا: "معلوم ہوتا ہے بیابان مرگ ہونے کا ارادہ ہے مگر میں جانے دوں جب نا!" اُسی دن خرچ کے واسطے کچھ بھیجا اور میرا وظیفہ بدستورِ سابق دستخط کر کے عنایت کیا۔

اُس بزرگوار (راجا) نے یہیں سکونت اختیار کر لی کیونکہ اب شاہجہاں آباد ایک ویرانے سے زیادہ نہیں ہے اور لوگ سال میں دو بار اُجڑ رہے ہیں۔ آخر کوئی کب تک خانہ بدوش رہے۔ یہ علاقہ ایک طرح سے گوشۂ عافیت ہے۔ یہاں کا رئیس بھی خوش حال ہے اور مغرور نہیں ہے۔ ہم [illegible] سایۂ دیوار میں اپنا ٹھکانا کر لیا اور وہیں پڑ گئے۔

[illegible] دونوں لشکروں کی حقیقت [illegible] مطابق جنگ [illegible] کرتے تو عین ممکن تھا کہ غالب آجاتے۔ [illegible] توپ خانے جمع

کر کے بیٹھ گئے اور شاہی فوج نے یہ فکر رکھی کہ اُن کی رسد نہ آنے پائے۔ جب (رسد نہ آنے سے) پریشانی بہت بڑھ گئی تو مرہٹہ سردار جنگ پر آمادہ ہوا اور اُس کے (ساتھی) سردار حصار اور مورچوں سے باہر آکر ڈٹ گئے۔ (ابدالی فوج کے) جگردار بھی اُن کے درپئے آزاد ہو کر جی توڑ کوشش کرنے لگے۔ بہادروں نے پیچھے ہٹ کر تنظیم کے ساتھ ہلّہ بولا اور دلیروں نے متحد ہو کر تیروں کی بوچھاڑ شروع کر دی۔ آزمودہ کاروں نے بندوقیں سنبھال لیں اور مقابلہ پر جم گئے۔ مقابل دستے والے تلواریں سُونت کر ٹوٹ پڑے۔ معرکۂ کشت وخون کے زبردست پہلوان لڑنے مرنے کو مہیا ہو گئے۔ 'پیش جنگوں' نے پیادہ ہو کر لڑنا شروع کیا اور لڑائی کی بھینٹ چڑھ گئے۔ جوانوں کے کاری زخم لگے اور (بہت سے) ہلاک ہو گئے۔ جیالے جنگ آور دونوں طرف سے پل پڑے اور تفنگ لے کر (ایک دوسرے پر) حملہ کرنے لگے۔ دکھن کا سردار پامردی کے ساتھ میدان میں آیا اور اُس نے شاہی فوج کے بہت سے دستوں کو مار بھگایا۔ لیکن فتح تو شاہ کے لیے (مقدر ہو چکی) تھی اِن کی کوششوں سے کچھ بھی نہ ہوا۔ بہتیری بندوقیں چلاتے تھے مگر اُدھر کے ایک آدمی پر بھی اثر نہ کرتی تھی۔ (اُن کی) فوج کے بہت سے کار آمد سپاہی اِدھر کے معمولی تفنگ اندازوں کے ہاتھ سے زخمی ہو گئے۔ چنانچہ تیروں کے پہلے ہی ہلّے میں ایک تفنگ وِسواس راؤ کے لگا جو (مرہٹہ) ریاست کا ولی عہد تھا اور وہ خاک وخون میں لوٹ گیا۔ کہتے ہیں کہ بھاؤ بڑا غیور جوان تھا اور دادِ مردانگی دے رہا تھا۔ جب اُس نے اپنی آنکھوں سے یہ سانحہ دیکھا تو کہنے لگا کہ اب دکھن جانے کا مُنھ نہیں رہا۔ جان سے ہاتھ دھو کر بڑی دلیری کے ساتھ (ابدالی) فوج کے قلب پر جا پڑا یعنی جان بوجھ کر اپنے تئیں موت کے مُنھ میں ڈھکیل دیا۔ ملھار جو 'گُرگِ باران دیدہ' تھا وہاں سے دو تین ہزار سواروں کو ساتھ لے کر بھاگا باقی تمام لشکر غارت ہو گیا۔ جو سردار زندہ بچے وہ بھکاریوں کے سے حال میں ننگ دھڑنگ پھر رہے تھے۔

Marfat.com

ہزار ہزار بھگوڑے سپاہیوں کے ہتھیار اور گھوڑے اطرافِ شہر (پانی پت) کے دس دس زمینداروں نے مل کر چھین لیے کیا لکھوں کہ کیسا روزِ بد اِس قوم کو دیکھنا پڑا۔ ہزاروں ننگے (سپاہی) روتے ہوئے جس راستے سے گذرتے تھے (لوگوں کے لیے) عبرت کا سامان نظر آتے تھے۔ گانو کے لوگ بھنے ہوئے چنے سب کو ایک ایک مُٹھی تقسیم کرتے تھے اور اُن کی تباہ حالی کا اپنے حال سے موازنہ کر کے (خدا کا) شکر ادا کرتے تھے۔ ایسی (عبرت انجام) شکست کسی کو کم ہی ہوئی ہوگی۔ بہت سے بُھوک سے مر گئے، اور بہتوں نے ٹھنڈی ہَوا سے اکڑ کر جان دے دی، جو فوج یہ قلعہ میں چھوڑ آئے تھے شاہی فوج کی لوٹ مار کے خوف سے رات کے وقت بھاگ گئی۔ کروڑوں روپے کا سامان شاہ (ابدالی) کے اور پورب کے سرداروں کے ہاتھ لگا جسے اُنھوں نے آپس میں بانٹ لیا۔ نقد و جنس کے علاوہ توپ خانہ اور دوسرا جنگی سامان، ہاتھی، بیل، گھوڑے اور اونٹ شجاع الدولہ وغیرہ نے اپنے حصّے میں لے لیے۔ دُرّانی (سپاہی) جو فقیرِ محض تھے مالا مال ہو گئے۔ ہر دِہ باشی، کو سَو اونٹوں کا بار ملا اور ہر نفر کو دو خروار۔ بڑی دولت ہاتھ لگ گئی۔ ہر شخص پھُولا نہ سماتا تھا۔ شاہ ابدالی اس شاندار فتح کے بعد جو شاہانِ سَلَف میں سے بھی کسی کو میسر نہ آئی ہوگی، بڑے کرّ و فرّ کے ساتھ شہر میں داخل ہوا اور اطراف کے سرداروں کے نام فرمان بھیجے کہ آئیں اور نوکری کریں۔

ناگرمل کی نیابتِ وزارت

ایک تحریر راجا ناگرمل کے پاس بھی پہنچی۔ وہ یہ سوچ کر کہ شاہ (ابدالی) ہندستان کا بادشاہ ہو گیا ہے اور اب اِس زرخیز مُلک سے واپس نہ جائے گا اور یہیں ہم حال [illegible] رہی ہے، چلا گیا۔ نجیب الدولہ پیشوائی کے لیے آ کر لے گیا۔ شاہ کی ملازمت اُس کے وزیر شاہ ولی خاں کے ذریعے حاصل کی۔ یہ ملاقات خوشگوار رہی۔ (شاہ نے) اپنی [illegible] جوائی کی اور نیابت وزارت کے عہدہ پر سرفراز فرمایا۔ چنانچہ وہ اُمرائے عظام کی بہبودی کا سبب

شجاعُ الدّولہ سے صفائی اور میرا سفر

وزیر (شاہ ولی خان) نے ایک بار کہا کہ شجاع الدّولہ کے باپ تم سے بہت اخلاص رکھتے تھے اور یہ ابھی بچہ ہے، سوائے گھمنڈ اور خود نمائی کے کچھ نہیں جانتا۔ اتنا بھی نہیں سمجھتا کہ (ابدالی) بادشاہ ہے اور ذرا سی شوخی میں ایک عالم تہ و بالا کر دیتا ہے محتاط رہنا چاہیے۔ اِس قسم کی ہیکڑی سے اُسے نہایت چڑ ہے، رفاقت کا خیال کرکے کچھ نہیں کہتا مگر اس پر بھولنا نہیں چاہیئے:

پادشاہان ونکویان دو گروہے عجب اند
کہ نبودند و نباشند بفرمانِ کسے

(بادشاہ اور نیکوکار یعنی درویش یہ دو عجیب گروہ ہیں کہ نہ یہ کسی کے تابعِ فرمان کبھی ہوئے ہیں نہ ہوں۔)

بہتر یہ ہے کہ تم اور نجیب الدّولہ جاکر اُسے سمجھا دو ورنہ کل کلاں کو کچھ بات ہوئی تو ہم ذمّہ دار نہیں۔ چنانچہ دونوں گئے اور اُسے معذرت خواہی کے لیے آمادہ کرکے لائے اور وزیر سے اجازت حاصل کی۔ بارے یہ ملاقات خوشگوار رہی اور کدورت صفائی میں بدل گئی۔ میں اِس سفر میں اُن (راجا ناگرمل) کے ساتھ تھا۔

دلّی پھر لُٹی

(حکایت) ایک دن میں ٹہلنے نکلا اور شہر کے تازہ ویرانوں سے گذرا۔ ہر قدم پر روتا اور عبرت حاصل کرتا تھا۔ جوں جوں آگے بڑھا حیرت بڑھتی گئی۔ مکانوں کو شناخت نہ کرسکا، کسی گھر کا پتا تھا نہ کسی عمارت کے آثار۔ نہ اُن کے مکینوں کی خبر۔

از ہر کہ سخن کردم گفتند: کہ این جا نیست
از ہر کہ نشاں جُستم گفتند: کہ پیدا نیست

(جس کے بارے میں بھی معلوم کیا یہی جواب ملا کہ یہاں نہیں ہے، اور جس کا پتا نشان

Marfat.com

پوچھا، (لوگوں نے) یہی کہا "کچھ خبر نہیں۔")
گھر کے گھر مسمار تھے اور دیواریں شکستہ۔ خانقاہیں صوفیوں سے خالی۔ خرابات رندوں سے۔ یہاں سے وہاں تک ایک ویرانہ تھا لق و دق۔

ہر کجا اُفتادہ دیدم خشت در ویرانہ ای
بود فردِ دفترِ احوالِ صاحب خانہ ای

(میں نے کسی کھنڈر میں جو اینٹ پڑی دیکھی وہ کسی صاحبِ خانہ کے احوال کا ایک ورق معلوم ہوتی تھی۔)

نہ وہ بازار (تھے) جن کا بیان کروں۔ نہ بازار کے وہ حسین لڑکے۔ وہ حُسن کہاں جس کی پرستش کیا کرتا تھا، وہ یارانِ عاشق مزاج کدھر گئے؟ جوانانِ رعنا گذر گئے، پیرانِ پارسا چلے گئے۔ (بڑے بڑے عالی شان) محل خراب (ہو گئے) گلیاں معدوم ہو گئیں اور ہر طرف وحشت برس رہی تھی۔ اُنس ناپید (تھا)۔ ایک اُستاد کی رُباعی مجھے یاد آگئی۔

اُفتاد گذارم چو بویرانۂ طوس | دیدم چُغدے نشستہ بر جائے خروس
گفتم چہ خبر داری ازین ویرانہ؟ | گفتا: "خبر اینست کہ افسوس افسوس"

(میرا گذر شہر طوس کے ویرانے سے ہوا۔ میں نے دیکھا کہ مرغ کی جگہ ایک اُلّو بیٹھا ہوا ہے اُس سے میں نے کہا کہ اِس ویرانے کا کچھ حال بتا۔ کہنے لگا بس یہی معلوم ہے کہ "افسوس افسوس"۔)

ناگاہ اُس محلہ میں آنکلا جہاں میں رہتا تھا، جلسے کرتا تھا، شعر پڑھتا تھا، [illegible] زندگی گذارتا تھا، راتوں کو روتا تھا، خوش قدوں سے عشق لڑاتا تھا، ان کے حُسن کی تعریفیں کرتا تھا، اور لمبی لمبی زُلفوں والے (معشوقوں) کے ساتھ رہتا تھا۔ حسینوں کی پرستش کیا کرتا تھا اگر پل بھر کو بھی اُن سے جدائی ہوتی تو بے قرار ہو جاتا تھا،

Marfat.com

محفل سجاتا تھا۔ حسینوں کو بُلاتا تھا، اُن کی مہمان داری کرتا تھا (ایسی رنگین) زندگی گذارتا تھا۔ اب کوئی ایسا مانُوس چہرہ نظر نہ آیا جس سے دو باتیں کرکے دل خوش کرلیتا۔ کوئی معقول انسان نہ ملا جس کے پاس جا بیٹھتا۔ پھر اس وحشت گاہ سے نکل کر ایک کنارے پر آکھڑا ہوا اور حیرت سے (تباہی کے چھوڑے ہوئے نشانات) دیکھتا رہا۔ بہت صدمہ اُٹھایا اور عہد کیا کہ اب اِدھر نہ آؤں گا اور جب تک یہاں رہوں گا شہر کا رُخ نہ کروں گا۔

ابدالی کی واپسی

(سانحہ) جب یہ طے پایا کہ شاہ ولی خان راجا کے ساتھ جاکر ملک گیری کرے گا تو شاہ ابدالی کی فوج جو مالِ غنیمت سے مالا مال ہو چکی تھی، قلعے کے دروازے پر جمع ہوکر ہنگامہ کرنے لگی اور کہا کہ ہم اپنے گھروں کو جاتے ہیں بادشاہ (ابدالی) یہاں رہنا چاہتا ہے تو رہے۔ ہم تو ایک مدت سے اِسی مُہم میں لگے ہوئے ہیں بیوی بچوں تک کی بھی خیر خبر نہیں۔ شاہ نے سوچا کہ پردیس میں فوج کے بغیر رہنا ممکن نہیں مجبوراً اپنی راجدھانی قندھار کو جانے کا تہیّا کرلیا۔ وزیر نے اپنے خیمے جو وہ آگے بھجوا چکا تھا، واپس منگوا لیے، اور یہاں کے سرداروں سے اُسے شرمندہ الگ ہونا پڑا۔ (اپنی روانگی) سے دو روز پہلے راجا (ناگرمل) اور شجاع الدولہ کو رخصت کیا، شہزادہ جواں بخت کو شاہ عالم کا ولی عہد بنایا، اور شہر کا انتظام نجیب الدّولہ کے سپرد کرکے دلّی سے نکلے۔ راستے میں زین خاں[1] نامی افغان کو جو اُنھیں کے قوم و قبیلے کا تھا، سرہند کا فوجدار بنایا اور لاہور پہنچ گئے۔ چونکہ اِس قوم کا غُرور حد سے تجاوز کرچکا تھا، غیرتِ خداوندی نے اُنھیں سکھوں کے ہاتھوں ذلیل کیا جو (پنجاب کے نَواح میں) بے اَصلوں، جولاہوں، نداقوں، بزازوں، دلّالوں، بقّالوں، نجّاروں، قزّاقوں، کسانوں، کم مایہ لوگوں، سفلوں، جنگلیوں، بازاریوں،

---

[1] زین خاں کا قتل جنوری ۱۷۶۴ء میں ہوا۔

Marfat.com

کمینوں، اور تہی دستوں کی ٹولی تھی تقریباً چالیس یا پچاس ہزار سکھوں نے جمع ہو کر اِس لشکرِ جرار کا مقابلہ کیا۔ کبھی تو ایسے مقابل آتے کہ زخم پر زخم کھاتے مگر پیٹھ نہ دکھاتے اور کبھی اِدھر اُدھر منتشر ہو کر سَو دو سَو (ابدالی) سپاہیوں کو گھیر کر لے جاتے اور سب کو تہِ تیغ کر دیتے۔ ہر صبح کو فتنہ اُٹھاتے ہر شام کو چاروں طرف سے ٹوٹ پڑتے (غرض اُنھوں نے ابدالی کے) لشکریوں کو ایسا بوکھلا دیا تھا کہ وہ ہزار جتن سے جان بچا کر بھاگتے تھے، کبھی ظاہر ہوتے اور لشکر پر ٹوٹ پڑتے کبھی سامنے آکر ہلّہ بولتے اور حملہ کر لڑتے، کبھی شہر پر چڑھائی کرتے اور اُس کی اینٹ سے اینٹ بجا دیتے۔ پریشاں بالوں اور بندھے ہوئے چٹلوں کے ساتھ فوج میں آتے تھے رات بھر شور و شر رہتا اور سارا دن فریاد و فغاں (کی ہولناک آوازیں آتیں)۔ اُن کے پیادے سواروں کے تلوار لگاتے، اور اُن کے گھوڑوں کی زین کو خون میں لت پت کر دیتے۔ اُن کا معمولی سا نوکر (ابدالی کے) تیر اندازوں کو پکڑ کر لے جاتا اور ایذائیں دیتا غرض اِن بے حقیقت کنگالوں نے اُن بے مایہ لوگوں کو ایسا ذلیل و رُسوا کیا کہ اطراف کے سرداروں نے یہ ماجرا سُنا تو اُنھیں نظروں سے گرا دیا۔ (ابدالی فوج میں) مقاومت کی سکت ہی نہ رہی جان بچا کر نکل بھاگنے کو غنیمت جانا اور اس شہر (سرہند) کی نظامت کا خلعت ایک ہندو کو دے کر اپنا رستہ لیا۔ (سکھوں کی فوج کا) یہ انبوہ اُن کے تعاقب میں لوٹ کھسوٹ کرتا ہوا اور دُون کی لیتا ہوا دریائے اٹک تک اُن کی گوشمالی کرتے گیا۔ پھر اُس صوبے پر قبضہ کر لیا جس کی آمدنی دو کروڑ (سالانہ) تھی۔ کچھ دنوں بعد ا[illegible] شامت کے مارے ہندو کو جو شہر (لاہور) میں مقیم تھا قتل کر کے بالکل [illegible] ہو گئے۔ اب چونکہ ملک کا کوئی دعویدار درمیان میں نہ تھا ان سب عوام کالانعام نے ملک کو آپس میں بانٹ لیا اور رعایا پر فیاضیاں شروع کر دیں، یعنی حکومت کے طور طریق سے واقف تھے نہیں، کاشتکاروں نے جو کچھ دست برداشتہ دے دیا وہ انھوں نے

Marfat.com

مُفت جان کر قبول کر لیا۔

سُورج مل کی بغاوت

(سانحہ) اِس سال سُورج مل، جو بڑا طاقت ور زمیندار ہے اور اُس کے آبا و اَجداد اُولوالعزم (مُغلیہ) پادشاہوں کی نوازشوں کے ہمیشہ مَوردِ رہے ہیں۔ جب وہ (اِس حقیقت سے) واقف تھا تو آگرہ اور دلّی کے درمیان کی راہداری اُسی سے متعلّق تھی۔ مگران دنوں مسلمان اُمرا کی سستی سے (فائدہ اُٹھا کر) اُس نے بغاوت کی اور اکثر محالات پر قابض ہوگیا۔ سیہ روزگار قلعہ دار[1] کی نمک حرامی سے آگرے کا مضبوط قلعہ بھی ہتیا لیا۔ شاہ عالم نے شُجاع الدّولہ کی تحریک پر جو اب اُس کا وزیر ہے، بھاری لشکر کے ساتھ کوچ کیا اور (یہ خبر) زبان زدِ خلق ہوگئی کہ بادشاہ سُورج مل کو نکالنے کے لیے آرہا ہے۔ زمیندار مذکور شہر (آگرہ) اور قلعہ کی حفاظت کے لیے اپنے قلعوں سے نکل آیا اور جنگ کرنے کو آمادہ ہو کر بیٹھ گیا۔ اُس نے راجا (ناگرمل) کو لکھا کہ تمھارا آنا زیادہ مناسب ہے۔ وہ تو دوستی پیدا کرنے میں ماہر تھے اُنھوں نے سفیر بھیج کر (صُلح کرلی) اور اُس فوج کو واپس لوٹا دیا۔

میرا آگرے جانا (جولائی ۶۲ء)

میں اِس تقریب سے تیئس[2] سال کے بعد اکبر آباد گیا اور اپنے والد اور چچا کے مزاروں کی زیارت کی۔ وہاں کے اکثر شعرا مجھے اس فن کا امام سمجھ کر ملنے کو آئے۔

---

[1] اس قلعہ دار کا نام فاضل خاں تھا اور اس نے ۱۲ر جون ۱۷۶۱ء کو قلعہ آگرہ پر قبضہ کیا تھا۔ ملاحظہ ہو سرکار: زوالِ سلطنتِ مغلیہ ۲/۲۷۸ نیز ۲/۳۱۸ مفتاح التواریخ ۵۱۹۔ [2] میر نے تیس (۳۰) سال کے بعد اپنا دوبارہ آگرے جانا لکھا ہے لیکن واقعات کی روشنی میں یہ غلط ہے۔ عباراتِ ماسبق سے اتنا واضح ہو چکا ہے کہ میر نادر شاہی حملے (۳۹ ۱۷ء) کے بعد (دوبارہ) دلّی آئے تھے اور وہ زمانہ اگر ۴۰ ۱۷ء بھی مانا جائے تو سورج مل کی بغاوت جولائی ۶۲ ۱۷ء کا واقعہ ہے جس کی رو سے میر ۲۲-۲۳ برس کے بعد تیسری بار آگرہ گئے ہیں نہ کہ تیئس برس میں۔

Marfat.com

صاحب سُنّی نِکلے!

(حکایت) میں نے ایک عالم کی شہرت سُنی۔ گیا اور ملاقات کی، مگر کور مغز نکلا۔ یعنی بات کا مفہوم بھی نہ سمجھتا تھا۔ میں نے ابھی دم بھی نہ لیا تھا کہ اُس نے احمقانہ باتیں شروع کر دیں کہ اِس زمانے کے اکثر جوان رافضی ہوتے ہیں اور از راہِ بہتان تراشی[۱] بزرگوں کے حق میں جانے کیا کیا بکتے ہیں۔ تمھاری یہ خاکِ امام کی تسبیح ہم صفا پیشہ لوگوں کے لیے سببِ غبارِ خاطر ہے اِس کی دلیل ہے کہ تمھارا مَیلان رفض کی طرف ہے۔ اگر واقعی ایسا ہی ہے تو مجھے میرے حال پر چھوڑ دو۔ میں نے کہا: ''مجھے خود ہی تردّد تھا کہ آپ رافضی ہیں یا نہیں، خدا کا شکر ہے کہ صاحب سُنّی نکلے۔'' وہ مُوذی اس کنائے کو نہ سمجھا اور بہت خوش ہوا۔ جب مجھے (اپنا) ہمنوا پایا تو اور بھی پوچ بکنا شروع کیا۔ میں نہایت بے مزہ ہوا اور اُٹھ کر چلا آیا۔

آہ اے وطن! (جولائی تا اکتوبر ۱۷۶۲ء)

(حکایت) میں [illegible] شاہ [illegible] کے [illegible] جاتا تھا۔

اُس کا محلِ وُقوع بہت اچھا ہے یعنی اس طرف [illegible] اور امرا کی حویلیاں۔ گویا بہشت کی نہر ہے۔ میری معنی آفرینی [illegible] تھا۔ [illegible] حسین سیاہ پلکوں والے، اچھی سج دھج والے، جامہ زیب، پاکیزہ طینت، اور [illegible] مجھے نہیں چھوڑتے تھے اور میری بہت عزت کرتے تھے۔ دو تین بار سارے شہر میں گھوما وہاں کے عالموں فقیروں اور شاعروں سے ملا، مگر کوئی ایسا بات کرنے کی گوں کا [illegible]

---

[۱] یہاں میر نے فارسی محاورہ ''سقیفہ سازی'' کا استعمال کیا ہے۔ [illegible]
نے یہاں اپنے تشیّع کے اظہار یا محاورہ ایران کی نقل کے شوق میں [illegible] عالم کی زبان سے کہلوا رہے ہیں۔ نہیں ممکن ہے کہ یہ مکالمہ بھی ہوا ہی [illegible] الواقع ہوا بھی [illegible] کا جو سیاق ہے نہ کوئی اہم نکتہ اس کے درج کرنے کا محرک ہو سکتا ہے جب کہ [illegible] بہت سی اہم باتیں جو لکھنے کی ہو سکتی تھیں میر نے اُن کی طرف التفات نہیں کیا ہے۔

Marfat.com

جس سے دلِ بیتاب تسلّی ہوتا۔ میں نے سوچا کہ سُبحان اللہ یہ وہی شہر ہے جس کی گلی گلی میں ندارف کامل، فاضل، شاعر، منشی، دانشمند، فقیہ، متکلم، حکیم، صوفی، محدث، مدرس، درویش، متوکل، شیخ، مُلّا، حافظ، قاری، امام، مؤذن، مدرسہ، مسجد، خانقاہ، تکیہ، مہمان سرا، مکان اور باغ تھے، اور آج کوئی جگہ ایسی نظر نہیں آتی جہاں بیٹھ کر دل خوش کرلوں! ایسا آدمی نہیں ملتا جس سے کچھ دیر گپ کرسکوں۔ بس ایک وقت ناک خراب تھا (جسے دیکھ کر بہت) رنج اُٹھایا اور واپس آگیا۔ اِس طرح چار مہینے لکھنؤ میں گذارے۔ رخصت ہوتے وقت حسرت سے آنکھیں ڈبڈبا آئیں اور تب ... رنج دل کے قلعے میں آگیا۔

میر قاسم کی معزولی (اگست ۱۷۶۳ء)

(سانحہ) یہاں آکر سنا کہ قاسم علی خاں[1] ناظم بنگالہ اور اُن تجارت پیشہ نصرانیوں (یعنی ایسٹ انڈیا کمپنی) میں جو وہاں ایک مدت سے سکونت رکھتے تھے جنگ چھڑ گئی ہے۔ وہاں (بنگال) کی رعایا اور زمیندار اُس کے بے اندازہ ظلموں سے عاجز آگئے تھے اِس لیے اُنھوں نے (قاسم علی خاں کا) ساتھ نہیں دیا۔ آخر کار وہ شکست کھا کر اپنی ہزیمت خوردہ فوج، زر و جواہر اور بے حساب مال و منال ساتھ لے کر عظیم آباد آگیا جو اُسی کا صُوبہ تھا۔ فرنگی (تعاقب کرتے ہوئے) یہاں بھی آپہنچے۔ اُس نے چاہا کہ شہر بند ہوجائے اور پھر جنگ کرے، لیکن اُس کے لشکر نے پیٹھ دکھائی اور اُسے دوبارہ شکست ہوئی۔

---

[1] میر قاسم علی خاں ستمبر ۱۷۶۰ء میں میر جعفر کی معزولی کے بعد بنگال کے گورنر ہوئے۔ انگریزوں سے اُن کا معاہدہ تھا لیکن انگریزوں نے اُس کی خلاف ورزی کی۔ اِس پر میر قاسم نے فوج کشی کردی مگر شکست کا منہ دیکھنا پڑا (۱۷۶۴ء) اور شجاع الدولہ سے پناہ مانگی۔ انگریزوں نے اودھ پر دباؤ ڈال کر وہاں سے بھی نکلوا دیا۔ آخر کچھ دن روہیلکھنڈ پھر ریاست گوہد اور جودھپور میں گذار کر ۱۷۷۴ء میں شاہ عالم کے دربار میں پہنچے مگر یہاں بھی پناہ نہ ملی۔ آخری زمانہ موضع کوتوالی میں نہایت کس مپرسی کے عالم میں بسر کیا۔ ۱۱۹۱ھ/۱۷۷۷ء میں انتقال ہوا، اور اُن کے ساتھ ہی بنگال کے صُوبیداروں کی حکومت کا بھی خاتمہ ہوگیا۔

Marfat.com

وہ اپنا ساز و سامان لے کر نو دس ہزار فوج کے ساتھ شجاع الدولہ کی سرحد میں آگیا۔ انگریزوں نے بالفعل جنگ سے ہاتھ اُٹھالیا اور پیش قدمی نہ کی۔ جب وہ بنارس کے قریب پہنچا تو خیمے ڈال کر وزیر (شجاع الدولہ) کو لکھا کہ "میں تمھاری امداد کے بھروسے پر آیا ہوں اگر تم میری اعانت کرو اور نصرانیوں سے جو (ہمارے) مذہب کے مخالف ہیں، جنگ کرنے کو آجاؤ تو تمھاری فوج اور ملازموں کا خرچ میرے متصدی اٹھائیں گے۔" اُنھوں نے جواب دیا: "پہلے تم یہاں آؤ اور بادشاہ کی ملازمت حاصل کرو (بادشاہ کے) حُضور میں جو کچھ طے ہوگا اُس کے موافق عملدرآمد کیا جائے گا۔" وہ شامت کا مارا اور سازش سے بے خبر، مع اسباب و آلات اور پانسو ہاتھیوں کے کچھ لالچیوں کے اعتماد دلانے پر جو بیچ میں پڑے ہوئے تھے، اُس دریا (گنگا) سے جو شہرِ مذکور (بنارس) کے نیچے واقع ہے پار اُتر کر لشکر میں داخل ہوگیا اور گھیرا ڈال دیا۔ اُدھر کے حریصوں کی نظر اُس کے شاہانہ اسباب پر پڑی تو اُن کی نیت ڈانوا ڈول ہوگئی اور کچھ پرانے گھاگ بھیج کر اُسے دھوکے دھڑی سے قید کرلیا۔ دو تین دن بعد سب زر و نقد، جواہر اور اجناس، گھوڑے، ہاتھی، بیل، اُونٹ، خیمے، فرش، جو کچھ بھی تھا وزیر نے ناعاقبت اندیشوں کے کہنے میں آکر (چھین لیا اور) اُس کے پاس کچھ نہیں چھوڑا۔ جو بدعہد بیچ کے بچولیے بنے ہوئے تھے اُنھوں نے معاہدے کی ذرا بھی پروا نہیں کی اور اپنے قول سے پھر گئے۔ (وہ بیچارہ یہ سوچ کر) آیا تھا کہ کوئی اُس کی مدد کرے گا مگر یہاں اور بھی بے اعتبار ہوگیا۔ جب اُس نے پناہ کا طالب ہوکر وزیر کا دروازہ کھٹکھٹایا تو بیگم، یعنی مادر شجاع الدولہ کی سرکار سے (کچھ) یومیہ (وظیفہ) مُقرر ہوگیا۔

باقی داستان یہیں چھوڑتا ہوں کیونکہ ابھی مجھے ایک اور کہانی سنانی ہے۔

لے ۱۱۷۶ھ مطابق ۱۷۶۲ء

Marfat.com

سُورج مل کی جھڑپ[1]

جمادی الثانیہ ۱۱۷۷ھ - دسمبر ۱۷۶۳ء

(سانحہ) سورج مل، جو بڑا جیالا سردار ہے، اُس کا بڑا لڑکا جواہر سنگھ، مدّت سے ریاست کا خیال سر میں رکھتا ہے - چنانچہ اب سے پہلے اپنے باپ سے جنگ کر کے بہتوں کا خون بہا چکا ہے، خود بھی دو تین کاری زخم کھائے تھے - اِن دنوں وہ فرّخ نگر گیا جو شاہجہاں آباد سے مغرب کی طرف تین منزل کے فاصلے پر ایک شہر ہے اور جس کی سرحد اُس کے باپ کے ملک کی سرحد سے ملتی ہے - وہاں کے زمیندار سے جا بِھڑا جس کا باپ نواحِ دہلی کی فوجداری پر مامُور تھا - اِس آویزش کو طُول دیا اور وہ (زمیندار) بھی مونچھ نیچی کرنے پر آمادہ نہ ہوا، اور جی جان سے (لڑائی میں) کُود پڑا - جب اِسی طرح دو مہینے گذر گئے تو سورج مل نے بڑی بھاری سپاہ لے کر اُدھر کا رُخ کیا اور راجا (ناگر مل) کے ہاں رخصت ہونے کو آیا، اُنھوں نے مشورہ دیا کہ تم ہرگز مت جاؤ، ایسا نہ ہو کہ (کسی بڑے) فتنہ و ہنگامہ کا سبب بن جاؤ کیونکہ نجیب الدّولہ وہاں سے نزدیک ہے اگر اُس نے اِسلام کی رعایت کی تو جنگ چِھڑ جائے گی - پھر یہ بھی ہے کہ فریقِ ثانی کے پاس قلعہ ہے، فوج ہے، اگر جم کر لڑا اور دیر تک جنگ رہی، تو تمھارے بڑے پن کو بھی بَٹّا لگے گا - آدابِ ریاست میں یہ لکھا ہے کہ جب تک کام نوکر سے نکل سکتا ہو، سردار کو چاہیئے کہ اپنے بیٹے سے نہ کہے - اور جب تک بیٹے (کو بھیجنے) سے کام بنتا ہو خود (مُہم پر) نہ جائے "۔ لیکن خاصّہ یہ ہے کہ جب موت منڈلانے لگتی ہے تو انسان معقول بات نہیں سُنتا، اُس نے بھی (راجا ناگر مل کے اِس) مشورے کو اِس کان سُن کر اُس کان سے اُڑا دیا - چنانچہ گیا اور وہاں (فرّخ نگر) کے رئیس کو قید کر لیا - اُس کی سپاہ نے دستِ ظلم دراز کیا، اور وہاں کے شرفاء کے مکانوں میں

---

[1] فارسی متن "ذکرِ میر" کے مرتّب مولوی عبدالحق نے اِس موقع پر عنوان "جواہر سنگھ کی دست درازی اور نجیب الدّولہ کی گوشمالی" غلط قائم کیا ہے۔ نجیب الدّولہ کی جھڑپ سُورج مل سے ہوئی تھی نہ کہ جواہر سنگھ سے۔ میر نے اِسی جنگ کے بیان میں آگے چل کر نام بھی لکھ دیا ہے " اما کسی نہ دانست کہ این سورج مل است "۔

Marfat.com

جھاڑو پھیر دی۔ (رئیسِ فرخ نگر کے) بھائیوں نے جو نجیب الدّولہ کے ساتھ تھے بہت واویلا کی اور نجیب الدّولہ سے اپنی بے طاقتی کا اظہار کیا اُس نے اُن کی خاطر (سورج مل) سے التجا کی کہ وہ لوگ اپنی سزا کو پہنچ گئے اب اُنھیں معاف کر دو۔ مگر اُس نے ایک نہ سُنی اور بڑی دلیری سے شاہجہاں آباد کی طرف بڑھا۔ (نجیب الدّولہ نے) جنگ سے تغافل کرتے ہوئے شہر کے دروازے بند کرا دیے اور بالکل سونٹھ ہوگیا۔ یہ گھمنڈی اِتراتا ہوا دریا کے پار اُترا اور اُس سے اُلجھ کر درہمی کا باعث ہوا۔ اُس (نجیب الدّولہ) کی انسانیت میں شبہ نہیں (اُس نے) سو بار کہلا بھیجا کہ "میں تم سے جنگ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا، اِس لیے اپنی فوج کو نہیں نکال رہا ہوں۔ شہر کے غریب لوگ (خواہ مخواہ) تکلیف اُٹھا رہے ہیں، تمہارا یہاں محاصرہ کرنا مناسب نہیں ہے۔" لیکن (سورج مل) نے ایک جواب بھی انسانیت کا نہیں دیا بلکہ چھچھورپن سے یہ کہلا بھیجا کہ "میں تو نواب کی فوج کو دیکھ کر ہی واپس جاؤں گا اگر جلدی شہر سے باہر نکل آئیں تو احسان ہوگا کیونکہ مجھے اور بھی کام درپیش ہیں، نہیں تو یہ فوج جو میرے اختیار میں نہیں ہے، صبح و شام میں شہر پر دھاوا بولا ہی چاہتی ہے۔ اُس سردار (نجیب الدّولہ) نے کہا کہ "اچھا تو ہم کل صبح ضرور باہر نکلیں گے اور اپنی فوج کے دَم خم تمھیں دکھا دیں گے۔"

(نقل) ایک شخص نے جو اُن دونوں کے درمیان (سفارت کے فرائض انجام دے رہا) تھا، مجھ سے بیان کیا کہ آدھی رات کو نجیب الدولہ نے اپنی فوج کو دریا پار کرنے کا حکم دیا اور خود لیٹ گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد بیدار ہوا اور کہنے لگا کہ میں نے ایک عجیب واقعہ (خواب میں) دیکھا ہے۔ لوگوں نے پوچھا کہ وہ کیا؟ اُس نے کہا: "ایک درخت پر ایک بڑا کوا بیٹھا ہے، اور بہت سے کوّے اُس کے چاروں طرف جمع ہو کر شور مچا رہے ہیں۔ میں اُدھر سے گذرا ہوں اور ایک ہی

Marfat.com

تیر ہیں اُس (کوّے کو) ڈھیر کر دیا ہے۔ باقی سب کوّے اُسے مرا ہوا دیکھ کر یک بارگی اُڑ گئے ہیں، غالب ہے کہ مجھے فتح نصیب ہو گی۔ اِن شاءَ اللہ صبح کو سوار ہو کر اُس سیاہ باطن کو ٹھکانے لگاؤں گا۔"

جب صبح ہوئی، آسمان نے تیغِ حادثہ کھینچی، جنگ کا نقارہ بجا، اور (نجیب الدولہ) ہاتھی پر سوار ہو کر دریا کے پار اُترا اور نہایت استقلال کے ساتھ مقابلے پر جم گیا۔ حریف نے بڑے گھمنڈ اور طمطراق کے ساتھ اپنی فوج کے دستوں کو آگے بڑھایا۔ تفنگ انداز تفنگ چلانے میں (مصروف ہوئے) اور آزمودہ کارِ جنگ کے طور طریقے بھانپنے میں یہ سردار (نجیب الدولہ) تو پہلے ہی ٹھنکا ہوا تھا، حسبِ معمول نہایت دلیری سے لڑ رہا تھا۔ اُدھر کا رئیس (سورج مل) بھی کمر کس کر میدان میں ڈٹ گیا تھا اور چھیڑ خانی سے باز نہ آتا تھا۔

جب روہیلوں نے دو تیغہ بازی شروع کی تو اُس (سورج مل) نے اپنے تئیں فوج میں چھپا دیا اور اس سے غافل ہو کر کہ ظالم موت اُس کی تاک میں ہے، بالا بالا نکل کر اُس فوج پر ٹوٹ پڑا جو شہر کی جانب تھی۔ (اِس پر) ایک شور برپا ہوا۔ (نجیب الدولہ کی) فوج کے قلب سے کچھ رُودار دستے اُن کی امداد کو لپکے اور اِس بلا کو دُور کر دیا۔ اِس گرد و غبار میں اُس اجل رسیدہ کے ایسا زخم لگا کہ گھوڑے سے زمین پر گرا اور مر گیا لیکن کسی نے نہ جانا کہ یہ سُورج مل ہے۔ (لوگ) آپس میں کہہ رہے تھے کہ جب اُس کا گھوڑا سامنے آئے گا تو اُس کے جِلو میں قیامت ہو گی یہ کیا جانتے تھے کہ وہ پیش جنگی کر کے خود کو لقمۂ اجل بنوا چکا ہے۔ اُس وقت سے شام تک پھر جنگ نہ ہوئی۔ وہاں تو اُس کا کام تمام ہو چکا تھا اور یہاں (نجیب الدولہ کے سپاہی) یہ ڈر رہے تھے کہ رات ہوتی جا رہی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ وہ شب خون مارے اور ہمیں ہلاک کر ڈالے۔ شام کے بعد (جاٹوں کی) فوج منتشر ہو کر

Marfat.com

چلی گئی۔ ادھر یہ آدھی رات تک جنگ کے ارادے سے گھوڑوں اور ہاتھیوں پر سوار کھڑے رہے لیکن سب کو یہی فکر تھی کہ آخر کیا بلا ہے کہ اُدھر سے چھکار تک نہیں آتی، ایسا نہ ہو کہ حریف کی فوج غفلت میں ہم پر حملہ کرے اور قیامت برپا کر دے۔ اُن کے لشکر کے جاسوس نکل کر دو، دو، تین تین کوس تک اِدھر اُدھر گھومے لیکن ایک (چڑیا کا بچہ بھی) نہ مِلا۔ آخرِ شب کے قریب جاسوسوں نے آکر بتایا کہ گانو والوں سے یہ سُنا گیا کہ ایک جماعت بدحواسی (کے عالم) میں کہتی جا رہی تھی "افسوس ہے سُورج مل جیسا سردار مارا جائے اور ہم بے مروّت اُس کی لاش کو میدان میں چھوڑ کر اپنی جان کے خوف سے یُوں بھاگ آئیں!" اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ سہ پہر کی جھڑپ میں جو محافظ فوج (چنداول) کے ساتھ ہوئی تھی، مارا گیا ہے، اور اُس کا لشکر بھاگ گیا۔

انھیں باتوں میں تھے کہ صبح ہو گئی اور ایک سوار ایک کٹا ہوا ہاتھ لایا اور کہنے لگا کہ یہ اُس کا وہی سُوکھا ہوا ہاتھ ہے جس میں ناسُور تھا۔ دوسرے لوگوں نے بھی پہچان لیا اور خوشی کے شادیانے بجنے لگے۔ جب یقین ہو گیا تو بھاگی ہوئی فوج کا تعاقب شروع کیا اور اُن کا پیچھا لیا۔ اگر وہ لوگ (رنبیے) دریا پار اُتر جاتے تو ایک جہاں کو تباہ کر ڈالتے۔ لیکن راجا (ناگرمل) نے لکھا کہ نواب نے یہ دولت یعنی ایسی (شاندار) فتح مفت حاصل کر لی ہے اب مناسب [illegible] غنیمت جانیں اور باگیں موڑ لیں۔ یہاں بڑی جمعیت [illegible] نے ہمت سے مقابلہ کیا تو بہت مشکل ہو جائے گی۔ (نجیب [illegible] اور قلبِ سلیم رکھتا تھا، اُس نے راجا (ناگرمل) کا خط دیکھا تو واپس ہو گیا۔

جواہر سنگھ جو یہ خبر سُن کر [illegible] خود کو سنبھالے ہوئے تمام مسندِ ریاست پر متمکن ہو کر (نیا) لشکر اکٹھا کرنے کی فکر میں لگ گیا [illegible]

Marfat.com

شجاعت اور مروّت میں وہ اپنے باپ سے سَو گنا بہتر ہے۔

دولت نہ دہد خدای کس را بہ غلط

لشکر بادشاہ و وزیر کی حقیقت

(سانحہ) ہوا یہ کہ شجاع الدولہ نے کچھ ناتجربہ کاروں اور نااہلوں کے بہکائے میں آکر، جو اُس کی ناک کا بال بنے ہوئے تھے، اِس لالچ میں کہ اگر صوبۂ عظیم آباد ذرا سی تگ و دَو سے ہاتھ آجائے تو مفت برابر ہے، شاہ عالم کو اپنے ساتھ لے کر اُس طرف لشکر کشی کردی۔ عیسائیوں کے کپتان یعنی فرنگیوں کے سردار نے شہر (کی حفاظت کے انتظامات) مُحکم کرکے انھیں لکھا کہ ہمیں جس سے پرخاش تھی اُسے ہم نے مار لیا اور اِس ملک سے نکال دیا۔ اب ہمیں نواب (شجاع الدولہ) اور بادشاہ (شاہ عالم) سے کوئی سروکار نہیں، پھر اِس حرکت (فوج کشی) کا سبب نہ معلوم کیا ہے؟ اگر ہم سے اِطاعت (قبول کرانا) منظور ہے تو ہم (پہلے ہی سے) مُطیع و منقاد ہیں، بے فائدہ زحمت اُٹھانے کی حاجت کیا ہے؟ اور اگر کچھ بے سمجھ نو دولتوں کے اکسانے پر ہمارا اِستیصال مقصود ہے، تو ہم کیا کرسکتے ہیں۔ بڑے لوگوں کا مزاج تُند سیلاب کی طرح ہوتا ہے، جدھر کو چل پڑا بس چل پڑا۔ ہم تو خس و خاشاک ہیں۔ ہمارے پاس کیا سر و سامان ہے جو اُس کے سدِّ راہ ہوسکیں۔ سرداروں کی طبیعت کو آندھی سے تشبیہ دی جاتی ہے، ہم تو مشتِ خاک ہیں (ہمارے پاس) کیا ساز و برگ رکھا ہے جو اُس کا راستہ روک دیں۔"

لیکن حضورِ شاہ کے معاملہ نافہم لوگوں نے جو عقل و شعور سے بیگانے تھے اِس تحریر کو فرنگیوں کی بُزدلی اور نامردی پر محمول کیا اور باصرار کوچ کرنے کا مشورہ دیا۔ جب شہر (عظیم آباد) کے نواح میں دونوں فریقوں کی مُڈبھیڑ ہوئی تو فرنگی بندوقیں لے کر لڑائی پر تُل گئے۔ اور نمک حرام مغل آقا کے خزانوں پر جھپٹ پڑے۔

Marfat.com

نصرانی (انگریز) بڑی جرأت سے آگے بڑھے۔ نواب کا ایک چیلا عیسٰی نامی دلیری سے (لڑتا ہوا) مارا گیا۔ بادشاہ (فقط) تماشائیوں کی طرح کھڑا (دیکھتا) رہا۔ (انجام کار) شکست ہوگئی۔ نواب نے جو (شہر کے) آس پاس کہیں لڑ رہا تھا، توقف میں مصلحت نہ دیکھی اور (باقی ماندہ) چند (لوگوں) کے ساتھ (اپنے) صوبہ کی راہ لی۔ (اتنی لمبی) مسافت (صرف) ڈیڑھ دن میں طے کر کے اپنے ٹھکانے پر آگیا۔ وہاں سے نقد و جنس اور ناموس بقدرِ ضرورت ساتھ لے کر فرخ آباد کو روانہ ہوا۔

کیا خوب سودا نقد ہے

اگرچہ یہ دنیا دار الجزا نہیں، لیکن کبھی ایسا بھی اتفاق ہوتا ہے کہ بدلہ ہاتھ کے ہاتھ مل جاتا ہے چنانچہ) اس بھاری لشکر پر یہ شکست فاحش (اُس نمداری کا) بدلہ تھی جو اُنھوں نے قاسم علی خاں سے کی تھی۔

شاہ عالم کا وظیفہ

اُدھر نصرانیوں نے خیموں اور آلاتِ جنگ وغیرہ پر قبضہ کر کے بادشاہ کو اپنے ساتھ لیا اور اطمینان سے اس طرف کو عازم ہوئے۔ سات آٹھ دن کے عرصے میں اودھ[1] پہنچے جو شجاع الدولہ کا مستقر ہے اور اِس فتح کے شکرانے میں جو اُن کے تصور سے بھی بڑھ چڑھ کر تھی کسی شخص کو آزار نہیں پہنچایا۔ ایک ہفتہ کے بعد بادشاہ کا دو[2] لاکھ روپیہ ماہانہ مقرر کر کے اُسے الٰہ آباد کو رخصت کر دیا کہ حضرت بطور خود رہیں اب ہم جانیں اور مُلک (سانحہ) اِسی دوران میں جواہر سنگھ اپنے باپ کے خون کا بدلہ لینے کے لئے ملہار راؤ (ہولکر) کی اعانت سے، جس کا احوال پہلے لکھا جا چکا ہے بھاری لشکر لے کر نجیب الدولہ پر حملہ آور ہوا اور دہلی کا محاصرہ کر لیا۔ اناج کی مہنگائی سے مخلوق تنگ آگئی۔ جنگ و جدال اور کشت و خون (کا سلسلہ) تقریباً دو مہینے (جاری) رہا۔

---

[1] اودھ موجودہ فیض آباد کا قدیم نام ہے۔

عماد الملک جو اِس جنگ سے کنارہ کرنے کی فکر میں تھا، اپنی ناموس (زن و فرزند) کے ساتھ بھرت پور کے قلعہ سے نکلا اور فالتو لوگوں کو فرّخ آباد بھیج کر خود جواہر سنگھ کا شریک ہوگیا۔

عماد الملک[1] نواب عماد الملک اِس سن وسال کے باوصف یگانۂ روزگار ہیں۔ بڑی خوبیوں کے آدمی ہیں چنانچہ پانچ چھ خط (خوشنویسی کے) بخوبی لکھتے ہیں۔ ریختہ اور فارسی دونوں میں بامزہ شعر کہتے ہیں اور فقیر (میر) کے حال پر بہت ہی عنایت فرماتے ہیں۔ جب کبھی اُن کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں، (کچھ نہ کچھ) حَظّ اُٹھایا ہے۔[2]

شجاع الدّولہ کی انگریزوں سے طلبِ امداد (سانحہ) شجاع الدولہ کا حال یہ ہے کہ وہ جن لوگوں کی حمایت کے بھروسے پر فرخ آباد میں پڑا ہوا تھا اُن سے سوائے بے مروتی اور توتا چشمی کے کچھ نہ پایا تو ناچار ملہار کے ساتھ، جس کے حالات پہلے لکھے گئے ہیں، دوستی گانٹھ کر فوج جمع کی اور (انھیں) فرنگیوں سے جنگ کرنے کے لیے لے گیا۔ جب فریقین کا مقابلہ ہوا تو دونوں جانب سے گولوں کی باڑھ لگ گئی۔ دکھنی فوج کے دستوں نے اپنی بہادری دکھانے کے لیے توپ خانے کے منھ پر جا کر نیزہ بازی

---

[1] عماد الملک کے لیے رجوع کیجیے: خزانۂ عامرہ /۵۰۔ گلزار ابراہیم قلمی (نسخۂ پٹنہ) ورق ۲۹۷۔ ب تذکرۂ نشترِ عشق (قلمی رام پور) ۶۹۳۔ الف تا ۶۹۵۔ الف۔ گلشنِ سخن قلمی ۱۰۲۔ الف (مطبوعہ) تکملۃ الشعراء قلمی (نسخۂ رام پور) ۲۱۷/۳۔ ب تذکرۃ الکاتبین (قلمی) ۲۸۔ الف۔ حدیقۃ العالم ۲/۲۲۳۔ عہد بنگش سرگذشتِ نجیب الدولہ /۵ زوالِ مغلیہ (سرکار) جلد ۳۔

[2] یہ سطور جس زمانے میں لکھی گئی ہیں عماد الملک جاٹوں کے علاقہ میں پناہ گزین تھا۔ فارسی متن کی عبارت یہ ہے: "ہرگاہ بخدمتِ شریفِ اُو حاضر شدہ ام حَظّے برداشتہ۔" قاضی عبدالودود صاحب نے میرے نام ایک خط میں لکھا تھا کہ "حظّے برداشتہ" کا فاعل عماد الملک ہے۔ مگر مجھے اس رائے سے اتفاق نہیں ہے۔ حظّ سے میر کی مراد یہ ہے کہ اُن کے پاس جب بھی گیا ہوں کچھ نہ کچھ انعام وغیرہ ضرور ملا ہے۔ نسخۂ رام پور میں اِس موقع پر صریحاً "برداشتہ ام" لکھا ہے اِس سے بھی میرے خیال کی تائید ہوتی ہے۔

Marfat.com

اور مار دھاڑ شروع کر دی۔ (عیسائی فوج) دائرہ لشکر سے چپکے سے نکل آئے اور گولہ باری کرتے ہوئے اچانک ایسے آپڑے کہ دکھنیوں کے چھکے چھوٹ گئے اور ساری شیخی کرکری ہوگئی۔ وہ بدحواس ہو کر ایسے بھاگے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ دو تین دن میں گوالیار پہنچ گئے جو آگرہ سے تین منزل (کی مسافت) پر ایک شہر ہے جہاں (مرہٹوں کا) حاکم رہتا ہے اور یہ (علاقہ) اُن کے قبضہ میں ہے۔ چند روز میں انھوں نے اپنے پراگندہ حال کو درست کیا اور جواہر سنگھ سے جنگ کرنے پر تل گئے۔ اُدھر شجاع الدولہ کا دعوی نمٹ گیا۔ وہ اپنی موت سے بے پروا ہو کر تن تنہا فرنگیوں کے پاس چلا گیا۔ (فرنگیوں نے) اُس سے مُروّت کی، اور تمام چیزوں سے دست بردار ہوگئے (اور اس کے) صوبوں کو اُس پر چھوڑ کر عظیم آباد (پٹنہ) چلے گئے۔

جب (بادشاہ اور وزیر کا) رفع حجاب ہوگیا تو (شجاع الدولہ نے) دوبارہ وزارت کا خلعت پہنا (۱۳۔ ربیع الاول ۱۱۷۹ھ / مطابق ۳۰۔ اگست ۱۷۶۵ء)[۱] اور بےخطر ہو کر اپنے مستقر یعنی اودھ میں آ (کر بیٹھ) گیا۔

جواہر سنگھ اور مرہٹوں کی جنگ

(سانحہ) اُدھر یہ تیرہ روزگار دکھنی (مرہٹے) بھاری لاؤ لشکر کے ساتھ جواہر سنگھ کی سرحد تک آگئے اور اکثر دیہات کو لوٹ کھسوٹ لیا۔ جواہر سنگھ جو واقعی بڑا بہادر ہے (اپنے) قلعوں سے نکلا اور آٹھ نو ہزار سکھوں کو جو اُن دنوں اس ضلع میں آئے ہوئے تھے بھرتی کر کے لے گیا اور مقابلہ کیا۔ جب جنگ چھڑی تو ان کم بختوں کے چھکے چھوٹ گئے اور یہ (سکھ) لوٹ مار اور پکڑ دھکڑ میں لگ گئے چنانچہ تو... پانسو آدمیوں کو مع ایک (مرہٹہ) سردار کے پکڑ لائے اور ان کی سپاہ گری کی آبرو خاک میں ملا دی۔ ملہار چونکہ غیرت مند آدمی تھا جب اس نے شکست پر شکست

---

[۱] چہار گلزار شجاعی (قلمی) (عکس مملوکہ شعبۂ تاریخ۔ مسلم یونیورسٹی۔ علی گڑھ) ذخیرۂ ذاتی

Marfat.com

کھائی تو فرطِ اندوہ و غم سے تین چار منزل آگے جا کر مر گیا۔

مرہٹوں نے صلح کر لی

اندریں اثنا، رگھنا تھ راؤ، جو دکھنیوں کا مانا ہوا سردار ہے، کثیر فوج کے ساتھ پہنچا اور جواہر سنگھ کی سرحد کے اس طرف کے زمینداروں میں سے ایک پر چڑھائی کر کے اُس کے ملک میں فتنہ کھڑا کر دیا۔ زمیندار مذکور جواہر سنگھ سے دوستی رکھتا تھا' اُس نے لکھا کہ اگر مرہٹے مجھے دبالیں گے تو یقینی ہے کہ تمھارے ملک پر بھی ہاتھ صاف (کرنے کی کوشش) کریں گے۔ تمھارا (اپنی) سرحد پر آنا ضروری ہے، میرا فائدہ بھی اسی میں ہے۔ یہ فراخ حوصلہ جوان (جواہر سنگھ) بے پایان لشکر کے ساتھ گیا اور چنبل — جو ایک مشہور دریا ہے — کے اُس طرف پڑاؤ ڈال دیے۔ مرہٹوں نے سراسیمہ ہو کر اور بھی جی توڑ کوشش شروع کر دی۔ (مگر) ابھی دونوں لشکر محاذوں پر (تیاریوں میں مصروف) تھے کہ شاہ (ابدالی) کے آنے' کا غلغلہ بلند ہوا۔ اُس کے نام (ہی) سے مرہٹہ سرداروں کا پیشاب خطا ہوتا تھا' چنانچہ سر پر پاؤں رکھ کر اپنے اپنے گھروں کو بھاگ گئے اور اُن قیدیوں کی رہائی پر صلح کر لی جنھیں ملہار کی جنگ میں گرفتار کر لیا گیا تھا۔ اُس عزیز (جواہر سنگھ) نے اِن نمک حراموں کی واجبی گوشمالی کی جو مرہٹوں سے ساز باز کر کے اینٹھ رہے تھے اور آگرہ واپس آگیا۔

میرا دوسرا سفرِ آگرہ

راجا (ناگر مل) اپنے قلعوں سے (نکل کر) اُس کی ملاقات کے لیے (آگرے) گیا۔ مجھے اِس بہانے اپنے باپ اور چچا کے ڈھیروں کی زیارت پھر میسر آگئی۔ تقریباً پندرہ روز وہاں رہ کر اس طرف کو واپسی ہوئی۔

ابدالی کا حملہ

اِس بار بھی شاہ دُرّانی مشہور دریائے ستلج کے اُس طرف تک آیا اور بے حقیقت سِکھوں کے ہاتھوں نقصان اُٹھا کر لَوٹ گیا۔

Marfat.com

جواہر سنگھ اور مادھو سنگھ کی جھڑپ

(سانحہ) اِسی زمانے[۱] میں جواہر سنگھ اور مادھو سنگھ پسر جے سنگھ کے مابین ریاست کے معاملات میں سے کسی معاملے پر تلخی ہوگئی اور وہ رفتہ رفتہ جھگڑے کی شکل اختیار کر گئی۔ اس بہادر نوجوان نے اس کے ملک کا ستیاناس کرنے پر کمر باندھ لی اور بظاہر بخت سنگھ — جس کا احوال میرا سحر طراز قلم پہلے لکھ چکا ہے — کے لڑکے راجا بجے سنگھ کی ملاقات کے بہانے سے پُشکر گیا[۲] جو اس وقت کا ایک بڑا تالاب ہے اور ہندو وہاں اشنان کرنے کو عبادت سمجھتے ہیں۔ راستے میں اُس نے اکثر دیہات کو تہ و بالا کر دیا۔ بجے سنگھ اگرچہ جوان تھا مگر پختہ رائے رکھتا تھا وہ آکر اُس سے ملا اور بیچ میں پڑ کر صلح کرا دی۔ باہم عہد و پیمان ہوگئے۔ رائے بہادر سنگھ راجا کا بڑا بیٹا جو ہمت و شجاعت والا جوان ہے اِس سفر میں جواہر سنگھ کے ساتھ اُس تالاب میں غسل کرنے گیا تھا۔ جب وہاں سے واپس ہوئے[۳] جواہر سنگھ کی واپسی پر راجا مادھو سنگھ کے سرداروں نے معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جنگ چھیڑ دی دو پہر تک تیر و تفنگ کی لڑائی ہوتی رہی، آخر میں جہالت کیش راجپوتوں نے "اُتارا" کیا[۴] اور تلواریں سونت کر پل پڑے۔ اکثر کے پانوں اکھڑ گئے۔ آخر ان دلیر جوانوں (جواہر سنگھ و رائے بہادر سنگھ) نے دادِ مردانگی دے کر اس بلائے سخت

---

۱ یہ جمادی الثانیہ ۱۱۸۰ھ مطابق نومبر ۱۷۶۶ء کا واقعہ ہے اور میرؔ نے یہ سطریں اُسی زمانے میں لکھی ہیں۔ (جہار گلزار شجاعی)

۲ فارسی متن ذکرِ میر (مطبوعہ) میں یہاں بعکر آیا ہے لیکن سیاق و سباق کا تقاضا ہے کہ پُشکر ہونا چاہیے جو اجمیر کے قریب مشہور تیرتھ استھان ہے۔ جادو ناتھ سرکار نے اس جھڑپ کی تاریخ ۶۔ نومبر ۱۷۶۶ء لکھی ہے (زوال سلطنت مغلیہ جلد ۲ ص ۲۷۴)

۳ قوسین کے درمیان کی عبارت "ذکر میر" کے مطبوعہ متن میں نسخہ رامپور کے حوالے سے حاشیے پر اضافہ کی گئی ہے ہم نے اس عبارت کو ترجمہ میں علیحدہ کر دیا ہے۔

۴ یہ میدان جنگ میں انتہائی شجاعت کا مظاہرہ ہوتا تھا کہ سواریاں چھوڑ کر دست بدست لڑائی شروع کر دیتے تھے

Marfat.com

کوٹالا۔ شام ہونے تک دونوں لشکر بیدم ہو چکے تھے۔ کینے کی آگ (ابھی تک) دونوں طرف بھڑک رہی ہے اور (بے چاری) رعایا خس و خاشاک کی طرح اُس میں جل رہی ہے۔ دیکھیں پردۂ غیب سے کیا ظہور میں آتا ہے۔

سکھ فوج کی بدعہدی

(سانحہ) جب جواہر سنگھ اپنے قلعوں میں آکر بیٹھ گیا تو راجپوتوں کی فوج بڑی بیدردی سے آس پاس کے گانو لوٹنے لگی اور دکھنیوں کی پُشت پناہی سے آبادیوں کو اجاڑنا شروع کر دیا۔ اُن دنوں سکھوں کی ایک فوج دریائے جون کے اِس پار موجود تھی ادھر کے رئیس (جواہر سنگھ) نے اُن سے ساز باز کر کے مقابلہ کیا۔ خوب کشت و خون ہوا۔ عالم تباہ ہوگیا۔ آخر (جواہر سنگھ نے) حریف کی فوجوں کو اپنے ملک سے نکال کر سکھوں کے سرداروں کو ان کے پیچھے لگا دیا اور اپنا جانا خلاف مصلحت سمجھا۔ اس غدار قوم نے ان سے سازش کرلی اور اس سردار (جواہر سنگھ) کو دھوکا دیا۔ جب اس (جواہر سنگھ) نے ان کی بدعہدی دیکھی تو بہت بے مزہ ہوا۔ لیکن اُسی زمانے میں اس کے اقبال نے یاوری کی کہ راجا مادھو سنگھ اپنی پرانی بیماری کے سبب مر گیا اور اُس کی فوج کے سردار مجبوراً صلح کر کے واپس ہو گئے۔ اور یہ بے تہ سکھ بھی اُس راہ سے نکل گئے۔

جواہر سنگھ کا قتل
۱۱۸۲ھ - ۱۷۶۸ء

(ایک عظیم سانحہ) اور وہ یہ کہ اِس عرصے میں جواہر سنگھ اکبر آباد چلا گیا اور کسی بدبخت کے ہاتھوں تلوار کے ایک ہی وار میں دنیا سے رخصت ہوگیا۔ اب ریاست اُس کے بھائی راؤ رتن سنگھ کو ملی۔ یہ سیہ کار ہمیشہ شراب کے نشے میں دُھت رہتا تھا اور خلقِ خدا پر حد سے زیادہ ظلم کرتا تھا، چنانچہ دس مہینے کی مدت میں[۱] اُس نے ہر کس و ناکس سے بدسلوکیاں

---

[۱] ماہ صفر ۱۱۸۲ھ مطابق جون ۱۷۶۸ء سے ماہ ذی حجہ ۱۱۸۲ھ مطابق اپریل ۱۷۶۹ء تک۔

Marfat.com

کیں۔ انجام کار کسی مُہوس نے اُسے بھی چاقو سے ہلاک کر ڈالا[1]۔ اب سردار اُس کا (نابالغ) بیٹا کیسری سنگھ مقرر ہوا[2]۔ اختیارات نوکروں کے ہاتھ میں چلے گئے (جس کے باعث) سارا کام ابتر ہو گیا۔

اب کارپردازوں نے سُورج مل کے چوتھے بیٹے نول سنگھ کو جو میدان میں نہیں تھا اُس (نابالغ) لڑکے[3] کا نائب بنا دیا ہے۔ اگر وہ سلیقے سے نبھالے جائے تو اچھا ہے ورنہ ڈھنگ تو بگڑے ہوئے (نظر آ ہی رہے) ہیں[4]۔

جب اس قوم کے نفاق نے طول پکڑا اور ملک کے انتظام کی نوبت کمینوں تک آ پہنچی تو نول سنگھ اور اُس کا چھوٹا بھائی رنجیت سنگھ جس سے کُمہیر کا قلعہ متعلق ہے، دونوں جنگ کے لیے کھڑے ہو گئے۔ تقریباً پندرہ دن تک توپ و تفنگ کے ساتھ لڑائی ہوتی رہی[5]۔ چونکہ قلعہ مضبوط تھا ناچار نول سنگھ نے صلح کر کے چھوڑ دیا۔ ہر چند دونوں بھائیوں میں بظاہر صلح و صفائی ہو گئی ہے، مگر کینۂ باطن کا کیا علاج[6]۔ جیارام، جو رنجیت سنگھ کی فوج کا سردار اور اُس کا مدار المہام تھا،

---

[1] راؤ رتن سنگھ اگست ۱۷۶۸ء میں مسند ریاست پر بیٹھا تھا اور ۱۰ اپریل ۱۷۶۹ء کو قتل کیا گیا۔ اُس کی مدت ریاست آٹھ ماہ کے قریب ہوتی ہے۔ اُسے ایک برہمن گوسائیں رُوپانند نے قتل کیا تھا۔ اُس کے بارے میں یہ مشہور تھا کہ کیمیا بنانا جانتا ہے۔ راجا نے اُسے پارس کی پتھری ڈھونڈھنے پر مامور کیا۔ یہ کچھ زمانے تک اُسے بیوقوف بنا کر روپیہ اینٹھتا رہا اور جب دیکھا کہ مکر کا پردہ چاک ہونے والا ہے تو ایک دن رتن سنگھ کو ہلاک کر دیا۔ (زوالِ سلطنت مغلیہ ۳-۳-۴)

[2] ذکرِ میر میں اُس کا نام "کھیری سنگھ" ملتا ہے مگر سرکار (زوال ۳/۴) نے کیسری لکھا ہے۔ یہ مسند نشینی کے وقت شیر خوار تھا۔ نول سنگھ کا سالا دان شاہ ریجنٹ مقرر ہوا تھا۔

[3] اس نابالغ لڑکے کا نام رنجیت سنگھ تھا (چہار گلزار)

[4] ان سطروں سے ظاہر ہے کہ یہ عبارت ۱۷۶۹ء - ۱۷۷۰ء کے مابین لکھی گئی ہے۔

[5] زمانہ تقریباً ۱۵۔ فروری ۱۷۷۰ء (زوال ۳ ۴)

[6] یہاں تک ذکرِ میر کی عبارت فروری ۱۷۷۰ء میں لکھی جا چکی تھی۔

Marfat.com

دکھنیوں کے لشکر میں گیا۔ جو اُن دنوں وہاں سے چار پانچ منزل کے فاصلے پر منڈلا رہے تھے[۱] اور (مرہٹہ) سرداروں کو لالچ دے کر اپنے ملک میں لے آیا۔[۲] یہی (مرہٹے) جو آج دُون کی لے رہے ہیں (بہت) پھٹے حالوں میں اُس کے ساتھ آئے تھے اور قلعۂ کُمھیر کی دیواروں کے نیچے محاصرہ کر کے پڑ گئے تھے[۳] اور اتنے ہراساں تھے کہ ایک ایک سے پوچھتے تھے "نول سنگھ کی فوج کتنی ہے؟ اور کیسے لڑتی ہے؟"[۴] اگر نول سنگھ اپنی جگہ سے نہ ٹلتا تو اُس کا اتنا نقصان نہ ہوتا اور مرہٹے بھی تھوڑا بہت (مال) بطور ضیافت لے کر چلے جاتے۔ چنانچہ اُنھوں نے متھرا کی جانب حرکت شروع کر بھی دی تھی۔[۵] لیکن رات کے وقت نول سنگھ کی فوج کے ناتجربہ کاروں[۵] نے گوردھن[۶] کے قریب — کہ وہ بھی ہندوؤں کا تیرتھ استھان ہے — آکر اُن پر قزاقانہ حملہ کر دیا[۷] (اور ایسے کیا کہ) سَو یہاں ہیں، تو دو سَو وہاں۔ ہزار اِدھر تو پانسو اُدھر۔ اِسی لیے جو جس جگہ تھا وہاں تنہا (ہی) رہا، کوئی کسی کی مدد کو نہ پہنچ سکا۔ (اِس کا نتیجہ لامحالہ یہ ہونا تھا کہ) نسیمِ فتح و ظفر دکھنیوں کے پھریروں

---

[۱] مرہٹے اُس وقت جے پور میں تھے اور والیِ جے پور نے اُنھیں پچاس لاکھ روپیہ دینے کا لالچ دیا تھا بشرطیکہ وہ جاٹوں سے اُس کے مقبوضہ علاقے واپس دلا دیں۔

[۲] مرہٹہ فوج کے سرداروں نے ۵۔ مارچ ۱۸۰۵ء کو کُمھیر کے قلعہ میں رنجیت سنگھ سے ملاقات کی تھی (زوال ۳/ ۶)

[۳] تقریباً ایک ماہ کُمھیر میں پڑے رہے تھے۔ [۴] تفصیل دیکھو زوال ۳/ ۶-۷

[۵] یہاں میر کا اشارہ گوسائیں بالانند اور دان شاہ کی طرف ہے۔ سمرو Sombre اور میدک نے یہ مشورہ دیا تھا کہ جنگ کرنا مناسب نہیں، مگر دان شاہ نے یہ مشورہ قبول نہیں کیا اور ناگوں کے سردار گوسائیں بالانند نے بھی اس کی تائید کی۔ (زوال ۳/ ۷)

[۶] یہ بھرت پور سے نو میل جانبِ مشرق واقع ہے۔

[۷] یہ حملہ ۶۔ اپریل ۱۸۰۵ء کو ہوا تھا۔ (زوال ۳/ ۶)

Marfat.com

پر لپھرائی۔ اِدھر کے گھوڑے ہاتھی اونٹ اور بہت سا سامان جنگ اُدھر کے قلعہ[1] داروں کے ہاتھ آیا۔ لیکن ایسی شکست دینے پر بھی اُن سے یہ نہ ہو سکا کہ نول سنگھ کے قلعوں پر دھرنا دے دیتے[2] بس اِسی کو غنیمت سمجھ کر دریائے جمن سے گذر گئے اور دوآبہ کے درمیان خیمہ زن ہوئے۔ جب وہاں اُن کا پڑاؤ لمبا ہو گیا تو نجیب الدولہ نے، جو بہت دور اندیش تھا، دل میں سوچا کہ یہ مصیبت یُوں بالا بالا نہیں جائے گی مبادا شہر کو کچھ گزند پہنچائے۔ چنانچہ وہ اپنے بیٹے اور بھائی کو نیز جتنی فوج بھی ہمراہ تھی اُسے لے کر نظر بتوکل (مرہٹہ) سرداروں کے مقابل آیا اور جب تک جان میں جان رہی دکھنیوں کو اتنی مہلت نہیں دی کہ وہ شہر کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی دیکھ سکیں۔ مگر جب وہ اپنے پرانے مرض کی وجہ سے مرگیا[3] تو اُس کے سرداروں نے کسی چھوٹی سی بات پر اُس کے بیٹے ضابطہ خان سے اختلاف پیدا کر لیا۔ آخر (ضابطہ خان) چھوڑ چھاڑ کر سکرتال چلا گیا اور اُنھوں (مرہٹوں) نے شہر کے قریب آکر اپنے خیمے گاڑ دیے۔

کاماں ہیں

جب جاٹوں کی بد پردازی اور ناسازی حد سے سوا ہو گئی اور (شہر میں) رہنے سہنے کا مزہ بالکل جاتا رہا تو راجا ناگر مل نے (دہلی کے) بیس ہزار خاندانوں کو ساتھ لے کر جو اُسی کی وجہ سے آباد ہوئے تھے اور (اُن میں سے) اکثر اُسی کے دامنِ دولت سے وابستہ بھی تھے، یہاں سے نکل جانے کا فیصلہ کر لیا اور ادھر کے سرداروں سے (جانے کی) اجازت بھی طلب کی۔ لیکن وہ

---

[1] اِس جنگ میں دو ہزار مارے گئے تھے۔ پانچ ہزار زخمی تھے۔ غنیم کو ۸۴ توپیں ہاتھ گئیں۔ صرف دو ہلکی توپیں سمرو بچا کر لے بھاگنے میں کامیاب ہو سکا تھا۔ جاٹوں کے بارہ سو گھوڑے گیارہ ہاتھی اور بارہ بڑی توپیں مرہٹوں نے ہتھیالیں (زوال ۲/۷)

[2] نول سنگھ نے شکست کے بعد گوردھن سے چار میل مشرق میں ایک قلعہ ارنگ میں پناہ لی۔ یہ ڈیگ آگیا تھا۔ مرہٹوں نے یہاں تک اُس کا تعاقب کیا مگر یہاں سے اُن کا رخ منڈا کی طرف ہو گیا تھا۔ (زوال ۳/۹)

[3] ۳۱۔ اکتوبر ۱۷۷۰ (زوال ۲/ ۲۹۰۔ نیز ۳/ ۱۶)۔

Marfat.com

ظالم تو ہنوز ان لوگوں کو ستانے کی گھات میں (لگے ہوئے) ہیں انھوں نے راجا کو لیت ولعل میں رکھا اور یہ چاہا کہ اس سردار کا ارادہ فسخ کرا دیں اور (پھر موقع پاکر) خاموشی سے دستِ ظلم دراز کریں۔ جب (راجا کو) یہ یقین ہوگیا کہ یہ لوگ جانے نہیں دیتے بلکہ سدِ راہ ہو رہے ہیں تو اُس نے خدا پر بھروسا کرکے وہ کیا جو سرداری کا لازمہ ہے (یعنی) بڑی جرأت کے ساتھ اپنے دونوں بیٹوں کو لے کر سوار ہوا، اور قلعے سے باہر آکر غریبوں کی امداد میں اتنا مصروف ہوا کہ ایک شخص کی ناموس (زن و فرزند) کو بھی وہاں (خطرے میں) نہیں چھوڑا۔ خدائے بیچوں کے فضل اور اپنے حُسنِ نیت کی برکت سے دو تین دن میں اِس بھاری قافلے کے ساتھ شہر کاماں میں داخل ہوا جو (جے پور) کے راجا پرتھوی سنگھ پسر راجا مادھوسنگھ کی سرحد پر واقع ہے جسے حال ہی میں رئیس بنایا گیا ہے۔ ہم مصیبت کے مارے بھی اُس کی نوکری کے تعلق سے اُسی قافلے کے ساتھ اقامت گزیں ہیں اور دیکھتے ہیں کہ آب و دانہ کچھ دن یہیں رکھتا ہے یا کہیں اور لے جاتا ہے[1]

میرا دلی میں ورود

(سانحہ) ان دنوں یہ مشہور ہوا کہ شاہی اقبال کے جھنڈے[2] فرخ آباد پر سایہ فگن ہوئے ہیں۔ راجا نے مجھے (سفیر بناکر) حُسام الدین[3] خان کے پاس بھیجا جو بادشاہ کے مزاج میں دخیل تھے[4] میں نے جاکر عہد و پیمان درست کیے[5] ادھر اُس کے چھوٹے بیٹے نے جو مجھ سے اِس لیے خوش

---

[1] یہاں تک ذکر میر کی عبارت کاماں (راجستھان) میں لکھی گئی ہے۔

[2] یہ حسام الدین حیدر خاں د تہ ہیں جن کے نام سے ایک حویلی آج بھی محلہ بلیماران دہلی میں موجود ہے اور جن کے بارے میں یہ روایت ہے کہ انھوں نے مرزا غالب کا ابتدائی کلام میر کو لکھنؤ میں دکھایا تھا اور اس کے بارے میں میر نے اپنی رائے ظاہر کی تھی۔

[3] شاہ عالم جولائی ۱۷۷۱ء میں حُسام الدولہ کے ساتھ فرخ آباد پہنچے تھے تاکہ احمد خان بنگش کی جاگیر ضبط کریں۔ مگر چھ لاکھ سالانہ پر فیصلہ ہوگیا تھا۔ (زوال ۲/۳۹۶)

[4] میر کا یہ دوسرا سفر فرخ آباد تھا۔ پہلے سفر کا حوالہ صفحہ ۱۲۲ پر گذر چکا ہے۔

Marfat.com

نہیں تھا کہ میں اُس کے بڑے بھائیوں سے کچھ مراسم رکھتا ہوں (معاہدے کے علی الرّغم) اپنے باپ کو یہ مشورہ[1] دیا کہ دکھنیوں کے پاس جانا زیادہ اچھا ہے چنانچہ وہ بادشاہ کے لشکر میں نہیں گئے اور شہر (کی طرف) عازم ہوئے۔ مجبوراً میں بھی اپنے متعلقین سمیت بڑی بے آبروئی سے اُن کے ہمراہ ہولیا۔ جب شہر (دلّی) میں پہنچا تو بیوی بچوں کو عرب سرائے میں چھوڑ کر (اُن کے قافلے سے) علیحدہ ہوگیا (دو تین دن کے بعد رائے بہادر سنگھ[2] سے ملا اور اُسے اپنے احوال سے مطلع کیا۔ اُس بھلے مانس نے اپنے مقدور بھر میرے حالات کو سدھارنے کی کوشش میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔)

ضابطہ خاں پر چڑھائی
۱۱۸۵ھ – ۱۷۷۵ء

اِسی زمانے میں سیندھیا — جو دکھنی سرداروں میں سے ایک بڑا سردار ہے — پیشوائی کے لیے جا کر بادشاہ کو اپنے ساتھ لایا اور شہر میں داخل ہوا[3]۔ اِس (بات) کو ابھی کچھ (دن بھی) نہ گذرے تھے کہ (مرہٹہ) سرداروں نے باہم طے کیا کہ بادشاہ کو اپنے ساتھ لے کر نجیب الدّولہ مرحوم کے لڑکے ضابطہ خاں پر چڑھائی کرنی چاہیئے۔ بادشاہ نے ہر چند بیماری کا بہانہ کیا مگر کچھ فائدہ نہ ہوا[4]۔

میرا سفر سکّرتال
۱۱۸۵ھ – ۱۷۷۲ء

اِس تقریب سے میں بھی شاہی لشکر[5] کے ہمراہ اُس طرف روانہ ہوا۔ اُن لوگوں نے (وہاں) جا کر (نواب)

---

[1] یہاں حسام الدّولہ کے بیٹوں کی طرف اشارہ ہے اس لیے کہ شاہ عالم نے فرخ آباد کے معاملے میں مرہٹوں (مادھوجی سیندھیا) سے مدد طلب کی تھی [زوال مغلیہ ۲/ ۲۹۷]

[2] یہ راجا ناگرمل کا چھوٹا بیٹا تھا۔

[3] یہ واقعہ ۱- [illegible] ۱۷۷۲ء کا ہے [زوال ۲/ ۲۲۱]

[4] رک: زوال سلطنت مغلیہ ۲/ ۳۰۳، ۱۰۶

[5] اس [illegible] شاہی لشکر کے ساتھ تھے اور لشکر کا [illegible] تھا: دہلی، لونی، باغپت، غوث گڑھ، چاندپور [illegible] سے ۱۵ میل [illegible] میں۔ ضابطہ خاں نے سکرتال میں مورچہ بنایا تھا۔ ضابطہ خاں کی [illegible] کے بعد شاہ عالم یکم مارچ [illegible] [illegible] سے ہوں گے۔

Marfat.com

ضابطہ خاں[1] کو بغیر جنگ کے ہی بھگا دیا۔ اُس کے اموال اور گھر بار اور زن و فرزند پر قبضہ کرلیا[2]۔ بادشاہ کو بجز دو سو مریل گھوڑوں اور چند پھٹے پُرانے خیموں کے کچھ بھی نہ دیا۔ بادشاہ (مرہٹوں کی) اس حرکت سے بہت ہی بددل ہوا[3]۔ مگر کر کیا سکتا تھا۔ مرہٹے (اپنی طاقت کے) گھمنڈ میں تھے اور یہاں نہ زور تھا نہ زر۔ جب اُنھیں روپیہ نہیں ملا تو شاہی کارندوں نے یہاں کے شرفا کی جاگیریں دھڑا دھڑ ضبط کرنا شروع کردیں اور بہتوں کو ذلیل و خوار کیا۔

---

[1] یہ بقول سرکار ۲۳ فروری ۱۷۷۲ء کا واقعہ ہے (زوال ۳/۶۳) ضابطہ خاں امیر الامرا نجیب الدولہ کا فرزند تھا اور اپنے باپ کی وفات (۳۱ اکتوبر ۱۷۷۰ء) کے بعد اس کی جگہ دربار شاہی میں منصب دار ہوا تھا لیکن اسے کچھ الزامات لگاکر نکال دیا گیا اور املاک ضبط کرلی گئیں۔ اُس نے سرکشی کی تو شاہ عالم نے مرہٹوں سے امداد لے کر سکرتال پر فوج کشی کی (۱۱۸۵ھ ۔ فروری ۱۷۷۲ء) سہارنپور اور نجیب آباد کے علاقے اُس کے تحت تھے جادو ناتھ سرکار (زوال ۳/۱۰۹) کا بیان ہے کہ ۱۷۷۸ء میں ضابطہ خاں نے سکھ دھرم قبول کرلیا تھا اور اس کا نام بھی دھرم سنگھ رکھا گیا تھا۔ لیکن یہ بالکل بے اصل الزام ہے۔ ضابطہ خاں ۱۷۸۵ء میں انتقال کرچکا تھا۔ ۱۷۸۵ء ہی میں اُس کا بیٹا غلام قادر روہیلہ جانشین ہوا۔ اُس نے اپنے باپ کی ذلت کا انتقام لیا اور شاہ عالم کو نورِ بینائی سے محروم کردیا تھا۔ اِس کا حوالہ میں نے اس کتاب کے آخر میں دیا ہے۔

[2] مرہٹہ سرداروں کے محفوظ رکارڈ سے سرکار (زوال ۳/۴۰) نے پتھر گڑھ کے قلعے کی لوٹ کے یہ اعداد و شمار دیے ہیں: "دس لاکھ کا زر و سیم۔ ۲۲۹۸ گھوڑے۔ اِن میں سے ۲۰۳ شاہ عالم کو دیے گئے۔ تین بڑی توپیں۔ سات زنبورکین۔ ۱۸۴۲ گولہ بار۔ سو راکٹ۔ ۳۰ من بارود۔"

ضابطہ خاں کی ضبط شدہ جاگیر میں سے سہارنپور فخر الدین خاں پسر قمر الدین خاں کو اور کرنال و اَنُوپ شہر سیندھیا کو بخش دیا تھا۔

واپسی میں شاہ عالم کا راستہ یہ تھا: "نجیب آباد۔ نہٹور۔ شیرکوٹ۔ سیوبارہ۔ سلیم پور۔ امروہہ۔ پوٹھ (گنگا)۔ بکسر۔ ہاپوڑ۔ لاکھن۔ دہلی۔" نجیب آباد سے آخر مئی ۱۷۷۲ء میں روانہ ہوئے تھے اور ۹ جولائی ۱۷۷۲ء کو دہلی میں وارد ہوئے تھے۔ واپسی میں مرہٹوں نے سارے روہیلکھنڈ کو بُری طرح لوٹا تھا۔ صرف امروہہ لٹنے سے بچ گیا تھا۔ یہاں کے سادات نے نجف خان کی وساطت سے ساٹھ ہزار روپیہ تاوان دینے کا پہلے ہی سے اقرار کرلیا تھا۔ عبرت نامہ میں یہ رقم اَسّی ہزار بتائی گئی ہے۔ [زوال ۳/۴۳]

[3] مالِ غنیمت کی تقسیم پر شاہ عالم اور مرہٹوں کے سفیر کے درمیان جھڑپ بھی ہوگئی تھی ۲ مئی ۱۷۷۲ء (زوال ۳/۴۰)

Marfat.com

وجیہ الدّولہ سے وظیفہ میں گدائی کے لیے نکل پڑا اور لشکرِ شاہی کے ہر سردار کے در پر گیا۔ چونکہ شاعری کے سبب میری شہرت بہت تھی، لوگ گونہ عنایات میرے حال پر مبذول کرتے تھے بارے (ان کی تھوڑی بہت امداد سے) کتے بلّی کی سی زندگی گذارتا رہا اور حسام الدّولہ کے چھوٹے بھائی وجیہ الدین خاں سے ملاقات کی تو اُس شخص نے میری شہرت اور اپنی اہلیت پر نظر کرکے کچھ (وظیفہ) مقرّر کر دیا، مگر دلدہی بہت کی۔

شاہ عالم اور مرہٹوں کی جنگ القصہ چونکہ بادشاہ دکھنی سرداروں کی سرکشی سے ناخوش تھا۔ اُن کی مرضی کے بغیر شہر (دہلی) کی طرف روانہ ہوا اور قلعے میں آگیا۔ یہاں آکر نجف خان نے، جو خود کو لشکرِ شاہی میں بڑا سپاہی سمجھتا تھا، بادشاہ کو جانچے پرکھے بغیر اس پر آمادہ کر لیا کہ جاٹوں کے متعینہ محالات کو تھیا لیا جائے۔ آخر اُس نے حسام الدولہ سے جو دکھنی سرداروں سے گہرے تعلقات رکھتے تھے مشورہ کیے بغیر بڑے امراء سے اس عظیم مہم کی اجازت حاصل کرلی اور دس پندرہ ہزار[لہ] آتش لوگ شہر اور مضافات سے جمع کیے، اور پہلے ہی ہلّے میں شہر سے ملے ہوئے دس بارہ محالات پر قبضہ کر لیا۔ اِس پر اینڈنے لگا۔ چونکہ نوعمر اور ناتجربہ کار تھا کچھ احمقوں اور ناعاقبت نااندیشوں کے پٹّی پڑھانے سے بہک گیا اور دکھنیوں سے جنگ کرنے پر آمادہ ہوگیا۔

مرہٹوں کا منصوبہ اُنھوں (مرہٹوں) نے آپس میں یہ مشورہ کیا کہ آج تو یہ فقیروں کی طرح (بے ساز و سامان) ہے، مگر بہ این زور و طاقت ہم سے لڑنے چلا ہے اگر اُسے واقعی طاقت حاصل ہوگئی تو ہمارا ناک میں دم

لہ میر نے تعداد زیادہ لکھی ہے۔ نجف خاں نے سات ہزار سپاہی بھرتی کیے تھے۔ سعادت یار خاں رنگین کے والد طہماسپ خاں مسکین جو سکرتال کی مہم میں بھی موجود تھے کہتے ہیں کہ یہ فوجی خوبصورت اور مضبوط تھے اور ہندی الاصل تھے مگر لڑائی میں اچھے ثابت نہ ہوئے۔ (زوال ۳ ۔ ۱۲ ۔ ۴۵)

کر دے گا۔ بہتر یہ ہے کہ ہم دوآبہ سے (نکل کر) شہر کی طرف کوچ کریں اور اُسے مہلت دیئے بغیر اُس کا کام ہی تمام کر دیں۔ اگر وہ جنگ میں کام آجائے تو خیر۔ ورنہ اس کی فوج کو پراگندہ کرکے (بادشاہ کو قید کرلیں اور) اُسے فقیروں کے سے حال میں رکھیں کہ وہ نان و نمک کھاتا رہے اور ہمارا دست نگر بنا رہے۔ جب یہ مشورہ ہوگیا تو ضابطہ خاں (پسر نجیب الدولہ) کو بخشی گری (کا عہدہ دینے) اور سہارن پور کی جایداد (بحال کرنے) کا لالچ دے کر خوش کیا۔ جو اُس کے قبضے سے نکال کر بادشاہ کے علاقے میں شامل کردی گئی تھی۔ (اس طرح اُسے بھی) اپنے ساتھ ملا لیا' اور جاٹ کی فوج کو بھی اسی طرح ڈھبایا۔ پھر ایسی بڑ بونگ مچاتے ہوئے کہ اُس کا نہ لکھنا ہی بہتر ہے۔ ایک ہفتہ میں فریدآباد کے پاس پہنچ گئے اور پایاب دریا کو پار کرلیا' دو تین دن تک معمولی جھڑپیں ہوتی رہیں۔ آخر ایک دن (باقاعدہ) جنگ بھی چھڑ گئی۔ اِس طرف سے بھی نجف خاں (کے علاوہ) بلوچوں[۱] نے اور موسیو مدک فرنگی[۲] نے جو نجف خاں کے ورغلانے سے جاٹ کی نوکری چھوڑ کر اِس شامت زدہ فوج کے ساتھ آملے تھے۔ میدان جنگ میں بڑی بہادری دکھائی۔ نمک حرام "مغلیہ" (فوج) نے جب دکھنی فوج کا چھتہ اُمڈ دیکھا تو (ڈر گئے اور) پیٹھ دکھا کر بھاگے اور رسوائی مول لی۔ کچھ اجل رسیدہ[۳] لوگ جن کے بدن پر (ڈھنگ کی) وردی بھی نہ تھی مفت میں زخم کھا کھا کر ہلاک ہوئے۔

---

[۱] یہ دسمبر ۱۷۷۱ء کا واقعہ ہے۔ بلوچوں سے وہ فوج مراد ہے جو موسوی خاں کے بھائی سید محمد خاں بلوچ کی کمان میں تھی (زوال ۳ ص ۵۰) ذکر میر مطبوعہ میں طباعت کی غلطی سے "دلبوجان" چھپا ہے اور موسی مدک فرنگی کے ساتھ اس لفظ کے ذکر سے یہ التباس پیدا ہوتا ہے کہ "دلبوجان" بھی کوئی فرنگی نام ہوگا۔ موسی مدک یا موسیو مدک (RENE MADEC) پہلے جو تیمور کی ملازمت میں تھا اُسے چھوڑ کر ۱۵۔ نومبر ۱۷۷۲ء کو دلی آیا۔ ۱۷ نومبر کو شاہ عالم کے دربار میں باریاب ہوا۔ بادشاہ نے اسے "نواب شمس الدولہ بہادر قائم جنگ" خطاب کے علاوہ شش ہزاری ذات و سوار کا منصب دیا۔ (زوال ۳ ص ۴۶)

[۲] اس کا نام RENE MADEC ہے موسیو فرانسیسی تعظیمی لقب MONSIEUR ہے موسیو مدک کے حالات میں دیکھیے E. BARBE: L'Nebob Rene Madec

[۳] دسمبر ۱۷۷۱ء (زوال ۳ ص ۲)

Marfat.com

اِدھر کی فوج کا ایک دستہ میدان صاف دیکھ کر بے تکلف شہر میں گھس آیا، اور شاہی ہاتھی نیز بہت سا اسباب اُن بھگوڑوں کے سروں پر لاد کر لے گیا۔ کچھ حواس باختہ لوگ جو وہاں جمع ہوئے تھے چشم زدن میں صاف ہو گئے۔ ایک گھڑی رات گئے تک حسام الدین خاں معدودے چند (سپاہیوں) کے ساتھ ریتی (پرانے قلعے کے پیچھے جمنا کا مغربی کنارہ) میں ڈٹا رہا پھر (وہاں سے) اُٹھ کر بادشاہ کے پاس آیا۔ آدھی رات گئے نجف خاں بھی چند مظلوموں کو موت کے منہ میں چھوڑ کر اپنی حویلی میں داخل ہو گیا۔ پرانا شہر جس میں (پہلے ہی) کہیں کہیں آبادی تھی، اِس حادثے میں از سرِ نو لُوٹا گیا۔ ہم غریبوں کو حافظِ حقیقی نے اپنی حفاظت میں رکھا۔ صبح کو اُدھر کے بہادروں میں مقاومت کی تاب نہ تھی جو میدان میں اُترتے۔ شہر پناہ کی دیوار کے ساتھ مورچال درست کر کے وہ دن تو بادلیج (توپ) کی جنگ میں گذارا۔ بادشاہی اقبال نے کام کیا، ورنہ (دشمن) قلعۂ مبارک کو بھی اُڑا دیتے۔ (رہے اِدھر والے تو) اُن کا سلیقۂ جنگ اور استعداد (حرب) تو اُسی دن معلوم ہو گئی تھی جب فوج مرہٹہ کی آمد آمد سن کر بہتوں کے ہوش پَرّاں ہو گئے تھے، اور توپخانے کے لوگوں نے جنگی سامان مثلاً توپ و رہکلہ، جزائر اُفتادہ، سرب و باروت و بان وغیرہ کی تیاری کے لیے حضورِ اقدس میں عرضی دی تھی۔ مُتصدّیوں نے میر آتش کو — جو برف سے بھی ٹھنڈا ہے [illegible] ادا کیے۔ اُس کی ہیئت اور مونچھیں اگر دیکھو تو یہ مغالطہ ہوگا کہ مرد ایسے ہی ہوتے ہیں مگر (وہ بزدل) ایسا کونے میں دبکا کہ جب تک لڑائی ہوتی رہی [illegible] نہیں دیکھا۔ آخر تیسرے دن حسام الدولہ سوار ہو کر گئے اور اُن لوگوں کے حسب نشا صلح کر کے (واپس) آئے۔ بارے نیا شہر غارت سے محفوظ رہا۔ اب دکھنی [illegible] مختار (حسام الدولہ) کے اشارے پر نجف خاں اور نمک حرام مغلیہ (سپاہ) کو نکالنے کی فکر میں ہیں۔ دیکھتا ہوں کہ کیا صورت ٹھہرتی ہے اور یہ اِدبار زدہ (مغلیہ) کس

Marfat.com

طرح شہر سے نکلتے ہیں اور کہاں جاتے ہیں؟

القصہ سیندھیا۔ جو دکھنیوں کا تیسرا سردار تھا۔ جے پور کی طرف چلا گیا۔ دوسرے سردار دریا (جمنا) کے اُس پار جانے کا ارادہ کر رہے ہیں۔ غالب (خیال) ہے کہ وہ فرخ آباد کے راستے سے جھانسی جائیں اور وہاں سے شجاع الدولہ کے ملک کی خرابی کا سبب بنیں۔

نجف خاں کا اخراج
جنوری ۳ ۱۷۷۲ء

(سانحہ) چونکہ عام طور پر شہر کے لوگوں کی زبانوں پر تھا کہ نجف خاں وغیرہ سردار اور شورہ پشت مغلیہ (فوج) تنخواہ کا مطالبہ کرنے کی سوچ رہے ہیں اور جیسے ہی مرہٹے کوچ کر کے جائیں گے یہ جمِ غفیر بادشاہ کے دروازے پر دھرنا دے کر متصدیوں کو پریشان کرے گا اور اپنی تنخواہ مانگے گا۔ لہذا حسام الدولہ نے (جو مختار تھا) دکھنیوں سے کہا کہ یہ لوگ نمک حرام اور دنگئی ہیں جس طرح بھی ہو انہیں (یہاں سے) رگیدنے کی فکر کرو۔ (چنانچہ اب) اُن کے اشارے پر مرہٹہ سردار اِس قوم (مغلیہ) کو شہر بدر کرنے کی گھات میں ہیں۔ یہ قدغن کر دی گئی ہے کہ کوئی مغل شہر میں نہ رہے۔ جب اِس بات نے طول پکڑا اور شاہی متصدی قلعہ میں جا کر بیٹھ گئے، اور عوام کو بھی شہر بند کر دیا تو بظاہر اِس بے حقیقت گروہ نے لاہوری دروازے تک مورچے باندھ کر فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دی اور بباطن اگرچہ مرہٹوں سے نپٹنے کی طاقت نہ تھی مگر اُن سے الجھ گئے۔ جب ہنگامہ آرائی سے کام نہ بنا اور دیکھا کہ ہم مقابلہ کرنے میں مارے جائیں گے تو ناچار (شہر سے) نکلنے پر آمادہ ہوئے اور مرہٹوں سے عہد و پیمان کر لیے۔ دو تین روز کے بعد[1] نجف خاں اور دوسرے مغل سردار اپنے سب ساتھیوں سمیت اُن کے

---

[1] میر نے یہ سطریں ۱۷۔ جنوری ۳، ۱۷۷۳ء کے آس پاس لکھی ہیں۔ اس تاریخ کو مرہٹوں نے نجف خاں کی حویلی واقع موری گیٹ کا محاصرہ کیا تھا۔ اِس کے بعد ۲۰۔ جنوری کو باہم تصفیہ ہوگیا اور نجف خاں نے مع اپنی فوج کے تین ہزار روپیہ یومیہ پر مرہٹوں کی ملازمت قبول کر لی تھی۔ (زوال ۳/۵۳)

Marfat.com

لشکر میں چلے گئے۔ دکھنیوں نے — جو ظاہری سلوک اور مراعات کسی وقت بھی نظر انداز نہیں کرتے — اِس نابکار گروہ کی آؤ بھگت میں کوتاہی نہیں کی، لیکن وہ عزت جو بادشاہ کی نوکری میں تھی یہاں ملنا معلوم — کچھ دنوں میں یہ بے حقیقت جماعت پراگندہ ہوجائے گی اور ہر شخص کسی (نہ کسی) طرف چلا جائے گا۔ مشہور یہی ہے کہ مرہٹے بالفعل اِن سب لوگوں کو اکبر آباد تک اپنے ساتھ لے جائیں گے اور وہاں سے اجازت دے دیں گے کہ جو جہاں جانا چاہتا ہے چلا جائے[1]

حاصل یہ کہ شرارت پیشہ مُغل اور سراپا فساد مرہٹے، قریب ہے کہ چلے جائیں اور حضرت ظلِ سُبحانی اپنی ذاتِ قُدسی صفات اور دو تین مُحرّروں کے ساتھ بغیر کسی تشویش کے قلعۂ مبارک میں تشریف رکھیں۔ اگر دن میں سو بار بھی قلعہ کے ایک ایک کنگرہ پر سیر کرنے کو آئیں تو کون ہے جس کا حجاب مانع ہو؟ اور اگر بازار میں پیدل نکل آئیں تو حاجب کہاں ہیں جو "دُورباش" کہیں۔ ڈھنگ یہ نظر آتے ہیں کہ اہلِ حرفہ سر بصحرا نکل جائیں گے اور سپاہی پیشہ (لوگ) بھیک کے لیے ہاتھ پھیلاتے پھریں گے۔ ہر شخص اپنا راستہ لے گا۔ شہر بڑا بارونق ہوجائے گا![2]

حُسام الدّین خاں کا حشر ۱۷۷۲ء

(سانحہ) تازہ یہ ہوا کہ جب دکھنیوں نے نجف خاں کو ساتھ لے کر دریا کے اُس پار جانے کا قصد کیا تو نصرانیوں کی پُشت پناہی سے وزیرِ جاں (شجاع الدولہ) یلغار کرتا ہوا اپنے صوبہ (اودھ) سے فرخ آباد تک پہنچ گیا اور (مرہٹوں کے) مقابل[3] ہوا۔ چونکہ دکھنی فوج کے (سر) داروں نے خود کو اِس موقف میں نہیں پایا کہ اُن کا مقابلہ کرسکیں ... تین مہینے قیل و قال میں گذار کر (آخر) صلح کے خواہاں ہوئے۔ چونکہ وزیر بھی مانا ہوا

---

[1] دیکھیے۔ زوال ۳، ص ۳۲-۳۳

[2] اس پیرا گراف میں جو طنز کی تلخی ہے اُس سے اُن سیاسی حالات میں قوم کے انتظار کو اچھی طرح سمجھا جاسکتا ہے

[3] دیکھیے زوال ۳، ص ۳۲ - پہلا ۳۴-۳۵)

Marfat.com

سُورما تھا (اُس نے صلح کی پیشکش کو) غنیمت جانا اور قبول کرلیا۔ آخر نجف خاں کو حضورِ (شاہ) میں (اپنا) مُختارِ کار بنا کر اپنے صُوبے کو روانہ ہوگیا۔ دکھنی اور پُوربی بھی اپنے معاملات اُسے سونپ کر اپنے اپنے مقبوضہ علاقوں کی طرف چلے گئے۔ جب نجف خاں شہر میں داخل ہوا تو حسام الدّولہ کا رنگ فق ہوگیا۔[ا] دو تین روز گھر میں (دبکا) بیٹھا رہا۔ اس کے بعد بادشاہ نے قلعہ میں بلا کر اپنے چند سالہ حساب کے کاغذات طلب کیے اور اُسے وہیں حراست میں رکھ لیا۔ مجدالدّولہ عبدالاحد خاں پسرِ عبدالمجید خاں مغفور نے جو خاص شاہی کارپردازوں میں سے تھا، راجا ناگرمل کی تبدیلی کے بعد دیوانی خالصہ کا خلعت پہنا اور شاہی مختارِ کار ہوگیا۔[۲] آخر کار بادشاہ نے حُسام الدین خاں کو، جو مختار الملک تھا، قید کر کے زرِ شاہی[۳] اور مغلوں کی تنخواہ کے سلسلے میں آٹھ لاکھ روپیے کے عوض فتح خاں درّانی وغیرہ کے حوالے کر دیا۔[۴] وہ اُسے قلعہ سے اپنے گھر لے گیا۔ اب مغل مختار ہیں، چاہیں مار ڈالیں، چاہیں (زندہ) چھوڑیں۔ ع:

"این شامتِ اعمال قیامت بسر آورد۔"

ا یہ صلح ۲۱۔ اپریل ۱۷۷۳ء کو ہوئی تھی اور نجف خاں ۲۰۔ مئی ۱۷۷۳ء کو شہر میں داخل ہوا تھا۔ (زوال ۳/۵۵۔ ۳/۶۰)

۲ اس کا خطاب "مجد الدّولہ بہرام جنگ" تھا۔ اور یہ ۲۲۔ مئی ۱۷۷۳ء کو مختار بنا تھا۔ (زوال ۳ ۶۱)

۳ یہ ۵۔ جون ۱۷۷۳ء کو قید کیا گیا (زوال ۳/ ۶۲) نجف خاں نے پانچ دن کے بعد اسے آزاد کرا دیا تھا۔ مگر ۱۴۔ جون کو مہدی قلی خاں گرفتار کر لیا گیا جس نے عماد الملک کے زمانۂ وزارت میں دہلی والوں پر بہت مظالم کیے تھے۔ اسے ۱۲۔ جولائی ۱۷۷۳ء کو ہاتھی کے پیروں تلے رَوندوا دیا گیا تھا۔ میر نے یہ سطریں جون ۱۷۷۳ء میں لکھی ہیں جب حسام الدین خاں مُغلوں کی قید میں تھا۔

۴ (زوال ۳/ ۶۱۔ ۶۳) متن "ذکرِ میر" میں "ہشت صد لک روپیہ" ملتا ہے اور یہی نسخۂ رامپور میں بھی ہے۔ بظاہر ہشت لک ہونا چاہیے۔

Marfat.com

[بظاہر تو حُسام الدین خاں کو مُراہی سمجھو، کیونکہ وہ جانی دشمنوں کے نرغے میں پھنس گیا ہے جو تا بمقدور اُسے جیتا نہ چھوڑیں گے۔ آگے خدا کو اختیار ہے کیونکہ وہ تو ہر شئے پر قادر ہے[۵۱]]

تین سال سے فقیر کا حال یہ ہے کہ کوئی قدردان تو درمیان میں ہے نہیں، اور زمانہ سخت تنگ ہو چکا ہے۔ خدائے کریم پر توکّل کرکے — جو رزق دینے والا اور قوت و اقتدار والا ہے — گھر میں پڑا ہوا ہوں۔ ظاہری اسباب یہ ہیں کہ چند عزیزوں سے مثلاً ابُوالقاسم خاں، برادر خُرد عبدالاحد خان مجدُ الدّولہ، نیز وجیہُ الدّین خاں برادرِ حُسام الدّین خاں، اور بہرام خانِ کلاں کے بیٹے بیرم خاں — جو آدمیت میں یکتائے روزگار ہیں — اور قُطب الدّین خاں پسرِ سعد الدّین خاں خانساماں — اگرچہ ان کی عمر کم ہے مگر ذہین ہیں اور سعادت مندی سے خالی نہیں — نیز قاضی لُطفِ علی خاں جو بڑے سلیقے سے زندگی بسر کرتے ہیں، اِن سب سے کبھی کبھی ملتا رہتا ہوں خواہ اُن سے کوئی فائدہ پہنچے یا نہ پہنچے۔ بس توکّل کا سرمایہ یہی لوگ ہیں۔ کبھی ایسا بھی اتفاق ہو جاتا ہے کہ کوئی مجھے فقیر یا شاعر یا متوکّل جان کر کچھ بطریقِ نذر بھیج دیتا ہے۔ مقامِ شکر ہے۔ اکثر قرضدار رہتا ہوں اور نہایت عُسرت میں زندگی گذار رہا ہوں۔ القصہ دنیا عجب حادثہ گاہ ہے[۵۲]۔

جاٹوں سے جنگ

(سانحہ) عبدالاحد خاں جو دیوان خالصہ ہو گیا تھا اور بادشاہ کے مزاج میں دخیل تھا، مختار بن گیا۔ جو جی میں

۵۱ توسین کی عبارت نسخۂ رامپور میں ملتی ہے۔ اور وہ نسخہ اسی عبارت پر تمام بھی ہو جاتا ہے۔ وہاں اس کے بعد وہ عبارت ہے جو آگے آرہی ہے یعنی "تین سال سے فقیر کا حال یہ ہے ..." اس کے بعد عبرت و خاتمہ ہے یعنی: "القصہ دنیا عجب حادثہ گاہ ہے ..." اس کے زمانۂ تحریر وغیرہ کی بحث کے لیے دیکھو "مقدمہ"

۵۲ ذکرِ میر کا نسخۂ رامپور اس عبارت پر تمام ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

آتا تھا کرتا تھا، کسی کو چوں کرنے کی مجال نہ تھی۔ شاہی فوج کا حال پتلا اور بادشاہ قلاش تھا، بس شہر اور چند دیہات (اُس کے تصرف میں رہ گئے تھے اُن پر) گذارا کرنا کیسے ممکن تھا؟ جاٹ یعنی سورج مل کی اولاد درگاہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ تک قابض ہو چکے تھے، جو شہر سے تین چار کوس پرے۔ نجف خاں بادشاہ کے حضور میں عرض کرتا تھا کہ: "حضرت۔ زندگی یوں (گذارنا) تو ظاہر ہے (کہ بے مزہ ہے) ہاں اگر یہ علاقہ، جو جاٹوں نے ہتھیا لیا ہے، مل جائے تو خوش و ناخوش گذران ہو سکتی ہے۔" بادشاہ جواب دیتا تھا: "شاید تم خواب دیکھتے ہو۔ چھوٹے منہ سے بڑی بات کرنا کیا ضرور ہے؟" وہ کہتا: "اگر ایسا ہو جائے تو حضور مجھے کیا دیں گے؟" بادشاہ نے کہا: "مُلکِ (مفتوحہ) میں سے ایک تہائی میرا باقی سب تمہارا۔" چونکہ اِس (جاٹ) قوم کی شامت منڈلا رہی تھی، ایک دن اُن کی فوج گڑھی[1] کے میدان میں آگئی جو درگاہ خواجہ مسطور علیہ الرحمۃ کے قریب ہی ہے، اور وہاں دھما چوکڑی مچانے لگی۔ نجف خاں (اپنے) لوگوں کو جن کے پاس (ڈھنگ کا) سامان بھی نہ تھا، لے کر حالتِ اضطرار میں اُن پر دوڑ پڑا۔ وہ (جاٹ) تو مغرور تھے ہی، انھیں خاطر میں نہ لائے۔ معمولی جھڑپیں ہوتی رہیں۔ مگر جب باقاعدہ جنگ چھڑی تو (ایسا پانسا پلٹا کہ) جو تصور میں بھی نہ تھا وہ ہو گیا۔ یعنی شام تک (نجف خاں کی فوج نے) میدان مار لیا۔ شاہی فوج کے آدمی رات کو تو کچا اناج چبا چبا کر وہیں پڑے رہے اور خوشی کے شادیانے بجاتے رہے۔ اگلی صبح کو آگے بڑھے اور بلم گڑھ کا محاصرہ[2] جا کیا جو شہر (دہلی) سے بارہ کوس کے

---

[1] سورج مل نے گڑھی کے میدان میں ایک قلعہ بھی تعمیر کر لیا تھا۔ یہ دہلی سے ۱۲ میل اور قطب صاحب سے پونے دو میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ (زوال ۳ ٦٦)

[2] یہ قلعہ دہلی سے ۲۵ میل جنوب میں واقع ہے۔ نجف خاں نے یہ محاصرہ اکتوبر ۱۷۷۳ء میں کیا تھا۔ (زوال ۳/ ٦٧)

Marfat.com

فاصلے پر (جاٹوں کا ایک) مضبوط قلعہ تھا۔ چند دن تک توپ و رہکلے کی جنگ ہوتی رہی۔ وہاں کے سردار نے[1] کہا کہ (صرف) قلعہ پر قبضہ کر لینے سے جاٹوں کی جنگ کا خاتمہ نہیں ہوگا آگے جاؤ اور (بڑے) سرداروں سے جو جنگ (درپیش) ہے اُسے جیتو۔ یہ قلعہ تو میں بغیر جنگ کے خالی کر کے (تمھیں) دے سکتا ہوں — نجف خاں اِس کم سنی کے باوجود بات کی تہ کو پہنچنے والا سردار تھا۔ اُس قلعے سے ہاتھ اُٹھا کر اور اُسی سردار کو وہاں چھوڑ کر آگے بڑھ گیا جب ہوڈل[2] کے قریب پہنچا، جو جاٹوں کا مقبوضہ قصبہ تھا، تو (ایک اور) مشکل پیش آئی یعنی اُدھر سے بھاری فوج آکر مقابلے پر ڈٹ گئی۔ اب یہ ایک اور بڑی مہم سر پر آپڑی۔ جاٹوں کا سردار جس کا نام نَوَل سنگھ تھا بھاری لاؤ لشکر اور بڑے توپ خانے کے ساتھ آکر مقابل ہوا۔ جنگ کا ہنگامہ ہوا، اور آسمان نے بہتوں کو خاک و خون میں لُٹا دیا، رفتہ رفتہ زمین تنگ ہونے لگی اور جنگ کا انجام سامان (رسد) کی کوتاہی پر ہوا۔ شاہی فوجیوں نے فاقوں کی کثرت اور تباہی کے باعث زندگی سے ہاتھ دھو کر مقابلہ کیا مگر منہ کی کھائی اور مارے گئے۔ چونکہ اِس قوم (جاٹ) کی شامت سے اُن کی فتح ہونی تھی ادھر کے سرداروں نے "اُتارا" کیا (پیادہ ہو کر لڑنا شروع کیا) اور میدان مار لیا اور وہ بھاری لاؤ لشکر شکست کھا کر واپس ہو گیا۔[3]

---

[1] یہ سردار اجیت اور ہیرا سنگھ نامی تھے جو نول سنگھ کے خلاف نجف خاں سے مل گئے تھے۔

[2] بادنی کھیڑا جو پلول سے چھ میل جنوب میں ہے، اس سے نو میل جنوب کی سمت نول سنگھ تھا نجف خاں نے سیکری، فتح پور بلوچ میں پڑاؤ ڈالا تھا یہ مقام بلم گڑھ سے دس میل جنوب میں اور پلول سے نو میل شمال میں ہے۔ (۳۱، ۶۷)

[3] یہ جنگ ۲۰۔ اکتوبر ۱۷۷۲ء کو لڑی گئی۔ اس میں نجف خاں کے ۲۲۰۰ سپاہی کام آئے تھے اور نول سنگھ کے دو ہزار آدمی مارے گئے تھے۔ (تفصیل: زوال ۳/ ۶۹-۱۰، نیز ۳ ۹۱-۹۳)

Marfat.com

نجف خاں جیت گیا
۱۱۹۲ھ - ۱۱۸۹ھ

سمرو نام کا فرنگی[۵۱] جو اُدھر کے توپ اور رہکلے لے کر بڑی جرأت کے ساتھ دیر تک جما رہا تھا، دن کے آخری حصّے میں وہ بھی بھاگ گیا۔ نجف خاں جس کی سرکردگی میں یہ عظیم کام انجام پایا تھا بہت اِترایا۔ اور بھی جس نے یہ ماجرا سنا بھونچکا رہ گیا۔ جاٹوں کا سردار (نول سنگھ) اپنے قلعے میں جاکر بیمار پڑ گیا۔ یہاں نجف خاں کے گرد بہت سے لوگ جمع ہو گئے اور وہ بڑا رئیس بن گیا۔ اگرچہ پاس پلّے کچھ نہیں تھا زبانی جمع خرچ سے دَم دِلاسے دیتا رہا۔ جو آتا تھا نوکر ہو جاتا تھا۔ چند روز میں دریائے بیکراں کی طرح وسیع لشکر جمع ہو گیا۔ یہ اگرچہ مُفلس تھا، مگر چرب زبانی سے اپنا کام نکال رہا تھا۔ جب دیکھا کہ اِن طفل تسلّیوں سے فوج نہیں رہتی، تو ہمّت کرکے (اپنے) سرداروں کو جاٹوں کے محالات کی طرف بھیجنا شروع کر دیا۔ بارے یہ تدبیر کارگر ہوئی۔ خود اُس نے ڈیگ کے قلعے کا گھراؤ کر لیا، جو[۵۲] وہاں سے بارہ کوس پر تھا۔ اتفاق سے وہاں کا سردار (نول سنگھ، جو (پہلے سے) بیمار تھا، مر گیا۔ اُنھوں (جاٹوں) نے سورج مل کے چھوٹے بیٹے رنجیت سنگھ کو (گدّی نشین کرکے) جنگ کرنا شروع کیا۔ اِس قلعہ کے داروغۂ توپخانہ نے ادھر کے سرداروں سے سازش کر لی اور قلعہ میں گھُسنے کا راستہ بتا دیا۔ یہ لوگ یُورش کرکے اندر گھُس گئے اور شہر کی لوٹ مار کرکے (بھی) بہت فائدہ اُٹھایا۔ ہر بے حیثیت کو دو دو گٹھڑی سامان ہاتھ آیا۔ بہت سا سامان اور بے شمار توپخانہ نجف خاں کو بھی ملا۔[۵۳] اِس فوج کے قلیقچی مالدار ہو گئے۔ سات آٹھ دن کی لوٹ مار کے بعد وہ قلعہ

---

۵۱ والٹر رینہارڈ سومبرے (Walter Reinhard Sombre) جسے عام طور پر سمرو کہا جاتا ہے۔ اُس کی بیگم بھی تاریخی شخصیت ہے جس کی کوٹھی دلی میں آج بھی "بیگم والی" مشہور ہے۔

۵۲ نجف خاں نے ڈیگ کا محاصرہ جنوری ۱۷۷۶ء میں کیا تھا، اور اس سے پہلے ۱۱۔ اگست ۱۷۷۵ء کو نول سنگھ مر گیا تھا۔ (زوال ۳/۸۳-۳/۱۵۹)

۵۳ ۲۹۔ اپریل ۱۷۷۶ء (زوال ۳/۸۶)

اُس نے سردار کے حوالے کر کے آگے کوچ کیا۔ اب گھیر کا رُخ کیا، جو اُس کا دوسرا قلعہ تھا۔ رنجیت جو اِس قوم کا سردار ہوگیا تھا، اس قلعہ کو خالی کر کے اور آلاتِ جنگ ایک طرف پھینک کر، بھرت پور چلا گیا جو ایک مضبوط قلعہ ہے۔ یہ لوگ اس شہر پر بھی قابض ہو گئے اور بہت سا مال سپاہیوں کے ہاتھ آیا۔ مجبور ہو کر جاٹوں نے صلح کا پیغام بھیجا۔ کشوری جو رنجیت کی ماں ہے، اور شعور سے بہرہ رکھتی تھی، خود آئی اور صلح کی خواہش کی۔[1] نجف خاں، بھرت پور اُنھیں دے کر اور اِس مہم کو پھر کسی وقت کے لیے ملتوی کر کے، آگرے چلا آیا۔ جو ایک مضبوط راجدھانی ہے اور جس پر جاٹ قابض تھے۔ یہاں آکر قلعہ کی جنگ میں جُٹ گیا۔ چونکہ اقبال یاور تھا، تھوڑی سی مدّت میں نقب لگا کر اُس پر قبضہ کر لیا۔ جو سردار جاٹوں کی طرف سے وہاں تعینات تھا، اُسے وعدے وعید کر کے نکال دیا۔ وہاں کے لوگوں سے (اچھا) سلوک کیا اور پورے صوبے پر قابض ہوگیا۔ جسے چاہتا تھا وہاں کے محالات تنخواہ میں دیتا تھا کچھ ہی دنوں میں اِس تمام مُلک کا مالک ہوگیا۔ اُدھر، سب راجوں اور زمینداروں کے کان کھڑے ہو گئے۔ اب اگر جاٹ کوئی حرکتِ مذبوحی کرتے بھی تو ایسی منھ کی کھاتے کہ پھر (بھول کر بھی) اُدھر کا رخ نہ کرتے۔

جب نجف خاں اِس تمام مُلک[2] کا مالک ہوگیا اور اُس کی کمان چڑھ گئی تو عبدالاحد خاں کے سامنے ڈُون کی لینے لگا۔ یعنی سلطنت کا مدار اب اُس کی ذات سے وابستہ ہوگیا۔ بادشاہ نے اُس کے قول کے مطابق مُلک کے تہائی حصّے کا سوال کیا تو اُس نے حضور میں آکر عرض کیا کہ یہ ساری فوج جو میرے ساتھ ب[illegible]

[1] فروری ۱۷۷۴ء (زوال ۳: ۱۰۰-۱۱۳)

[2] جن علاقوں پر نجف خاں نے قبضہ کیا تھا وہ یہ تھے: ڈیگ [illegible]۔ الہ آباد۔ متھرا۔ بندرابن۔ کول (علی گڑھ)۔ جلیسر۔ کامان۔ ۱۲۔ جون ۱۷۷۴ء سے ۲۱۔ اپریل ۱۷۷۵ء تک نجف خاں دلی ہی میں تھا (زوال ۳: ۵۰)

Marfat.com

بطورِ تنخواہ میں نے اس کے آدمیوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ حضرت مجھ سے تیسرے حصّۂ ملک کی قیمت لے لیں۔ بادشاہ کو اُس کے جھوٹے وعدوں پر اطمینان نہ تھا کہنے لگا: "اِتنا ملک ہی چھوڑ دینا چاہیئے۔" عبدالاحد خاں کی زور آوری کے سامنے اُس کا یہ داؤں نہ چل سکا ناچار ملک کے تیسرے حصّے کے محالات بطورِ مختار الگ کر کے دیے، اور اُسے میر بخشی گری کا خلعت عطا ہوا۔ امیر الامراء ہو گیا۔ کچھ دنوں کے بعد بادشاہ کے حضور سے اجازت لے کر اکبر آباد (آگرہ) چلا گیا۔

عبدالاحد خاں اور سکھ ۱۷۷۸ء

یہاں عبدالاحد خاں نے سکھوں کو اپنے ساتھ ملا لیا اور جو کچھ جمع پونجی تھی وہ اُن کو دے ڈالی۔ پھر اس بھاری فوج کے بھروسے پر شہزادہ فرخندہ[۵۱] اختر کو ساتھ لے کر راجا پٹیالہ پر چڑھائی کر دی۔ اُس کا ارادہ تو یہ تھا کہ جیسے ہی موقع ملے سکھوں کو نجف خاں سے بھڑا دے۔ (اب بھی اگرچہ) اُدھر (پٹیالے کی طرف) جا رہا تھا مگر خیال اِدھر (نجف خاں) ہی کا تھا۔[۵۲] رفتہ رفتہ یہاں تک نوبت پہنچی کہ بہت سے لوگ امیر الامراء (نجف خاں) کے لشکر سے علیحدہ ہو کر (عبدالاحد خاں) مختار کے نوکر ہو گئے۔[۵۳] چونکہ یہ ملک دار نہ تھا، اور معاملاتِ ریاست سے نابلد تھا، ہر کام اَدھورا چھوڑ دیتا تھا۔ (یہاں بھی) کچھ دنوں تو جما رہا پھر سکھوں کے مشورہ سے راجا (پٹیالہ) سے صلح کر لی۔ جو کچھ جمع پونجی تھی وہ ختم ہو گئی۔ اب بادشاہ سے روپیہ طلب کیا۔ بادشاہ اس مطالبہ سے بہت بددل ہوا اور لکھ بھیجا کہ جیسے بھی تم سے بن پڑے وہاں رہو، میرے پاس تو روپیہ ہے نہیں[۵۴]

---

[۵۱] یہ مرزا جہاں شاہ فرخندہ بخت پسر شاہ عالم کی طرف اشارہ ہے جسے ساتھ لے کر عبدالاحد خاں نے سرہند پر حملہ کیا تھا۔ دہلی سے یہ لشکر ۳۔ جون ۱۷۷۹ء کو نکلا تھا اور اسی سال اکتوبر میں واپس ہوئی تھی۔ (۳: ۱۱۹-۱۲۰) فرخندہ بخت نے ۶۔ مئی ۱۷۸۱ء کو انتقال کیا۔ (۳: ۱۵۴)

[۵۲] عبدالاحد خاں کا کیریکٹر دیکھو (زوال ۳: ۱۲۱) یہ درگاہ حضرت خواجہ باقی باللہ میں مدفون ہے۔

[۵۳] مئی ۱۷۷۹ء تک عبدالاحد خاں کی فوج ۳۰ ہزار ہو گئی تھی (۳: ۱۲۰-۱۲۱)

[۵۴] شاہ عالم ثانی کی اقتصادی حالت کے لیے دیکھو (زوال ۳: ۱۳۴-۱۳۸)

Marfat.com

حافظ رحمت خاں کی شہادت

۲۸ / اپریل ۱۷۷۴ء - ۱۶ / صفر ۱۱۸۸ھ

(سانحہ) وزیراعظم امیر معظم نواب شجاع الدولہ جو بہت زور آور تھا حافظ رحمت (خاں) روہیلہ سے، جو اُس کی ہمسری کا دعوی کرتا تھا، اور خصومت رکھتا تھا، جنگ کرنے نکلا۔ حریف (حافظ رحمت) نے ازراہِ بداندیشی انگریزوں کو لکھا تھا کہ وزیر جو اتنی سپاہ اکٹھی کررہا ہے تم سے اُلجھنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ چنانچہ گورنر بہادر جو "صاحب" (کہلاتا) ہے۔ جنگ کے ارادے سے نکل کر آگیا تھا۔ نواب وزیر جو اِس بالادست قوم (انگریز) کا زیادہ سے زیادہ پاس کرتا تھا، اُن کے یہاں اکیلا ہی پہنچ گیا اور کہا: "میں تمھارا تو لحاظ کرتا ہوں مگر اور کسی کے سامنے اپنی بات ہیٹی نہیں ہونے دوں گا اس میں چاہے کچھ ہو رہے۔ یا تو مجھے اپنے ساتھ ہی کلکتے لے جاؤ یا ریاست کو میری مرضی پر چھوڑ دو۔" انگریزوں نے وزیر کا سلوک دیکھ کر تمام چیزوں سے ہاتھ اُٹھالیا۔ کڑا (مانک پور) اور الٰہ آباد (کے اضلاع) بھی اُسی کے حوالے کر دیئے اور چلے گئے۔ اب آسمانِ شعبدہ گر نے ایک نیا ہی شگوفہ کھلایا اور زمانہ دگرگوں ہو گیا۔

جب وزیر وہاں سے پلٹا تو اُس کے لشکر [illegible] بہت سے فرنگی مقدمۃ الجیش تھے اور جنگ کا اہتمام اُنھوں نے اپنے اندازے پر کر رکھا تھا۔ جب روہیلوں نے یہ ٹھاٹیں مارتا ہوا لشکر دیکھا تو سہم گئے۔ ضابطہ خاں اور دوسرے چند سرداروں نے دس بارہ ہزار کی جمعیت کے ساتھ آکر اظہار اطاعت کیا کہ "ہم لوگ آپ کے دولت خواہ ہیں اور سرتابی نہیں کریں گے۔" وزیراعظم نے خدا کے فضل و کرم پر ناز کر کے حکم دیا کہ اچھا (ہماری) فوج کے پیچھے صف آرا ہو جاؤ۔ اگرچہ بعض سرداروں نے کہا بھی کہ یہ قوم غدار ہے اِس پر بھروسا نہ کرنا چاہیے ایسا نہ ہو کہ عین جنگ کے موقع پر گڑبڑ کرے۔ مگر وزیر بھی واقعی بہادر تھا اُس نے بھوں سیکڑ کر کہا "اِن کا زور مجھے معلوم ہے۔ چٹکیوں میں مسل دوں گا۔"

Marfat.com

صاحبزادہ آصف الدولہ بہادر جو اب وزیر اعظم ہیں، جنگ کے میدان میں بڑی سرگرمی سے لڑے - جدھر کا رُخ کرتے دھوئیں اُٹھا دیتے تھے - توپخانے کے زنجیرے تلوار سے کاٹ ڈالتے تھے - جب جنگ اپنے شباب پر آئی، تو حریف جو غرق آہن تھا موم سے بھی نرم پڑ گیا - (ادھر سے) اتنے گولے برسائے گئے کہ کشتوں کے پشتے لگ گئے - جب زمین (حافظ پر) تنگ ہوگئی اور اُس نے دیکھا کہ نہ بھاگنے کا راستہ ہے نہ ٹکنے کی سکت، تو دل کڑا کر کے میدان میں ڈٹ گیا اور دنیا سے دل اُٹھا کر جان پر کھیل گیا - ایک ہی یورش میں اِس گروہ کی جان کے لالے پڑ گئے - (بڑے بڑے دلاوروں کے پتے پانی ہو گئے - ایک گولا (حافظ رحمت خاں[1]) کے سینے پر لگا - (سب) درہم برہم ہو گئیں - دشمن کا سر گیند کی طرح (لڑھکا کر) لے گئے جب اِس فاتح لشکر میں لا کر دکھایا تو روہیلوں نے تصدیق کر دی (اور کہا کہ) ہر عمل کی جزا اور ہر کدورت کی سزا (ضرور ملتی) ہے - جب یقین ہوگیا کہ (حافظ) مارا گیا تو وزیر اس فتح کے

---

[1] حافظ رحمت خاں روہیلہ ۱۳- اپریل ۱۷۷۴ء کو کٹرا میران پور کے میدان میں شہید ہوئے وہ مغلوں کے دورِ زوال میں ایک جری، باہمت، دیانت دار، اور پاک باطن سردار تھے - اگر شجاع الدولہ نے انگریزوں سے سازش کر کے اُن کے ساتھ غداری نہ کی ہوتی تو اُنھوں نے ہندستان کی تاریخ کو شاید دوسری طرح ہی لکھوایا ہوتا - مگر نوابانِ اودھ کا دامن محسن کُشی، طمع و آز اور بداعمالیوں کی سیاہیوں سے ہمیشہ داغ دار رہا ہے چنانچہ شجاع الدولہ کی بدباطنی نے اپنے ہی نہیں اپنے باپ کے بھی اِس محسن کو پُوری طاقت سے کچل کر روہیلکھنڈ پر قبضہ کر لیا اور روہیلوں کی طاقت کو ہمیشہ کے لیے ختم کر کے شمالی ہند میں انگریزوں کو اپنے قدم مضبوطی سے جما لینے کا موقع فراہم کر دیا - باقی احوال کے لیے دیکھو - (۱) اخبار الصنادید - مؤلفہ نجم الغنی رامپوری مطبع نولکشور - جلد دوم - ۱۹۱۸ء - (۲) تاریخِ اودھ حصہ دوم - مؤلفہ نجم الغنی مطبع نولکشور ۱۹۱۹ء - (۳) حیاتِ حافظ رحمت خاں - مؤلفہ الطاف علی بریلوی - نظامی پریس بدایوں - (۴) گلستانِ رحمت مصنفہ نواب مستجاب خاں بہادر خلفِ حافظ رحمت خاں - (انگریزی ترجمہ از چارلس ایلیٹ - لندن ۱۸۳۱ء) دید و دریافت - نثار احمد فاروقی - مضمون "مولوی مدن کی سی" - دہلی ۱۹۶۴ء -

روہیلوں کی ایک تاریخ جو فارسی آمیز پشتو میں کاظم خاں شیدا نے حافظ رحمت کی فرمائش پر لکھی تھی اُس کا ایک قلمی نسخہ حال ہی میں (۱۹۷۲ء) نیشنل میوزیم نئی دہلی نے خریدا ہے - یہ حافظ رحمت کے ہم عصر ماٰخذ میں ایک اہم کتاب ہے -

Marfat.com

شکرانے میں سر بسجدہ ہوا۔ (حریف کا) لشکر لُٹ گیا، اور زن و فرزند قید کر لیے گئے اور سارا ملک وزیر کے قبضہ میں آگیا۔ نجف خاں جو آگرے سے آکر اس جنگ میں وزیر کے لشکر سے مل گیا تھا رخصت ہو کر پھر آگرے چلا گیا۔

میری خانہ نشینی
۱۱۸۸ھ - ۱۷۷۴ء

فقیر (میر) اِن دنوں خانہ نشین تھا۔ بادشاہ نے اکثر طلب کیا، نہیں گیا۔ عبدالاحد خاں مختار کا چچیرا بھائی اور ابوالبرکات خاں صوبہ دارِ کشمیر کا لڑکا ابوالقاسم خاں[۵۱] میرے ساتھ گونہ مراعات برتتا تھا۔ کبھی کبھی اُس سے ملاقات ہو جاتی تھی کبھی (کسی تقریب سے) بادشاہ بھی کچھ بھجوا دیتے تھے:

مصرعے گاہ گاہ میگویم کارِ دنیاے من ہمین قدر است

(کبھی کبھار کوئی مصرع کہہ لیتا ہوں۔ بس اب میری دنیا یہی رہ گئی ہے)

شجاع الدّولہ کی وفات
۲۵ر جنوری ۱۷۷۵ء - ۲۳ر ذیقعدہ ۱۱۸۸ھ

اِس فتحِ عظیم کے بعد وزیر اعظم امیرِ معظّم نواب شجاع الدّولہ بڑی شان و شوکت کے ساتھ اپنے صوبے میں داخل ہوا۔ لیکن آسمان کی نظر تو اہلِ دنیا کی خرابی پر لگی رہتی ہے۔ اِس انبوہِ پُر شکوہ کو بھی نظر کھا گئی۔ یعنی اُس بہادر اور لائق وزیر کو آب و ہوا کی تبدیلی سے ایسا مرض لاحق ہوا جس کا تدارک مشکل ہو گیا۔ بہ چند طبیبوں اور فرنگی (ڈاکٹروں) نے معالجے[۵۲] میں کوشش کی مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ (وزیر نے) جب دیکھا کہ بیماری بڑھتی ہی جا رہی ہے تو از راہِ دانشمندی اپنے خلف الصدق آصف الدولہ بہادر کو مسندِ وزارت پر بٹھا دیا جو نہایت شائستہ کار، جری، عالم مدار،

۵۱۔ ابوالقاسم خاں کا لقب اعظم الدولہ تھا۔ اسے عبدالاحد خاں نے اکتوبر ۱۷۷۵ء میں سہارن پور کا فوجدار بنا کر دہلی سے روانہ کر دیا تھا۔ ۴ر مارچ ۱۷۷۶ء کو ضابطہ خاں کی فوجوں سے اس کی مڈبھیڑ شروع ہوئی۔ مظفر نگر سے آٹھ میل شمال میں امیہ نگر کے مقام پر ۱۱ر مارچ ۱۷۷۶ء کو مارا گیا۔ اُس کے دونوں پیروں میں لنگ تھا۔

۵۲۔ چہار گلزار شجاعی میں فرنگی کا نام فراسیس ملتا ہے۔ نیز ملاحظہ ہو تاریخ اودھ ۲/۲۹۴۔

Marfat.com

اور فیض و احسان کا سرچشمہ ہیں۔ اور خود اِس دنیا سے کنارا کر گئے۔ اِس امیرِ بزرگ کے ماتم میں سارا عالم سیاہ پوش ہوگیا۔ یہ عجب حادثہ رونما ہوا۔ اگر آسمان ہزاروں سال گھومتا رہے تب کہیں ایسا ہمہ تن جرأت اور سراپا مروت سردار پیدا ہوتا ہے۔

مختار الدولہ کی وفات

کچھ دنوں کے بعد مختار الدولہ کو بھی جس کے ہاتھوں میں صوبہ داری اور وزارت کی ذمہ داریاں تھیں زمانے نے مہلت نہ دی اور وہ بسنت نامی خواجہ سرا کے ہاتھ سے مارا گیا[۱] اور عدم کو سدھارا۔ اب نیابت کا عہدہ حسن رضا خاں سرفراز الدولہ بہادر کو ملا۔ یہ ایک سنجیدہ، متواضع، خلیق اور اوصافِ حمیدہ کا مالک سردار ہے۔ صفتِ کرم اُس کی تمام صفاتِ حمیدہ پر غالب ہے اور حسنِ سلوک سے وضیع و شریف کی دلجوئی کرتا رہتا ہے۔ اُس کی عنایات میرے ہی حال پر نہیں، بہتوں پر ہیں۔ خدا اُسے سلامت رکھے۔

(سانحہ) مختار (عبدالاحد خاں کشمیری) کے روپیہ طلب کرنے سے بادشاہ کُڑھا ہوا (تو بیٹھا ہی) تھا۔ اُس نے ذوالفقار الدولہ نجف خاں کو لکھا کہ جس طرح بھی ممکن ہو یہاں پہنچو۔ وہ بادشاہ کی شہ پاکر دلیرانہ اور شیرانہ (آگرہ سے) شاہ کے حضور میں روانہ ہوا۔ عبدالاحد خاں یہ خبر پاتے ہی کہ امیر الامرا نجف خاں آرہا ہے نہایت بدحواسی میں شہزادہ اور سکھوں کی فوج کو ساتھ لے کر بھاگم بھاگ (دہلی) آیا اور نجف خاں، مذکور کے (شہر میں داخل ہونے کے) دو دن پہلے قلعہ کا بندوبست سنبھال کر بیٹھ رہا۔

نجف خاں کا زمانہ

(جب یہ) شور ہوا کہ ذوالفقار الدولہ آگیا تو بادشاہ نے اُسی

[۱] دیکھو عماد السعادت ص ۱۲۹۔

Marfat.com

مختار (عبد الاحد) کو پیشوائی کے لیے بھیجا[1]۔ یہ بڑے تُزک و احتشام کے ساتھ گیا اور ملاقات کی۔ سوار ہوتے وقت دونوں ایک ہی ہاتھی پر بیٹھے۔ نجف خاں نے عبد الاحد خاں کو مُنافق جان کر ظاہر داری کا برتاؤ کیا اور قلعے کے دروازے تک میٹھی باتوں میں لگا کر لے آیا۔ یہاں (آکر) اپنے آدمیوں کو اشارہ کر دیا کہ میری توپ رہکلہ اور فوجیں بے تحاشا قلعے کے اندر گھس جائیں اور جگہ جگہ (مورچہ بنا کر) کھڑی ہو جائیں۔ ہر چند ان دونوں کے درمیان صرف ایک چاقو کے پھل کا فاصلہ تھا اگر (نجف) چاہتا تو ایک ہی وار میں مختار کا کام تمام کر دیتا لیکن اُسے بادشاہ کی بندگی کا خیال رہا کہ آخر یہ بھی حضور کا ملازم ہے پہلے بادشاہ کی مرضی معلوم کر لینی چاہیے پھر جو کچھ ہو گا دیکھا جائے گا۔

جب اِس ہنگامے کے ساتھ بادشاہ کے سامنے آیا، اور باریاب ہوا، تو دیکھا کہ آقا (بادشاہ) اُس سے بھرا بیٹھا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ اُس کا کام تمام ہو جائے۔ یہ وہاں سے پلٹ کر بیچ بازار میں آن کھڑا ہوا[2] اور عرضی بھیج دی کہ میں نے حضور کا [illegible] کر کے دست اندازی نہیں کی تھی، اب جب تک عبد الاحد خاں کو اپنے ساتھ نہ لے لوں یہاں سے نہ ٹلوں گا۔ بادشاہ نے ظاہر میں تو صلح کی بات چیت کی لیکن خفیہ طور سے یہی کہا کہ جس طرح بن پڑے اِسے یہاں سے لے جاؤ۔ چونکہ مختار کے سپاہی[3] مجبور ہو کر جا چکے تھے اور سکھ الگ تھلگ رہے۔ ناچار اُس نے قول و قسم کیے کہ نجف خاں میرے

---

[1] نجف خاں نے ۱۲ر نومبر ۱۷۷۹ء کو دہلی کے جنوب میں کشن داس کے تالاب پر خیمہ لگایا تھا اور [illegible] عبد الاحد خاں شہزادہ اکبر شاہ کو ساتھ لے کر اُس کی پیشوائی کے لیے ۱۴ر نومبر ۱۷۷۹ء کو آیا تھا [illegible] دونوں قلعہ میں داخل ہوئے۔ نجف کی ایک ہزار سپاہ کو لے کر افراسیاب خاں نے قلعہ [illegible] (۳/ ۱۲۶-۱۲۷)

[2] قلعہ سے نکل کر نجف خاں مسجد روشن الدولہ میں آکر بیٹھ گیا تھا اور یہاں سے عبد الاحد کی رفتاری [illegible] مطالبے پر مشتمل عرضی بھجوائی تھی۔ (۳/ ۱۲۸)

[3] عبد الاحد خاں کی سپاہ سے لطافت علی خاں اور میر سید علی ٹوٹ کر نجف سے مل گئے تھے۔ (۳/ ۱۲۸-۱۲۹)

Marfat.com

ساتھ بدی نہ کرے اور میری عزت کے درپے نہ ہو۔ بادشاہ نے کہا: "میں ضامن ہوں۔ تم بے کھٹکے چلے جاؤ۔" جب کوئی چارا نہ دیکھا اور زمانہ کو بدلا ہوا پایا تو شام کے وقت ایک ہاتھی پر سوار ہو کر قلعے سے نکلا[۵۱]۔ امیر الامراء (نجف خاں) جو بازار میں انتظار کر رہا تھا خود بھی سوار ہوا اور اپنے ہاتھی کو اُس کے ہاتھی کے برابر رکھ کر اپنے گھر لے گیا۔ اور وہاں اُسے حراست میں رکھا[۵۲]۔ چند دن تو لیت و لعل میں گذارے کہ آج بادشاہ کے پاس جاؤں گا، کل لے جاؤں گا، اور آخر کہہ دیا کہ وہاں جا کے کیا کرو گے بہتر ہے کہ یہیں میرے پاس رہو۔ لیکن اُس کے مال و منال پر دست اندازی نہیں کی۔ بیس روپیہ روز اپنے پاس سے مقرر کر دیے اور چند خدمت گار اُس کے پاس چھوڑ دیے۔ خود بادشاہ کے ملکی و مالی معاملات میں مصروف ہو گیا۔ رفتہ رفتہ یہاں تک نوبت پہنچی کہ (نہایت بااختیار اور بلند مرتبہ ہو گیا) اُس کے عُلوے مرتبت کے باعث لوگوں کی اتنی آمد و رفت رہتی تھی کہ اُمراء کو مجرے کا موقع بھی نصیب نہیں ہوتا تھا۔ جس دن وہ بادشاہ کے حضور میں آتا (اُسی دن) دربار ہوتا ورنہ بادشاہ اپنے چند مُصاحبوں کے ساتھ پڑے رہتے تھے۔ چونکہ وہ جوان تھا اور شاہجہاں آباد ایک طلسم خانہ ہے، یار لوگوں[۵۳] نے اُسے عیش و عشرت کی جانب مائل کر دیا۔ مکروہات کے استعمال اور عورتوں کی تماش بینی میں اتنا منہمک ہوا کہ بدن سے طاقت زائل ہو گئی[۵۴]۔ آخر مرض سل میں گرفتار ہو گیا۔ طبیبوں نے

---

[۵۱] عبدالاحد خاں کی نظربندی ۵ار نومبر ۱۷۷۹ء کو ہوئی تھی۔ اس کے بعد نجف نے اپنے لیے (وکیلِ مطلق) کا عہدہ حاصل کر لیا تھا جو مغلوں کے دورِ آخر میں مادھوجی سیندھیا کے سوا اور کسی کو نہیں ملا۔ (۱۲۹/۳)

[۵۲] نجف خاں نے اپنے رہنے کے لیے نواب قمرالدین خاں کی حویلی حاصل کر لی تھی یہ موجودہ قاضی حوض اور لال کنوئیں کے درمیان واقع تھی۔

[۵۳] عیش و عشرت کی طرف مائل کرنے والا، دراصل نواب آصف الدولہ کا نائب لطافت علی خاں خواجہ سرا تھا۔ (زوال ۱۳۲/۳)

[۵۴] نجف خاں دو سال اور چار ماہ "وکیلِ مطلق" رہا۔ ۹ر نومبر ۱۷۷۹ء سے ۶ر اپریل ۱۷۸۲ء تک۔ اور یہ پورا زمانہ دہلی ہی میں گذرا۔ اس نے ۶ر اپریل ۱۷۸۲ء کو انتقال کیا۔ بیماری کا سلسلہ ۱۷۸۱ء کے ماہِ اگست سے شروع ہوا تھا اور ۱۷۸۲ء کے ابتدائی تین ماہ بہت شدائد میں گذرے تھے (باقی بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

اُس کے علاج میں بہتیرے ہاتھ پاؤں مارے مگر "مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔" جب (زندگی سے) مایوس ہو گیا تو بڑی حسرت سے کہتا تھا کہ میں کچھ نہیں چاہتا۔ بس اتنی تمنا ہے کہ زندہ رہ جاؤں۔" اُس کی بیماری میں زمانے کا اور ہی رنگ بدلا۔

میری دلّی سے ہجرت
۱۷۸۲ء - ۱۱۹۶ھ

فقیر (میر) خانہ نشین تھا اور چاہتا تھا کہ شہر سے کہیں نکل جائے۔ مگر اسباب کا فقدان قدم باہر نہیں نکالنے دیتا تھا (بارے) میری عزت و آبرو کے تحفظ کے لیے نواب وزیر الممالک آصف الدولہ بہادر آصف الملک کو خیال آیا کہ میر میرے پاس نہیں آتا۔ اُسے بلاؤں۔ نواب سالار جنگ پسر اسحٰق خاں مؤتمن الدولہ[۵] نے جو اسحٰق خاں نجم الدولہ کے چھوٹے بھائی اور وزیر اعظم کے ماموں ہوتے ہیں، اُس پرانے ربط پر نظر کر کے، کہ میرے (سوتیلے) ماموں (خانِ آرزو) اُن کے ساتھ (وابستہ) تھے، یہ کہا کہ اگر نواب صاحب ازراہ عنایت زادِ راہ کے لیے کچھ مرحمت فرما دیں تو میر ضرور آجائے گا۔ حکم ہوا کہ ایسا کیا جائے۔ اُنھوں نے سرکار سے کچھ (زادِ راہ) لے کر مجھے خط لکھا کہ: "نواب والا جناب تمھیں طلب فرماتے ہیں جس طرح بھی بن پڑے خود کو یہاں پہنچاؤ۔" میں تو دل برداشتہ بیٹھا ہی تھا، خط پاتے

نجف خاں کا مقبرہ دلی میں مسجد موٹھ کے قریب واقع ہے۔ اُس کے جنوب میں [illegible] اسیاب خاں [illegible] متوفی [illegible] ذی الحجہ ۱۱۹۹ھ سہ شنبہ) کا مقبرہ ہے۔ (حوالہ: سیر المنازل)۔ میر کا سفر لکھنؤ اُس کی [illegible] کے زمانے میں ہوا ہے۔ (زوال ۲ ۱۳۱-۱۳۲)

[۵] اسحٰق خاں مؤتمن الدولہ کے اجداد شوستر سے آئے تھے۔ یہ عہد محمد شاہی کے [illegible] دیوانی [illegible] ساتھ خطاب مؤتمن الدولہ پایا تھا۔ ۱۱۵۳ھ میں بحالت سجدہ انتقال کیا۔ تاریخ محمدی [illegible] ہے [illegible] کو ان کی خدمت میں [illegible] برس [illegible] آرزو [illegible] ملاحظہ ہو تذکرہ مجمع النفائس (قلمی) [illegible] رامپور، گل رعنا (قلمی) ورق ۶۳ ب [illegible] حیدر آباد، تین تذکرے۔ مرتبہ نثار احمد فاروقی۔ دہلی ۱۹۶۰ء

نواب سالار جنگ نے [illegible] رجب ۱۲۰۱ھ [illegible] اپریل [illegible] انتقال کیا [illegible] مس شعبۂ تاریخ مسلم یونیورسٹی صفحہ ۵۵۳ [illegible]

Marfat.com

ہی لکھنؤ کے لیے چل پڑا۔ چونکہ خدا کا ارادہ شاملِ (حال) تھا، بغیر یار و مددگار اور بے قافلہ و رہبر کے چند روز میں فرخ آباد کی راہ سے گذر ہوا۔

مظفرّ جنگ نے جو وہاں (فرّخ آباد) کے رئیس تھے، ہر چند چاہا کہ میں کچھ دن اُن کے ہاں ٹھہر جاؤں، مگر میرا دل نہیں گونجا۔ ایک دو دن بعد وہاں سے روانہ ہوکر منزلِ مقصود پر پہنچ گیا۔ پہلے نواب سالار جنگ کے گھر گیا۔ خدا اُنھیں سلامت رکھے، اُنھوں نے میری بڑی عزت کی، اور میرے لیے جو کچھ مناسب سمجھا بندگانِ عالی (آصف الدّولہ) کی جناب میں کہلا بھیجا۔

نوّاب آصف الدّولہ سے ملاقات

چار پانچ روز کے بعد اتفاقاً نواب عالی جناب مرغ لڑانے کے لیے تشریف لائے۔ میں بھی وہاں موجود تھا۔ فراست سے تاڑ لیا اور فرمانے لگے: "میر محمد تقی ہو؟" پھر (بڑی) عنایت سے بغل گیر ہوئے اور اپنے ساتھ اپنی نشست گاہ پر لے گئے، اور مجھے مخاطب کرکے اپنے اشعار سنائے۔ میں نے کہا: سبحان اللہ۔ بادشاہوں کا کلام، کلاموں کا بادشاہ ہوتا ہے۔" فرطِ مہربانی سے مجھے بھی (شعر خوانی) کا موقع دیا۔ اُس روز میں نے غزل کے چند شعر سنائے۔ جب نواب صاحب اُٹھ کر جانے لگے تو نواب سالار جنگ نے کہا کہ "میر حسبُ الطّلب آگئے ہیں۔ اب بندگانِ عالی مختار ہیں، اِنھیں کوئی جگہ عنایت فرمائیں۔ اور جب مرضی مبارک ہو خدمت میں بلوا بھیجیں۔" (نواب آصف الدولہ نے) فرمایا: "میں کچھ (تن خواہ) مقرر کرکے[1] تمھارے پاس (اطلاع) بھیج دوں گا۔" دو تین دن بعد یاد فرمایا۔ میں حاضر ہوا، اور مدح میں جو قصیدہ کہا تھا، وہ سُنایا۔ سماعت فرمایا۔ اور بڑی عنایت سے اپنے ملازموں کی صف میں مجھے داخل کر لیا۔ (اب تک) میرے حال پر عنایات و کرم فرماتے ہیں۔

---

[1] سفینۂ ہندی/ ۲۰۵ اور تذکرۂ عیار الشعراء (خوب چند ذکا)، ورق ۲۱۰۔ الف (نسخۂ انجمن ترقی اردو) سے معلوم ہوتا ہے کہ آصف الدولہ نے میر کا دو سو روپیہ ماہانہ مقرر کر دیا تھا۔ اُن کا تقرر "صیغۂ اُستادی" میں ہوا تھا۔

Marfat.com

نجف خاں کی وفات
اپریل ۱۷۸۲ء - ۱۱۹۶ھ

میرے اِدھر آنے کے بعد نجف خاں جو وہاں بیمار پڑا تھا، مر گیا - اور شاہی کاروبار تلپٹ ہو کر رہ گیا[1] اُس کے چیلے مثلاً نجف قلی خاں[2] و افراسیاب خاں اور دوسرے سرداروں میں رسّاکشی شروع ہو گئی - کچھ دنوں یہ کھینچا تانی رہی - آخر مرزا شفیع جو اُس کے بھائیوں میں سے تھا اور سکھوں کی تنبیہ کے لیے فوج کشی کر رہا تھا، حضور (بادشاہ) کے اشارے پر حاضر ہوا اور عبدالاحد خاں کو اپنا چچا جتا کر، قید سے رہا کر دیا - دیوانی خالصہ بھی اسے دلا دی اور خود مسندِ ریاست پر (نجف خاں کے جانشین کی حیثیت سے) متمکن ہو گیا -

نجف خاں کے جانشینوں کی رسّاکشی[3]

(سانحہ) چونکہ مرزا شفیع سفّاک و جرّار تھا، اس لیے ہر شخص اُس سے خطرہ محسوس کرتا تھا - وہ نجف خاں کے چیلوں کی سرکشی سے کھِنا گیا اور شہر ہی میں جنگ شروع کر کے نجف قلی خاں کو گرفتار کر لیا - افراسیاب خاں بھی آ کر بظاہر مرزا مذکور (شفیع) سے مل گیا لیکن اُس کا عروج دیرپا ثابت نہ ہوا - چند روز بھی نہ گذرے تھے کہ

---

[1] نجف خاں کے مرنے کے بعد افراسیاب خاں نے دوآب (علی گڑھ)، محمد شفیع نے میرٹھ، نجف قلی نے میوات اور ریواڑی اور محمد بیگ ہمدانی نے بھرت پور، الور اور جے پور کے سرحدی علاقوں پر قبضہ کر لیا تھا - نجف خاں نے اپنے پیچھے دو کم سن لڑکیاں چھوڑی تھیں - اولاد نرینہ کوئی نہیں تھی - ان لڑکیوں کو نجف کی بہن خدیجہ سلطان بیگم نے پرورش کیا - ان میں سے ایک کا نکاح مرزا شفیع سے کر دیا تھا - (دیکھو [illegible] ۲، ۱۶۶) عبدالاحد خاں ۱۶ جون ۱۷۸۲ء کو رہا کیا گیا تھا -

[2] نجف قلی خاں نومسلم تھا - یہ افراسیاب خاں سے مل گیا تھا - ۱۷ جولائی ۱۷۹۱ء [illegible] اس کی ایک بیٹی [illegible] حیدر خاں نامی کو بیاہی تھی جن کے نام سے آج تک دلی کے محلے [illegible] میں ایک [illegible] موجود [illegible] اور نواب یوسف مرزا تھے جن کو مرزا غالب کے خطوط میں [illegible] کے بیٹے [illegible] سے منسوب تھیں [illegible] "نقوش" لاہور، شمارہ ۱۱۲ -

[3] اپریل ۱۷۸۲ء سے نومبر ۱۷۸۴ء تک نجف خاں کے جانشینوں میں [illegible] لطافت [illegible] مرزا شفیع اور افراسیاب تینوں قتل ہو گئے تھے اور عبدالاحد خاں [illegible] تھا اس [illegible] بیگ ہمدانی [illegible] میدان صاف ہوا [illegible] ریاست [illegible] اقتدار قائم ہوا -

Marfat.com

لطافت نامی[۵۱] خواجہ سرا نے، جو وزیر الممالک (آصف الدولہ) کی طرف سے حضور (شاہ) میں رہتا تھا، اور فی الجملہ کچھ طاقت بھی رکھتا تھا — اور سمرو فرنگی کے رشتہ داروں[۵۲] میں سے ایک فرنگی نے، باہم سازش کی کہ جہاں بھی موقع ملے اُسے ختم کر دیں، بادشاہ کو بھی سمجھایا کہ یہ شخص بدتمیز ہے۔ جب اُسے اپنے خلاف سازش کا علم ہوا، تو ذرا دیر صبر نہ کر سکا اور شہر سے نکل کھڑا ہوا (جاتے ہوئے) عبدالاحد خاں کو بھی اپنے ساتھ لیتا گیا۔[۵۳] (اُس کے فرار ہونے کی) جب تک اُنھیں خبر ہوئی اُس کا کوئی سراغ نہ پا سکے۔ بادشاہ نے شہر و اطراف کے لوگوں (رئیسوں) کو شقّے لکھے کہ جہاں بھی اُسے دیکھ پائیں ہرگز نہ چھوڑیں اور حضور (شاہ) میں لے آئیں۔ ایک (ایسی ہی) تحریر تلم گڑھ کے سردار کو بھی ملی، اور یہ — (مرزا شفیع) وہاں جا کر ٹھہرا ہوا تھا۔ سردار نے اُسے (بادشاہ کا) وہ شقّہ دکھایا تو بہت سراسیمہ ہوا۔ عبدالاحد خاں کو وہیں چھوڑ کر خود فرار ہو گیا اور ایک دو منزل آگے جا کر دم لیا۔ اکبر آباد پہنچ کر، جہاں محمد بیگ ہمدانی[۵۴] کا تسلط تھا، اُس سے عہد و پیمان کیے اور اُسے بادشاہ کے رفقاء سے جنگ کرنے پر آمادہ کر لیا۔ وہ بیس ہزار سپاہ لے کر اُس کے ساتھ ہو لیا۔[۵۵] یہاں فرنگی، خواجہ سرا اور دوسرے عزیز بادشاہ کو شہر سے باہر نکال لائے اور دریا (جمنا) کے کنارے خیمے گاڑ دیے۔ وہ لوگ اس سازش سے بے خبر تھے کہ موت منڈلا رہی

---

۵۱ لطافت علی خان خواجہ سرا کے لیے دیکھو زوال ۳/۱۶۰

۵۲ میر جسے سمرو فرنگی کا رشتہ دار بتا رہے ہیں یہ شاید پالی PAULI ہے جو ایک جرمن کمانڈر تھا۔

۵۳ مرزا شفیع عبدالاحد خاں کو ساتھ لے کر ۱۶ر اکتوبر ۸۲ء کو فرار ہوا تھا۔ (۳/۱۰۱)

۵۴ میر نے غلطی سے دو جگہ احمد بیگ ہمدانی لکھا ہے۔ ممکن ہے یہ طباعت کی غلطی ہو۔ اس کا نام محمد بیگ ہمدانی تھا، یہ مغلیہ سپاہ کا سردار تھا اور اسمٰعیل ہمدانی اس کا بھانجا تھا۔ یہاں جس عہد و پیمان کی طرف اشارہ ہے وہ کوسی کے مقام پر ہوا تھا، یہ طے پایا تھا کہ شفیع اُسے جے پور کا پورا خراج، نجف خاں کا نصف سامان اور اسلحہ نیز چھ لاکھ روپیہ نقد یا جاگیر کی شکل میں ادا کرے گا۔ (۳/۱۰۲)

۵۵ آگرے سے ہمدانی کی فوج ۶ر نومبر ۸۲ء کو روانہ ہوئی تھی۔

Marfat.com

ہے۔ بڑے طنطنے کے ساتھ قریب پہنچے۔ بادشاہ نے جب دیکھا کہ اُس کی کمان چڑھی ہوئی ہے تو لطافت علی خاں خواجہ سرا اور فرنگی کو اُس کے لانے کے لیے آگے روانہ کیا۔ اُنھوں نے لپک کر خواجہ سرا کو گرفتار کرلیا اور فرنگی کو مار ڈالا۔ بادشاہ نے بڑی جرأت کے ساتھ اپنی حفاظت کی۔ کچھ ان کا بھی (بادشاہ پر) زور نہ چل سکا۔ اب اُنھوں نے سوال جواب میں وقت لگا کر اور بہت سے لوگوں سے وعدے وعید کرکے اُنھیں اپنے ساتھ ملا لیا۔ جب یہ سمجھ لیا کہ بادشاہ بغیر جنگ کے قابو میں نہیں آئے گا تو عبدالاحد خاں کو بیچ میں ڈال کر قول وقسم کیے اور اپنی بندگی و وفاداری کا یقین دلا کر اُسے خیمے سے قلعے میں لے آئے۔[۵۱] نجف قلی خاں، افراسیاب خاں[۵۲]، اور عبدالاحد خاں نے متحد ہوکر سلطنت کے معاملات میں دخل دینا شروع کیا اور ہمدانی[۵۳] کو جو میرزا شفیع سے قول وقرار کرچکا تھا یونہی ٹرخا دیا وہ چند توپیں اور رہکلہ لے کر اکبر آباد کو روانہ ہوگیا۔ یہاں چند دنوں کے بعد افراسیاب خاں اپنے محالات میں گیا اور مرزا مذکور نے شہر میں نجف قلی خاں سے جنگ کرکے اُسے گرفتار کرلیا۔[۵۴]

---

۵۱ شاہ عالم نے قلعے سے نکل کر بارہ پلہ کے مقام پر خیمے ڈالے تھے۔ مرزا شفیع اور ہمدانی کی فوجوں کا پڑاؤ خواجہ سرائے بدرپور نالہ کے قریب ہوا تھا۔

۵۲ افراسیاب خاں کو نجف خاں کی بہن خدیجہ بیگم نے جانشین نامزد کیا تھا۔ اس نے بادشاہ کو ایک لاکھ ۲۰ ہزار پیشکش دے کر اور پانچ لاکھ کا وعدہ کرکے اشرف الدولہ خطاب اور امیر الامرا، میر بخشی اور مختار سلطنت کا عہدہ ۱۱ر اپریل ۱۷۸۲ء کو حاصل کیا تھا۔ (زوال ۳/ ۱۶۳)

۵۳ لطافت علی خاں اور کپتان پالی PAULI ۱۷ر نومبر ۱۷۸۲ء کو ہمدانی کے کیمپ میں گئے تھے۔ ان کے ساتھ شاہ عالم کا ملازم خاص کلو خواص بھی تھا۔ موخر الذکر کے ذریعہ ہمدانی کو یہ پیغام بھیجا گیا تھا کہ وہ شفیع کا ساتھ چھوڑ دے تو اُسے میر بخشی کا عہدہ دے دیا جائے گا۔ ہمدانی نے اس سازش سے شفیع کو باخبر کردیا تھا۔ اُس نے اسی قول وقرار کو محکم کرنے کے بہانے لطافت خواجہ سرا اور کلو خواص کو اپنے کیمپ میں بلوایا تھا۔ یہ لوگ ۲۴ر نومبر ۱۷۸۲ء کو خیمے سے نکل کر آئے تھے۔ اگلے دن ۲۵ نومبر ۱۷۸۲ء لطافت کو گرفتار کرکے اندھا کردیا گیا اور پالی کو قتل کردیا۔

۵۴ ۳ر ستمبر ۱۷۸۲ء (۳/ ۱۶۹)۔

Marfat.com

اور بیگم کے پاس — جو نجف کی بہن ہوتی ہے — بھیج دیا۔[۵۱] عبدالاحد خاں اپنے گھر سے نکلا اور چرب زبانی سے پھر اپنا اُلّو سیدھا کر لیا۔[۵۲] بیگم مذکور نے سفارش کر کے نجف قلی خاں کو رہا کرا دیا اور اُسے جاگیر پر بھیج دیا۔ رفتہ رفتہ مرزا شفیع کا تسلط خوب ہو گیا[۵۳] اور وہ شہر سے نکل کر ملک گیری کی طرف متوجہ ہوا۔ چونکہ کوئی بھی اُس سے مطمئن نہ تھا افراسیاب نے آکر ہمدانی کو بُلایا اور یہ طے کیا کہ مرزا (شفیع) ہمدانی کی دلدہی کے لیے اُس کے خیمے تک آئے۔ (چنانچہ اُسے وہاں سے) لائے اور جھانسا دے کر قتل کر دیا۔ وہ مارا گیا تو افراسیاب خاں کا طوطی بولنے لگا[۵۴] اور ریاست کا انتظام اُس کے قبضے میں آ گیا۔ ہمدانی پھر اپنے علاقے میں واپس چلا گیا اور یہ (بادشاہ) کے حضور میں امیرالامراء ہو کر امورِ سلطنت کے مختار ہو گئے۔

وارن ہیسٹنگز کا لکھنؤ میں استقبال (۱۱۹۸ھ - ۱۷۸۴ء)

(سانحہ) ادھر وزیرِ اعظم امیرِ معظم گورنر بہادر کے استقبال کے لیے روانہ ہوئے جو اُن کی دعوت پر کلکتہ سے آ رہے تھے[۵۵] اور بس تمام ملک پر وہی غالب تھے۔ فوج کا غُبار آسمان تک پہنچ رہا تھا۔ یہ سفر الہ آباد تک ہوا۔ اِس ضلع کے تمام سردار اُن کی

---

۵۱ عیدالفطر کی شب میں ۱۰ر ستمبر ۱۷۸۲ء کو گرفتار ہوا اور ۱۲ر ستمبر کو اسے خدیجہ بیگم کے پاس بھیج دیا گیا۔ (۳/ ۱۶۹)

۵۲ افراسیاب خاں نے یہ چال چلی تھی کہ میر بخشی کا تقرر ملتوی کرا کے عبدالاحد کو مختار بنوا دیا تھا۔ (۱۱ر اگست، ۳/ ۱۷۳-۱۷۴)

۵۳ مرزا شفیع کو ناصرالدولہ ذوالفقار جنگ خطاب کے ساتھ آگرہ کی صوبہ داری اور میر بخشی کا عہدہ ۱۵ر ستمبر ۱۷۸۲ء کو ملا تھا اور یہ "وکیلِ مطلق" ہو گیا تھا۔ مگر ایک ماہ سے زیادہ نہ چل سکا۔ اسے قلعۂ ڈیگ سے پانچ میل کے فاصلے پر ۲۵ر شوال ۱۱۹۷ھ/ ۲۳ر ستمبر ۱۷۸۳ء کو منگل کے دن قتل کیا گیا۔ اسمٰعیل بیگ ہمدانی نے اپنے خنجر سے کام تمام کر دیا تھا اور محمد بیگ ہمدانی نے معانقے کے بہانے سے اسے اپنی گود میں بھر رکھا تھا۔ (۳/ ۱۶۸-۱۶۹)

۵۴ افراسیاب خاں نے اکتوبر ۱۷۸۳ء میں عہدہ سنبھالا۔ ۲۲ر دسمبر ۱۷۸۳ء کو وہ آگرہ کے لیے روانہ ہوا۔ اس سفر میں سلیمان شکوہ اور خدیجہ بیگم اُس کے ساتھ نہ تھے۔ اُس کا لشکر ۴ر جنوری ۱۷۸۴ء کو قلعۂ آگرہ میں داخل ہوا تھا۔ (۳/ ۱۷۳)

۵۵ ہیسٹنگز کے سفرِ لکھنؤ کے لیے دیکھو چہار گلزارِ شجاعی (قلمی)، ۲ ب و ۳، الف نیز عمادالسعادت ۱۴۵-۱۴۶۔

Marfat.com

آمد آمد سے آگاہ ہوکر دیدار کے منتظر تھے۔ ایک منزل پہلے نواب گردوں رکاب سے ملاقات ہوئی۔ وہاں سے انھیں اپنے ساتھ لکھنؤ تک لائے جو نواب کا محلِ سکونت ہے۔ ہر منزل پر نئی ہی ضیافت ہوتی تھی۔ نئے نئے خیمے، اچھے اچھے کھانے، ترکی و تازی گھوڑے، کوہ پیکر ہاتھی[1]، قیمتی پوشاک اور جواہر کی کشتیاں، خوشگوار شربت، اَن گنت میوے، اِس علاقے کے نِت نئے تحفے، جنوب اور مغرب کی (بنی ہوئی) تلواریں، چاچی کمانیں، (ہر جگہ بہار دکھارہی تھیں)۔ جب دارالقرار لکھنؤ میں آئے، اور محل میں داخل ہوئے، تو ہر روز بُوقلموں کے فرش، جن کے گوشوں میں عطر چھڑکا ہوا۔ اطرافِ مکان میں گلاب کا چھڑکاؤ۔ بسائی ہوئی سیجیں، معطر لباس، مخمل کے اَچھوتے فرش۔ سیم گِل کی ہوئی دیواریں، پردوں اور جھالروں سے آراستہ ایوان، بہار عنبر نے عجب بساط بچھا رکھی تھی۔ وہ مکان بہارستان پر سبقت لے گیا تھا۔ بُھنے ہوئے پستے اور بادام انگریزی چیزیں نُقل کے لیے رکھی ہوئی تھیں۔ راتوں کو رقصندگانِ پری وش۔ نہیں نہیں حورانِ بہشتی سے بڑھ کر دلکش۔ شیشے اور چینی کے گُل دان سلیقے سے چُنے ہوئے۔ طاق تازہ میووں سے بھرے ہوئے۔ فرنگی رقص، خوشی کا تماشا، بلکہ گھر ہی خوشی کا مکان، شادمانی کا گھر ہوا۔ شام کو چراغاں کرکے آتش بازی چھوڑتے تھے۔ ستارہ اور ہوائی آسمان تک پہنچ رہی تھیں۔ چراغاں کا نظارہ دل کو لبھا رہا تھا اور مہتابی رات کو دن کا نمونہ بنا رہی تھی۔ زربفت کا سائبان اس خوبی سے تانا گیا تھا کہ سورج کی نگاہوں نے اُس کا مثل نہ دیکھا تھا۔ اُمرا پاسداری میں سرگرم راجا خدمت گذاری پر آمادہ۔ شاعرانِ مربوط اور جوانانِ مضبوط مدح خوانی کررہے تھے۔ ہر گھر میں خوب سجاوٹ، ہر جگہ سایہ خوب پھیلا ہوا۔ پانی بہتا ہوا۔ نرگس دان قطاروں میں یوں رکھے تھے جیسے پائیں باغ (آراستہ ہو) اور برف پگھلی ہوئی چاندی سے بھی اچھی اور بھلی لگ رہی تھی۔ رنگ برنگ کے گلاب فالودہ جن کا شربت شیرۂ جان تھا۔ قسم قسم کی

[1] رینکنگ (RANKING) (ص ۱۸۰) کا بیان ہے کہ آصف الدولہ کے پاس ایک ہزار سے زیادہ ہاتھی تھے۔ (آرمی آوف مغلز ص ۱۸۰)
RANKING: Army of the Mughals p. 180

Marfat.com

روٹیاں دسترخوان پر۔ نانِ بادام بڑی نزاکت سے بنی ہوئی، شیرمال، باقرخانی، خورشید پرطعنہ زن۔ نانِ جوان ایسی گرمی اور خوبی کی، کہ بوڑھا کھائے تو جوان ہو جائے۔ نانِ ورقی کی تعریف کروں تو دفتر بھر جائے۔ نانِ زنجبیلی کو دیکھ کر ذائقہ محظوظ (ہوتا تھا)۔ بھانت بھانت کے قلیے، دو پیازے، رکھے ہوئے تھے۔ تمام مہمانوں کو لطف آرہا تھا۔ کئی قسم کے کباب دسترخوان پر چُنے ہوئے تھے۔ 'کبابِ گل'، تازگی اور خوبی سے بنا تھا' اور 'کبابِ ہندی' ایسا خوش نمک تھا کہ دل موہ رہا تھا۔ 'کبابِ قندھاری' مزاجوں کو اپنی ہی طرف مائل کر رہا تھا۔ 'کبابِ سنگ'، راستے کے تھکے ماندے کی کوفت زائل کر رہا تھا۔ 'کبابِ ورق'، عجب ترکیب سے تلے گئے تھے کہ طبیعتوں کو اپنی طرف کھینچ رہے تھے۔ اور معروف کباب بھی سب ہی خوش ذائقہ اور لذیذ تھے۔ ایک ایک کے سامنے دس دس قابین رکھی تھیں۔ طرح طرح کے پلاؤ اور شوربے تھے۔ عجب عجب نعمتیں تھیں۔ سُبحَانَ ذِی الْجُودِ وَالْاِکْرَام۔

یہ مہمان اور وہ میزبان

ایسے وفور کا مہمان، اور نواب وزیر جیسا میزبان۔ ایسی شوکت والا مہمان، اور ایسی ثروت کا میزبان، ایسے حسنِ اخلاق والا مہمان، اور ایسی بڑی ریاست والا میزبان، ایسی عقلِ کامل رکھنے والا مہمان، اور ایسے لطفِ شامل کا میزبان، نہ زمانے کی آنکھوں نے دیکھا نہ عاقلوں کے کانوں نے سُنا۔ اِس طرح چھ۶ مہینے تک رات دن گفت وشنید اور باہم صلاح و مشورے ہوتے رہے۔

فرنگی سے گٹھ جوڑ

جب یہ خبر (بادشاہ کے) حضور میں پہنچی تو وہاں کے امیروں میں سے ہر ایک اپنی فکر میں پڑ گیا۔ عبدالاحد خاں نے (اپنے) آدمیوں کو ادھر بھیجا اور فرنگیوں سے گٹھ جوڑ کر لیا۔ افراسیاب خاں وغیرہ کو گمان ہوا کہ فرنگی اِدھر آئے گا، چونکہ زبردست ہے بادشاہ کو بطورِ خود رکھ کر ہمارا پتّا صاف کرے گا۔ بہتر یہ ہے کہ ہم بادشاہ کو آگرے لے جائیں[۵] وہاں لوگوں کو جمع کریں اور مرہٹہ کو۔۔جو

[۵] افراسیاب خاں ۱۶ رجون ۱۷۸۴ء کو شاہ عالم کو لے کر دہلی سے نکلا اور یہ قافلہ ۶ راگست ۱۷۸۴ء کو آگرہ پہنچا تھا۔ (۱۸۶/۳)۔

Marfat.com

گوہد والا کے رانا پر متصرف ہے [۱] — اپنے ساتھ ملا لیں۔ پھر فرنگی سے نامہ و پیام کریں۔ اگر جنگ کی نوبت آتی ہے تو آجائے، ورنہ اِسی ٹھاٹ باٹ سے وہاں رہیں۔ چنانچہ بادشاہ کو (دلی سے) نکال کر آگرہ لے چلے اور راستے میں عبدالاحد خاں کو قید کر لیا۔[۲]

شہزادہ جواں بخت

(سانحہ) جب (یہ لوگ) شہر مذکور میں پہنچے تو شہزادہ جواں بخت وہاں سے بھاگ کر نواب وزیر (آصف الدولہ) اور فرنگی کے پاس [۳] آ گیا۔ (اُنھوں نے) گھبراہٹ میں مرہٹے سے عہد و پیمان درست کیے۔ اُس نے ان کی طرفداری کی اور شہزادے کو واپس بھیجنے کی گفت و شنید شروع کر دی۔ یہاں فرنگی آئے بالے بتاتا رہا کیونکہ اپنے ملک یعنی کلکتہ کا انتظام اُس کے مدِ نظر تھا۔

کچھ دن کے بعد شہزادہ کو ساتھ لے کر وزیر الممالک سے رخصت ہوا اور چلا گیا۔ رخصت ہوتے وقت نواب والا جناب نے صاحب کے ملازموں کو اتنے بے حساب انعام اور بخشش سے نوازا جو قیاس میں نہیں آسکتی۔ ہر شخص کو گھوڑا، ہاتھی، ارقبا (عطا کی) اور ہر بے سر و پا کو سراپا (خلعت) دیا۔

افراسیاب خاں کا قتل

۲ نومبر ۱۷۸۴ء / ۱۵ ذی الحجہ ۱۱۹۸ھ

جب صاحب دریا کے راستے سے چلے گئے اور نواب وزیر اپنے دار القرار (لکھنؤ) میں واپس آگئے تو مرہٹہ اور افراسیاب خاں نے محمد بیگ ہمدانی سے پرخاش کا ارادہ کیا۔ اُس نے بھی مونچھ نیچی نہیں کی اور ان سے بھڑنے کو آمادہ ہو گیا۔ اسی اثنا میں میر زین العابدین برادر مرزا شفیع کے آدمی نے افراسیاب خاں

---

[۱] گوالیار کی ریاست مراد ہے جو پہلے رانا گوہد والا کے قبضہ میں تھی اور بعد میں اُس پر مادھو جی سیندھیا نے قبضہ جما لیا تھا۔

[۲] عبدالاحد خاں کو ۳۰ جون ۱۷۸۴ء کو قید کیا تھا۔ بعد کو اُسے علی گڑھ کے قلعہ میں نظر بند کر دیا گیا تھا۔ (۲: ۱۸۵)

[۳] میر کے بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شہزادہ جواں بخت آگرہ سے فرار ہوا تھا۔ وہ شاہ عالم کے سفر آگرہ سے بہت پہلے ۱۴ اپریل ۱۷۸۴ء کو دہلی کے قلعہ سے نکلا تھا۔ اُس رات شدید آندھی چل رہی تھی۔ وہ ۶ مئی ۱۷۸۴ء کو لکھنؤ میں آصف الدولہ کے پاس پہنچ چکا تھا۔ (۲: ۱۹۲)

Marfat.com

کے خنجر گھونپ دیا[۵۱] (جس سے) وہ دو چار دن کے بعد مر گیا۔ اِن دنوں حضور میں کوئی سردار نہیں ہے، اور بادشاہ بے زور ہے۔ غالب (گمان یہ) ہے کہ مرہٹے کا دَور دَورہ ہو جائے گا۔[۵۲]

اِن سانحوں کے بعد مرہٹہ اور محمد بیگ ہمدانی کی فوجوں میں جھڑپ ہوئی۔ جب اس پر غلبہ نہ پا سکے تو دھوکا دے کر ہمدانی[۵۳] مذکور کو قید کر لیا۔ اُدھر صاحب (وارن ہیسٹنگز) نے جو شہزادہ (جوان بخت) کو اپنے ساتھ لے گیا تھا[۵۴] (اُسے وہاں سے) رخصت کر دیا۔ چنانچہ وہ (شہزادہ) — واپس آ گئے ہیں۔ (اب) یا تو اطراف میں (کہیں) رہیں گے یا بادشاہ کے حضور میں پہنچ جائیں گے فی الحال تو نواب عالی جناب کے سایۂ دولت میں ہیں۔ جو کچھ (نواب وزیر) کہتے ہیں وہی یہ کرتے ہیں۔

شکار نامے

محرم ۱۱۹۹ھ / نومبر ۱۷۸۴ء

یہاں فقیر (میر) نواب عالی منزلت (آصف الدّولہ) کے ساتھ ہے اور اُن کی دعا گوئی میں بسر کر رہا ہے۔ بندگانِ عالی شکار کے لیے بہرائچ تک گئے۔ میں بھی رکاب میں تھا۔ ایک "شکار نامہ" موزوں کیا۔ دوبارہ[۵۵] پھر شکار کے لیے سوار ہوئے اور —

---

[۵۱] چہار گلزارِ شجاعی کے مؤلف کا بیان ہے کہ افراسیاب خاں سیندھیا سے ملنے کے لیے اُس کے ڈیرے پر گیا تھا وہاں تقریباً دو گھڑی رہا۔ جب اپنے گھر واپس آ کر پوشاک تبدیل کر رہا تھا تو اُس کے ملازم نے خنجر گھونپ کر ہلاک کر دیا۔ (صفحہ ۵۳۱)۔ یہ فتح پور سیکری سے آٹھ میل جنوب مغرب میں مقام کھنوا کا واقعہ ہے۔ میر کا یہ خیال صحیح نہیں ہے کہ افراسیاب "دو چار روز کے بعد" مرا۔ اُس پر حملہ ۲۰ اکتوبر ۱۷۸۴ء کو دن میں گیارہ بجے کے قریب ہوا تھا اور اُسی دن ساڑھے تین بجے وہ مر گیا تھا۔ البتہ اُس کی موت کو چند روز تک پوشیدہ رکھا گیا۔ لاش فتح پور سیکری ہی میں دفن کی گئی۔ اس دور کے سرکاری اخباروں میں قاتل کا نام بِدو بیگ بتایا گیا ہے۔ (تفصیل: زوال ۳/۱۹۰)۔

[۵۲] "دَور دَورہ ہو جائے گا" یہاں تک میر نے نومبر ۱۷۸۴ء میں لکھا ہے۔ اس کے بعد کے چند صفحے مختلف اوقات میں تقریباً پانچ سال کے عرصے میں لکھے گئے ہیں۔

[۵۳] میر کا یہ بیان درست نہیں کہ مرہٹوں نے کوئی بہانہ کر کے ہمدانی کو قید کر لیا تھا۔ ہمدانی نے خود ہی اپنی پوزیشن کمزور دیکھ کر ۱۰ نومبر ۱۷۸۴ء کو صلح کر لی تھی۔

[۵۴] شہزادہ جوان بخت نے بنارس کا سفر ذی الحجہ سنہ ۱۲۰۰ھ اکتوبر ۱۷۸۶ء میں کیا ہے۔ یہ سطریں اِس سے پہلے ہی لکھی گئی ہیں۔

[۵۵] جب گلزارِ شجاعی کے بیان کے مطابق آصف الدّولہ دوسری بار، آخرِ ماہ محرم ۱۱۹۸ھ (دسمبر ۱۷۸۳ء) میں شکار کے لیے سوار ہوئے تھے۔ یہ سفر کوہستانِ پیلی بھیت کی طرف ہوا تھا۔ لیکن بظاہر یہ کتابت کی غلطی ہے۔ سنہ ۱۱۹۹ھ زیادہ صحیح ہوگا۔ یہاں سے تین ماہ کے بعد ربیع الاول ۱۱۹۹ھ / جنوری ۱۷۸۵ء میں واپسی ہوئی تھی۔ (چہار گلزارِ شجاعی (قلمی) ورق ۲۶۵)۔ اِسی سال آصف الدّولہ بیمار ہوئے تھے۔ یہ غالباً انفلوئنزا کا اثر تھا (چہار گلزار ۲۷۰)

Marfat.com

کوہِ شمالی (ہمالیہ) کے دامن تک تشریف لے گئے۔ اگرچہ لوگوں نے اس دور و دراز سفر کے نشیب و فراز سے بڑی زحمتیں اُٹھائیں مگر اُنھوں نے ایسی فضا، ایسی ہوا، اور ایسا شکار کبھی نہ دیکھا تھا۔ تین مہینے کے بعد اپنے دارالقرار (لکھنؤ) میں آئے۔ فقیر (میر) نے دوسرا "شکار نامہ" کہہ کر حضور میں پڑھا۔ (نواب صاحب نے) شکار نامے کی غزلوں میں سے دو غزلیں انتخاب فرمائیں۔ بنفسِ نفیس اُن کو مخمس کیا۔ ایسی خوبی سے جو ہونی چاہیئے۔ ایک زمین میں غزل پسند آئی اُس میں دوسری غزل کی فرمائش کی۔ خدا کے فضل سے وہ بھی موزوں ہوگئی۔ زبانِ مبارک سے تعریف فرمائی اور سخن وری کی داد دی۔

اِن دنوں تبدیلِ آب و ہوا کے باعث عشرۂ محرم الحرام کے بعد مزاجِ مبارک ناساز ہوگیا۔ علاج کیا گیا۔ لیکن بیماری نے نصیب اعدا طول کھینچا۔ ایک دنیا خیرات و صدقات سے بہرہ اندوز ہوا۔ ہر شخص نے صحت یابی کے لیے دعا کی۔ بارے حکیمِ مطلق و شافیِ برحق نے شفا دی۔ ہم پر اور مخلوق پر احسان کیا ع "الٰہی تا بود خورشید و ماہی"

مرہٹوں کا تسلط
۱۲۰۰ھ / ۱۷۸۵ء

چونکہ بادشاہ کے حضور میں نجف خاں کے آدمیوں میں سے جو برسرِ اقتدار تھے کوئی باقی نہیں رہا، مرہٹہ[1] (مادھوجی سیندھیا) جو قریب ہی گوالیار میں تھا، مسلط ہوکر دندنانے لگا۔ بادشاہ نے مرہٹے کو مختار کردیا اور نجف خاں کے آدمیوں کو ذلیل کیا۔ (اب) اکثر معاملات میں مرہٹے ہی سے مشورہ کیا جاتا ہے اور تمام اُمور اُسی کی منشاء کے مطابق انجام پاتے ہیں۔ مرہٹہ کی فوج شاہجہاں آباد میں پہنچ گئی ہے اور یہ مشہور ہے کہ اُس نے (پوری طرح) تسلط کرلیا ہے۔ سکھ جو شہر کے آس پاس لوٹ مچارہے تھے اب چپ ہوگئے ہیں کیونکہ وہ مرہٹوں سے ٹکر نہیں لے سکتے۔ اور میدانِ کارزار جنگ میں ان کی گرد کو بھی نہیں پہنچ سکتے۔ بادشاہ شہر (آگرہ) کے باہر خیمہ زن تھا، چند دن کے بعد دہلی کو روانہ ہوگیا۔

[1] مرہٹہ سے مادھوجی سیندھیا مراد ہے۔ اسے شوال ۱۱۹۸ھ / اگست ۱۷۸۴ء میں شاہ عالم کی طرف سے خدمت بخشی گری اور منصب امیر الامرا ملا تھا۔ بعد کو "وکیل مطلق" ہوگیا تھا۔ (دیکھو ۳-۱۹۰ / ۲-۲۰۶ - ۲۰۹)

اور عبدالاحد خاں کو قید کر کے علی گڑھ بھیج دیا۔ جو نجف خاں کی بہن کے قبضے میں ہے اور نجف خاں کی فوج کے بہت سے آدمی وہاں جمع ہیں۔ (اب) مرہٹہ مالک الملک ہے، جو چاہتا ہے سو کرتا ہے۔ بادشاہ کو دست برداشتہ کچھ دے دیتا ہے[۵۱] اور جہاں چاہتا ہے اُسے لیے پھرتا ہے۔ چنانچہ شہر میں ایک مہینے رہا، پھر (شاہ کو) علی گڑھ لے گیا۔ دس پندرہ دن تک جنگ رہی۔ آخر عہد و پیمان کر کے بیگم کو قلعے سے نکالا اور اُس سے نجف خاں کے اموال میں سے کچھ لے کر[۵۲] چھوڑ دیا۔

راجپوتوں پر چڑھائی
اگست ۱۷۸۷ء

وہاں سے بادشاہ کو راجپوتوں پر (چڑھا کر) لے گیا۔[۵۳] انھوں نے مقاومت کی۔ کچھ دنوں کے بعد راجپوتوں سے صلح کر کے بادشاہ کو شہر (دلی) میں لے آیا اور مرہٹہ شہر آگرہ میں رہ گیا۔ لیکن وہ برابر راجپوتوں (پر دوبارہ حملہ کرنے) کی فکر میں تھا۔ چنانچہ پھر چڑھائی کر کے اُدھر پہنچا۔ (راجپوت) راجاؤں نے ہمدانی کو بلا کر۔ جو نجف خانی سردار تھا۔ اپنا رفیق بنالیا۔ جنگ ہوئی۔ ہمدانی[۵۴] نے جرأت دکھائی اور (لڑتا ہوا) مارا گیا۔[۵۵] سرداری اُس کی جگہ مرزا اسمٰعیل کو ملی، جو اُس کا بھانجا تھا۔ یہ بھی بڑی جگرداری سے لڑا اور مرہٹے کے فتنے کو اُسی نے دُور کیا۔ شکست فاحش ہوئی۔ مرہٹے کے اسبابِ جنگ اور آلاتِ حرب سارے چھن گئے۔[۵۶] اپنی جان بچا کر بھاگا اور آگرے آکر دم لیا۔ یہاں بھی مرزا اسمٰعیل (تعاقب

---

۵۱ مادھوجی نے شاہ عالم کا وظیفہ ایک لاکھ روپیہ سالانہ مقرر کر دیا تھا۔ (ہسٹری آف دی مراٹھاز۔ جلد ۳ صفحہ ۱۴۷)

۵۲ مادھوجی سیندھیا نومبر ۱۷۸۵ء کے تیسرے ہفتے میں علی گڑھ پہنچا تھا۔ نجف خاں کے اموال سے جو "کچھ" حاصل کرنے کا میر نے ذکر کیا ہے اُس نے ۶۵ توپیں ۱۶ من بارود [illegible] ہزار من سیسہ اور ۴۰ ہزار روپیہ نقد لیا تھا۔ (۳/ ۲۰۶-۲۰۸)

۵۳ راجپوتانے کی طرف ۳۰ نومبر ۱۷۸۵ء [illegible] رخ کیا تھا۔ ہمدانی اور راجپوتوں کا گٹھ جوڑ ۲۵ مئی ۱۷۸۷ء کو ہوا تھا۔ میر نے جس جنگ کا حوالہ دیا ہے یہ جنگِ تنگا (بر وزنِ جھنگا) کہلاتی ہے۔ "تنگا" جگہ کا نام ہے یہ لال سوٹ (بواؤ مجہول) کے قریب ہے۔ تفصیلات دیکھو۔ زوال ۳/ ۲۵۶ تا ۲۶۵)

۵۴ محمد بیگ ہمدانی اِسی جنگ میں ۲۸ جولائی ۱۷۸۷ء کو مارا گیا تھا۔ چہار گلزارِ شجاعی کے مؤلف نے واقعہ ۱۲۰۰ھ لکھا ہے جو اکتوبر ۱۷۸۶ء کے مطابق ہوتا ہے۔

۵۵ میر کا یہ بیان صحیح نہیں ہے کہ ہمدانی لڑتا ہوا مارا گیا۔ واقعہ یہ ہے کہ وہ ایک درخت کے نیچے کھڑا ہوا جنگ کا نقشہ دیکھ رہا تھا کہ اچانک ایک گولا آکر لگا (دیکھو ۳/ ۲۵۸) جنگ تنگا کی تفصیل (۳/ ۲۶۱-۲۶۰)۔

۵۶ میر کا یہ بیان بھی درست نہیں کہ مرہٹہ کے آلاتِ حرب چھین لیے گئے تھے۔ تفصیل دیکھو۔ زوال ۳/ ۲۶۰۔ سیندھیا یکم اگست ۱۷۸۷ء کو لال سوٹ سے روانہ ہوا تھا اور ۸ اگست کو قلعۂ ڈیگ میں پہنچا تھا۔ ۳/ ۲۶۵)۔

Marfat.com

کرتا ہوا) پہنچ گیا اور اُسے شہر سے نکال کر خود قلعے کا محاصرہ کر لیا۔ قلعے کی جنگ نے طول پکڑا۔ مرہٹے نے اپنا فائدہ دوسری طرف دیکھا[۵۱]۔ بادشاہ شہر سے نکل کر نجف قلی خاں کے پاس[۵۲] جو حصار کی جانب (ریواڑی میں) تھا، چلا گیا۔ وہاں بھی بڑی بھاری جنگ ہوئی۔ آخر الامر نجف قلی خاں سے کچھ زر و مال لے کر شہر (واپس) آ گیا۔

غلام قادر خاں روہیلہ
جولائی تا اکتوبر ۱۷۸۸ء

اِس دوران میں ضابطہ خاں[۵۳] کے لڑکے نے جس کا نام غلام قادر تھا — اور وہ اپنے باپ کے بعد سہارن پور وغیرہ پر قابض تھا — طاقت جمع کر لی۔ اور سکھوں کی فوج کو (اپنے) ساتھ لے آیا۔ اور اکثر شاہی محالات جو دوآبے کے درمیان تھے ہتھیا لیے۔ قریب آ کر بادشاہ سے کچھ (نقد) طلب کیا۔ بادشاہ نے (کورا) جواب دے دیا۔ اب وہ دریا کے اُس پار[۵۴] مورچے جما کر جنگ کے لیے آمادہ ہو گیا۔ چنانچہ ایک مہینہ یا کچھ زیادہ جنگ رہی۔ بادشاہ کے پاس اگرچہ فوج یا طاقت نہیں تھی، تاہم وہ جی جان سے لڑا اور اِس بلا کو دُور کر دیا۔ (غلام قادر) وہاں سے اُٹھ کر آگرے کے نواح تک قابض ہو گیا۔ یہاں مرزا اسمعیل نے جو شہر (آگرے) میں قلعے کا محاصرہ کیے پڑا تھا اُس کی طاقت دیکھ کر دوستی کر لی۔ اور عہد و پیمان کیا کہ ہم تم مرہٹوں سے باہم جنگ کریں گے۔ چند روز کے بعد مرہٹہ (مادھو جی سیندھیا) بھی یلغار کرتا ہوا آن پہنچا جو چنبل پار جانے کی نیت سے آ رہا تھا۔ ان دنوں یہاں

[۵۱] "مرہٹے نے اپنا فائدہ دوسری طرف دیکھا" اس سے مؤلف کی مراد یہ ہے کہ اُس نے راجپوتانے کی مہم چھوڑ کر مالوہ کا پروگرام بنا لیا تھا۔

[۵۲] شاہ عالم ۴ جنوری ۱۷۹۱ء کو آگرہ سے نکلا تھا اور ۱۲ مارچ ۱۷۹۱ء کو ریواڑی پہنچا تھا جہاں ان دنوں نجف قلی خاں حکومت کر رہا تھا۔ ۳: ۲۰۲۔ یہاں سے شاہ عالم کی دلی کو واپسی ۲۳ مارچ ۱۷۹۱ء کو ہوئی تھی۔

[۵۳] سرکار کا بیان ہے کہ ضابطہ خاں نے آخر عمر میں سکھ دھرم قبول کر لیا تھا [illegible] اس کا نام دھرم سنگھ رکھا گیا تھا۔ اُس نے اس توقع پر ایسا کیا تھا کہ شاید سکھوں کی فوج اُس کی مدد کرے اور کھوئے ہوئے اقتدار کو واپس دلا دے۔ اس نے بڑی بے کسی کے عالم میں ۲۱ جنوری [illegible] کو انتقال کیا اور اس کو درگاہ حضرت قطب صاحب میں دفن کیا گیا۔ غلام قادر خاں اسی کا بیٹا تھا۔ سرکار [illegible] زوال ۳ [illegible] ۲۹۳۔

[۵۴] دریا کے اُس پار [illegible] شاہدرہ [illegible] غلام قادر [illegible] نے ۲۳ اگست [illegible] کو بادشاہ کی طرف سے مقابلہ کیا تھا۔

Marfat.com

شہزادہ صاحب عالم موجود تھا لیکن اُس نے تغافل کیا اور جنگ تنہا مرزا اسمعیل کے سر پر آپڑی مگر اُس نے بڑی جواں مردی سے مقابلہ کیا اور یہ میدان بھی مار لیا۔ مرہٹہ بھاگ کر گوالیار کے اُس طرف (کے علاقے میں) جا ٹھہرا جس پر وہ متصرّف تھا۔ کچھ دنوں کے بعد دوسری فوج منگا کر پھر لڑنے کو آیا۔ دس پندرہ دن تک آگرے کے[۵۱] اطراف میں جنگ ہوتی رہی آخر مرزا اسمعیل کو۔ شکست ہوئی۔ غلام قادر خاں تماشائی بنا رہا، مرزا اندکور بھاگ کر غلام قادر کے پاس آیا، لیکن دیکھا کہ یہ اپنے ہی نقشے جمانے کی دُھن میں لگا ہوا ہے اور میری طرف توجہ نہیں کرتا تو مجبوراً اُس کے پاس کچھ دنوں رہ کر اپنے ملک کو واپس چلا گیا۔

غلام قادر خاں کے مظالم

بادشاہ کا ناظر[۵۲] جس نے غلام قادر کو اپنا بیٹا بنا لیا تھا، (اس نے) لکھا کہ تم یہاں آجاؤ۔ بادشاہ میرا کہنا نہیں سنتا، یعنی مرہٹے کا ساتھ نہیں چھوڑتا[۵۳]۔ یہ دونوں شہر گئے۔ بادشاہ خود کچھ طاقت نہیں رکھتا تھا۔ ناظر نمک حرام کے مشورے سے قلعے کا بندوبست کر کے بادشاہ کو علیحدہ کر دیا اور اُس کے ساتھ وہ سلوک کیا جو نہ کرنا چاہیئے تھا۔ تمام قلعے کو کھسوٹ ڈالا۔ شہزادوں کے ساتھ بھی ناکردنی سلوک کیا۔ بہت سا زر و مال اُس کے ہاتھ آیا۔ بادشاہ کی آنکھیں نکال لیں[۵۴] اور دوسرے کو بادشاہ بنا دیا۔ جب پورا تسلط

---

[۵۱] یہ جنگ مرزا اسمعیل کی شکست پر ۱۷ر جون ۸۸ء۱۷ کو ختم ہوئی (۳/۲۷۰)۔

[۵۲] بادشاہ کے ناظر کا نام منظور علی خاں تھا۔

[۵۳] مرہٹوں کے نمایندے دہلی میں شاہ نظام الدین قادری صوبہ دار دہلی تھے جن کے نام سے "شاہ جی کا چھتہ" آج تک دہلی میں موجود ہے۔ اُن کا مکان دہلی دروازہ اور ترکمان دروازہ کے وسط میں تھا۔ یہ سید علی غمگین گوالیاری کے چچا تھے (تفصیل "قصۂ مہر افروز و دلبر" از نثار احمد فاروقی مشمولہ "دراسات")۔ سبندھیا کا داماد لاڈوجی دیشمکھ بھی قلعہ میں مرہٹوں کی نمایندگی کرتا تھا۔ غلام قادر نے ۱۸ر جولائی ۸۸ء۱۷ کو قلعہ کا بندوبست اپنے ہاتھوں میں لیا تھا اور ۳۰ر جولائی کو شاہ عالم کو معزول کر کے بیدار بخت پسرِ احمد شاہ کو اُس کی جگہ تخت نشین کیا تھا۔ اُس کے لیے ملکہ زمانی بیگم محل محمد شاہ نے بارہ لاکھ روپیہ رشوت دی تھی۔ (۳/۳۰۷)

[۵۴] شاہ عالم کو ۱۰ر اگست ۸۸ء۱۷ کو اندھا کیا گیا تھا۔ اُس کی ایک آنکھ خود روہیلہ نے اپنے خنجر سے نکالی تھی، دوسری آنکھ قندھاری خاں نے اُس کے حکم سے نکالی۔ اُس وقت شاہ عالم کے سینے پر سوار ہو کر ایک تصویر بھی روہیلہ نے بنوائی تھی۔

Marfat.com

حاصل کرلیا تو ناظر کو بھی قید کر دیا[۵۱] اور شہر والوں کو بھی پریشان کرنا شروع کیا۔ جب غلبہ حد سے سوا ہوگیا تو کسی معمولی سی بات پر مرزا اسمٰعیل[۵۲] سے بدمزگی پیدا ہوگئی۔ اسے (غلام قادر نے) کچھ دینے میں کوتاہی کی؛ اُس عزیز نے مرہٹے سے صلح کرلی۔ اندریں اثنا، مرہٹے کی فوج بھی قریب پہنچ گئی تھی اور اُس کے بعضے سردار شہر میں داخل ہوگئے[۵۳]۔ روہیلہ قلعہ بند ہوگیا۔ پھر رات کے وقت خضری دروازے[۵۴] سے نکل گیا۔ فوج و اسباب زر و مال نیز شہزادوں کو، ناظر اور اُس کے لواحقین کو بھی ساتھ لیتا گیا۔ شاہدرے کے قریب فوجوں کو صف آرا کرکے (مقابلے پر) ڈٹ گیا۔ آخرالامر (جب) مرہٹوں نے اُس کی یہ ڈھٹائی دیکھی تو وہ بھی دریا کے پار گئے[۵۵] اور اُسے جنگ پر مجبور کیا۔ کبھی یہ غالب آتے تھے، کبھی وہ ملعون۔ جب ایک ماہ کے قریب (انھیں جھڑپوں میں) گذر گیا تو علی بہادر[۵۶] نامی ایک سردار دکھن سے آیا اور روہیلوں سے جنگ کرنے پر تل گیا۔ دو تین جھڑپوں کے بعد بڑی بہادری سے اُسے اسیر کرلیا۔ مال و اسباب مع شاہزادوں کے اُس (کے قبضے) سے چھین کر اُسے قید میں ڈال دیا۔ اور اُسی اندھے شاہ عالم کو بادشاہ مقرر کیا[۵۷]۔ قلعے کو جاٹوں کے حوالے کیا۔ اب سو روپیے روز بادشاہ کو دیتے ہیں اور تمام ملک پر متصرف ہیں۔

---

[۵۱] ناظر منظور علی خاں کو ۱۳ر ستمبر ۱۷۸۸ء کو قید کیا تھا۔

[۵۲] مرزا اسمٰعیل نے ۱۹ر ستمبر ۱۷۸۸ء کو روہیلہ کے کیمپ سے الگ ہوکر مرہٹوں سے گٹھ جوڑ کیا تھا [illegible]۔

[۵۳] مرہٹہ فوج کے سردار ۲ر اکتوبر ۱۷۸۸ء کو شہر دلی میں داخل ہوئے تھے۔

[۵۴] خضری دروازہ سیمم گڑھ کی طرف ہے (آثار الصنادید طبع [illegible])۔ روہیلہ [illegible] سلیمان شکوہ وغیرہ شہزادوں کو بھی لے کر قلعے سے نکلا تھا۔ اُس نے ۱۰ر اکتوبر ۱۷۸۸ء کو قلعہ چھوڑا تھا۔ [illegible] کا دن تھا۔ [illegible]۔

[۵۵] مرہٹوں کی طرف سے جمنا پار فوج لے کر رایاجی پاٹل اور جیوا دادا گئے تھے۔

[۵۶] یہ وہی علی بہادر ہیں جن کا نام غالب کے ایک قطعے میں آیا ہے۔ یہ پیشوا باجی راؤ اوّل کے پوتے [illegible] مستانی بیگم کے بطن سے تھے۔ انھیں باندہ کی ریاست مرہٹوں ہی نے دے دی تھی۔ [illegible] نومبر ۱۷۸۸ء کے آخر میں دلی آئے تھے۔ اور ۱۱ر دسمبر ۱۷۸۸ء کو [illegible] آخر اُن کے ہاتھوں ۱۹ر دسمبر کو روہیلہ گرفتار ہوا [illegible]۔

[۵۷] شاہ عالم کو معزولی کے بعد دوبارہ ۱۶ر اکتوبر ۱۷۸۸ء کو تخت نشین کیا گیا۔ اُس دن جمعہ تھا۔ [illegible] کے بعد دوبارہ اُس کے نام کا خطبہ مسجدوں میں پڑھا گیا۔

Marfat.com

اُس ملعون (روہیلہ) کو بڑی ذلت کے ساتھ مار ڈالا[۵۱]۔ اب مرہٹہ (سیندھیا) بادشاہ ہے۔ جو چاہتا ہے سو کرتا ہے۔ دیکھنا ہے کہ یہ (رنگ) کب تک رہتا ہے۔

عبرت و خاتمہ

(القصہ) یہ دنیا عجب حادثہ گاہ ہے۔ کیسے کیسے مکان خراب ہو گئے اور کیسے کیسے جوان مر گئے۔ کیسے باغ ویرانے ہو گئے۔ کیسی محفلیں افسانہ ہو گئیں۔ کیسے پھول کُھلا گئے۔ کیسے جوان گذر گئے۔ کیسی مجلسیں اُکھڑ گئیں۔ کیسے قافلے کوچ کر گئے کیسے عزیز خوار ہوئے اور کیسے لوگ با اختیار ہوئے۔ اِس عبرت میں آنکھ نے کیا کیا دیکھا اور اِن کانوں نے کیا کیا سُن لیا۔[۵۲]

ہر کہنہ خرابہ از درے میگوید ہر کاسۂ سرز افسرے میگوید
وان پارہ کہ ماند، دیگرے میگوید دنیاست فسانہ پارہ ای ماگفتیم

(ہر کاسہ سر کسی تاج سر کی کہانی کہہ رہا ہے۔ اور ہر اُجڑا ہوا مکان در (و دیوار) کی نشانی ہے، یہ دنیا ایک کہانی ہے جس کا کچھ حصہ ہم نے بیان کردیا ، جو باقی رہ گیا وہ اب اور کوئی سنائے گا۔)

اِس تھوڑی سی مدت میں اِس ایک قطرۂ خون نے جسے دل کہتے ہیں انواع ستم جھیلے ہیں اور تمام خون ہو گیا ہے۔ میرا مزاج (پہلے ہی) ناساز تھا۔ ہر شخص سے ملنا جلنا چھوڑ دیا (تھا) اب کہ بڑھاپا آگیا ہے یعنی عمرِ عزیز ساٹھ[۵۳] سال کی ہو چکی ہے اکثر اوقات بیمار رہتا ہوں۔ کچھ دنوں

---

[۵۱] بادشاہ کے میر منشی میر غالب علی اور حکیم اکمل نے ۳ مارچ ۸۹ء کو غلام قادر روہیلہ کی دونوں آنکھیں نکالیں اور ایک کان کاٹے پھر یہ تحفہ متھرا سے دہلی کو بادشاہ کی خدمت میں بھیجا گیا۔ اِس سے تقریباً دو دن کے بعد روہیلہ مر گیا۔ [۵۲] یہ رباعی عہد عالمگیری کے امیر ارادت خاں واضح کی ہے۔ اِن کی مثنوی آئینۂ راز اور انتخابِ کلیات (قلمی نسخے کتب خانہ سالار جنگ) میں موجود ہے۔ مگر اس کے پہلے دو مصرعے اِس طرح ہیں:

ہر کہنہ خرابہ از درے میگوید
ہر نقشِ قدم حرفِ سرے میگوید ۰۰۰ الخ

[۵۳] اِس ترقیمہ کی روشنی میں زمانۂ کتابت کی بحث مقدمہ میں ملے گی۔

Marfat.com

آنکھوں کے درد میں مبتلا رہا۔ بینائی کمزور ہوگئی عینک کی ضرورت پڑی۔ میں نے کفِ افسوس ملا اور اس شعر پر نظر کر کے نظر بازی ترک کردی:

دیدہ چون محتاجِ عینک گشت فکرِ خویش کُن
بر نفَس دارند روزِ واپسین آئینہ را [1]

(جب آنکھ عینک کی محتاج ہوجائے تو اپنی (آخرت کی) فکر کرو۔ کیونکہ عالم نزع ہی میں مریض کے سانس پر (ناک کے سامنے) آئینہ رکھا جاتا ہے۔)

دانتوں کے درد کی کیا کہوں۔ حیران تھا کب تک علاج کروں۔ آخر دل برداشتہ ہوکر ایک ایک کو جڑ سے اُکھڑوا دیا۔

روزیِ خود را بَرنج، از دردِ دندان میخورم
نان بخون تَر میشود، تا پارۂ نان میخورم

(میں اپنی روزی بڑی تکلیف کے ساتھ کھاتا ہوں۔ دانتوں کے درد کی وجہ سے روٹی بھی خون میں تر ہوجاتی ہے تب کہیں ایک ٹکڑا حلق سے نیچے اترتا ہے۔)

غرضکہ ضعفِ قُویٰ، بیدماغی، ناتوانی، دل شکستگی، اور آزردہ خاطری سے اندازہ ہوتا ہے کہ بہت دن نہ جیوں گا۔ زمانہ بھی رہنے کے لائق نہیں رہا ہے اس سے دامن جھٹک دینا ہی اچھا ہے۔ اگر خاتمہ بخیر ہوجائے تو یہی آرزو ہے ورنہ اُسے اختیار ہے۔

---

[1] یہ شعر مُلّا اشرف مازندرانی کا ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

ذکرِ میر

(متنِ فارسی)

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد | حمدِ بیحدّ مرسخنوری را که یکه بیتِ یکتائیِ اُو بعالم دَوید[1] و ثنای لاتُعدّ صنعت گری را که گوهرِ معنی[2] در سلکِ نظم و نثر کشید۔ قادرِ سخنی که هزار رنگ سخن را جلوه بر زبان میدهد[3]۔ تعلیم گرے که هر فردِ عاجز سخن را زبان میدهد۔ خالقی که خلقِ عالم را نوازد، صانعی[4] که خاک را آدمی سازد۔ دارندهٔ که بی لطفِ اُو نگاهداشتنِ[5] خود مُحال است۔ نگارندهٔ[6] که صورت نویسیِ[7] اُو کرا مجال است[8]؟ علیمی که در[9] احاطهٔ علمِ اُو هر مرکّب و بسیط اینجاست که اِنَّ اللہَ علیٰ کُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ[10] حکیمے که دانای رازها ست، قدیمی که هستی اُو را سزاست۔ رازقی که نان دهد، مالکے که جان دهد، رحیمی که عذرِ گنهکار نیوشد، کریمی که عطا پاشد و خطا پوشد۔ شمس یک ذرّه از ظهورِ اُو۔ قمر یک شمّهٔ از نورِ اُو۔ چیزے نیست که بے نورِ اُو کُنی (فرض[11]) که اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ[12] نازِ او از بسکه نیاز را دوست میدارد[13] هر که سرفرود[14] می آرد نومید نمی گذارد۔ آفرینندهٔ[15] که جهان[16] آفرید و[17] بینندهٔ

---

[1] ای مشهور شد۔ [2] گوهر سخن۔ [3] ای زبان دادن و تعلیم کردن۔ یعنی یاد میدهد۔
[4] ن ۱ وصانعی۔ [5] ن ۱ بی لطفِ اُو داشتن خود۔ [6] ن ۱ (نگارنده تا مُحال است) ندارد۔
[7] نقل نویسی۔ [8] ن ۲ صورت نویسی نقشِ او۔ [9] ن ۲ عالمی۔ [10] قرآن میں دوسری طرح ہے۔
[11] مط: غرض۔ (تصحیح قیاسی)۔ ن ۲ کسی فرض۔ [12] قرآن ۲۴/۳۵ [13] ن ۲: که هر که۔
[14] ن ۲ فرد۔ [15] ن ۲ آذینی۔ [16] ن ۲ جهان۔ [17] و ندارد

Marfat.com

که نهانِ همه کس دید. هرچند چرخِ کج رفتار بامن کج بازد، امّا چشم دارم که رُوی[1] مرا بر خاک نیندازد[2]. زبانی نیست که نامِ اُو ازو نمی آید جانی نی که نغمۀ[3] وصفِ اُو نمی سراید. خبیرے که از حالِ همه کس خبر دارد. بصیری که همه را در نظر دارد. نیازی باید که گلهای نازِ اُو چیند چشمی شاید که تازه کاریِ اُو بیند. فردیکه بفردانیت موصوف، اَحدیکه بوحدانیت معرُوف. رفیعی که بدرگاهِ او ملک نرود. سمیعی که الحاحِ هر عاجزی شنود. قلمِ دو زبان چه قدرت دارد که کمالاتِ اُو یک بر نگارد. مگر اُو خود را خود ستاید و از عهدۀ کمالاتِ خود برآید.

فی النّعت[4]

درُودِ[4] نامحدود بر فصیحی که گوی فصاحت از میان بُرده[5] و تحیّاتِ نامعدود بر بلیغی که بخدا رسیده و بَرخود نسپرده[6]. شاہے که از سرتا پا قدر و جلال است. ماهی که زنگ زدای کُفر و ضلال است. پیشوای که بی اِقتدای اُو کاری نمیکشاید. رهنمائی که بی رهنمائیِ اُو راهی نمی نُماید. امیرے که فرمانِ او بجان و دل پذیریم و[7] دستگیری که اگر دست دهد دُنبالِ اُو گیریم. صبیحے که صباحتِ اُو روشنگر آینۀ عالم ملیحی که ملاحتِ اُو نمکِ رُخسارۀ آدم. نگاری[8] که خاکِ زیرِ پای اُو بهای جانی. بهاری که سایه رَوِ عَلَمِ سبزِ اُو جهانی. یاری گرے که چشمِ محشریان بر شفاعتِ اُو. نَبی نَبی، هردو جهان را کار با عنایتِ اُو. صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ[9] که هر یکی اِمامُ المؤمنین و شفیعُ المُذنِبینَ است.

بعد حمدِ خالقِ وَدُود، معبودِ کُلّ موجود، و درودِ نامحدود[10] و ثنای نامعدود بران

---

۱ رُوی بر خاک انداختن مذلّت کردن. ۲ ن ۲ (رُوی) ندارد.
۳ ن ۱ و ن ۲ (نی) ندارد. ۴ ن ۲ و درود. ۵ ن ۲ (و) ندارد.
۶ بخود سپردن = مغرور شدن. ۷ ن ۲ (و) ندارد.
۸ ن ۱ نگاری الخ و بهاری الخ مُؤخر مقدّم. ۹ ن ۲ (الطّاهرین) ندارد.
۱۰ ن ۲ (و درودِ نامحدود) ندارد.

Marfat.com

صاحبِ مقامِ محمود. میگوید فقیر میر محمد تقی المتخلص بمیر که درین ایام بیکار بودم، و در[1] گوشهٔ تنهائی بی یار. احوالِ خود را[2] متضمنِ حالات و سوانحِ روزگار و حکایات و نقلها نگاشتم و بنای[3] خاتمهٔ این نسخه موسوم به "ذکرِ میر" بر[4] لطائف گذاشتم امید از یارانِ زمان آنست که اگر برخطائی اطلاع یابند چشم عنایت بپوشند[5] و در اصلاح بکوشند.

بزرگانِ من

بزرگانِ من با دارو[6] دستهٔ خود[7] از نامساعدتِ ایام که صبح درین اوقات شام مینماید، از حجاز رختِ سفر بسته، بسرحدِ دکهن رسیدند[8]، ناکشیدنیها کشیدند، و نادیدنیها دیدند. ازانجا واردِ احمدآباد گجرات گشتند. بعضی فروکش کرده[9] ازهم گذشتند، و[10] بعضی همت برین گماشتند که پیشتر بیایند و بازوی تلاش گشایند. چنانچه جدِ کلانِ من بمستقرِ[11] خلافت اکبرآباد توطن اختیار کرد. اینجا از آبگردش[12] به بسترِ[13] اُفتاد و[14] جهانِ آب وگل را دعاگفت[15]. ازو پسرے باقی ماند که جدِ من باشد. او کمرِ همت[16] بربسته بتلاشِ روزگار برخاست. بعداز استخوان[17] شکنی به فوجداری گردِ اکبرآباد سرافراز گشت. آدمیانه میزلیست. چون سنِ شریفش به پنجاه کشید[18] مزاج از اعتدال مُنحرف شد. چند روز به تبرید[19] پرداخت. هنوز صحت کامل نشده بود که به گوالیار رفت. بسببِ حرکت عنیفی[20] که در نقاهت[21] سم است بجاافتاد[22] و جامه گذاشت. و او[23] دو پسر داشت. کلانی خالی از خللِ دماغ نبود، جوان مُرد، و حکایتِ اُو پسِ سر شد[24].

---

۱ ن ۲ برگوشه. ۲ ن ۱ (را) ندارد. ۳ ن ۲ بپای. ۴ ن ۱ بـ لطائف.
۵ ن ۲ بپوشند. ۶ دارودسته = قوم و قبیله. ۷ ن ۱ (از) ندارد. ۸ ن ۲ دکهن رسیده.
۹ توقف نمودن و فرود آمدن. (ن ۱ = فروکش شده). ۱۰ ن ۲ (بعضی ... گذشتند) ندارد.
۱۱ ن ۱ و ن ۲ مستقر الخلافت. ۱۲ اختلاف هوا. ۱۳ ن ۱ - ۱ے تغیر آب و هوا. ۱۴ بیمار شد.
۱۵ ترک کردن. (ن ۱ = رخصت کرد). ۱۶ ن ۱ (بر) ندارد. ۱۷ ۱ے محنت بسیار.
۱۸ ن ۱ پنجاه سالگی. ۱۹ ن ۲ تبدیر. ۲۰ دشوار. ۲۱ ن ۲ نقاهت.
۲۲ بجا افتادن و جامه گذاشتن یعنی مکث (قیام) کردن و مُردن. ۲۳ ن ۱ (و) ندارد.
۲۴ یعنی فراموش شد.

Marfat.com

پسرِ خورد که پدرِ من باشد ترکِ لباس کرد و پا بدامن کشید۔ تحصیلِ علمِ ظاهر که بی اُو به[1] عالمِ معنی رسیدن دشوار است، در خدمتِ شاه کلیم اللّٰه اکبر آبادی که از مُکمّلِ اولیای آنجا بود کرد، و از ریاضتِ[2] شاقه[3] پی بباطن بُرد۔ در سعیِ ترک و تجرید تصدیع بیحد کشید برہنمائی آن بزرگ بسرِ خانهٔ درویشی رسید[4]۔ ؏

پس از خرابیِ بسیار دل بدست اُفتاد

جوانِ صالحی عاشق پیشه بود، دلِ گرمے داشت۔ بخطابِ علی مُتقی امتیاز یافت۔

